

فتاویٰ انوار العلوم

- فتویٰ کا تاریخی پس منظر
- کتب فقہیہ اور اردو فتاویٰ کا تعارف
- عقائد وطہارت پر مشتمل قدیم وجدید 500 سے زائد مستند حوالہ جات سے مزین فتاویٰ

زیر سرپرستی

حضرت مولانا مفتی عبدالحق عثمانی صاحب مدظلہ

مہتمم جامعہ انوار العلوم مہران ٹاؤن کورنگی کراچی

دارالناشر

Marfat.com

Marfat.com



فتاوی انوار العلوم

- فتوی کا تاریخی پس منظر
- کتب فقہیہ اور اردو فتاوی کا تعارف
- عقائد و طہارت پر مشتمل قدیم و جدید 500 سے زائد مستند حوالہ جات سے مزین فتاوی

زیر سرپرستی

حضرت مولانا مفتی عبدالحق عثمانی صاحب مدظلہ

مہتمم جامعہ انوار العلوم مہران ٹاؤن کورنگی کراچی

دار الناشر

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر و مصنف محفوظ ہیں

★ نام کتاب ..... فتاویٰ انوار العلوم

★ زیر سرپرستی ..... حضرت مولانا عبدالحق عثمانی صاحب مدظلہ

★ ناشر ..... دارالناشر

۱۴۳۳۵۵

★ سن اشاعت ..... جمعۃ المبارک 7 جمادی الاوّل 1436ھ

ملنے کے پتے

☆ ادارہ العلم ریاض سوک سنٹر نوشہرہ

☆ کتب خانہ مظہری گلشن اقبال کراچی

☆ مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور

☆ اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی

☆ ادارۃ الرشید بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ رحمانیہ قصہ خوانی پشاور

☆ نیازی کتب خانہ اکوڑہ خٹک

☆ ادارۃ النور بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ قاسمیہ اردو بازار لاہور

☆ مکتبہ القرآن بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ رشیدیہ سرکی روڈ کوئٹہ

☆ مکتبہ عثمانیہ روالپنڈی

☆ مکتبہ لدھیانوی بنوری ٹاؤن کراچی

☆ مکتبہ امام محمد بنوری ٹاؤن کراچی

Marfat.com

فہرست مضامین فتاوی انوار العلوم

عنوانات	صفحہ نمبر

- مختصر تعارف جامعہ انوار العلوم ۲۶
- فتاوی انوار العلوم ۲۸

مقدمہ

- فتوی کی لغوی تعریف ۳۱
- فتوی کی اصطلاحی تعریف ۳۲
- فتوی عہدِ نبوت میں ۳۲
- افتاء میں صحابہ کرام کا طریقہ کار ۳۳
- عہدِ صحابہ میں فتوی ۳۴
- فتوی دورِ تابعین میں ۳۸
- امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ ۳۹
- ابو حنیفہ کنیت کی وجہ ۳۹
- امام اعظم کے متعلق نبوی پیشین گوئی ۴۰
- علم شریعت کے مدوّنِ اول امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ ۴۳
- مجلس فقہ میں شریک اکابر علماء اور ان کے سنین وفات ۴۴
- استنباطِ مسائل میں امام اعظم رحمہ اللہ کا طریقہ کار ۴۵
- فقہ حنفی کی کتابیں ۴۶
- (۱) مسائل الأصول ۴۶
- (۲) مسائل النوادر ۴۶
- (۳) الفتاوی والواقعات ۴۷
- ۱... المبسوط ۴۷
- ۲... الجامع الصغیر ۴۹

Marfat.com

- ٣... الجامع الكبير..... ٥٠
- ٤... الزيادات وزيادات الزيادات..... ٥١
- ٥... السير الصغير..... ٥٢
- ٦... السير الكبير..... ٥٣
- ٧... مختصر الطحاوي..... ٥٥
- ٨...مختصر القدوري..... ٥٥
- ٩...تحفة الفقهاء..... ٥٦
- ١٠...الفتاوى الولوالجية..... ٥٦
- ١١... خلاصة الفتاوى..... ٥٧
- ١٢... بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع..... ٥٨
- ١٣... فتاوي قاضي خان..... ٥٨
- ١٤... بداية المبتدي..... ٥٩
- ١٥... الهداية..... ٥٩
- ١٦... المحيط البرهاني في الفقه النعماني..... ٦١
- ١٧... المختار للفتوى..... ٦٣
- ١٨... مجمع البحرين..... ٦٣
- ١٩... منية المصلي..... ٦٤
- ٢٠... كنز الدقائق..... ٦٥
- ٢١... الوقاية..... ٦٦
- ٢٢... الفتاوى التاتارخانية..... ٦٧
- ٢٣... الفتاوى البزازية..... ٦٨

Marfat.com

♣ ۲۴... الفتاوی الحمادیة..... ۶۸
♣ ۲۵... مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر..... ۶۹
♣ ۲۶... تنوير الأبصار..... ۶۹
♣ ۲۷... مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح..... ۷۰
♣ ۲۸... الفتاوی الخيرية..... ۷۰
♣ ۲۹... الفتاوی الهندية..... ۷۰
♣ ۳۰... العقود الدرية في تنقيح الفتاوی الحامدية..... ۷۱
♣ ۳۱... رد المحتار على الدر المختار..... ۷۲
♣ ۳۲... الفتاوی المهدية في الوقائق المصرية..... ۷۳
♣ کتبِ حنفیہ کی ترتیب پر ایک طائرانہ نظر..... ۷۳

اہم اردو فتاوی کا تعارف

♣ ۱... فتاوی دار العلوم دیوبند..... ۷۵
♣ ۲... فتاوی رشیدیہ..... ۷۶
♣ ۳... فتاوی مظاہر العلوم المعروف بہ فتاوی خلیلیہ..... ۷۷
♣ ۴... عزیز الفتاوی..... ۷۸
♣ ۵... امداد الفتاوی..... ۷۹
♣ ۶... امداد الاحکام..... ۸۱
♣ ۷... کفایت المفتی..... ۸۲
♣ ۸... فتاوی رحیمیہ..... ۸۲
♣ ۹... امداد المفتین..... ۸۳
♣ ۱۰... فتاوی محمودیہ..... ۸۵
♣ ۱۱... احسن الفتاوی..... ۸۵
♣ ۱۲... فتاوی حقانیہ..... ۸۶
♣ ۱۳... فتاوی بینات..... ۸۷

Marfat.com

- ۱۴... خیر الفتاوی ۸۷
- ۱۵... فتاوی مفتی محمود ۸۸
- ۱۶... آپ کے مسائل اور اُن کا حل ۸۹
- ۱۷... جواہر الفتاوی ۸۹
- ۱۸... فتاوی قاضی ۹۰
- ۱۹... فتاوی فریدیہ ۹۰
- ۲۰... فتاوی عثمانی ۹۱
- ۲۱... فتاوی دار العلوم زکریا ۹۱
- ۲۲... ثمینۃ الفتاوی ۹۲
- ۲۳... فتاوی حبیبیہ ۹۲
- ۲۴... وحید الفتاوی ۹۲
- ۲۵... کتاب الفتاوی ۹۳
- ۲۶... نجم الفتاوی ۹۳
- ۲۷... فتاوی ختم نبوت ۹۴

کتاب الإیمان والعقائد

- کیا گناہ کبیرہ سے مسلمان دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے؟ ۹۵
- کیا موت کے بعد ارواح دنیا میں آسکتی ہیں ۹۶
- شفاعت کے بارے میں مسلمانوں کا عقیدہ ۹۷
- کواکب کے ذریعے موسم کا حال بتانا اور مؤکلات سے کام لینا ۹۸
- عذاب قبر روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے ۱۰۲
- مردوں کا قدموں کی آہٹ سننا ۱۰۵
- امام مہدی کا منکر گمراہ ہے ۱۰۶
- حضرت علی رضی اللہ عنہ کی الوہیت کا عقیدہ رکھنا ۱۰۷
- یزید پر لعنت کرنے کا حکم ۱۰۸
- خلافت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے منکر کا حکم ۱۱۰

Marfat.com

- عقیدہ ظہور مہدی ۱۱۱
- حضرت مہدی کا تعارف ۱۱۳
- ذات گرامی ۱۱۳
- کتبِ حدیث میں حضرت مہدی کے اسم گرامی کا ذکر ۱۱۳
- نسبت شریفہ ۱۱۴
- حضرت مہدی کا لقب ۱۱۵
- کنیت ۱۱۶
- جائے پیدائش ۱۱۶
- مدتِ خلافت، وِصال وتدفین ۱۱۶
- صفاتِ مہدی ۱۱۷
- ظہور مہدی کی علامات ۱۱۸
- حضرت مہدی کا تذکرہ آیات قرآنیہ کی تفسیر میں ۱۲۰
- حضرت مہدی کا تذکرہ صحیحین میں ۱۲۱
- خلاصہ بحث ۱۲۳
- کیا کفار بھی آپ علیہ السلام کے امتی ہیں ۱۲۳
- زمانہ فترت کے لوگوں کا حکم ۱۲۴
- نبی یا ولی کے توسل سے دعا مانگنا ۱۲۵
- ”یا شیخ جیلاني شیئا لله“ کا وظیفہ پڑھنے کا حکم ۱۲۷

باب فیما یتعلق بالأنبیاء علیهم السلام

- کیا شبِ معراج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی کی زیارت ہوئی ۱۲۸
- عیسی علیہ السلام کے نزول کے منکر کا حکم ۱۲۹
- حضرت خضر علیہ السلام نبی تھے یا ولی ۱۳۰
- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سائے کی تحقیق ۱۳۱
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ تھا یا نہیں؟ ۱۳۵
- عرش افضل ہے یا روضہ اطہر کی مٹی ۱۳۶

Marfat.com

فصل فیما یتعلق بالمعجزة والکرامة

- معجزہ اور کرامت کی تعریف و ثبوت اور دونوں میں فرق ۱۳۷
- معجزہ کی تعریف ۱۳۷
- معجزات کا ثبوت قرآن کریم سے ۱۳۸
- معجزات کا ثبوت احادیث مبارکہ سے ۱۳۹
- کرامت کی تعریف ۱۴۰
- کرامات کا ثبوت قرآن مجید سے ۱۴۰
- معجزہ اور کرامت میں فرق ۱۴۲
- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی کرامات ۱۴۴

باب الکفریات

- کسی مسلمان کو کافر یا منافق کہنے کا حکم ۱۴۴
- کسی مسلمان کو قتل کرنے میں ثواب کی امید رکھنا ۱۴۵
- کسی صحابی کی صحابیت کے انکار کا حکم ۱۴۶
- جھگڑے کے دوران ایک شخص کا دوسرے کو کافر کہنا ۱۴۸
- قبر کو سجدہ کرنا جائز ہے یا نہیں ۱۴۸
- سنت کو معمولی سمجھنے کا حکم ۱۴۹
- اسراء اور معراج کے منکر کا حکم ۱۵۱
- رقص و سرور اور گانے بجانے کو حلال سمجھنے والے کا حکم ۱۵۱
- قسم کی تاکید کے لئے کفریہ کلمات کہنا ۱۵۳
- غیبت کو حلال سمجھنا کفر ہے ۱۵۳
- کسی مسلمان کو کافر کہنا ۱۵۵
- بغیر وضو کے جان بوجھ کر نماز پڑھنا ۱۵۶
- تحریف قرآن کے قائل کا شرعی حکم ۱۵۷
- اپنے آپ کو یہودی یا نصرانی کہنے کا حکم ۱۵۹
- قرآن کریم کی بے ادبی کرنے والے کا حکم ۱۶۱

Marfat.com

باب فیما یتعلق بالقرآن والحدیث

- قرآن کریم حفظ کرنے کے بعد بھلا دینے کا حکم ۱۶۲
- قرآن کریم اور دیگر دینی کتابوں کے بوسیدہ اوراق کی حفاظت کا طریقہ ۱۶۳
- سورہ بقرہ کی آخری آیات مدنی ہیں اور ان کی شان ۱۶۴
- تفسیر بیان کرنے کی اہلیت ۱۶۵
- دوران تلاوت اذان شروع ہو جائے تو کیا کرے ۱۶۵
- آیت الکرسی کی فضیلت ۱۶۶
- لیلۃ القدر اور شب برات سے مراد کون سی راتیں ہیں ۱۶۷
- ناجائز کاموں کے لئے قرآن مجید کا سہارا لینا ۱۶۹

کتاب السنۃ والبدعۃ

- بدعت کی تعریف، پہچان کا طریقہ، بدعت اور رسم میں فرق ۱۷۰
- تیجہ چالیسواں کی دعوت میں شرکت کا حکم ۱۷۲
- قبر پر پھولوں کی چادر چڑھانے کا حکم ۱۷۳
- نماز عید کے بعد مصافحہ اور معانقہ کا حکم ۱۷۴
- ماہ رمضان کے الوداعی خطبے میں الوداع اور الفراق کے الفاظ استعمال کرنا ۱۷۵
- کھانے کے بعد ہاتھ اٹھا کر اجتماعی دعا کا حکم ۱۷۶
- وفات کے دوسرے تیسرے روز فاتحہ خوانی کرنا اور لوگوں کو کھانا وغیرہ کھلانے کا حکم ۱۷۷
- دعا میں جہراً درود شریف اور آیت "إن اللہ وملائکتہ" کو ضروری سمجھ کر پڑھنے کا حکم ۱۷۸
- روزہ کشائی کی رسم اور اس کی شرعی حیثیت ۱۸۰
- اذان سے پہلے بلند آواز سے صلوۃ وسلام پڑھنا ۱۸۱
- مردہ کو دفن کرنے کے بعد قبر پر اذان کہنے کا حکم ۱۸۲
- ایصالِ ثواب کے لئے دن متعین کرنا اور برسی منانا ۱۸۳
- کفن سے کپڑا بچا کر امام کے لئے مصلے بنانے کا حکم ۱۸۴
- بیمار کی جلد شفایابی کے لئے یا جلد روح نکلنے کے لئے چیلوں کو گوشت پھینکنے کا حکم ۱۸۵
- نوافل کے بعد مقتدیوں کا امام کے ساتھ مل کر اجتماعی دعا کرنا ۱۸۶

Marfat.com

- نمازوں کے بعد مصافحہ کرنا ۱۸۷
- کھانا سامنے رکھ کر فاتحہ خوانی اور ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا ۱۸۹
- ماہ محرم میں حلیم اور شربت کا حکم ۱۹۰
- جمعہ اور عیدین کے بعد مصافحہ اور معانقہ کرنے کا حکم ۱۹۱
- میت کو قبرستان لے جاتے وقت کلمہ شہادت پر ابھارنا ۱۹۱
- سالگرہ کی شرعی حیثیت کیا ہے ۱۹۲
- کسی بزرگ کی قبر کا طواف کرنا یا قبر کی مٹی بدن پر ملنا ۱۹۳
- قبروں کو بوسہ دینے کا حکم ۱۹۴
- بزرگوں کی قبروں کا طواف کرنا یا بوسہ لینے کا حکم ۱۹۵
- یارسول اللہ یا محمد کہنے کا حکم ۱۹۶
- مزار پر اجتماعی قرآن خوانی کرنا ۱۹۷
- نماز کے بعد اونچی آواز سے ذکر کرنا یا صلاۃ وسلام پڑھنا ۱۹۸
- پیر بخش، علی بخش اور غوث بخش نام رکھنے کا حکم ۱۹۹
- عرس اور برسی کی شرعی حیثیت ۲۰۰
- دس محرم کو سبیل لگانے کا حکم ۲۰۰
- حیلہ اسقاط کی شرعی حیثیت ۲۰۱
- اذان سے پہلے صلوۃ وسلام پڑھنے کا حکم ۲۰۴
- جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شرعی حیثیت ۲۰۵
- نماز جنازہ کے بعد اجتماعی دعا ۲۰۶
- تعزیت کے موقع پر کسی مخصوص شخص کو تلاوت کے لئے مقرر کرنا اور تیجہ کا حکم ۲۰۷
- بدعتی سے محبت کرنا ۲۰۹
- جنازہ کے بعد کھڑے ہو کر میت کے لئے دعا کرنا ۲۱۰
- حیلہ اسقاط اور دور کا حکم ۲۱۱
- خطبہ سے پہلے ''انّ اللہ وملائکتہ ..... إلخ'' پڑھنا ۲۱۲
- خوشی کے موقع پر پھولوں کا ہار پہنانے کا حکم ۲۱۳
- انگوٹھے چومنا ۲۱۴

Marfat.com

- رمضان میں ختم قرآن کے بعد مٹھائی تقسیم کرنے کا حکم ۲۱۵
- تیجہ، دسواں اور چالیسواں کی شرعی حیثیت ۲۱۶
- دن متعین کرکے مسجد میں کھانا لانا ۲۱۷
- ایصال ثواب کے لئے دن کی تخصیص ۲۱۸
- عید میلاد النبی اور مروّجہ خرافات ۲۲۰
- مروّجہ قرآن خوانی کا حکم ۲۲۳
- جنازے کے ساتھ بلند آواز سے کلمہ شہادت پڑھنا ۲۲۵
- آیات قرآنیہ اور کلمہ طیبہ وغیرہ سے مزین چادر میت پر ڈالنا ۲۲۵
- قبروں پر چادر چڑھانے کا حکم ۲۲۶
- سنتوں کے بعد اجتماعی دعاء مانگنے کا حکم ۲۲۷
- فرض نماز کے بعد اجتماعی دعا کا حکم ۲۲۸
- فرض نماز کے بعد ہمیشہ جہرا دعا مانگنا ۲۲۸
- والدین کی قبر کو بوسہ دینے کا حکم ۲۲۹
- ظہر، مغرب اور عشاء کے فرضوں کے بعد اجتماعی دعا کرنا ۲۳۰
- ایصالِ ثواب کا ثبوت قرآن وسنت سے ۲۳۱
- انگوٹھے چومنے سے متعلق تفصیلی جواب ۲۳۳
- میت کے دفن کرنے کے بعد چند قدم پیچھے ہٹ کر دعا مانگنا ۲۴۲
- نماز کے بعد اجتماعی ذکر بالجہر کرنا ۲۴۳
- قبر کے اندر قرآن کریم رکھنا ۲۴۴
- میت کو دفنانے کے بعد قبر کے پاس کھڑے ہو کر دعا کرنے کا حکم ۲۴۶
- کار خیر کے آغاز میں قرآن خوانی کرنا ۲۴۷
- قرآن خوانی پر مقرر کرکے پیسے لینے کا شرعی حکم ۲۴۸
- بچے کے ختم قرآن کے موقع پر دعوت کرنا اور مٹھائی تقسیم کرنا ۲۵۰
- ایصال ثواب کی نیت سے قبر کے پاس تلاوت کرنا ۲۵۱
- سال نو کی خوشی میں مٹھائیاں تقسیم کرنے کا حکم ۲۵۲
- تعزیت کے لئے شامیانے لگانے کا حکم ۲۵۳

Marfat.com

- ایصال ثواب کے لئے شادی بیاہ جیسی دعوت کرنے کا حکم ۲۵۴
- قرآن خوانی کی برکات حاصل ہونے کا مطلب ۲۵۵
- نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا ۲۵۶
- ماہ صفر کے آخری بدھ کو کھانا پکانا ۲۵۷
- مرغی کا اذان دینا نحوست کی علامت نہیں ہے ۲۵۸
- کوے کی آواز سے فال لینا ۲۵۸
- کن مواقع میں کھڑے ہو کر پانی پینا مستحب ہے ۲۵۹
- خطبہ کے دوران ہاتھ میں عصا لینا ۲۶۰

کتاب العلم

- دینی علم حاصل کرنا اور علم حاصل کرنے کی فضیلت ۲۶۱
- علم فقہ کو کھیتی کے ساتھ تشبیہ دینا ۲۶۲
- غیر مستند عالم کا مسائل بیان کرنا ۲۶۲
- لڑکیوں کا اسکول میں پڑھانا کیسا ہے ۲۶۳
- غیر مسلم کو قرآن کی تعلیم دینا اور ان سے دنیاوی علم حاصل کرنے کا حکم ۲۶۵
- خواب کی بنیاد پر قبر کھودنا ۲۶۷
- غیر مسلم کو نیک اعمال کا ثواب بخشنا ۲۶۷
- غیر مسلم کو قرآن مجید وغیرہ کا ثواب بخشنا ۲۶۸
- اہل سنت والجماعت کا مطلب اور مصداق ۲۶۹
- زندیق اور مرتد کی تعریف، دونوں میں فرق اور حکم ۲۷۴
- ڈاڑھی کے ثبوت، حکم اور اس کی مقدار پر ایک مفصل فتوی ۲۷۷

باب الأدعية والأذكار وغيرها

- دعا کی ابتداء حمد وثناء سے کرنا ۲۸۲
- بیت الخلاء میں ادعیہ پڑھنے کا حکم ۲۸۲
- برہنہ انسان کا اپنے آپ کو جنات کی شرارت سے بچانے کی دعا ۲۸۳
- قضائے حاجت کے دوران چھینک آئے تو الحمد للہ کہنے کا حکم ۲۸۴

Marfat.com

- تسبیحات کو انگلیوں پر شمار کرنا ۲۸۴
- تسبیح کے دانوں پر ذکر کرنے کو بدعت کہنا ۲۸۵
- اجتماعی طور پر ذکر کرنا ۲۸۷
- دوران تلاوت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام آنے پر درود پڑھنے کا حکم ۲۸۷
- حالت حیض میں تلاوت قرآن اور عملیات سے متعلق وظائف پڑھنے کا حکم ۲۸۸
- دعا کے بعد سینے پر پھونک مارنے کا حکم ۲۹۰
- بیت الخلا میں ذکر کرنے کا حکم نیز عملیات سے متعلق وظائف پڑھنا ۲۹۰
- فاسق شخص کے لئے رحمۃ اللہ علیہ کہنا ۲۹۱
- تلاوت قرآن پاک افضل ہے یا درود شریف پڑھنا ۲۹۲

فصل فیما یتعلق بالتعویذات

- تعویذات پر اجرت لینا ۲۹۳
- دم اور تعویذ پر اجرت لینا ۲۹۴
- روحانی طریقہ سے علاج کرنے کا شرعی حکم ۲۹۵
- نظر بد سے حفاظت کے لئے چہرے پر سیاہ داغ لگانے کا حکم ۲۹۶
- عملیات کے ذریعے کمائے ہوئے پیسوں کا حکم ۲۹۷

کتاب الطھارۃ

باب الاستنجاء

- ہوا خارج ہونے کی صورت میں استنجاء کا حکم ۲۹۹
- استنجاء کرنے میں اگر ستر کھلنے کا خطرہ ہو تو وضو پر اکتفاء کرنا جائز ہے یا نہیں ۳۰۰
- استنجاء کے لئے پانی اور پتھر دونوں کا استعمال کرنا افضل ہے ۳۰۰
- عورتوں کا استنجاء کے لئے ڈھیلے کا استعمال کرنا ۳۰۱
- اینٹ کے ٹکرے سے استنجاء کرنے کا حکم ۳۰۲
- کاغذ یا ٹیشو پیپر سے استنجاء کرنے کا حکم ۳۰۳
- بیت الخلاء میں مکھیوں کا جسم پر بیٹھنا اور پاکی ناپاکی کا حکم ۳۰۳
- استنجاء میں صرف ڈھیلے یا صرف پانی پر اکتفا کرنے کا حکم ۳۰۵

Marfat.com

- دائیں ہاتھ سے استنجا کرنے کا حکم ۳۰۶
- استنجا کرنے پر قدرت نہ رکھنے والے کا حکم ۳۰۶
- قضاء حاجت کے بعد اچھی طرح استنجا کرنا چاہئے ۳۰۷
- خروج ریح کے بعد استنجا کرنے کا حکم ۳۰۸
- صرف پانی سے استنجا کرنے کا حکم ۳۰۹
- استنجا خشک کرنے کے لئے چلنے پھرنے کا حکم ۳۱۰

باب في الوضوء

- ہاتھ کٹے ہوئے شخص کے وضو کرنے کا حکم ۳۱۲
- ناخن میں میل کچیل وغیرہ جم جائے تو وضوء اور غسل کا حکم ۳۱۲
- سر پر بال نہ ہونے کی صورت میں چہرے کی حد ۳۱۳
- جڑ سے اکھڑے ہوئے ناخن کی جگہ پانی پہنچانے کا حکم ۳۱۴
- دورانِ وضو مسح بھول جائے تو وضو کا حکم ۳۱۵
- میک اپ پر وضو کرنے کا حکم ۳۱۶
- جسم پر تیل لگا ہوا ہو تو وضو اور غسل کا حکم ۳۱۷
- وضو کرتے وقت مصنوعی دانت نکالنے کا حکم ۳۱۸
- رنگ ساز کے لئے وضو اور غسل کا حکم ۳۱۹
- غسلِ جنابت سے پہلے وضو کرنے کا حکم ۳۲۰
- وضو میں ناخن کے نیچے پانی پہنچانا ۳۲۱
- جسم پر میل جمی ہونے کی صورت میں وضو کا حکم ۳۲۳
- دورانِ وضو دعائیں پڑھنا کیسا ہے ۳۲۳
- جس دانت کی بھرائی کی گئی ہو وضو اور غسل میں اس کا حکم کیا ہے؟ ۳۲۵
- ناخن پالش اور لبوں پر سرخی لگی ہو تو اس کا وضو اور غسل میں کیا حکم ہوگا؟ ۳۲۶
- غسل جنابت کے بعد نماز کے لئے وضو کرنے کا حکم ۳۲۷
- ایک عضو خشک ہونے کے بعد دوسرا عضو دھونے کا حکم ۳۲۸
- وضو میں اعضاء کو بھول کر یا قصداً تین مرتبہ سے زائد دھونا ۳۲۸

Marfat.com

♣ وضو میں گردن کے مسح کا حکم ۳۲۹
♣ عرق لگے ہوئے اعضاء پر وضو کا حکم ۳۳۰
♣ ناخن پر آٹا لگا ہو تو وضو کا حکم ۳۳۱
♣ ناخن پالش پر وضو کا حکم ۳۳۱
♣ اعضائے وضو پر ایلفی چپک جائے تو وضو کا حکم ۳۳۳
♣ مصنوعی دانت والے کے وضو اور غسل کا حکم ۳۳۴
♣ وضو کے بعد کون سی دعا پڑھنی چاہئے ۳۳۷
♣ وضو کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر کرنا چاہئے ۳۳۷
♣ وضو میں ایڑی خشک رہ جائے تو وضو کا حکم ۳۳۷
♣ سرخی پاؤڈر وغیرہ پر وضو کا حکم ۳۳۸
♣ اعضائے وضو کو تین سے زائد مرتبہ دھونے کا حکم ۳۳۸
♣ ہاتھوں پر کیمیکل کی تہہ جم جانے سے وضو اور نماز کا حکم ۳۳۹
♣ وضو میں کوئی چیز واجب نہیں ۳۴۰
♣ غسل کرنے سے وضو ہو جائے گا ۳۴۱
♣ زخم سے مسلسل خون نکلنے کی صورت میں وضو کا حکم ۳۴۲
♣ سیاہ خضاب لگانے سے وضو، غسل اور نماز کا حکم ۳۴۲
♣ وضو اور غسل میں مصنوعی پاؤں کا حکم ۳۴۳
♣ آب زمزم سے وضو اور غسل کرنے کا حکم ۳۴۴
♣ جس نے بدن پر نام وغیرہ گُدوایا ہو تو اس شخص کے وضو اور غسل کا حکم ۳۴۵
♣ داڑھ بھروانے کی صورت میں وضو اور غسل کا حکم ۳۴۶
♣ وضو اور غسل میں پانی کی مقدار ۳۴۷
♣ دھوپ کے ذریعے سے گرم کئے ہوئے پانی سے وضو کرنے کا حکم ۳۴۸
♣ قیدی کے لئے وضو کا حکم ۳۴۹
♣ بیسن کے سامنے کھڑے ہو کر وضو کرنے کا حکم ۳۵۰
♣ وضو سے فارغ ہونے پر انگلی سے اشارہ کرنا ۳۵۰

Marfat.com

فصل في السواك

- ٹوتھ پیسٹ برش وغیرہ کے استعمال کا حکم ۳۵۲
- نماز کی بناء کے لئے وضو کرتے وقت مسواک کرنے کا حکم ۳۵۳
- انگلیوں کو مسواک کی جگہ استعمال کرنے کا حکم ۳۵۴
- عورتوں کا مسواک کی جگہ دنداسہ استعمال کرنا ۳۵۵
- کیا ٹوتھ برش سے مسواک کی سنت ادا ہو جائے گی؟ ۳۵۶
- وضو سے قبل اور بعد مسواک کرنے کا حکم ۳۵۷

باب في المسح على الخفين والجوربين وغيرها

- موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ ۳۵۹
- موٹی جرابوں پر مسح کا حکم ۳۵۹
- مروجہ جرابوں پر مسح کا حکم ۳۶۰
- موزوں پر مسح کرنے کا حکم ۳۶۱
- پلاسٹر پر مسح کا حکم ۳۶۲
- ٹوپی یا عمامہ پر مسح کرنا ۳۶۳
- باریک جرابوں پر مسح کا حکم ۳۶۴
- پنڈلی کے اوپر سے پھٹے ہوئے موزے پر مسح کا حکم ۳۶۶
- مسح علی الخفین کے منکر کا حکم ۳۶۶
- پٹی پر مسح کے بعد پٹی گر گئی ۳۶۷
- عورتوں کے لئے موزوں پر مسح کا حکم ۳۶۸

فصل في نواقض الوضوء

- شرمگاہ میں انگلی داخل کرنے سے وضو اور غسل کا حکم ۳۶۹
- کون سی نیند ناقص وضو ہے؟ ۳۶۹
- شراب پینے سے وضو ٹوٹتا ہے یا نہیں ۳۷۱
- انجکشن کے ذریعے خون نکالنے سے وضو کا حکم ۳۷۲

Marfat.com

- عورت کے پستان سے دودھ کا نکلنا ناقض وضو نہیں ہے ۳۷۳
- ڈکار آنے سے وضو نہیں ٹوٹتا ۳۷۴
- قے سے وضو کے ٹوٹ جانے کا حکم ۳۷۵
- دانوں سے پانی کا نکلنا ناقض وضو ہے یا نہیں؟ ۳۷۶
- زخم سے پانی نکل کر بہہ جانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے ۳۷۷
- ٹیک لگا کر سونے سے وضو ٹوٹ جائے گا ۳۷۸
- بلغم کے ساتھ جما ہوا خون آئے تو وضو کا حکم ۳۸۰
- ناک سے خون نکلنے سے وضو کا حکم ۳۸۱
- وضو کے دوران منہ سے خون نکلے تو ناقض وضو ہونے کی مقدار ۳۸۱
- خوراک کی نالی ڈالنے سے وضو ٹوٹنے کا حکم ۳۸۲
- وضو کو توڑنے والی قے کی مقدار ۳۸۳
- کیا شراب پینے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟ ۳۸۴
- قطرات سے بچنے کے لئے عضو میں ٹیشو پیپر داخل کرنا ۳۸۵
- عورت کے آگے کے مقام سے ہوا خارج ہونے پر وضو کا حکم ۳۸۵
- ریح والے شخص کے وضو کا حکم ۳۸۶
- ناخن کاٹنے سے وضو کا حکم ۳۸۷
- نزلہ زکام والے پانی سے وضو ٹوٹنے کا حکم ۳۸۸
- گرمی دانے سے پانی نکلے تو وضو کا حکم ۳۸۹
- ران سے خون اور پیپ نکلنے پر وضو کا حکم ۳۸۹
- ستر کھلنے سے وضو ٹوٹنے کا حکم ۳۹۱
- کان کی میل صاف کرنے سے وضو کا حکم ۳۹۲
- کشف عورت سے وضو ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں ۳۹۳
- کیا آنکھوں سے نکلنے والا پانی ناقض وضو ہے؟ ۳۹۴
- اگر پیشاب غیر محل سے خارج ہو تو وضو کا حکم ۳۹۴

Marfat.com

باب الغسل

- غسل جنابت میں ہر بال کے نیچے پانی پہنچانے کا حکم ۳۹۸
- بستر پر منی کا دھبہ نظر آنے کی صورت میں میاں بیوی کے لئے غسل کا حکم ۳۹۸
- ایک رات میں متعدد بار جماع کرنے سے ایک دفعہ غسل کافی ہے ۴۰۰
- جنبی کے لئے غسل کرتے وقت ناک میں پانی ڈالنے کی حد ۴۰۰
- اگر کوئی غسل میں کلی کرنا بھول گیا ہو تو یاد آنے پر کیا کرے ۴۰۱
- غسل جنابت میں آنکھوں کے اندرونی حصہ میں پانی پہنچانے کا حکم ۴۰۲
- نفاس نہ آئے تو غسل کا حکم ۴۰۳
- جنبی شخص کے غسل کا طریقہ ۴۰۴
- غسل کا مسنون طریقہ ۴۰۵
- صرف منی کے نکلنے کا احساس ہو تو غسل کا شرعی حکم ۴۰۵
- جنبی کے لئے تاخیر غسل کا حکم ۴۰۶
- غسل جنابت سے پہلے پانی پی لیا اور غسل میں کلی نہیں کی تو کیا حکم ہے؟ ۴۰۷
- غسل واجب میں مینڈھیاں کھولنے کا حکم ۴۰۷
- عورت کے لئے غسل کرتے وقت بال دھونے کا حکم ۴۰۸
- ناخن میں میل جمع ہونا مانع غسل نہیں ۴۱۰
- غسل جنابت اور وضو میں مصنوعی دانتوں کا حکم ۴۱۱
- دفق کے بغیر منی نکلنے سے غسل کا حکم ۴۱۲
- پانی موجود ہونے کے باوجود غسل جنابت نہ کرنے والے کا حکم ۴۱۳
- غسل کرتے ہوئے کلی کرنا بھول گیا بعد میں پانی پی لیا ۴۱۴
- نابالغہ لڑکی کا جماع کے بعد غسل کئے بغیر نماز پڑھنا ۴۱۵
- صرف عضو کے دخول سے غسل کا حکم ۴۱۶
- بچے کی پیدائش کے بعد عورت پر غسل واجب ہے ۴۱۷
- غسل کب واجب ہوتا ہے اور غسل کے دوران یا بعد میں سورتیں یا دعا پڑھنے کا حکم ۴۱۸
- دانت میں بھرائی کروائی ہو تو غسل کا حکم ۴۲۰

Marfat.com

- غسل کے بعد منی کے نکلنے سے دوبارہ غسل واجب ہوگا یا نہیں ۴۲۱
- بالغ پر صحبت کرنے سے غسل واجب ہے ۴۲۲
- غسل کے بعد منی نکلنے کا حکم ۴۲۳
- تنہائی میں بھی لنگی وغیرہ باندھ کر غسل کرنا افضل ہے ۴۲۳
- جنبی کا ماء جاری سے غسل کا حکم ۴۲۶
- غسل جنابت کے بعد نکلنے والے مواد کا حکم ۴۲۷

فصل في أحكام الجنابة

- جنابت کی حالت میں کھانا کھانے کا حکم ۴۲۸
- حالت جنابت میں بال اور ناخن کاٹنے کا حکم ۴۲۹
- جنبی کا کمپیوٹر پر قرآن کی آیات ٹائپ کرنے کا حکم ۴۳۰
- حالت جنابت میں قرآنی آیت پر مشتمل تعویذ پہننے کا حکم ۴۳۰
- حالت جنابت میں ہاتھ دھونے کا حکم ۴۳۱
- حالت جنابت میں مسجد میں داخل ہونا ۴۳۲
- حالت جنابت میں قرآن پاک یا بیت اللہ کو دیکھنے کا حکم ۴۳۴

باب في التيمم

- سردی میں وقت تنگ ہونے کی وجہ سے تیمّم کرنا ۴۳۵
- پاک دیوار سے تیمّم کرنے کا حکم ۴۳۶
- حالتِ جنابت میں تیمّم کا حکم ۴۳۷
- ایک تیمّم سے متعدد فرائض ونوافل پڑھنے کا حکم ۴۳۸
- مٹی کے ڈھیلے پر ہاتھ مار کر تیمّم کرنے کا حکم ۴۳۹
- پانی کے استعمال سے مرض بڑھ جانے کا خطرہ ہو تو تیمّم کا حکم ۴۴۰
- محض تیمّم کی نیت سے تیمّم کرکے قرآن چھونے کا حکم ۴۴۱
- تیمّم کن چیزوں سے جائز ہے؟ ۴۴۲
- معذور آدمی کے لئے غسل اور وضو کے بجائے تیمّم کرنے کا حکم ۴۴۳
- پھوڑے پھنسی اور سخت خارش میں تیمّم کا حکم ۴۴۴

Marfat.com

- ٹرین میں پانی موجود نہ ہونے کی صورت میں تیمّم کا حکم ۴۴۵
- چلتی ہوئی ٹرین سے چشمہ یا تالاب وغیرہ دکھائی دینے سے تیمّم نہیں ٹوٹتا ۴۴۶
- پانی کے دیکھنے کے بعد تیمّم کا حکم ۴۴۷
- سخت سردی میں تیمّم کرنے کا حکم ۴۴۸
- ہاتھ پر زخم ہونے کی صورت میں تیمّم کرے یا وضو ۴۴۹
- تنگی وقت کی وجہ سے تیمّم ۴۵۰
- قیدی کا بحالت مجبوری تیمّم کرکے نماز پڑھنا ۴۵۱
- جنازہ فوت ہونے کا خطرہ ہو تو تیمّم کا حکم ۴۵۲

باب في الحيض والنفاس والاستحاضة

- عورت کے لئے حالت حیض میں تسبیحات اور دعائیں پڑھنے کا حکم ۴۵۳
- حیض سے پاک ہونے کے بعد جماع کے لئے غسل ضروری ہے یا نہیں؟ ۴۵۳
- اگر حیض کا خون مسلسل نہ آئے تو کیا حکم ہے ۴۵۴
- نماز کے دوران حیض آجائے تو نماز کا حکم ۴۵۵
- حیض کی حالت میں قرآن شریف اور دیگر دینی کتب کو پڑھنا ۴۵۶
- حیض کی حالت میں بیوی سے جماع کرنا ۴۵۷
- نفاس کا خون عادت سے زیادہ آئے تو اس کا حکم ۴۵۹
- حائضہ کے ہاتھ کے پکے ہوئے کھانے کا حکم ۴۶۰
- حائضہ کا آیت الکرسی پڑھنا ۴۶۱
- ایام حیض میں قرآن کس طرح یاد کرے ۴۶۲
- حائضہ نماز کے وقت کیا کرے ۴۶۳
- جس عورت کے ایام حیض خلط ملط ہو گئے اس کا حکم ۴۶۴
- آپریشن کے ذریعے ولادت کے بعد نفاس کا حکم ۴۶۵
- ایام حیض میں مختلف رنگ کے خون آنے کا حکم ۴۶۶
- استحاضہ میں حیض اور طہر کا شمار ۴۶۷
- اسقاط حمل کے بعد خون آنے کا حکم ۴۶۸

Marfat.com

- نفاس کی تعریف اور حکم ۴۶۹
- حالت حیض میں بیوی سے جماع اور لمس وغیرہ کرنے کا حکم ۴۷۱
- مسلسل تین ماہ تک خون آئے تو نفاس، حیض اور طہر کا فرق ۴۷۲
- نماز کے آخری وقت میں حیض آجائے تو اس نماز کا حکم ۴۷۴
- غیر معتاد راستے سے خون آئے تو منقطع ہونے پر غسل کا حکم ۴۷۴
- نفاس کا خون نظر نہ آئے تو غسل کا حکم ۴۷۵
- لاعلمی میں اپنی بیوی کے ساتھ حالت حیض میں ہمبستری کرنے کا حکم ۴۷۶
- حیض ونفاس کے درمیان طہر کی کم سے کم مدت ۴۷۷
- غیر معروف طریقے سے بچے کی ولادت پر نکلنے والے خون کا حکم ۴۷۸
- نفاس کا خون وقفے وقفے سے آنے کا حکم ۴۷۹
- حائضہ معلّمہ بچوں کو قرآن کس طرح پڑھائے گی؟ ۴۸۰

فصل فيما يتعلق بأحكام المعذورين

- جس کو سلسل البول کی بیماری ہو اس کے لئے نماز پڑھنے کا حکم ۴۸۱
- معذور شخص کے وضو کا حکم ۴۸۳
- معذور کے وضو اور کپڑوں پر لگی نجاست کا حکم ۴۸۴

باب المياه

فصل في الماء الطاهر والنجس

- جنبی آدمی پانی میں ہاتھ ڈال دے تو پانی کا حکم ۴۸۶
- جاری پانی میں نجس چیز گر جائے تو اس پانی کے استعمال کا حکم ۴۸۷
- غیر مسلم کو غسل کے بعد کنویں میں اتارنے سے پانی کے استعمال کا حکم ۴۸۸
- بازاروں اور راستوں سے پانی لے کر استعمال کرنے کا حکم ۴۸۹
- چھوٹا بچہ پانی میں ہاتھ ڈال دے تو اس پانی سے وضو کرنے کا حکم ۴۹۰
- بارش کے جمع شدہ پانی کا حکم ۴۹۱

Marfat.com

- گندی نالیوں کے پانی کا حکم ۴۹۱
- عورت کے غسل سے بچے ہوئے پانی سے مرد کے وضو کا حکم ۴۹۲
- غیر مسلم کے جھوٹے پانی کا حکم ۴۹۳
- صاف پانی میں گندا پانی مل جائے تو وضو اور غسل کا حکم ۴۹۵
- ماء مستعمل کا حکم ۴۹۵
- ماء کثیر میں دہ در دہ کا اعتبار کیا جائے گا یا رائے مبتلیٰ بہ کا ۴۹۶
- جس حوض سے کتا پانی پیتا ہو اس کی پاکی کا حکم ۴۹۸

فصل فيما يتعلق في البئر وغيرها

- ٹینکی میں چھپکلی گر کر مر جائے تو کیا حکم ہے ۴۹۹
- ہندو اور مسلمانوں کے مشترکہ کنویں کا حکم ۵۰۰
- دہ در دہ حوض کی گہرائی ۵۰۰
- کنویں میں پیشاب گر جائے تو اس پانی کا حکم ۵۰۱
- ٹینکی میں جوتا گر گیا تو اس کے پانی کا حکم ۵۰۲
- کنویں میں پیشاب یا پاخانہ گر جائے تو اس کنویں کے پانی کا حکم ۵۰۳
- کنویں میں رہنے والا مینڈک کنویں میں مر جائے تو اس کا حکم ۵۰۴
- کنویں سے جانور زندہ نکالا جائے تو کنویں کے پانی کا حکم ۵۰۵
- اگر کنویں میں چوہا گر کر مر گیا تو کیا حکم ہوگا ۵۰۵
- کنویں میں مرغی یا بکری گر جانے کا حکم ۵۰۶
- حوض یا تالاب میں نجاست گرنے کا حکم ۵۰۷
- ناپاک تالاب میں بارش کا پانی داخل ہونے سے وہ پاک ہوگا یا نہیں ۵۰۹
- کنویں میں مینڈک گر کر مر جائے تو اس کے پانی کا حکم ۵۱۱
- بڑے حوض میں پاک پانی کے ساتھ ناپاک پانی ملانے کا حکم ۵۱۲
- بڑے حوض میں خشکی کا سانپ گر کر مر جائے تو اس پانی کا حکم ۵۱۳
- ٹیوب ویل کے پانی کا حکم ۵۱۴
- کنویں اور گندے پانی کے درمیان فاصلہ کی حد ۵۱۵

Marfat.com

فصل فیما یتعلق بتطهیر الثوب

- کپڑے وغیرہ میں قے لگ جائے تو کیا حکم ہے ۵۱۷
- استعمال شدہ کپڑے کی پاکی ناپاکی کا حکم ۵۱۸
- مچھروں کا خون کپڑے پر لگنے کا حکم ۵۱۹
- پاک ناپاک کپڑوں کو ایک ساتھ دھونے کا حکم ۵۲۰
- پاک جسم کے اوپر ناپاک خشک کپڑا پہننے کا حکم ۵۲۱
- دھوبی کے دھوئے ہوئے کپڑے میں نماز پڑھنے کا حکم ۵۲۱
- اگر کتا کپڑوں کے ساتھ لگ جائے تو کپڑوں کا حکم ۵۲۲
- تر گوبر کپڑوں پر لگ جائے تو کپڑوں کا حکم ۵۲۲
- صابن، سرف یا کیمیکل کی چھینٹیں لگے ہوئے کپڑوں کا حکم ۵۲۳
- ناپاک چیز دھلنے کے باوجود داغ دھبہ چھوڑ جائے تو اس کا حکم ۵۲۵
- کپڑوں پر شراب، پیشاب وغیرہ لگ جائے تو کیا حکم ہے ۵۲۶
- ناپاک ٹینکی کے پانی سے غسل کرنے کی صورت میں کپڑوں کا حکم ۵۲۷
- کپڑے کو دھونے کے بعد نجاست کی بدبو باقی رہ جائے تو پاکی کا حکم ۵۲۸
- کارپٹ یا قالین کو پاک کرنے کا طریقہ ۵۲۹
- ناپاک چیز کو جلا کر پاک کرنے کا حکم ۵۳۱
- پیشاب کی نمی والے کپڑے پر دوسرے کپڑے استری کرنے کا حکم ۵۳۲
- ہلکے کپڑے کو پاک کرنے کا طریقہ ۵۳۳
- کپڑوں پر قے لگ جانے سے کپڑوں کی پاکی کا حکم ۵۳۴
- غسل خانے کے فرش پر گرے ہوئے کپڑوں کی پاکی ناپاکی کا حکم ۵۳۴
- مشین میں کپڑے دھونے کا حکم ۵۳۵
- غیر مسلموں کے کپڑے دھوئے بغیر استعمال کرنے کا حکم ۵۳۶
- ڈرائی کلینرز کے ذریعے کپڑے دھلوانے کا حکم ۵۳۷
- ایک چوتھائی پاک اور تین چوتھائی ناپاک کپڑے میں نماز کا حکم ۵۳۸
- راستوں کا جمع شدہ پانی کپڑوں پر لگے تو اس کا حکم ۵۳۹

Marfat.com

- نجاست پر بیٹھی مکھی اگر کپڑوں پر بیٹھ جائے تو کیا حکم ہے ۵۴۱
- گندے کپڑوں کو تین الگ الگ برتنوں میں دھو کر پاک کرنے کا حکم ۵۴۲
- کتے کا جسم اگر کپڑوں سے لگ جائے تو کیا حکم ہے ۵۴۳
- مچھر کا خون اگر کپڑوں پر لگ جائے تو کتنی مقدار تک معاف ہے ۵۴۴
- واشنگ مشین سے دھلے ہوئے کپڑوں کا حکم ۵۴۵
- احتلام کی وجہ سے پورا کپڑا دھویا جائے گا یا مخصوص جگہ ۵۴۶
- مچھر اور مکھی کے خون سے کپڑے اور بدن ناپاک نہیں ہوتے ۵۴۶
- ناپاک چیز جیب میں رکھ کر نماز پڑھنے کا حکم ۵۴۷
- بغیر نچوڑے ہوئے باریک کپڑے کے پاک ہونے کا حکم ۵۴۸

باب الأنجاس

فصل فیما یتعلق بالأنجاس وتطهیرها

- پیشاب کی چھینٹوں کا حکم ۵۴۹
- گندہ پانی فلٹر کرنے کا حکم ۵۴۹
- پختہ فرش کو پاک کرنے کا حکم ۵۵۱
- پھوڑے پھنسی سے نکلنے والے پانی کا حکم ۵۵۲
- چھپکلی کھانے پینے کی چیزوں میں گر جائے تو ان کا حکم ۵۵۳
- شیر خوار بچہ اور بچی کے پیشاب کا حکم ۵۵۴
- دُکھتی آنکھ سے نکلنے والے پانی کا حکم ۵۵۵
- دودھ میں مینگنی گر جائے تو اس کا حکم ۵۵۶
- نجاست حقیقیہ کو پھلوں کے رس سے دھونے کا حکم ۵۵۷
- گھوڑے اور گدھے کے پسینے کا حکم ۵۵۸
- ناپاک اجزاء سے بنے ہوئے صابن کے استعمال کا حکم ۵۵۹
- پیشاب کے قطروں کو پاک کرنے کا طریقہ اور حکم ۵۶۰
- فرش یا ٹائلوں پر پیشاب لگنے کے بعد خشک ہو جائے تو اس جگہ نماز کا حکم ۵۶۰
- یخنی اور پھلوں کے رس سے نجاست حقیقیہ زائل کرنے کا حکم ۵۶۲

Marfat.com

♣ موبائل فون کو پاک کرنے کا طریقہ ۵۶۲

مسائل شتّی

♣ قبلے کی طرف تھوکنے کا حکم ۵۶۴
♣ پیشاب کے قطرے کا وہم ہو تو کیا کرے ۵۶۴
♣ پیشاب کے بعد قطرات روکنے کی تدبیر اور حکم ۵۶۶
♣ بیماری کی وجہ سے شرمگاہ میں دوا رکھنے کا حکم ۵۶۶
♣ پانی کی عدم موجودگی میں پیپسی وغیرہ سے وضو کرنا ۵۶۸
♣ غسل خانہ میں پیشاب کرنا ۵۶۹
♣ جہاں پاکی حاصل کرنے کی کوئی صورت ممکن نہ ہو وہاں نماز پڑھنے کا طریقہ ۵۷۰
♣ گوبر کو لکڑی کی جگہ استعمال کرنے کا حکم ۵۷۱
♣ اللہ کا نام یا کوئی آیت اپنے ساتھ بیت الخلاء لے جانے کا حکم ۵۷۲
♣ بے وضو حالت میں موبائل پر تلاوت کرنے کا حکم ۵۷۳
♣ جس میموری کارڈ میں قرآن ہو اس کے ساتھ بیت الخلا جانے کا حکم ۵۷۴
♣ لعاب دہن سے ورق گردانی کا حکم ۵۷۵
♣ موبائل کی اسکرین پر قرآنی آیات کو بے وضو ہاتھ لگانا ۵۷۵
♣ آیت قرآنی کو بلا وضو چھونا ۵۷۷
♣ پیشاب کے قطروں سے اطمینان حاصل کرنے کا طریقہ ۵۷۸
♣ کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کا حکم ۵۷۹
♣ مراجع و مصادر ۵۸۰

Marfat.com

مختصر تعارف

جامعہ انوار العلوم مہران ٹاؤن کورنگی کراچی

جامعہ انوار العلوم جس کی بنیاد آج سے تقریباً پندرہ سال قبل سن ۲۰۰۰ء میں کراچی کے انتہائی پسماندہ علاقہ میں دینی تعلیم وتربیت کی غرض سے رکھی گئی، دیکھتے ہی دیکھتے وطنِ عزیز پاکستان کے اطراف وجوانب سے طالبانِ علوم نبویہ اس مرکز علم وعمل میں جمع ہونے لگے، اس وقت جامعہ میں تقریباً ۷۰۰ سے زائد رہائشی طلبہ علومِ نبوت حاصل کرنے میں مصروفِ عمل ہیں۔ جامعہ میں ایسی معیاری دینی تعلیم دی جاتی ہے، جہاں نونہالانِ وطن مستقبل میں نہ صرف یہ کہ ملک وملت کے لئے مفید شہری بنیں، بلکہ اہل وطن کی رہنمائی کافریضہ بھی سرانجام دے سکیں، جامعہ کا تعلیمی نصاب اور ماحول ہر قسم کی فرقہ واریت، دہشت گردی، قومیت اور لسانیت کی تعلیمات سے پاک ہے۔

اغراض ومقاصد

(۱) قرآنِ کریم، حدیث، عقائد اور فقہ کے ساتھ ساتھ دیگر مفید فنونِ آلیہ کی تعلیم دینا، اور مسلمانوں کو مکمل طور پر اسلامی معلومات پہچانا، رُشد وہدایت اور تبلیغ کے ذریعہ اسلام کی خدمت انجام دینا۔

(۲) اعمال واخلاق کی تربیت اور طلبہ کی زندگی میں اسلامی رُوح پیدا کرنا۔

(۳) اسلام کی تبلیغ واشاعت، دین کا تحفظ ودفاع اور اشاعتِ اسلام کی خدمت بذریعہ تحریر وتقریر بجالانا، اور مسلمانوں میں تعلیم وتبلیغ کے ذریعہ سے خیر القرون اور سلفِ صالحین جیسے اخلاق واعمال اور جذبات پیدا کرنا۔

جامعہ کے شعبہ جات

(۱) شعبہ تحفیظ القرآن الکریم

یہ جامعہ کا ایک مستقل شعبہ ہے جس کے تحت جامعہ کے قیام سے لے کر تاحال سینکڑوں طلباء حفظِ قرآن کریم کی بیش بہا نعمت سے مالامال ہوچکے ہیں۔ ۲۰۰۰ء سے لے کر اب تک جامعہ سے فارغ التحصیل ہونے والے حفاظِ کرام کی کل تعداد تقریباً "۷۰۰" ہے۔

(۲) شعبہ تجوید

اس شعبہ میں طلباء کو اصول وضوابط کی روشنی میں قرآنِ کریم تجوید وترتیل کے ساتھ پڑھایا جاتا ہے۔ جامعہ سے فارغ التحصیل ہونے والے فضلاء تجوید کی کل تعداد "۲۲۳" ہے۔

Marfat.com

(۳) شعبہ قراءاتِ عشرہ

علومِ قراءات میں مہارتِ تامہ پیدا کرنے کے لئے یہ شعبہ وجود میں آیا ہے، اس میں قراءاتِ عشرہ بطریقِ شاطبیہ، علم الرسم، علم الوقف، علم الفواصل سمیت قراءات کے دیگر علوم شاملِ درس ہیں۔ جامعہ سے فارغ التحصیل ہونے والے فضلاءِ قراءاتِ عشرہ کی تعداد "۲۴" ہے۔

(۴) شعبہ درسِ نظامی

جامعہ کا سب سے بڑا شعبہ ہے جس میں چالیس سے زائد اساتذہ کرام طلباء کو تفسیر، اصول تفسیر، حدیث، اصول حدیث، فقہ، اصول فقہ، صرف و نحو، منطق، فلسفہ، علم معانی، علم بیان، علم بدیع اور دیگر علوم و فنون پڑھاتے ہیں۔ جامعہ سے فارغ التحصیل ہونے والے فضلاء درسِ نظامی کی تعداد "۲۰۶" ہے۔

(۵) شعبہ تخصص فی الافتاء

اس شعبہ میں درس نظامی کی تکمیل کرنے والے ذی استعداد طلبہ کو افتاء کی تمرین سے بہرہ ور کیا جاتا ہے، اس میں استخراج مسائل، تخریج اور کم از کم ۱۰۰ فتاویٰ کی تمرین کرائی جاتی ہے۔ جامعہ سے فارغ التحصیل ہونے والے فضلاء تخصص فی الافتاء کی تعداد "۱۳۱" ہے۔

(۶) شعبہ عصری تعلیم

اس شعبہ میں طلباء کو مڈل تک عصری علوم کی تعلیم دی جاتی ہے، اس شعبہ میں ہر سال ہونہار طلباء کی تعداد "۱۵۰" کے قریب ہوتی ہے۔

(۷) شعبہ دارالافتاء

یہ جامعہ کا انتہائی اہم شعبہ ہے، عامۃ الناس اسی شعبہ سے مربوط ہیں، اپنے دینی مسائل میں رہنمائی کے لئے تحریری اور بالمشافہ اس شعبہ سے رجوع کرتے ہیں۔

(۸) شعبہ تصنیف و تالیف

جامعہ کے کئی اساتذہ اس شعبہ کے ساتھ منسلک ہیں، اور ان کی تصنیفات سے عوام و خواص مستفید ہو رہے ہیں، فتاویٰ انوار العلوم بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

Marfat.com

فتاویٰ انوار العلوم

فتاویٰ انوار العلوم جامعہ انوار العلوم کے دار الافتاء سے جاری ہونے والے ان فتاویٰ کا مجموعہ ہے جو ۲۰۰۷ء سے لے کر ۲۰۱۵ء تک مختلف اوقات میں جاری ہوئے۔

جامعہ انوار العلوم کا قیام ۲۰۰۰ء میں عمل میں آیا اور الحمد للہ سات سال کے مختصر عرصے میں جب دورۂ حدیث شریف اور درجہ تخصص کا آغاز کیا گیا تو ملک کے طول و عرض سے طالبان علوم نبوت کی آمد کا سلسلہ شروع ہونے کے ساتھ ساتھ دور دراز کے لوگوں کا اور بالخصوص اہل علاقہ کا اپنے دینی مسائل کے شرعی حل کے لئے ادارہ کی طرف رجوع بڑھنے لگا، جس کی وجہ سے جامعہ میں دار الافتاء کا شعبہ قائم کیا گیا اور اس سلسلے میں ممتاز اہل علم اور مفتیان کرام کی نگرانی میں باقاعدہ فتاویٰ جاری کرنے کا سلسلہ شروع کیا گیا چنانچہ ادارہ کے بانی و مہتمم حضرت مولانا مفتی عبدالحق عثمانی صاحب، حضرت مولانا مفتی عبدالغفار صاحب، حضرت مولانا مفتی اقبال کانسی صاحب، حضرت مولانا مفتی ساجد محمود صاحب، مولانا مفتی زبیر احمد چترالی صاحب، مولانا مفتی اسعد الحسینی صاحب اور مولانا محمد اسحاق صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی نگرانی اور سرپرستی میں اس شعبہ نے الحمد للہ خوب ترقی کی اور ہزاروں مسائل پر مشتمل فتاویٰ کا ایک مجموعہ ضخیم رجسٹروں کی صورت میں تیار ہو گیا۔

بعض احباب خصوصاً فضلاء جامعہ اور متعلقین کی جانب سے جامعہ کے دار الافتاء سے جاری شدہ فتاویٰ کے مجموعہ کو افادہ عام کے لئے کتابی صورت میں شائع کرنے کی خواہش کا بڑی شدت کے ساتھ اظہار کیا گیا، احباب کی اس خواہش کے پیش نظر جامعہ کے بانی و مہتمم حضرت مولانا مفتی عبدالحق عثمانی صاحب دامت برکاتہم نے یہ ذمہ داری اس شعبہ سے متعلق افراد حضرت مولانا محمد اسحاق صاحب، مفتی ساجد محمود صاحب، مفتی محمد اسعد الحسینی صاحب اور راقم (محمد نعمان) کے سپرد کی جنہوں نے شعبہ تخصص (۱۴۳۷ھ بمطابق ۲۰۱۵ء) کے طلباء کی معاونت سے بفضل اللہ تحقیق و تخریج کے ساتھ ایک جلد کا کام مکمل کر لیا۔

فتاویٰ انوار العلوم کا انداز و خصوصیات

فتاویٰ انوار العلوم میں حوالہ جات نقل کرنے میں صرف ایک کتاب پر ہی اکتفاء نہیں کیا گیا بلکہ اکثر مسائل میں کئی کتابوں سے حوالہ جات نقل کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ تاکہ عوام الناس کے ساتھ ساتھ علماء کرام اور مفتیان عظام کو بھی ہر مسئلے کا مکمل حل باحوالہ مل سکے۔

چنانچہ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کو ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے۔

Marfat.com

(۱) حتی الامکان مکررات کو حذف کیا گیا ہے البتہ جہاں کہیں کسی مکرر مسئلہ میں کوئی نئی بات نظر آئی تو اس مسئلہ کو اس فائدے کے پیش نظر باقی رکھا گیا ہے۔

(۲) جلد اوّل کتاب العقائد اور کتاب الطہارت سے متعلق ہے باقی جلدوں پر بھی ابواب فقہیہ کی ترتیب پر آئندہ انشاء اللہ کام جاری ہے جو انشاء اللہ جلد منظر عام پر آئیں گی۔

(۳) مختصر اور جامع عنوانات لگانے کی کوشش کی گئی تاکہ قاری کے ذہن میں مسئلہ پڑھنے کا شوق پیدا ہو۔

(۴) تقریباً تمام مسائل کی تخریج کی گئی ہے جن میں امہات کتب کی طرف مراجعت کرکے مکمل عبارات نقل کی گئی ہیں۔

(۵) تقریباً ہر مسئلہ کی تخریج میں کم از کم تین حوالے زیب قرطاس کئے گئے ہیں اور اس بات کی بھی پوری کوشش کی گئی ہے کہ جواب میں ہر جزئیہ کا عربی حوالہ نقل کیا جائے۔

(۶) کئی جزئیات پر مشتمل سوالات میں مجتمع عنوانات کو علیحدہ کرکے ہر سوال کے ساتھ اس کا عنوان رکھا گیا ہے۔

(۷) علامات ترقیم کو بر موقع استعمال کرنے کی مکمل کوشش کی گئی ہے۔

(۸) ہر مسئلہ کے لئے فقہاء کرام کی عبارت سے صریح جزئیہ لانے کی کوشش کی گئی ہے۔

(۹) جواب دینے میں اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ جواب مختصر اور جامع ہونے کے ساتھ ساتھ عام فہم بھی ہو البتہ بعض تحقیقی مسائل میں تفصیل سے بھی کام لیا گیا ہے۔

(۱۰) اکثر عربی عبارات کو اعراب کے ساتھ نقل کیا گیا ہے تاکہ قاری کو پڑھنے میں کسی قسم کی دقت پیش نہ آئے۔

(۱۱) عربی عبارات کے حوالہ جات کے ساتھ ساتھ اس کی تائید میں معتبر اردو فتاویٰ جات کے حوالے بھی نقل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

(۱۲) فتاویٰ انوار العلوم میں مسائل کی تخریج اور حوالہ جات میں ایک ہی طرز ملحوظ رکھا گیا ہے۔ مثلاً جس کتاب سے بھی عبارت لی گئی ہے اس کا نام اوپر متن میں اور اس کی تخریج مثلاً کتاب، باب، فصل، مطلب، صفحہ اور جلد نمبر ان تمام چیزوں کو نیچے حاشیہ میں درج کیا گیا ہے اور تمام حوالہ جات میں ہر حوالہ میں لفظ "مکتبہ" کی جگہ لفظ "ط" نقل کیا گیا ہے اور اس کے مکتبہ کا نام درج کیا گیا ہے اور ان چیزوں میں بھی علامات ترقیم کا خاص لحاظ رکھا گیا ہے۔

(۱۳) فتاویٰ کے آخر میں مراجع و مصادر کا بھی اہتمام کیا گیا ہے جس میں کتاب کا نام، مؤلف کا نام اور سنِ وفات، مکتبہ اور شہر کا نام تمام تر تفصیلات درج کی گئی ہیں۔

Marfat.com

(۱۴) فتاوی کے شروع میں ایک مفید علمی مقدمہ بھی شامل کیا گیا ہے جس میں فتوی کی تعریف اور تاریخی پس منظر کے ساتھ ساتھ فقہ حنفی کی امہات کتب اور اردو فتاوی کا جامع تعارف پیش کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فتاوی انوار العلوم کے عظیم علمی و تحقیقی کام کی ایک جلد مکمل ہو چکی ہے۔ انسانی استطاعت کے مطابق ہر ممکن کوشش کی گئی ہے کہ اس میں کسی قسم کی کوئی کمی نہ رہے۔

اس سلسلے میں کتب کی طرف مراجعت اور باہمی مشاورت کا خوب اہتمام کیا گیا جن مسائل میں اکابر اہل علم کی طرف مراجعت کی ضرورت محسوس کی گئی وہاں مستند دار الافتاء کے اکابرین سے مشاورت و مراجعت کا بھی اہتمام کیا گیا لیکن پھر بھی اہل علم حضرات سے درخواست ہے کہ اس مجموعہ میں اگر کوئی قابل اصلاح بات نظر آئے تو مطلع فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

Marfat.com

مقدمہ

فتوی کی لغوی تعریف

لفظ "فتوی" فاء کے فتحہ کے ساتھ بھی منقول ہے اور فاء کے ضمہ کے ساتھ بھی، لیکن صحیح فاء کے فتحہ کے ساتھ ہے، اس کا لغوی معنی "الإجابة عن سؤال سواء كان متعلقا بالأحكام الشرعية أم بغيرها" کسی بھی سوال کا جواب دینا خواہ اس کا تعلق احکامِ شریعت سے ہو یا غیر احکامِ شریعت سے۔

جیسا کہ اللہ تعالی نے قرآن کریم میں بادشاہِ مصر کی یہ بات نقل کی ہے:

يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي رُؤْيَايَ إِنْ كُنْتُمْ لِلرُّؤْيَا تَعْبُرُونَ. (يوسف: ٤٣)

ترجمہ: اے دربار والو! اگر تم تعبیر دے سکتے ہو تو میرے اس خواب کے بارے میں مجھ کو جواب دو۔

اسی طرح حضرت یوسف علیہ السلام کے ساتھی کی بات نقل کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

يُوسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيقُ أَفْتِنَا فِي سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ. (يوسف: ٤٦)

ترجمہ: یوسف! اے وہ شخص جس کی ہر بات سچی ہوتی ہے، تم ہمیں اس (خواب) کا مطلب بتاؤ کہ سات موٹی تازی گائیں ہیں۔

اسی طرح ملکہ سبا کی بات نقل کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

قَالَتْ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي أَمْرِي. (النمل: ٣٢)

ترجمہ: اے سردارو! مجھے میرے معاملے میں بتلاؤ۔

مذکورہ بالا تینوں آیات میں لفظ "فتوی" مطلق سوال کے جواب دینے کے لئے استعمال ہوا ہے، احکامِ شریعہ دریافت کرنے کے لئے نہیں ہوا، لیکن پھر بعد میں یہ لفظ شرعی حکم معلوم کرنے کے لئے خاص ہو گیا، قرآنِ کریم میں بھی یہ لفظ حکم شرعی کی دریافت کے لئے متعدد جگہ استعمال ہوا ہے، جیسے:

وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ. (النساء: ١٢٧)

ترجمہ: اور (اے پیغمبر!) لوگ تم سے عورتوں کے بارے میں شریعت کا حکم پوچھتے ہیں، کہہ دو اللہ تم کو ان کے بارے میں حکم دیتا ہے۔

اسی طرح ارشادِ باری تعالی ہے:

يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلَالَةِ. (النساء: ١٧٦)

Marfat.com

ترجمہ: (اے پیغمبر!) لوگ تم سے (کلالہ کا حکم) پوچھتے ہیں، کہہ دو کہ اللہ تمہیں کلالہ کے بارے میں حکم بتاتا ہے۔
قرآن کی ان آیات میں لفظ "فتوی" شرعی حکم معلوم کرنے کے لئے استعمال ہوا ہے۔

فتوی کی اصطلاحی تعریف

هو الإخبار بحكم الله تعالى عن مسألة دينيّة بمقتضى الأدلة الشرعية لمن سأل عنه في أمر نازل على جهة العموم لا على وجه الإلزام. (۱)

کسی پیش آمدہ مسئلے میں سائل کو دلائلِ شرعیہ کی روشنی میں حکم خداوندی سے آگاہ کرنے کو فتوی کہتے ہیں اور مفتی کا اس حکم شرعی کی خبر دینا بطورِ عموم کے ہو نہ کہ بطورِ الزام کے ہو۔

فتوی عہدِ نبوت میں

سب سے پہلے جنہوں نے منصبِ افتاء کو سنبھالا وہ سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، آپ وحی کے ذریعے اللہ تبارک وتعالی کی جانب سے فتوی دیا کرتے تھے، حضراتِ صحابہ کرام آپ سے احکاماتِ شرعیہ دریافت کرتے، آپ ان کے جوابات دیتے، حضراتِ صحابہ کرام ان فتاوی کو اپنے سینوں اور اوراق میں محفوظ کرتے تھے، آپ کے فتاوی اور احادیثِ مبارکہ اسلام کا دوسرا ماخذ ہے، ہر مسلمان کے لئے ان پر عمل کرنا ضروری ہے، کسی کے لئے ان سے ذرہ بھر انحراف جائز نہیں۔

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ (متوفی ۷۵۱ھ) فرماتے ہیں:

وَأَوَّلُ مَنْ قَامَ بِهَذَا الْمَنْصِبِ الشَّرِيفِ سَيِّدُ الْمُرْسَلِينَ،وَإِمَامُ الْمُتَّقِينَ،وَخَاتَمُ النَّبِيِّينَ، عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ، وَأَمِينُهُ عَلَى وَحْيِهِ،وَسَفِيرُهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ عِبَادِهِ؛ فَكَانَ يُفْتِي عَنِ اللَّهِ بِوَحْيِهِ الْمُبِينِ،فَكَانَتْ فَتَاوِيهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَوَامِعَ الْأَحْكَامِ،وَمُشْتَمِلَةً عَلَى فَصْلِ الْخِطَابِ،وَهِيَ فِي وُجُوبِ اتِّبَاعِهَا وَتَحْكِيمِهَا ثَانِيَةُ الْكِتَابِ،وَلَيْسَ لِأَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ الْعُدُولُ عَنْهَا. (۲)

سب سے پہلے اس عظیم الشان منصب پر تمام انبیاء اور متقین کے سردار، اللہ کے بندے اور رسول جنابِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فائز تھے، آپ وحی الٰہی میں امین ہیں، اللہ اور اس کے بندوں کے درمیان سفیر ہیں، آپ اللہ تعالی کی طرف سے واضح وحی کے ساتھ فتوی دیتے تھے، آپ کے فتاوی جوامع الکلم ہیں، واضح احکامات پر مشتمل ہیں، اِن کی اتباع کرنا ضروری ہے، اِن کو حکم بنانا اور اِن کی روشنی میں فیصلے کرنا ضروری ہے، یہ شریعت کا دوسرا ماخذ ہے، کسی مسلمان کے لئے اِن سے عدول کرنا جائز نہیں ہے۔

==========

(۱) المصباح في رسم المفتي ومناهج الإفتاء: معنى الفتيا لغة وشرعا، ۱/ ۱۶.
(۲) إعلام الموقعين: فصل: الرسول صلى الله عليه وسلم أوّل من بلّغ عن الله، ۱/ ۱۶.

Marfat.com

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں کوئی دوسرا شخص منصبِ افتاء پر فائز نہیں ہوا، البتہ کبھی کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم افتاء اور قضاء کا کام اپنے بعض صحابہ کے سپرد کرتے تھے، شاید اس کا مقصد ان حضرات کو اجتہاد اور استنباط کی عملی مشق کرانا تھا۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

اقْضِ بَيْنَهُمَا فَقَالَ: أَقْضِي بَيْنَهُمَا وَأَنْتَ حَاضِرٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ:نَعَمْ عَلَى أَنَّكَ إِنْ أَصَبْتَ فَلَكَ عَشْرُ أُجُورٍ وَإِنِ اجْتَهَدْتَ فَأَخْطَأْتَ فَلَكَ أَجْرٌ. (۳)

دو افراد اپنا جھگڑا لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، تو آپ نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو کہا کہ ان دونوں کے درمیان فیصلہ کرو، انہوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپ کی موجودگی میں، میں فیصلہ کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں تم فیصلہ کرو، اگر تم نے درست فیصلہ کیا تو تمہارے لئے دس اجر ہیں اور اگر تم نے اجتہاد کیا اور غلطی کی تو تمہارے لئے ایک اجر ہے۔

اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضراتِ صحابہ کرام کو دور دراز شہروں کی طرف بھیجتے وقت فیصلہ کرنے اور فتوی دینے کی اجازت مرحمت فرمائی، جیسے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف قاضی بنا کر روانہ فرمایا، اور ان کو قرآن، حدیث، قیاس واجتہاد کے ذریعے فتوی اور فیصلے کی اجازت دی، حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے جب فرمایا:

أَجْتَهِدُ بِرَأْيِي، وَلَا آلُو فَضَرَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدْرَهُ.

میں اپنی رائے کے ذریعے اجتہاد کروں گا اور اس میں کوئی کوتاہی نہیں کروں گا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خوشی سے ان کے سینے پر بطورِ شاباشی کے تھپکی دی اور فرمایا:

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي وَفَّقَ رَسُولَ رَسُولِ اللَّهِ لِمَا يُرْضِي رَسُولَ اللَّهِ. (٤)

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے جس نے اللہ کے رسول کے قاصد کو ایسی بات کی توفیق دی جس نے اللہ کے رسول کو خوش کر دیا۔

افتاء میں صحابہ کرام کا طریقہ کار

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا سے رحلت فرمانے کے بعد یہ ذمہ داری حضراتِ صحابہ کرام کے کندھوں پر آئی، اِن حضرات نے بڑے احسن طریقے سے اسے نبھایا، اس میں ان کا منہج وہی رہا جو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی روایت میں گزرا۔

امیر المؤمنین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قاضی شریح رحمہ اللہ کو خط لکھا:

==========

(۳) المستدرك على الصحيحين: كتاب الأحكام، ٤/٩٩، رقم الحديث: ٧٠٠٤.

(٤) سنن أبي داود: كتاب الأقضية، باب اجتهاد الرأي في القضاء، ٣/ ٣٠٣، رقم الحديث: ٣٥٩٢.

Marfat.com

إِنْ جَاءَكَ شَيْءٌ فِي كِتَابِ اللهِ، فَاقْضِ بِهِ وَلَا تَلْفِتْكَ عَنْهُ الرِّجَالُ، فَإِنْ جَاءَكَ مَا لَيْسَ فِي كِتَابِ اللهِ فَانْظُرْ سُنَّةَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاقْضِ بِهَا، فَإِنْ جَاءَكَ مَا لَيْسَ فِي كِتَابِ اللهِ وَلَمْ يَكُنْ فِيهِ سُنَّةٌ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْظُرْ مَا اجْتَمَعَ عَلَيْهِ النَّاسُ فَخُذْ بِهِ، فَإِنْ جَاءَكَ مَا لَيْسَ فِي كِتَابِ اللهِ وَلَمْ يَكُنْ فِي سُنَّةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَمْ يَتَكَلَّمْ فِيهِ أَحَدٌ قَبْلَكَ. فَاخْتَرْ أَيَّ الْأَمْرَيْنِ شِئْتَ: إِنْ شِئْتَ أَنْ تَجْتَهِدَ برأْيِكَ ثُمَّ تَقَدَّمَ فَتَقَدَّمْ، وَإِنْ شِئْتَ أَنْ تتأَخَّرَ، فَتَأَخَّرْ، وَلَا أَرَى التَّأَخُّرَ إِلَّا خَيْرًا لَكَ. (٥)

اگر تمہارے پاس کتاب اللہ کا کوئی حکم آئے تو اس کے مطابق فیصلہ کرو اور تمہیں اس سے ہر گز لوگ نہ موڑیں، پس اگر تمہارے پاس ایسا معاملہ آئے جو کتاب اللہ میں نہ ہو تو تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت دیکھو اور اس کے مطابق فیصلہ کرو پس اگر تمہارے پاس ایسا معاملہ آجائے جو نہ کتاب اللہ میں ہے اور نہ ہی اس کے بارے میں سنت رسول اللہ میں کوئی بات ہے، تو اس کو دیکھو جس پر تمام لوگ متفق ہیں تو اس کو لے لو، اور اگر کوئی ایسا مسئلہ ہو جس میں نہ کتاب اللہ کا کوئی حکم ہے اور نہ سنتِ رسول اللہ میں ہے اور نہ ہی تم سے پہلے کسی نے اس کے بارے میں گفتگو کی ہے، تو تم دو باتوں میں سے جسے چاہے منتخب کرلو، یا تو اپنی رائے کے ذریعے اجتہاد کرو اور پھر تم آگے بڑھو تو تم آگے کئے جاؤ گے، اور اگر تم چاہو تو بس (اجتہاد سے) پیچھے ہٹ جاؤ، تب تم پیچھے کر دیئے جاؤ گے، اور میں تو تمہارے لئے پیچھے رہنے کو ہی بہتر سمجھتا ہوں۔

حضرت عبید اللہ بن یزید رحمہ اللہ سے روایت ہے:

كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، إِذَا سُئِلَ عَنِ الْأَمْرِ فَكَانَ فِي الْقُرْآنِ أَخْبَرَ بِهِ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِي الْقُرْآنِ وَكَانَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَ بِهِ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فَعَنْ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا فَإِنْ لَمْ يَكُنْ، قَالَ فِيهِ بِرَأْيِهِ. (٦)

حضرت عبد اللہ بن عباس سے کسی مسئلے کے متعلق دریافت کیا جاتا تو وہ سب سے پہلے قرآن کریم کی طرف رجوع کرتے، وہاں اس کا حکم موجود ہوتا تو سائل کو اس سے آگاہ کرتے، اگر قرآن کریم میں حکم موجود نہ ہوتا تو احادیث رسول کی طرف متوجہ ہوتے، اگر وہاں بھی اس کا حکم نہ پاتے تو حضرت ابو بکر و حضرت عمر کے اقوال میں غور فرماتے، اگر یہاں بھی مسئلے کا حکم پانے میں ناکامی ہوتی تو اپنی رائے کا استعمال کرتے۔

عہدِ صحابہ میں فتوی

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس عظیم الشان منصب پر آپ کے وہ جلیل القدر صحابہ کرام فائز ہوئے جو آپ کی وراثت کے اولین

==========

(٥) سنن الدارمي: كتاب العلم، باب الفتيا وما فيه من الشدة، ١/ ٢٦٥، رقم الحديث: ١٦٥.

(٦) سنن الدارمي: كتاب العلم، باب الفتيا وما فيه من الشدة، ١/ ٢٦٥، رقم الحديث: ١٦٨.

Marfat.com

محافظ وامین تھے، اور تقوی وطہارت، صداقت وعدالت، شجاعت وسخاوت اور ایثار وہمدردی میں مانند آفتاب اور رُشد وہدایت، علم ومعرفت میں مانند ماہتاب تھے، جن کے متعلق ارشاد ربانی "رضي الله عنهم ورضوا عنه" ہے، جو نزولِ قرآن، اسباب نزول اور منشا قرآن سے اچھی طرح باخبر تھے، جن کے بارے میں امت کا متفقہ فیصلہ ہے:

أَلْيَنُ الْأُمَّةِ قُلُوبًا، وَأَعْمَقُهَا عِلْمًا، وَأَقَلُّهَا تَكَلُّفًا، وَأَحْسَنُهَا بَيَانًا، وَأَصْدَقُهَا إِيمَانًا، وَأَعَمُّهَا نَصِيحَةً، وَأَقْرَبُهَا إِلَى اللَّهِ وَسِيلَةً. (۷)

صحابہ کرام امت میں سب سے زیادہ نرم دل، سب سے زیادہ گہرے علم والے، سب سے کم تکلف کرنے والے اور حسنِ بیان میں سب سے بڑھ کر ہیں، اس طرح ایمان میں سب سے سچے، خیر خواہی میں سب سے آگے اور اللہ کے وسیلے کے اعتبار سے قریب تر ہیں۔

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ (متوفی ۷۵۱ھ) لکھتے ہیں:

وَالَّذِينَ حُفِظَتْ عَنْهُمْ الْفَتْوَى مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةٌ وَنَيِّفٌ وَثَلَاثُونَ نَفْسًا، مَا بَيْنَ رَجُلٍ وَامْرَأَةٍ، وَكَانَ الْمُكْثِرُونَ مِنْهُمْ سَبْعَةٌ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَعَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ، وَعَائِشَةُ أُمُّ الْمُؤْمِنِينَ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبَّاسٍ، وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ. (۸)

اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے جن حضرات کے فتاوی محفوظ ہیں، ان سب مرد وخواتین کی تعداد ایک سو تیس (۱۳۰) سے کچھ اوپر ہے، ان میں سے سات (۷) افراد ایسے ہیں جن سے بکثرت فتاوی منقول ہیں، وہ حضرات یہ ہیں:

۱... حضرت عمر بن خطاب۔ ۲... حضرت علی بن ابی طالب۔ ۳... حضرت عبداللہ بن مسعود۔ ۴... ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ۔ ۵... حضرت زید بن ثابت۔ ۶... حضرت عبداللہ بن عباس۔ ۷... حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم۔

یہ سات صحابہ کرام وہ ہیں جن سے کثرت کے ساتھ فتاوی منقول ہیں:

وَيُمْكِنُ أَنْ يُجْمَعَ مِنْ فَتْوَى كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ سِفْرٌ ضَخْمٌ. (۹)

ممکن ہے کہ ان میں سے ہر ایک کے فتاوی (الگ الگ) ضخیم کتاب میں جمع ہو جائیں۔

وہ فقہاء صحابہ کرام جن سے درمیانی تعداد میں فتاوی منقول ہیں ان کی تعداد بیس (۲۰) ہے۔

۱... حضرت ابوبکر۔ ۲... حضرت ام سلمہ۔ ۳... حضرت انس بن مالک۔ ۴... حضرت ابوسعید خدری۔ ۵... حضرت ابوہریرہ۔

==========

(۷) إعلام الموقعين: فصل: أوّل من وقع عن الله، ۱/ ۱۷.

(۸) إعلام الموقعين: فصل: أوّل من وقع عن الله، ۱/ ۱۷.

(۹) إعلام الموقعين: فصل: أوّل من وقع عن الله، ۱/ ۱۷.

Marfat.com

۶... حضرت عثمان بن عفان۔ ۷... حضرت عبداللہ بن عمرو۔ ۸... حضرت عبداللہ بن زبیر۔ ۹... حضرت ابو موسی اشعری۔
۱۰... حضرت سعد بن ابی وقاص۔ ۱۱... حضرت جابر بن عبد اللہ۔ ۱۲... حضرت معاذ بن جبل۔ ۱۳... حضرت طلحہ۔
۱۴... حضرت زبیر۔ ۱۵... حضرت عبد الرحمٰن بن عوف۔ ۱۶... حضرت عمران بن حصین۔ ۱۷... حضرت ابو بکرہ۔
۱۸... حضرت عبادہ بن صامت۔ ۱۹... حضرت معاویہ بن ابی سفیان۔ ۲۰... حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہم۔

یہ مذکورہ بالا بیس (۲۰) صحابہ کرام وہ ہیں جن سے اوسط درجے کے ساتھ فتاوی منقول ہیں:

يُمْكِنُ أَنْ يُجْمَعَ مِنْ فُتْيَا كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ جُزْءٌ صَغِيرٌ جِدًّا. (۱۰)

ممکن ہے کہ ان میں سے ہر ایک کے فتاوی بہت ہی چھوٹی جلد میں جمع ہو جائیں۔

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ نے اس کے بعد ایک سو دس (۱۱۰) صحابہ اور صحابیات کے اسماء ذکر کئے ہیں جو بہت کم فتوی دیا کرتے تھے، اور اِن سے ایک، دو یا کچھ زائد مسائل مروی ہیں، یہ قلیل الفتاوی صحابہ کرام ہیں، ان کے فتاوی کے متعلق علامہ ابن قیم رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

يُمْكِنُ أَنْ يُجْمَعَ مِنْ فُتْيَا جَمِيعِهِمْ جُزْءٌ صَغِيرٌ فَقَطْ بَعْدَ التَّقَصِّي وَالْبَحْثِ. (۱۱)

ممکن ہے کہ ان تمام صحابہ کے فتاوی غور وخوض اور تلاش کے بعد ایک کتابچہ میں جمع ہو جائیں۔

امام الجرح والتعدیل عظیم نقاد محدث امام ابوزرعہ رازی رحمہ اللہ کی تحقیق کے مطابق اُن صحابہ کرام کی تعداد جن کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سماعتِ حدیث کا شرف حاصل ہے اُن کی تعداد ایک لاکھ چودہ ہزار (۱۱۴۰۰۰) ہے۔

ایک شخص نے امام ابوزرعہ رحمہ اللہ سے پوچھا:

يَا أَبَا زُرْعَةَ أَلَيْسَ يُقَالُ: حَدِيثُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَةُ آلَافِ حَدِيثٍ؟ قَالَ: وَمَنْ قَالَ ذَا؟ قَلْقَلَ اللَّهُ أَنْيَابَهُ هَذَا قَوْلُ الزَّنَادِقَةِ، وَمَنْ يُحْصِي حَدِيثَ رَسُولِ اللَّهِ؟ قُبِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مِائَةِ أَلْفٍ وَأَرْبَعَةَ عَشَرَ أَلْفًا مِنَ الصَّحَابَةِ مِمَّنْ رَوَى عَنْهُ وَسَمِعَ مِنْهُ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: يَا أَبَا زُرْعَةَ هَؤُلَاءِ أَيْنَ كَانُوا وَسَمِعُوا مِنْهُ؟ قَالَ: أَهْلُ الْمَدِينَةِ وَأَهْلُ مَكَّةَ وَمَنْ بَيْنَهُمَا وَالْأَعْرَابُ وَمَنْ شَهِدَ مَعَهُ حَجَّةَ الْوَدَاعِ كُلٌّ رَآهُ وَسَمِعَ مِنْهُ يَعْرِفُهُ. (۱۲)

==========

(۱۰) إعلام الموقعين: فصل: أوّل من وقع عن الله، ۱/ ۱۷.

(۱۱) إعلام الموقعين: فصل: أوّل من وقع عن الله، ۱/ ۱۷.

(۱۲) الجامع لأخلاق الراوي وآداب السامع: ترتيب مسانيد الصحابة، ۲/ ۲۹۳، رقم: ۱۸۹٤/ مقدمة ابن الصلاح: النوع التاسع والثلاثون، ص۲۹۸.

Marfat.com

اے ابوزرعہ! کیا یہ نہیں کہا جاتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے چار ہزار احادیث مروی ہیں؟ آپ نے فرمایا: جس شخص نے ایسا کہا ہے اللہ تعالی اس کو برباد کرے، یہ زنادقہ کا قول ہے، کون آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کا احاطہ کر سکتا ہے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت ایک لاکھ چودہ ہزار صحابہ کرام موجود تھے جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث روایت کی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع کیا، اس شخص نے کہا: اے ابوزرعہ! یہ صحابہ کہاں قیام پذیر تھے اور کہاں انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سماع کیا؟ آپ نے فرمایا: یہ اہلِ مدینہ، اہلِ مکہ اور ان کے گرد ونواح کے رہائشی اور دیہاتی تھے، ان میں وہ سارے حضرات بھی شامل ہیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع میں شریک ہوئے اور ان میں سے ہر ایک نے میدانِ عرفات میں آپ کی زیارت بھی کی اور آپ سے سماعِ حدیث بھی کیا۔

علامہ ابن حزم رحمہ اللہ (متوفی ۴۵۶ھ) اور علامہ ابن قیم رحمہ اللہ (متوفی ۷۵۱ھ) کی تحقیق کے مطابق فتوی دینے والے صحابہ کرام کی تعداد ایک سو تیس (۱۳۰) سے کچھ زائد تھی، اور ان کے درمیان بھی تین طبقات تھے:

۱... کثیر الفتاوی سات (۷) صحابہ کرام

۲... اوسط الفتاوی بیس (۲۰) صحابہ کرام

۳... قلیل الفتاوی ایک سو دس (۱۱۰) صحابہ کرام[۱۳]

جیسا کہ ماقبل میں صحابہ کرام کے اسماء کے ساتھ باحوالہ بات گزر گئی، بقول امام ابوزرعہ رحمہ اللہ کے صحابہ کرام کی تعداد جن کو آپ سے شرفِ سماعت حاصل ہے ایک لاکھ چودہ ہزار ہے، لیکن فتوی دینے والے صحابہ کی تعداد صرف ایک سو تیس ہے، معلوم ہوا کہ محض حدیث کو روایت کرنا اور اس میں فقہ وبصیرت سے کام لینا دو مختلف امور ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ ان میں سے ہر صحابی منصبِ افتاء پر فائز نہ تھا اگرچہ ان میں جمیع حضرات رُوّاتِ حدیث تھے، اس فرق کے باعث فقہائے عظام اور محدثینِ کرام کے درمیان حدِ فاصل بھی خود بخود قائم ہو جاتی ہے۔ فقہاء فکری اور علمی اعتبار سے محدثین سے بلند رتبہ کے حامل ٹھہرتے ہیں کیونکہ محدثین اگر حدیث سے واقف ہیں تو فقہاء حدیث اور اس کے فہم دونوں سے آگاہ ہیں۔

دکتور محمد رواس قلعہ جی نے بڑی تحقیق، جستجو اور تلاش کے ساتھ چند صحابہ کرام کے فتاوی کو الگ الگ جمع کیا جو درج ذیل ہیں:

١... موسوعة فقه أبي بكر

٢... موسوعة فقه عمر بن خطاب

٣... موسوعة فقه عثمان بن عفان

٤... موسوعة فقه علي بن أبي طالب

==========

[۱۳] الإحكام في أصول الأحكام: الباب الثامن والعشرون، ٥/ ٩٢/ إعلام الموقعين: الصحابة الذين قاموا بالفتوى بعده، ١/ ١٧.

Marfat.com

۵... موسوعة فقه عبد الله بن مسعود ٦... موسوعة فقه عبد الله بن عمر

فتوی دورِ تابعین میں

حضراتِ صحابہ کرام کے بعد فتاوی کے لئے اکابر تابعین کی طرف رجوع کیا جاتا تھا، اور یہ حضرات مختلف ایسے شہروں میں پھیلے ہوئے تھے جو مسلمانوں نے اپنی فتوحات کے بعد آباد کئے تھے۔ علامہ ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

وَكَانَ الْمُفْتُونَ بِالْمَدِينَةِ مِنْ التَّابِعِينَ: ابْنَ الْمُسَيِّبِ، وَعُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَالْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، وَخَارِجَةَ بْنَ زَيْدٍ، وَأَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، وَسُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ، وَعُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، وَهَؤُلَاءِ هُمْ الْفُقَهَاءُ، وَقَدْ نَظَمَهُمْ الْقَائِلُ فَقَالَ:

إذَا قِيلَ مَنْ فِي الْعِلْمِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ ❊❊❊ رِوَايَتُهُمْ لَيْسَتْ عَنْ الْعِلْمِ خَارِجَهْ

فَقُلْ هُمْ عُبَيْدُ اللَّهِ عُرْوَةُ قَاسِمٌ ❊❊❊ سَعِيدٌ أَبُو بَكْرٍ سُلَيْمَانُ خَارِجَهْ(١٤)

مدینہ میں فتوی دینے والے تابعین حضرات یہ ہیں:

۱... حضرت سعید بن مسیب ۲... حضرت عروہ بن زبیر ۳... حضرت قاسم بن محمد ۴... حضرت خارجہ بن زید ۵... حضرت ابو بکر بن عبد الرحمٰن بن حارث بن ہشام ٦... حضرت سلیمان بن یسار ۷... حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود رحمہم اللہ۔

اور انہیں کو فقہائے سبعہ بھی کہا جاتا ہے، ان کے اسماء کو ایک شاعر نے اپنے اس شعر میں جمع کیا ہے، جب پوچھا جائے کہ علم کے سات سمندر کون ہیں جن کی روایات علم سے ذرا بھی ہٹ کر نہیں ہوتیں، تو تم کہہ دو کہ وہ عبید اللہ، عروہ، قاسم، سعید، ابو بکر، سلیمان اور خارجہ رحمہم اللہ ہیں۔

مکہ مکرمہ میں فتوی دینے والے امام عطاء بن ابی رباح، امام طاؤس بن کیسان، امام مجاہد بن جبر، امام عبید بن عمیر، امام عمرو بن دینار، امام عبد اللہ بن ابی ملیکہ، امام عکرمہ رحمہم اللہ تھے۔

بصرہ میں فتوی دینے والے امام عمرو بن سلمہ، امام ابو مریم حنفی، امام حسن بصری، امام محمد بن سیرین، امام مسلم بن یسار، امام قتادہ بن دعامہ رحمہم اللہ تھے۔

کوفہ میں فتوی دینے والے امام علقمہ بن قیس نخعی، امام اسود بن یزید، امام عمرو بن شرحبیل، امام مسروق، امام شریح بن حارث، امام عبد الرحمٰن بن یزید رحمہم اللہ تھے۔

==========

(١٤) إعلام الموقعين: المفتون في المدينة، ١/ ٣٢.

Marfat.com

شام میں فتوی دینے والے امام ابوادریس خولانی، امام عبداللہ بن زکریا، امام قبیصہ بن ذؤیب، امام سلیمان بن حبیب، امام خالد بن معدان رحمہم اللہ تھے۔

یمن میں فتوی دینے والے امام وہب بن منبہ صنعانی، امام عبدالرزاق بن ہمام اور امام سماک بن فضل رحمہم اللہ تھے۔ (۱۵)

ان مذکورہ بالا کبار اہلِ علم کے اکثر فتاوی جات موطآت، سنن، مسندات، مصنف عبدالرزاق، مصنف ابن ابی شیبہ، کتاب الآثار، شرح معانی الآثار اور دیگر کتبِ حدیث میں ہیں۔

امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ

آپ کا نام نعمان، والد کا نام ثابت اور دادا کا نام زوطی، فارسی النسل تھے، اللہ تعالی نے حضرت زوطی کو دولتِ ایمان سے سرفراز فرمایا، ثابت کو بچپن میں ان کے والد حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں لے کر گئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ثابت کے لئے اور ان کی اولاد کے لئے دعا فرمائی، امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ اس دعا کا ظہور ہیں۔ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے پوتے امام اسماعیل بن حماد رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

ونحن نرجو من الله أن يكون قد استجاب الله ذلك لعلي بن أبي طالب فينا. (۱۶)

اور ہم اللہ تعالی سے امید رکھتے ہیں کہ اس نے ہمارے حق میں حضرت علی بن ابی طالب کی دعا قبول فرمائی ہے۔

ابو حنیفہ کنیت کی وجہ

۱... آپ کی کنیت ابو حنیفہ ہے، لغت میں حنیفہ حنیف کا مؤنث ہے، حنیف اُسے کہتے ہیں جو سب لوگوں سے یکسو ہو کر رہے، اسی بناء پر حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو حنیف کہتے ہیں۔ امام اعظم نے یہ کنیت اپنے لئے کیوں تجویز فرمائی جہاں تک راقم کا خیال ہے یہ تفاول کی وجہ سے اختیار کی گئی ہے، جیسے عموماً ابوالمحاسن، ابوالحسنات، ابوالکلام وغیرہ کنیتیں رکھی جاتی ہیں۔

۲... آپ کا حلقہ درس وسیع تھا آپ کے شاگرد اپنے ساتھ قلم دوات رکھا کرتے تھے چونکہ اہل عراق دوات کو حنیفہ کہتے ہیں اس لئے آپ کو ابو حنیفہ کہا گیا ہے، یعنی دوات والے۔

۳... بعض نے کہا ہے آپ شدت سے حق کی طرف راغب اور کثرت سے اللہ کی عبادت کرتے تھے، لہٰذا آپ کو ابو حنیفہ کہا گیا۔ (۱۷)

==========

(۱۵) إعلام الموقعين: فصل في المفتيين، ۱/ ۳۳ تا ۴۰.

(۱۶) تاريخ بغداد: ترجمة: النعمان بن ثابت، ۱۳/ ۳۲۷.

(۱۷) الخيرات الحسان: الفصل الرابع، ص۳۲.

Marfat.com

بعض اہل علم کی رائے یہ ہے کہ آپ کی کنیت ابو حنیفہ اس لئے ہے کہ آپ کی صاحبزادی کا نام حنیفہ تھا اسی مناسبت کی وجہ سے آپ کو ابو حنیفہ کہتے ہیں، لیکن یہ بات درست نہیں اس لئے کہ آپ کی کوئی صاحبزادی نہیں تھی اور نہ ہی حماد کے علاوہ آپ کا کوئی اور بیٹا تھا:

ولا يعلم له ولد ذكر ولا أنثى غير حماد. (١٨)

امام اعظم کے متعلق نبوی پیشین گوئی

اللہ تبارک وتعالی نے سورہ جمعہ کی ابتدائی آیات میں فرمایا:

هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ. (الجمعة: ٢-٣)

ترجمہ: وہی ہے جس نے ان پڑھ لوگوں میں ان ہی میں سے ایک (باعظمت) رسول کو بھیجا وہ ان پر اس کی آیتیں پڑھ کر سناتے ہیں، اور ان (کے ظاہر و باطن) کو پاک کرتے ہیں اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتے ہیں، بے شک وہ لوگ ان (کے تشریف لانے) سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے، اور ان میں سے دوسرے لوگوں میں بھی (اس رسول کو تزکیہ و تعلیم کے لئے بھیجا ہے) جو ابھی ان لوگوں سے نہیں ملے (جو اس وقت موجود ہیں یعنی ان کے بعد کے زمانے میں آئیں گے) اور وہ بڑا غالب بڑی حکمت والا ہے۔

ان آیات کریمہ میں اللہ رب العزت نے دو طرح کے لوگوں کا ذکر کیا ہے:

ایک قسم کے لوگوں میں وہ امّی لوگ ہیں جنہیں آپ نے بذات خود براہِ راست فیض یاب فرمایا، جنہیں آپ کی تلاوت، تزکیہ اور کتاب و حکمت کی تعلیم کے نور سے روشن کیا ہے۔

دوسری قسم کے لوگوں کا ذکر قرآن نے "وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ" کے الفاظ سے بیان کیا ہے، ان سے مراد وہ لوگ تھے جو ابھی تک صحابہ کرام کے ساتھ نہیں ملے تھے بلکہ بعد میں آنے والے تھے، مگر آپ کا یہ فیض ان کے لئے بھی بیان ہوا ہے۔

اس آیت مبارکہ کے الفاظ کی تفسیر میں صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی ایک متفق علیہ حدیث ہے جسے سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے، آپ فرماتے ہیں: "وَآخَرِينَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوا بِهِمْ" اور ان میں سے دوسرے لوگوں میں بھی (اس رسول کے تزکیہ و تعلیم کے لئے بھیجا ہے) جو ابھی ان لوگوں سے نہیں ملے (جو اس وقت موجود ہیں یعنی ان کے بعد کے زمانہ میں آئیں گے) فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! وہ کون لوگ ہیں؟ آپ نے کوئی جواب نہ دیا یہاں تک کہ تین بار یہی

(١٨) الخيرات الحسان، الفصل الرابع، ص ٣٢.

Marfat.com

سوال کیا، اس وقت ہمارے درمیان حضرت سلمان فارسی بھی موجود تھے، نبی اکریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دستِ مبارک حضرت سلمان فارسی پر رکھا پھر فرمایا:

لَوْ كَانَ الْإِيْمَانُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَنَالَهُ رِجَالٌ أَوْ رَجُلٌ مِّنْ هَؤُلَاءِ. (١٩)

اگر ایمان ثریا کی بلندیوں پر بھی ہوا تو اس کی قوم میں سے چند اشخاص یا فرمایا: ایک شخص اسے حاصل کرلے گا۔

امام بخاری کی بیان کردہ روایت میں آپ نے فرمایا کہ اس (یعنی حضرت سلمان فارسی) کی قوم فارس کے لوگوں میں سے کچھ لوگ یا ایک شخص آئے گا، اگر ایمان ثریا کی بلندیوں تک بھی ہوگا تو وہ اتنی بلندی پر بھی پہنچ کر اس کی معرفت حاصل کرلے گا۔ اس روایت میں ایک شخص یا چند اشخاص کا بیان ہے، جب کہ امام مسلم نے روایت کیا ہے کہ اہل فارس اور ابنائے فارس کی اولاد میں سے ایک شخص ہوگا جس کی طرف آیت کریمہ میں اشارہ ہے، حدیث کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں، حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَوْ كَانَ الدِّيْنُ عِنْدَ الثُّرَيَّا لَذَهَبَ بِهِ رَجُلٌ مِّنْ فَارِسٍ أَوْ قَالَ: مِنْ أَبْنَاءِ فَارِسٍ حَتَّى يَتَنَاوَلَهُ. (٢٠)

اگر دین اوج ثریا پر بھی ہو تو اہل فارس (یا ابنائے فارس) میں سے ایک شخص اسے وہاں سے بھی پالے گا۔

اس حدیث کو نو مختلف صحابہ کرام نے روایت کیا، صرف حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس روایت کو ان کے تیرہ (١٣) مختلف شاگردوں نے نقل کیا، اسی طرح دیگر صحابہ سے بھی ان کے مختلف تلامذہ نے اس روایت کو نقل کیا، اس روایت کو مختلف طرق واسانید کے ساتھ تقریباً اکتیس (٣١) محدثین نے اپنی اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے۔

اس حدیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پیشن گوئی کی جو حرف بہ حرف مکمل ہوئی، یہ آپ کے معجزات میں سے ہے، آپ نے جس بات کی خبر دی ویسا ہی ہوا اور اس کا مصداق اکابر اہلِ علم کے نزدیک امام اعظم ابو حنیفہ قرار پائے۔

امام محمد بن یوسف صالحی شافعی (متوفی ٩٤٢ھ) نے اس صحیح حدیث کی بنیاد پر اپنی معروف کتاب "سبل الهدى والرشاد في سيرة خير العباد" میں حضور کے معجزات کا تذکرہ کرتے ہوئے مستقل ایک باب قائم کیا:

الباب الثالث والخمسون في إشارته صلى الله عليه وسلم إلى وجود الإمام أبي حنيفة.

==========

(١٩) صحيح البخاري: كتاب التفسير، باب قوله: وآخرين منهم لما يلحقوا بهم، ٦/ ١٥١، رقم الحديث: ٤٨٩٧/

صحيح مسلم: كتاب فضائل الصحابة، باب فضل فارس، ٤/١٩٧٢، رقم الحديث: ٢٥٤٦.

(٢٠) صحيح مسلم: كتاب فضائل الصحابة، باب فضل فارس، ٤/١٩٧٢، رقم الحديث: ٢٥٤٦.

Marfat.com

یعنی اس ترپن نمبر باب میں اس حدیث کا ذکر ہے جس میں آپ نے امام اعظم ابو حنیفہ کے وجود کی پیشن گوئی فرمائی، علامہ صالحی باوجود یہ کہ شافعی المسلک ہیں انہوں نے اس حدیث کا مصداق امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کو قرار دیا اور باقاعدہ اس پر باب قائم کیا، پھر اس کے تحت اس حدیث کے متعدد طرق اور اسانید کا تذکرہ کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

وما جزم به شيخنا من أن الإمام أبا حنيفة رحمه الله عنه هو المراد من هذا الحديث السابق ظاهر لا شك فيه. (٢١)

ہمارے شیخ علامہ جلال الدین سیوطی نے یقین کے ساتھ فرمایا کہ اس حدیث سے مراد امام ابو حنیفہ ہیں، اور اس بات میں کوئی شک نہیں ہے۔

نیز یہ بھی فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے، امام ابو حنیفہ کی بشارت اور فضیلت کے سلسلے میں اسی روایت پر اعتماد کیا جائے گا:

فهذا أصل صحيح يعتمد عليه في البشارة والفضيلة. (٢٢)

علامہ احمد بن حجر ہیتمی (متوفی ۹۷۳ھ) نے بھی اس حدیث کا مصداق امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کو قرار دیا، آپ نے عنوان قائم کیا:

فيما ورد من تبشير النبي بالإمام أبي حنيفة رحمه الله تعالى.

پھر فرمایا کہ حافظ محقق جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ (متوفی ۹۱۱ھ) نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے، امام ابو حنیفہ کی بشارت کے سلسلے میں اس صحیح اصل پر اعتماد کیا جائے گا، اور اس میں امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کی کامل فضیلت ہے:

قال الحافظ المحقق الجلال السيوطي: هذا أصل صحيح يعتمد عليه في البشارة بأبي حنيفة رحمه الله وفي الفضيلة التامة. (٢٣)

اندازہ کیجئے کہ تینوں جلیل القدر ائمہ علامہ جلال الدین سیوطی، علامہ محمد بن یوسف صالحی، علامہ احمد بن حجر ہیتمی باوجودیکہ یہ تینوں شافعی المسلک ہیں انہوں نے اس حدیث کا مصداق صرف امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کو قرار دیا ہے۔

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کی تفصیلی سوانح حیات، آپ کا مقام و مرتبہ، سو (۱۰۰) اہل علم کی آپ کے متعلق آراء، فن حدیث اور فقہ میں آپ کی جلالت شان، کتاب الآثار اور آپ کی انتیس (۲۹) مسانید کا تعارف، آپ پر کئے گئے نقد و جرح کے تفصیلی جوابات کے لئے راقم کی کتاب "امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا محدثانہ مقام" کا مطالعہ کریں۔

---

(٢١) سبل الهدى والرشاد: أبواب معجزاته، الباب الثالث والخمسون، ١٠/ ١١٦.

(٢٢) سبل الهدى والرشاد: أبواب معجزاته، الباب الثالث والخمسون، ١٠/ ١١٦/ تبييض الصحيفة: ذكر تبشير النبي صلى الله عليه وسلم، ص٢١.

(٢٣) الخيرات الحسان: المقدمة الثالثة، ص٢٣.

Marfat.com

لم شریعت کے مدوّنِ اول امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ

فقہ کی باضابطہ تدوین کا شرف سب سے پہلے جس شخصیت کو حاصل ہوا وہ امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ ہیں، اسی لئے امام شافعی حمہ اللہ نے فرمایا:

من أراد الفقه فهو عيال على أبي حنيفة.

اس کا اعتراف تمام ہی منصف مزاج علماء نے کیا ہے، علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ (متوفی ۹۱۱ھ) فرماتے ہیں:

إنه أوّل من دون علم الشريعة ورتبها أبوابًا ثم تبعه مالک بن أنس في ترتيب الموطا ولم يسبق أبا حنيفة أحد.[٢٤]

امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے علم شریعت کی تدوین کی اور اسے ابواب کی صورت میں مرتب کیا، پھر موطا کی رتیب میں امام مالک رحمہ اللہ نے انہیں کی پیروی کی، امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے پہلے کسی نے یہ کام نہیں کیا۔

علامہ ابن حجر مکی رحمہ اللہ (متوفی ۹۷۳ھ) فرماتے ہیں:

إنه أول من دون علم الشريعة ورتبه أبوابا وكتبا على نحو ما هو عليه اليوم وتبعه مالک في موطئه.[٢٥]

امام ابو حنیفہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے علم فقہ کو مدون کیا اور کتاب اور باب پر اس کو مرتب کیا جیسا کہ آج موجود ہے اور امام مالک نے اپنی موطا میں انہیں کی اتباع کی ہے۔

پھر اہم بات یہ ہے کہ امام صاحب نے دوسرے فقہاء کی طرح انفرادی طور پر اپنی آراء مرتب نہیں کیں، بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرح شورائی انداز اختیار کیا، چنانچہ علامہ موفق مکی رحمہ اللہ (متوفی ۵۶۸ھ) فرماتے ہیں:

فوضع أبو حنيفة مذهبه شورى بينهم لم يستمد بنفسه دونهم-

امام ابو حنیفہ نے اپنا مذہب شورائی رکھا، آپ شرکاءِ شوری کو چھوڑ کر تنہا اپنی رائے مسلط نہیں کرتے۔

اس کا نتیجہ تھا کہ بعض اوقات ایک مسئلہ پر ایک ماہ یا اس سے زیادہ بحث و مباحثہ کا سلسلہ جاری رہتا تھا، چنانچہ امام موفق رحمہ اللہ ہی رقم طراز ہیں:

كان يتقي مسئلة يقلبهم ويسمع ما عندهم ويقول ما عنده ويناظرهم شهرا أو أكثر من ذلک حتى يستقر أحد الأقوال فيها.[٢٦]

==========

[٢٤] تبييض الصحيفة بمناقب الإمام أبي حنيفة: أوّل من دوّن علم الشريعة، ص١٢٩.

[٢٥] الخيرات الحسان: الفصل الثاني عشر، ص١٣٢.

[٢٦] مناقب أبي حنيفة للموفق: ٢/ ١٣٣.

Marfat.com

امام صاحب ایک ایک مسئلہ پیش کرتے، ان کے خیالات کا جائزہ لیتے اور ان کی بھی باتیں سنتے، اپنے خیالات پیش کرتے اور بعض اوقات ایک ماہ یا اس سے زیادہ تبادلہ خیال کا سلسلہ جاری رکھتے یہاں تک کہ کوئی ایک قول متعین ہو جاتا۔

مجلس فقہ میں شریک اکابر علماء اور ان کے سنین وفات

عام طور پر یہ بات نقل کی گئی ہے کہ اس مجلس میں اپنے عہد کے چالیس ممتاز علماء شامل تھے، لیکن ان کے سنین وفات اور امام صاحب رحمہ اللہ سے وابستگی کے زمانہ کو دیکھتے ہوئے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ یہ سارے لوگ شروع سے آخر تک اس کام میں شریک نہیں رہے، بلکہ مختلف ارکان نے مختلف ادوار میں کارِ تدوین میں ہاتھ بٹایا اور ان میں بعض وہ تھے جنہوں نے آخری زمانہ میں اس کام میں شرکت کی، عام طور پر شرکاء مجلس کے اسماء ایک جگہ نہیں ملتے، مفتی عزیز الرحمٰن اور ڈاکٹر محمد میاں صدیقی نے ان ناموں کو اکٹھا کرنے کی کوشش کی ہے اور ڈاکٹر محمد طفیل ہاشمی نے ان ہی کے حوالہ سے اسے نقل کیا ہے، نام اس طرح ہیں:

۱۔۔۔۔زفر بن ہذیل رحمہ اللہ (متوفی ۱۵۸ھ)
۲۔۔۔۔مالک بن مغول رحمہ اللہ (متوفی ۱۵۹ھ)
۳۔۔۔۔داود طائی رحمہ اللہ (متوفی ۱۶۰ھ)
۴۔۔۔۔مندل بن علی رحمہ اللہ (متوفی ۱۶۸ھ)
۵۔۔۔۔نصر بن عبدالکریم رحمہ اللہ (متوفی ۱۶۹ھ)
۶۔۔۔۔عمرو بن میمون رحمہ اللہ (متوفی ۱۷۱ھ)
۷۔۔۔۔حبان بن علی رحمہ اللہ (متوفی ۱۷۲ھ)
۸۔۔۔۔ابو عصمہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۷۳ھ)
۹۔۔۔۔زہیر بن معاویہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۷۳ھ)
۱۰۔۔۔۔قاسم بن معن رحمہ اللہ (متوفی ۱۷۵ھ)
۱۱۔۔۔۔حماد بن ابی حنیفہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۷۶ھ)
۱۲۔۔۔۔ہیاج بن بطام رحمہ اللہ (متوفی ۱۷۷ھ)
۱۳۔۔۔شریک بن عبداللہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۷۸ھ)
۱۴۔۔۔۔عافیہ بن یزید رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۱ھ)
۱۵۔۔۔۔عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۱ھ)
۱۶۔۔۔۔نوح بن دراج رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۲ھ)
۱۷۔۔۔۔امام ابو یوسف رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۲ھ)
۱۸۔۔۔ہشیم بن بشیر سلمی رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۳ھ)
۱۹۔۔۔ابو سعید یحییٰ بن زکریا رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۴ھ)
۲۰۔۔۔فضیل بن عیاض رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۷ھ)
۲۱۔۔۔۔اسد بن عمرو رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۸ھ)
۲۲۔۔۔۔محمد بن حسن شیبانی رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۹ھ)
۲۳۔۔۔علی بن مسہر رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۹ھ)
۲۴۔۔۔۔یوسف بن خالد رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۹ھ)
۲۵۔۔۔۔عبداللہ بن ادریس رحمہ اللہ (متوفی ۱۹۲ھ)
۲۶۔۔۔۔فضل بن موسیٰ رحمہ اللہ (متوفی ۱۹۲ھ)
۲۷۔۔۔۔حفص بن غیاث رحمہ اللہ (متوفی ۱۹۴ھ)
۲۸۔۔۔۔وکیع بن جراح رحمہ اللہ (متوفی ۱۹۷ھ)
۲۹۔۔۔ہشام بن یوسف رحمہ اللہ (متوفی ۱۹۷ھ)
۳۰۔۔۔یحییٰ بن سعید القطان رحمہ اللہ (متوفی ۱۹۸ھ)

Marfat.com

٣١۔۔۔شعیب بن اسحاق رحمہ اللہ (متوفی ١٩٨ھ)
٣٢۔۔۔ابو حفص بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ (متوفی ١٩٩ھ)
٣٣۔۔۔۔ابو مطیع بلخی رحمہ اللہ (متوفی ١٩٩ھ)
٣٤۔۔۔۔خالد بن سلیمان رحمہ اللہ (متوفی ١٩٩ھ)
٣٥۔۔۔۔عبدالحمید رحمہ اللہ (متوفی ٢٠٣ھ)
٣٦۔۔۔۔ابو عاصم النبیل رحمہ اللہ (متوفی ٢١٢ھ)
٣٧۔۔۔۔مکی بن ابراہیم رحمہ اللہ (متوفی ٢١٥ھ)
٣٨۔۔۔۔حماد بن دلیل رحمہ اللہ (متوفی ٢١٥ھ) [٢٧]

استنباطِ مسائل میں امام اعظم رحمہ اللہ کا طریقہ کار

خطیب بغدادی رحمہ اللہ (متوفی ٤٦٣ھ) علامہ ابن عبدالبر رحمہ اللہ (متوفی ٤٦٣ھ) اور علامہ حسین بن علی صیمری رحمہ اللہ (متوفی ٤٣٦ھ) نے بہ سند متصل آپ سے نقل کیا ہے کہ:

آخذ بكتاب الله، فما لم أجد فبسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم، فان لم أجد في كتاب الله ولا بسنة رسول الله صلى الله عليه وسلم آخذ بقول أصحابه، آخذ بقول من شئت منهم وأدع من شئت منهم، ولا أخرج من قولهم إلى قول غيرهم- فإذا انتهى الأمر أو جاء إلى إبراهيم والشعبي وابن سيرين والحسن وعطاء وسعيد بن المسيب وعدد رجالا، فقوم اجتهدوا فاجتهد كما اجتهدوا. [٢٨]

میں (کسی بھی شرعی مسئلہ کا حل) کتاب اللہ (قرآن مجید) سے لیتا ہوں۔ اگر اس میں نہیں پاتا تو پھر سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو لیتا ہوں، اور اگر مجھے اس مسئلہ کا حل کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم دونوں میں سے نہیں ملتا تو پھر میں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے آثار کو لیتا ہوں۔ ان میں سے جس کا قول (مجھے راجح معلوم ہوتا ہے) لے لیتا ہوں، اور جس کا قول (مرجوح معلوم ہو) اس کو میں چھوڑ دیتا ہوں، البتہ ان کے آثار کی موجودگی میں کسی غیر صحابی کا قول میں قبول نہیں کرتا۔ اور جب معاملہ ابراہیم نخعی، شعبی، ابن سیرین، حسن بصری، عطاء بن ابی رباح، سعید بن مسیب رحمہم اللہ اور ان جیسے دیگر تابعین تک پہنچ جائے (تو چونکہ وہ بھی میری طرح مجتہدین تھے، لہٰذا) جیسے انہوں نے اجتہاد کیا ہے میں بھی اجتہاد کرتا ہوں۔

امام ذہبی رحمہ اللہ (متوفی ٧٤٨ھ) نے اس سلسلے میں آپ سے یہ الفاظ نقل کئے ہیں:

آخذ بكتاب الله، فما لم أجد فبسنة رسول صلى الله عليه وسلم، والآثار الصحاح عنه التي فشت في يدي الثقات عن الثقات، فان لم أجد فبقول أصحابه آخذ بقول من شئت، وأما إذا انتهى الأمر إلى إبراهيم

---

[٢٧] قاموس الفقه: ١/ ٣٦٠- ٣٦١.

[٢٨] تاريخ بغداد: ترجمة: النعمان بن ثابت، ما ذكر من وفور عقل أبي حنيفة، ١٣/٣٦٥/ الانتقاء في فضائل الأئمة الثلاثة الفقهاء: ثناء العلماء على أبي حنيفة، ١٤٢/ أخبار أبي حنيفة وأصحابه: ما روي عن أبي حنيفة في الأصول، ٢٤.

Marfat.com

والشعبي والحسن وعطاء، فاجتهد كما اجتهدوا. (٢٩)

میں (مسائل شرعیہ کا حل) کتاب اللہ سے لیتا ہوں، اگر اس میں نہ ملے تو پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اور آپ کی ان صحیح احادیث سے لیتا ہوں جو ثقہ راویوں کے ہاتھوں میں ثقہ راویوں کے ذریعے عام پھیل چکی ہیں، اور اگر ان دونوں (قرآن وسنت) میں مجھے کوئی حکم نہیں ملتا تو پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی کے قول کو لے لیتا ہوں، اور جب معاملہ ابراہیم نخعی، عامر شعبی، حسن بصری اور عطاء بن ابی رباح رحمہم اللہ جیسے مجتہدین تابعین پر آٹھہرتا ہے تو جیسے انہوں نے اجتہاد کیا میں بھی اجتہاد کرتا ہوں۔

فقہ حنفی کی کتابیں

بنیادی طور پر فقہ حنفی کے مصادر کے تین حصے کئے گئے ہیں:

١... مسائل الاصول ٢... مسائل النوادر ٣... فتاوی اور واقعات

(١) مسائل الأصول

جن کو ظاہر الروایہ بھی کہتے ہیں، یہ وہ مسائل ہیں جو ائمہ مذہب یعنی امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہم اللہ سے مروی ہیں، ان تین حضرات کو "ائمہ ثلاثہ" کہا جاتا ہے، یہ وہ مسائل ہیں جنہیں امام محمد رحمہ اللہ نے اپنی مندرجہ ذیل چھ (٦) کتابوں میں ذکر کئے ہیں:

١... المبسوط۔ ٢... الجامع الصغیر۔ ٣... الجامع الکبیر۔ ٤... الزیادات۔ ٥... السیر الصغیر۔ ٦... السیر الکبیر۔

ان کو ظاہر الروایہ اس لئے کہتے ہیں کہ یہ امام محمد رحمہ اللہ سے شہرت کے ساتھ قابلِ اعتماد راویوں کے ذریعے منقول ہیں۔

(٢) مسائل النوادر

یہ وہ مسائل ہیں جو مذکورہ بالا ائمہ مذہب ہی سے منقول ہیں مگر وہ امام محمد رحمہ اللہ کی مذکورہ بالا چھ کتابوں میں مذکور نہیں ہیں، بلکہ آپ کی دیگر فقہی کتابوں میں مذکور ہیں، جیسے کیسانیات (یہ وہ مسائل ہیں جو شعیب بن سلیمان رحمہ اللہ نے امام محمد رحمہ اللہ سے روایت کئے ہیں) ہارونیات (یہ وہ مسائل ہیں جو ہارون الرشید کے لئے یا اس سے تعلق کے زمانے میں بیان کئے ہیں) جرجانیات (یہ وہ مسائل ہیں جو علی بن صالح جرجانی رحمہ اللہ نے امام محمد رحمہ اللہ سے روایت کئے ہیں) رقیات (یہ وہ مسائل ہیں جن کو آپ نے رِقّہ شہر میں قیام کے دوران بیان کئے، ان مسائل کو امام ابن سماعہ رحمہ اللہ نے آپ سے روایت کئے ہیں)

(٢٩) مناقب أبي حنيفة وصاحبيه: ٣٤.

Marfat.com

چونکہ یہ کتابیں امام محمد رحمہ اللہ کی پہلی چھ کتابوں کی طرح واضح، ثابت اور صحیح روایات کے ساتھ مروی نہیں ہیں، اس لئے ان کو مسائل النوادر اور مسائل غیر ظاہر الروایہ کہا جاتا ہے۔

(٣) الفتاوی والواقعات

فتاوی اور واقعات ایک ہی مفہوم کے لئے دو لفظ ہیں، یہ وہ مسائل ہیں جن کو بعد کے مجتہدین نے اس وقت مستنبط کیا جب ان سے وہ مسائل دریافت کئے گئے، اور ائمہ مذہب متقدمین سے ان مسائل کے بارے میں انہیں کوئی روایت نہیں ملی۔ (٣٠)

١... المبسوط

امام محمد رحمہ اللہ کی مذکورہ چھ کتابوں میں سب سے پہلے لکھی جانے والی کتاب "المبسوط" ہے، اس کو "الأصل" بھی کہتے ہیں، اس کو اصل یا تو اس لئے کہتے ہیں کہ یہ سب سے پہلے تصنیف کی گئی یا یہ بقیہ سب کتابوں سے اہم اور مفصل ہے، نیز یہ ظاہر الروایہ کی دیگر کتابوں کے لئے بنیاد ہے۔

علامہ شامی رحمہ اللہ (متوفی ١٢٥٢ھ) فرماتے ہیں:

وَاشْتَهَرَ الْمَبْسُوْطُ بِالْأَصْلِ وَذَا ❊❊❊ لِسَبْقِهِ السِّتَّةَ تَصْنِيْفًا كَذَا

اور مبسوط اصل کے نام سے مشہور ہوئی ہے، اور یہ بات ان کی چھ تصنیف میں مقدم ہونے کی وجہ سے ہے (پس یہ گویا دیگر کتابوں کے لئے بنیاد ہے)۔ (٣١)

حاجی خلیفہ رحمہ اللہ (متوفی ١٠٦٧ھ) لکھتے ہیں:

وللإمام محمد بن الحسن الشيباني (المتوفى سنة ١٨٩) تسع وثمانين ومائة.

ألفه: مفردا، فأولا: ألَّف مسائل الصلاة، وسماه: ''كتاب الصلاة'' و''مسائل البيوع''

وسماه: ''كتاب البيوع'' وهكذا: الإيمان والإكراه، ثم جمعت، فصارت مبسوطا.

وهو: المراد حيث ما وقع في الكتب: قال محمد في كتاب فلان (المبسوط) كذا. (٣٢)

امام محمد شیبانی رحمہ اللہ (متوفی ١٨٩ھ) کی کتاب مبسوط کو انہوں نے پہلے الگ الگ لکھا تھا، سب سے پہلے انہی میں نماز کے مسائل

---

(٣٠) شرح عقود رسم المفتي: طبقات المسائل ثلاثة، ص٦٥- ٦٦- ٦٧.

(٣١) شرح عقود رسم المفتي: معنى كتب الأصل، ص٧٥.

(٣٢) كشف الظنون: المبسوط في فروع الحنفية، ٢/ ١٥٨١.

Marfat.com

لکھے اور اس کا نام "کتاب الصلاۃ" رکھا۔ بیع کے مسائل تالیف کئے تو ان کا نام "کتاب البیوع" رکھا، یہی صورتِ حال "کتاب الأیمان" اور "کتاب الإکراہ" کی ہے، پھر انہوں نے ان کتابوں کو جمع کیا تو "المبسوط" وجود میں آگئی اور جہاں کہیں کتبِ فقہ میں یہ لکھا ہوتا ہے کہ امام محمد نے فلاں کتاب میں یہ لکھا ہے تو اس سے مراد یہی (مبسوط کے اجزاء) ہوتے ہیں۔

اہلِ کتاب میں سے ایک عقلمند شخص نے مبسوط کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ کہتے ہوئے اسلام قبول کر لیا تھا:

هذا كتاب محمدكم الأصغر! فكيف كتاب محمدكم الأكبر؟(٣٣)

جب تمہارے چھوٹے محمد کی کتاب کا یہ عالَم ہے تو تمہارے بڑے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی کتاب (قرآن) کا کیا حال ہوگا۔

اس کتاب کا مشہور نسخہ وہ ہے جو ابو سلیمان جوزجانی رحمہ اللہ سے روایت ہے۔ اس کتاب کے بہت سے مسائل امام محمد رحمہ اللہ نے ان کے سوالات کے جوابات کے طور پر بیان کئے ہیں، اور بہت سے مسائل اَز خود بھی بیان کئے ہیں، کتاب کے آغاز میں امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

قد بيّنت لكم قَول أبي حنيفَة وَأبي يُوسُف وَقَوْلِي وَمَا لم يكن فِيهِ اخْتِلَاف فَهُوَ قَوْلنَا جَمِيعًا. (٣٤)

میں نے تمہارے سامنے امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف اور اپنا قول واضح کر کے بیان کیا اور جس مسئلے میں اختلاف بیان نہیں کروں تو وہ ہم سب کا متفقہ قول ہوگا۔

اس کتاب کو محقق العصر علامہ ابو الوفاء افغانی رحمہ اللہ نے نہایت جستجو اور تلاش کے بعد مختلف نسخوں سے تحقیق کے بعد شائع کیا ہے، اس نسخے میں مندرجہ ذیل سولہ (١٦) کتابیں ہیں:

١... كتاب الصلاة ٢... كتاب الحيض ٣... كتاب الزكاة ٤... كتاب ما يوضع فيه الخمس ٥...كتاب الصوم ٦... كتاب نوادر الصوم ٧... كتاب المناسك ٨... كتاب التحري ٩... كتاب الاستحسان ١٠... كتاب الأيمان ١١...كتاب المكاتب ١٢... كتاب الولاء ١٣... كتاب الجنايات ١٤... كتاب الديات ١٥... كتاب العلل ١٦... كتاب البيوع

یاد رہے کہ یہ شائع شدہ حصہ مکمل کتاب نہیں ہے، صرف مندرجہ بالا سولہ کتابوں پر مشتمل ہے، جب کہ یہ کتاب ترپن (٥٣) کتابوں پر مشتمل ہے، علامہ ابن ندیم (متوفی ٤٣٨ھ) نے امام محمد رحمہ اللہ کی تصنیفات میں اِن ترپن کتابوں کے نام لکھے ہیں، دیکھئے تفصیلاً: (٣٥)

==========

(٣٣) كشف الظنون: المبسوط في فروع الحنفية، ٢/ ١٥٨١.

(٣٤) المبسوط: ١/ ١.

(٣٥) الفهرست: المقالة السادسة، الفن الثاني، ١/ ٢٥٣- ٢٥٤

Marfat.com

فقہی کتابوں میں جب یہ آتا ہے کہ امام محمد رحمہ اللہ نے یہ بات مثلاً "كتاب الحوالة" یا "كتاب الكفالة" یا "كتاب الهبة" میں لکھی ہے تو اِس سے مراد مبسوط ہی کی کتابیں ہوتی ہیں۔

امام محمد رحمہ اللہ کی "المبسوط" ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی سے بھی پانچ (۵) جلدوں میں چھپ گئی ہے۔

فقہائے حنفیہ میں سے بہت سے حضرات نے اس کتاب کی شرح لکھی ہے، جن میں شیخ الاسلام خواہر زادہ رحمہ اللہ (متوفی ۴۸۳ھ) کی "مبسوط البكري" اور شمس الائمہ حلوانی رحمہ اللہ (متوفی ۴۴۸ھ) کی "شرح المبسوط" ہے، وضاحت نامی کتاب میں جہاں کہیں "نسخة شيخ الإسلام" کا لفظ آئے تو اِس سے مراد ان کی مبسوط کی لکھی ہوئی شرح ہوتی ہے۔[۳۶]

۲... الجامع الصغير

امام محمد رحمہ اللہ نے "المبسوط" کے بعد "الجامع الصغير" لکھی ہے، علامہ شامی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۵۲ھ) فرماتے ہیں:

اَلْجَامِعُ الصَّغِيْرُ بَعْدَهُ فَمَا ❊❊❊ فِيْهِ عَلَى الْأَصْلِ لِذَا تَقَدَّمَا[۳۷]

مبسوط کے بعد الجامع الصغیر (باقی کتابوں سے مقدم) ہے، لہٰذا جو بات الجامع الصغیر میں ہے وہ اسی وجہ سے مبسوط سے مقدم ہے جبکہ چونکہ جامع صغیر کی تصنیف بعد میں ہے اس لئے وہ بمنزلہ ناسخ ہے اور بوقتِ تعارض اس کے اقوال اصل (مبسوط) کے اقوال سے مقدم ہوں گے۔

علامہ شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس کتاب کا سببِ تالیف یہ ہوا کہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ نے امام محمد رحمہ اللہ سے اس خواہش کا اظہار کیا کہ وہ ایک ایسی کتاب مرتب کریں جس میں ان کی سند سے امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے اقوال ذکر کئے جائیں، تو امام محمد رحمہ اللہ نے تعمیلِ حکم میں یہ کتاب لکھی، اور امام ابو یوسف رحمہ اللہ کی خدمت میں پیش کی تو آپ نے اس کو بہت پسند کیا:

أن أبا يوسف مع جلالة قدره لا يفارقه في سفر ولا حضر.

امام ابو یوسف باوجود جلالت شان کے ہمیشہ سفر و حضر میں اس کتاب کو ساتھ رکھتے تھے۔

امام علی رازی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

من فهم هذا الكتاب فهو أفهم أصحابنا، وكانوا لا يقلدون أحدا القضاء حتى يمتحنوه به.

==========

[۳۶] كشف الظنون: المبسوط في فروع الحنفية، ۲/ ۱۵۸۱.

[۳۷] شرح عقود رسم المفتي: ص۷٤.

Marfat.com

جو شخص اس کتاب کو سمجھ لے وہ احناف میں فہیم ترین آدمی ہے، اور علمائے احناف جب تک اس کتاب میں امتحان نہیں لیتے تھے کسی کو عہدہ قضا پر فائز نہیں کرتے تھے۔

امام بزدوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس کتاب میں ایک ہزار پانچ سو بتیس (۱۵۳۲) مسائل ہیں۔ (۳۸)

اس کتاب کے آغاز میں ہے کہ امام محمد رحمہ اللہ نے اس کتاب میں چالیس فقہی کتب (كتاب الصلاة، كتاب الزكاة) وغیرہ قائم کیں، لیکن ان کے تحت ابواب قائم نہیں کئے جیسا کہ مبسوط میں کئے تھے، تو امام ابوطاہر دباس رحمہ اللہ نے ان کو ابواب کی ترتیب پر مرتب کیا تاکہ استفادہ کرنے والوں کے لئے آسانی ہو۔ (۳۹)

اس کتاب کی شرح علامہ عبدالحی لکھنوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۰۴ھ) نے "النافع الكبير" کے نام سے لکھی۔

امام محمد رحمہ اللہ کی یہ کتاب شرح کے ساتھ پانچ سو چونتیس (۵۳۴) صفحات پر مشتمل عالم الکتب بیروت سے ایک جلد میں ۱۴۰۶ھ میں چھپی ہے۔

علامہ عبدالحی لکھنوی رحمہ اللہ نے اس کتاب پر لکھی گئی شروحات اور ان کے مصنفین کے احوال قدرے تفصیل کے ساتھ لکھے ہیں، اہل علم حضرات تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں: (۴۰)

۳... الجامع الكبير

امام محمد رحمہ اللہ نے بظاہر "الجامع الصغير" کے بعد "الجامع الكبير" کو تالیف کیا، یہ کتاب فقہ کے دقیق مسائل اور کثرتِ تفریعات میں لاجواب ہے، اس کتاب کا تعارف صاحب العنایہ علامہ اکمل الدین بابرتی رحمہ اللہ (متوفی ۷۸۶ھ) کی زبانی سنئے:

هو كاسمه لجلائل مسائل الفقه جامع كبير، قد اشتمل على عيون الروايات،ومتون الدرايات، بحيث كاد أن يكون معجزاً،ولتمام لطائف الفقه منجزاً، شهد بذلك بعد إنفاد العمر فيه، داروه ولا يكاد يلم بشيء من ذلك عاروه.ولذلك امتدت أعناق ذوي التحقيق نحو تحقيقه،واشتدت رغباتهم في الاعتناء بحلى لفظه وتطبيقه، وكتبوا له شروحاً،وجعلوه مبيناً مشروحاً. (٤١)

یہ کتاب واقعی اپنے نام کی طرح تمام اہم اور بڑے مسائلِ فقہ کی بہت زیادہ جامع ہے، یہ کتاب اہم روایات اور مستحکم عقلی اصولوں

---

(۳۸) شرح عقود رسم المفتي: مطلب في سبب تأليف ''الجامع الصغير'' ص٧٦.

(۳۹) الجامع الصغير وشرحه النافع الكبير: ص٦٧، ط: عالم الكتب بيروت.

(٤٠) النافع الكبير لمن يطالع الجامع الصغير: الفصل الرابع في ذكر شراح الجامع الصغير، ص٥٠ تا ٥٩.

(٤١) كشف الظنون: الجامع الكبير في الفروع، ١/ ٥٦٩.

Marfat.com

پر مشتمل ہے، گویا کہ یہ دوسروں کو عاجز کر دینے والی ہے اور فقہ کی تمام باریک باتوں کو پورا پورا بیان کرنے والی ہے، جو بھی اس کی وادی میں اُترا اِس نے اپنی پوری عمر کھپا دینے کے بعد اس بات کی گواہی دی ہے اور اِس سے دور رہنے والا ممکن نہیں ہے کہ ان چیزوں میں سے بھی کچھ حاصل کر پائے، اسی لئے تو محققین میں اس کے لفظی حل اور تطبیق مسائل کی طرف توجہ کی شدید رغبت رہی ہے، محققین نے اس کی بہت سی شروحات لکھیں اور اس کو بہت واضح اور خوب تشریح شدہ کتاب بنا دیا ہے۔

امام جمال الدین بن عبید اللہ رحمہ اللہ نے محرم ۶۱۵ھ کو موصل سے قاضی شرف الدین بن عُنین رحمہ اللہ کی طرف خط میں یہ لکھا:

كنت مذ زمن طويل تأملت كتاب الجامع الكبير لمحمد بن الحسن رحمه الله وارتقم على خاطري منه شيء والكتاب في فنه عجيب غريب لم يصنف مثله. (٤٢)

میں ایک طویل عرصے سے امام محمد بن حسن رحمہ اللہ کی کتاب "الجامع الکبیر" میں غور و فکر کر رہا ہوں اور میرے دل میں اس کا کچھ حصہ نقش ہو گیا ہے، اور یہ کتاب اپنے فن میں عجیب و غریب ہے، اس جیسی کتاب آج تک نہیں لکھی گئی۔

امام محمد رحمہ اللہ سے "الجامع الکبیر" کو ایک بڑی جماعت نے روایت کیا، اس کے مشہور راویوں میں امام ابو سلیمان جوزجانی، امام ابو حفص کبیر، امام علی بن معبد بن شداد اور محمد بن سماعہ تمیمی رحمہم اللہ ہیں۔

حاجی خلیفہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۶۷ھ) نے "الجامع الکبیر" پر لکھی گئی سترہ (۱۷) شروحات مصنفین کے نام اور ان کے سنِ وفات کے ساتھ ذکر کی ہیں، تفصیلا دیکھئے: (۴۳)

٤... الزيادات وزيادات الزيادات

یہ دونوں کتابیں "الجامع الکبیر" کا تکملہ اور تتمہ ہیں، علامہ ابو الوفاء افغانی رحمہ اللہ علامہ قاضی خان رحمہ اللہ سے "شرح زیادات الزیادات" کے مقدمے میں نقل کرتے ہیں:

لأنه لما فرغ من تأليف الجامع الكبير تذكّر فروعا لم يذكرها فيه، فصنف كتابا آخر ليذكر فيه تلك الفروع، وسمّاه ''الزيادات'' ثم تذكّر فروعا أخرى فصنف كتابا آخر ليذكر فيه تلك الفروع الأخرى

==========

(٤٢) بلوغ الأماني: كتب محمد بن الحسن ومصنفاته، ص١٩٧، ط: دار الكتب العلمية.

(٤٣) كشف الظنون: الجامع الكبير في الفروع، ١/ ٥٦٩.

Marfat.com

وسمّاه ''زيادات الزيادات'' فقطع عن ذلك ولم يتمّه. (٤٤)

جب امام محمد رحمہ اللہ "الجامع الکبیر" کی تالیف سے فارغ ہوئے تو انہیں کچھ ایسی تفریعات یاد آئیں جو انہوں نے "الجامع الصغیر" میں ذکر نہیں کی تھیں، تو انہوں نے ایک کتاب لکھی تاکہ اس میں وہ تفریعات ذکر کردیں، اس کتاب کا نام انہوں نے "الزیادات" رکھا، پھر انہیں مزید کچھ فروعات یاد آئیں تو انہوں نے ایک کتاب ان فروعات کے ذکر کے لئے تصنیف کی اور اس کا نام "زیادات الزیادات" رکھا، اس کی تکمیل سے پہلے ہی امام محمد رحمہ اللہ کا انتقال ہوگیا اور وہ اسے مکمل نہیں کر پائے۔

چونکہ یہ کتاب "الجامع الکبیر" کا تکملہ ہے اس لئے اس کا اسلوب بھی مسائل کی باریک بینی اور فرضی تفریعات کے توسع میں اس سے مختلف نہیں ہے، یہ کتاب چونکہ تکملہ ہے اس وجہ سے یہ تمام ابوابِ فقہ پر مشتمل نہیں ہے، اس کے زیادہ تر مسائل کا تعلق معاملات سے ہے۔

حاجی خلیفہ رحمہ اللہ نے اس کتاب پر لکھی گئی شروحات کا تفصیلی تذکرہ کیا ہے، دیکھئے: (٤٥)

مولانا محمد قاسم اشرف صاحب نے نہایت محنت اور عرق ریزی کے ساتھ "شرح الزیادات" کی تحقیق کو سرانجام دیا، مختلف نسخوں سے باریک بینی کے ساتھ موازنہ کرکے عمدہ تعلیقات وحواشی کے ساتھ چھ جلدوں میں اس کتاب کو شائع کیا، یہ کتاب ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی سے چھپ گئی ہے۔ محقق نے کتاب کے شروع میں ایک مفید علمی مقدمہ لکھا ہے جس میں انہوں نے امام محمد اور امام قاضی خان رحمہما اللہ کی سوانح اور ان کی تصنیفات کا ذکر کیا ہے، "الزیادات" اور اس کے نسخوں کے متعلق بھی تفصیلات بتائی ہیں، اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ امام قاضی خان رحمہ اللہ ہر باب کے شروع میں ان اصولوں کی تشریح کرتے ہیں جن پر امام محمد رحمہ اللہ نے اس باب کے مسائل کی بنیاد رکھی ہے، علم فقہ میں عمق کے لئے ان اصولوں کا مطالعہ نہایت مفید ہے، کتاب کے محقق مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے کتاب پر عمدہ تحقیق وتعلیق کے ساتھ ان تمام اصول وضوابط کو بطورِ خلاصہ کے کتاب کے آخر میں یکجا کیا ہے۔

۵... السیر الصغیر

فقہ کی اصطلاح میں "سیر" اُن قوانین کو کہا جاتا ہے جن کا تعلق جنگ وامن، مسلمانوں اور غیر مسلموں کے تعلقات اور مسلم وغیر مسلم ممالک کے باہمی روابط سے ہوتا ہے، قانون کی تاریخ میں اس موضوع پر پہلی کتاب امام محمد رحمہ اللہ نے تالیف کی ہے،

(٤٤) أصول الإفتاء وآدابه: الزيادات وزيادات الزيادات، ص ١٣٠.

(٤٥) كشف الظنون: الزيادات، ٢/ ٩٦٢.

Marfat.com

امام حاکم شہید رحمہ اللہ نے اپنی کتاب "الكافي" میں اس کو مکمل نقل کیا ہے، علامہ سرخسی رحمہ اللہ (متوفی ۴۸۳ھ) نے "المبسوط" میں اس کی شرح کی ہے، دسویں جلد کے آخر میں آپ فرماتے ہیں:

انْتَهَى شَرْحُ السِّيَرِ الصَّغِيرِ الْمُشْتَمِلِ عَلَى مَعْنًى أَثِيرٍ بِإِمْلَاءِ الْمُتَكَلِّمِ بِالْحَقِّ الْمُنِيرِ الْمَحْصُورِ لِأَجْلِهِ شَبَهُ الْأَسِيرِ الْمُنْتَظِرِ لِلْفَرَجِ مِنْ الْعَالِمِ الْقَدِيرِ. (٤٦)

السیر الصغیر کی شرح مکمل ہوئی جو بہت بُر اثر معانی پر مشتمل ہے اور اس شرح کو ایک ایسے شخص نے اپنے شاگردوں کو املاء کروایا ہے جس نے بالکل روشن حق بیان کیا تھا، اور اب وہ حق کہنے کی پاداش میں ایک قیدی کی طرح گرفتار ہے اور اللہ تعالی سے جو عالم و قدیر ہے اِس سے اپنی رہائی کا منتظر ہے۔

یہ کتاب ماضی قریب تک مخطوطہ کی شکل میں تھی، اللہ تعالی جزائے خیر عطا فرمائے حضرت ڈاکٹر محمود احمد غازی رحمہ اللہ کو جنہوں نے نہایت جستجو و تلاش اور مختلف قلمی نسخوں اور مخطوطات سے تحقیق کرکے عمدہ حواشی اور تشریحات کے ساتھ انگریزی زبان میں اس کی شرح اور مقدمہ لکھا، یہ کتاب ادارہ بحوث اسلامی، اسلام آباد سے شائع ہوئی ہے، نیز یہ کتاب شیخ محمد مجید خدوری کی تحقیق و تعلیق کے ساتھ ۲۸۳ صفحات پر الدار المتحدہ للنشر بیروت سے چھپ گئی ہے۔

٦... السير الكبير

یہ کتاب ظاہر الروایہ کی چھ کتابوں میں تصنیف کے اعتبار سے سب سے آخری کتاب ہے، علامہ شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

وَآخِرُ السِّتَّةِ تَصْنِيْفًا وَرَدْ ❊❊❊ اَلسِّيَرُ الْكَبِيْرُ فَهُوَ الْمُعْتَمَدْ

اور منقول ہے کہ چھ کتابوں میں آخری تصنیف سیر کبیر ہے، پس وہی معتمد ہے۔

علامہ سرخسی رحمہ اللہ (متوفی ۴۸۳ھ) لکھتے ہیں:

ثُمَّ أَمَرَ مُحَمَّدٌ رَحِمَهُ اللَّهُ أَنْ يُكْتَبَ هَذَا الْكِتَابُ فِي سِتِّينَ دَفْتَرًا، وَأَنْ يُحْمَلَ عَلَى عَجَلَةٍ إلَى بَابِ الْخَلِيفَةِ. فَقِيلَ لِلْخَلِيفَةِ: قَدْ صَنَّفَ مُحَمَّدٌ كِتَابًا يُحْمَلُ عَلَى الْعَجَلَةِ إلَى الْبَابِ.فَأَعْجَبَهُ ذَلِكَ وَعَدَّهُ مِنْ مَفَاخِرِ أَيَّامِهِ. فَلَمَّا نَظَرَ فِيهِ ازْدَادَ إعْجَابُهُ بِهِ.ثُمَّ بَعَثَ أَوْلَادَهُ إلَى مَجْلِسِ مُحَمَّدٍ رَحِمَهُ اللَّهُ لِيَسْمَعُوا مِنْهُ هَذَا الْكِتَابَ وَكَانَ إسْمَاعِيلُ بْنُ تَوْبَةَ الْقَزْوِينِيُّ مُؤَدِّبَ أَوْلَادِ الْخَلِيفَةِ، فَكَانَ يَحْضُرُ مَعَهُمْ لِيَحْفَظَهُمْ كَالرَّقِيبِ، فَسَمِعَ الْكِتَابَ. ثُمَّ اتَّفَقَ أَنْ لَمْ يَبْقَ مِنْ الرُّوَاةِ إلَّا إسْمَاعِيلُ بْنُ تَوْبَةَ وَأَبُو سُلَيْمَانَ الْجُوزَجَانِيُّ، فَهُمَا رَوَيَا عَنْهُ هَذَا الْكِتَابَ. (٤٧)

==========

(٤٦) المبسوط: كتاب السير، باب آخر في الغنيمة، ١٠/ ١٤٤.

(٤٧) شرح السير الكبير: مقدمة الشارح، ١/ ٤.

Marfat.com

امام محمد رحمہ اللہ نے کتاب کی تکمیل کے بعد یہ حکم دیا کہ اس کو ساٹھ (٦٠) رجسٹروں میں لکھا جائے اور اس کو بیل گاڑی میں لاد کر دربارِ شاہی میں پیش کیا جائے، خلیفہ کو یہ بتایا گیا کہ امام محمد رحمہ اللہ نے ایک کتاب لکھی ہے اور وہ کتاب بیل گاڑی پر رکھ کر لائی جارہی ہے تو خلیفہ نے اس پر خوشی کا اظہار کیا اور اس کارنامے کو اپنے زمانے کے قابلِ فخر باتوں میں سے قرار دیا، جب خلیفہ نے اس کتاب کو دیکھا تو اس کی مسرت دوبالا ہو گئی؛ پھر خلیفہ نے اپنی اولاد کو امام محمد رحمہ اللہ کی مجلس میں بھیجا تاکہ وہ امام محمد رحمہ اللہ سے اس کتاب کی سماعت کریں۔ اسماعیل بن توبہ قزوینی رحمہ اللہ خلیفہ کی اولاد کے اتالیق تھے اور وہ ان کی حفاظت کے لئے ان کے ساتھ ہی ایک نگران کی طرح امام محمد رحمہ اللہ کی مجلس میں حاضر ہوتے تھے، انہوں نے بھی اس کتاب کی سماعت کی، پھر اتفاق ایسا ہوا کہ اس کتاب کے راویوں میں سے اسماعیل بن توبہ اور ابو سلیمان جوزجانی رحمہما اللہ کے سوا کوئی باقی نہیں رہا اور انہی دونوں حضرات نے امام محمد رحمہ اللہ سے اس کتاب کی روایت کی۔

یہ کتاب بین الاقوامی قوانین پر لکھی گئی ہے، اس میں جنگ اور صلح، مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان تعلقات، حالتِ جنگ، قیدیوں اور غنائم کے متعلق تفصیلی احکامات ہیں، یہ کتاب اُس دور میں لکھی گئی جب بین الاقوامی تعلقات کے لئے نہ تو کوئی مدوّن قانون تھا اور نہ ہی اس کو کوئی جانتا تھا، یہ کتاب الگ سے تو مطبوعہ نہیں ہے، البتہ علامہ سرخسی رحمہ اللہ کی نہایت محققانہ شرح کے ساتھ پانچ جلدوں میں "الشركة الشرقيات للإعانات" سے ١٩٧١ء میں شائع ہوئی ہے۔ یہ چھ کتابیں ظاہر الروایہ کہلاتی ہیں کیونکہ یہ شہرت وتواتر کے ساتھ مستند طریقے پر منقول ہیں اس لئے انہیں اصول بھی کہا جاتا ہے۔ مذہب حنفی کو سمجھنے کے لئے یہ کتابیں بنیاد ہیں، اس لئے امام حاکم شہید رحمہ اللہ نے (متوفی ٣٣٤ھ) ظاہر الروایہ کی چھ کتابوں سے مکرر مسائل کو حذف کرکے اس کی تلخیص "الكافي في فروع الحنفية" کے نام سے لکھی، لیکن یہ تلخیص اب تک الگ سے مطبوعہ نہیں ہے، اس کتاب کی شرح علامہ سرخسی رحمہ اللہ (متوفی ٤٨٣ھ) نے "ألمبسوط" کے نام سے لکھی، یہ شرح دار المعرفہ سے ١٤١٤ھ میں تیس (٣٠) جلدوں میں شائع ہوئی ہے۔

علامہ طرطوسی رحمہ اللہ مبسوط سرخسی کے متعلق فرماتے ہیں:

مسبوط السرخسي لا يعمل بما يخالفه ولا يركن إلا إليه، ولا يفتى ولا يعوّل إلا عليه. (٤٨)

مبسوط سرخسی کے خلاف پر نہ تو عمل کیا جائے گا اور نہ اس کے علاوہ کسی کی طرف میلان رکھا جائے گا، اور نہ اس کے خلاف پر فتوی دیا جائے گا، اور صرف اسی پر اعتماد کیا جائے گا۔

(٤٨) شرح عقود رسم المفتي: مبسوط السرخسي، ص ٨١.

Marfat.com

۷... مختصر الطحاوي

امام ابو جعفر طحاوی رحمہ اللہ (متوفی ۳۲۱ھ) کی کتاب ہے، مولانا ابوالوفاء افغانی رحمہ اللہ کی تحقیق و تعلیق کے ساتھ احیاء المعارف النعمانیہ حیدر آباد دکن سے یہ شائع ہوئی ہے، امام طحاوی مسائل میں امام ابو حنیفہ، امام ابو یوسف، امام محمد، امام زفر اور امام حسن بن زیاد رحمہم اللہ کے اقوال نقل کرتے ہیں اور پھر اس میں ترجیح دیتے ہیں، اور بعض اوقات ان حضرات کی رائے کے مقابل اپنی مستقل رائے نقل کرتے ہیں، بنیادی طور پر اس کتاب کی ترتیب امام طحاوی رحمہ اللہ کے ماموں اور استاذ امام مزنی (متوفی ۲۶۴ھ) کی "مختصر المزني" کی ترتیب پر ہے، اس کتاب کی شرح علامہ ابو بکر جصاص رحمہ اللہ (متوفی ۳۷۰ھ) نے "شرح مختصر الطحاوي" کے نام سے لکھی، یہ شرح دار البشائر الاسلامیہ سے ۱۴۱۳ھ میں تحقیق و تعلیق کے ساتھ آٹھ جلدوں میں چھپ گئی ہے۔

۸...مختصر القدوري

امام ابو الحسن احمد بن محمد بن احمد قدوری بغدادی رحمہ اللہ (متوفی ۴۲۸ھ) بغداد کے ایک محلّہ "قدوہ" کی طرف انتساب کے باعث یا "قدور" یعنی ہانڈیوں کے بنانے یا بیچنے کے باعث جو کہ ان کا خاندانی پیشہ تھا ان کو "قدوری" کہا جاتا ہے۔

امام قدوری رحمہ اللہ کی اس تصنیف پر تقریباً ایک ہزار سال کا زمانہ گزر چکا ہے، اس وقت سے لے کر آج تک لاکھوں لوگ اس کتاب سے مستفید ہو رہے ہیں، یہ مختصر متن تقریباً ۱۲ ہزار (۱۲۰۰۰) مسائل پر مشتمل ہے، متاخرین حنیفہ نے جن چار متون کو سب سے زیادہ مستند قرار دیا ہے ان میں ایک متن یہ بھی ہے۔

حاجی خلیفہ رحمہ اللہ اس کتاب کے متعلق فرماتے ہیں:

وهو: متن متين، معتبر، متداول بين الأئمة الأعيان، وشهرته تغني عن البيان. (۴۹)

یہ ایک مضبوط متن ہے جو علمائے اعیان کے درمیان معتبر اور متداول ہے اور اس متن کی شہرت بیان کرنے سے مستغنی ہے۔

اس کتاب پر لکھے گئے حواشی، تعلیقات، شروحات، اختصارات کے لئے تفصیلاً دیکھئے: (۵۰)

قدوری پر لکھی گئی مشہور و متداول دو شروحات ہیں جو دیگر شروحات سے فی الجملہ مستغنی کر دیتی ہیں:

۱... "الجوهرة النيرة" علامہ ابو بکر بن علی یمنی رحمہ اللہ (متوفی ۸۰۰ھ) کی۔

۲... "اللباب في علوم الكتاب" علامہ عبد الغنی میدانی رحمہ اللہ (متوفی ۲۹۸ھ) کی۔

==========

(۴۹) كشف الظنون: مختصر القدوري، ۲/ ۱۶۳۱.

(۵۰) كشف الظنون: مختصر القدوري، ۲/ ۱۶۳۱.

Marfat.com

ان دونوں شروحات کے ساتھ ائمہ ثلاثہ کی طرف منسوب اقوال میں درست اور مفتی بہ قول کی نشان دہی کے لئے علامہ قاسم بن قطلوبغا رحمہ اللہ (متوفی ۸۷۹ھ) کی "التصحیح والترجیح" کا مطالعہ بھی نہایت مفید ہے۔

شیخ عبداللہ مصطفیٰ مراغی نے "الشهاب فی توضیح الکتاب" کے نام سے اس کتاب کی شرح لکھی، یہ شرح مصطفیٰ البابی حلبی سے ۱۳۶۳ھ میں چھپی ہے، یہ شرح اب دار الکتب العلمیہ سے بھی چھپ چکی ہے۔

قدوری کے مسائل کو ترتیبِ جدید اور اضافات کے ساتھ شیخ امین محمود خطاب نے "منحة الرحمان في فقه النعمان" سے جمع کیا، یہ کتاب مکتبۃ السعادۃ مصر سے ۱۳۴۲ھ میں چھپی ہے۔

"التسهيل الضروري لمسائل القدوري" مولانا محمد عاشق الٰہی رحمہ اللہ، یہ کتاب مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ سے ۱۴۱۴ھ میں چھپی ہے۔

۹...تحفة الفقهاء

یہ علامہ علاء الدین محمد بن احمد سمرقندی رحمہ اللہ (متوفی ۵۴۰ھ) کی تالیف ہے، مصنف رحمہ اللہ اس کتاب کے سببِ تالیف کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

طلب مني بعضهم من الاخوان والأصحاب أَن أذكر فيه بعض مَا ترك المُصَنّف من أَقسَام المْسَائِل. وأوضح المشكلات منه، بِقَوي من الدَّلَائِل، ليَكُون ذَرِيعَة إِلَى تَضْعِيف الْفَائِدَة. (٥١)

مجھ سے میرے بعض تلامذہ اور دوستوں نے اس بات کی فرمائش کی کہ میں ان مسائل کا تذکرہ کروں جسے مصنف (امام قدوری رحمہ اللہ) نے چھوڑ دیا ہے، اور مشکل مقامات کو قوی دلائل کے ساتھ وضاحت کروں تاکہ یہ دُگنے فائدے کا ذریعہ بن جائے۔

اس کتاب میں امام قدوری سے جو مسائل رہ گئے تھے ان کا اضافہ ہے، حسبِ ضرورت دلائل کا تذکرہ ہے، اختصار کے ساتھ فقہاء کے نقطہ نظر کی وضاحت ہے، اس کی تعبیر نہایت عام فہم اور مربوط ہے، یہ کتاب دار الکتب العلمیہ سے تین (۳) جلدوں میں چھپی ہوئی ہے۔

۱۰...الفتاوى الولوالجية

یہ امام ابو الفتح ظہیر الدین عبد الرشید ابی حنیفہ ولوالجی رحمہ اللہ (متوفی ۵۴۰ھ) کی تالیف ہے، "ولوالج" افغانستان کا

(٥١) تحفة الفقهاء: مقدمة المؤلف، ١/ ٥.

Marfat.com

صوبہ بدخشان کاایک قصبہ ہے، یہ فتاوی ابھی پانچ جلدوں میں دارالکتب العلمیہ سے چھپ چکاہے، یہ ہر باب کے تحت متعدد فصلیں قائم کرکے ترتیب کے ساتھ مسائل اور جزئیات کاذکر کرتے ہیں، حاشیے سے کتاب کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے۔

۱۱... خلاصة الفتاوی

علامہ طاہر بن احمد بن عبدالرشید بخاری رحمہ اللہ (متوفی ۵۴۲ھ) یہ چھٹی صدی ہجری کے اکابر علمائے احناف میں سے ہیں، علامہ عبدالحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ ان کے ترجمے کاآغاز ان القابات کے ساتھ کرتے ہیں:

كان عديم النظر في زمانه، فريد أئمة الدهر، شيخ الحنفية بما وارء النهر، من أعلام المجتهدين في المسائل. (۵۲)

حاجی خلیفہ رحمہ اللہ اس کتاب کاتعارف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

وهوكتاب مشهورمعتمد في مجلد ذكر في أوله: أنه كتب في هذا الفن خزانة الواقعات وكتاب النصاب، فسأل بعض إخوانه تلخيص نسخة قصيرة، يمكن ضبطها، فكتب الخلاصة جامعة للرواية خالية عن الزوائد كتب فهرست الفصول والأجناس على رأس كل كتاب ليكون عوناً لمن ابتلي بالفتوى، وللزيلعي المحدث تخريج أحاديثه. (۵۳)

یہ کتاب اہلِ علم کے درمیان مشہور اور قابلِ اعتماد ہے، یہ ایک جلد میں ہے، اس کتاب کے شروع میں آپ نے اس فن (فقہ) میں "خزانة الواقعات" اور "كتاب النصاب" لکھی تو بعض دوستوں نے مجھ سے فرمائش کی میں اِن کااختصار کرکے ایک مختصر کتاب لکھوں تاکہ اس کاضبط کرنا بآسانی ممکن ہو، توانہوں نے خلاصہ لکھاجو روایت کے اعتبار سے جامع اور زوائد سے خالی ہے، اور ہر کتاب کے ابتداء میں انہوں نے فصول اور اجناس کی فہرست دی ہے تاکہ جس پر فتوے کی ذمہ داری ہواُس کے لئے معاونت ہو، اور علامہ زیلعی کی احادیث کی تخریج بھی ذکر کی ہے۔

علامہ عبدالحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ اس کتاب کے متعلق لکھتے ہیں:

وقد طالعت من تصانيفه ''خلاصة الفتاوى'' ذكر فيه أنه لخصه من الواقعات والخزانة وهو كتاب معتبر عند العلماء معتمد عند الفقهاء. (۵۴)

==========

(۵۲) الفوائد البهية: ترجمة: طاهر بن أحمد بن عبد الرشيد، ص۱٤٦.

(۵۳) كشف الظنون: خلاصة الفتاوى، ۱/ ۷۱۸.

(۵۴) الفوائد البهية: ص۱۳٦.

Marfat.com

میں نے ان کی تصانیف میں "خلاصة الفتاوی" کا مطالعہ کیا، اس میں انہوں نے اپنی کتاب واقعات اور خزانہ کا اختصار کیا ہے، یہ کتاب علما کے ہاں معتبر اور فقہا کے ہاں قابلِ اعتماد ہے۔

یہ کتاب چار جلدوں میں مطبوعہ ہے۔

۱۲... بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع

یہ کتاب علامہ علاء الدین ابو بکر بن مسعود بن احمد کاسانی رحمہ اللہ (متوفی ۵۸۷ھ) کی تالیف ہے، یہ کتاب "تحفة الفقهاء" کی شرح ہے، حسنِ ترتیب کے لحاظ سے آج تک اپنی نظیر آپ ہے، یہ کتاب نہ صرف فقہ حنفی میں بلکہ مطلق فقہ اسلامی میں یہ ایک منفرد کتاب ہے، اس کی عبارت واضح، زبان نہایت رواں اور سلیس ہے، مسائل کے دلائل اصول وکلیات کی صورت میں اس انداز سے بیان کئے گئے ہیں کہ جس سے نہ صرف مسئلہ کے بارے میں شرح صدر اور اطمینان کامل میسر آتا ہے، بلکہ فقہ سے ایک خاص مناسبت بھی پیدا ہوتی ہے، نصوص کی کثرت سے اندازہ ہوتا ہے کہ روایات وآثار پر مصنف کی گہری نظر تھی، علم فقہ سے مناسبت اور عمق کے لئے اس کا مطالعہ مفید ہے۔ فقہ حنفی کے دلائل کے ساتھ دیگر فقہاء کے مستدلات اور اُن کے جوابات کا بھی تذکرہ کرتے ہیں، مسئلہ کی وضاحت عقل ونقل دونوں سے کرتے ہیں، اس لئے اس کے پڑھنے سے فقہ میں طبیعت چلنے لگتی ہے، چونکہ اس کتاب میں ایک نیا انداز اور عمدہ ترتیب واسلوب اختیار کیا گیا ہے اس لئے اس کا نام "بدائع الصنائع" رکھا ہے۔ جب یہ شرح مکمل ہوئی تو مصنف نے ماتن کی خدمت میں پیش کی، آپ کو یہ شرح بہت پسند آئی، چنانچہ اپنی فقیہ بیٹی فاطمہ کا نکاح آپ سے کردیا، تو یہ بات مشہور ہوگئی کہ "شَرَّحَ تُحْفَتَهُ وَتَزَوَّجَ اِبْنَتَهُ" جب ان کے ہاں سے فتوی جاری ہوتا تو اس پر سُسر، داماد اور بیٹی تینوں کے دستخط ہوتے تھے۔ (۵۵)

اگر کوئی شخص فقہ پر قلم اٹھائے اور اس کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرنا چاہے تو یہ تالیف اس کے لئے بہترین رہنما ہے، علم فقہ میں مہارت اور دسترس کے لئے ان تین کتابوں کو مطالعہ میں رکھیں:

۱... بدائع الصنائع ۲... المجموع شرح المهذب ۳... المغني

۱۳... فتاوى قاضي خان

علامہ فخر الدین حسن بن منصور بن محمود اوزجندی رحمہ اللہ (متوفی ۵۹۲ھ) یہ اوزجند کی طرف نسبت ہے جو فرغانہ کے قریب اصبہان کے اطراف میں ایک شہر ہے، انہیں علوم دینیہ خصوصاً علم فقہ میں ید طولی حاصل تھا، علامہ عبدالحی لکھنوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۰۴ھ) نے ان کا تعارف اِن القابات کے ساتھ کیا ہے:

==========

(۵۵) الجواهر المضيئة في طبقات الحنفية: ترجمة: فاطمة بنت محمد بن أحمد، ۲/ ۲۷۸.

Marfat.com

كان إماما كبيرا وبحرا عميقا غوّاصا في المعاني الدقيقة مجتهدا فهّامة. (٥٦)

علامہ قاسم بن قطلوبغا رحمہ اللہ (متوفی ۸۷۹ھ) فرماتے ہیں:

ما يصححه قاضيخان مقدم على تصحيح غيره؛ لأنه فقيه النفس. (٥٧)

علامہ قاضی خان جس قول کی تصحیح کرے وہ دوسروں پر مقدم ہے اس لئے کہ آپ فقیہ النفس ہیں۔

علامہ احمد بن کمال پاشا نے آپ کو "مجتهدين في المسائل" میں شمار کیا ہے۔ (٥٨)

اس فتاوی میں امام قاضی خان کا یہ طریقہ رہا ہے کہ اگر کسی مسئلہ میں متاخرین کے متعدد اقوال نقل کرتے ہیں تو جو قول ان کے نزدیک راجح اور زیادہ قابلِ اعتماد ہوتا ہے تو اسے وہ سب سے پہلے ذکر کرتے ہیں، اس اصول کو انہوں نے اپنے فتاوی کے خطبے میں ذکر کیا ہے، یہ فتاوی عالمگیری کے ساتھ حواشی کی صورت میں چھپے ہوئے ہیں، اور قدیمی کتب خانہ سے تین جلدوں میں الگ سے بھی چھپا ہوا ہے۔

١٤... بداية المبتدي

یہ متن صاحب ہدایہ علامہ برہان الدین مرغینانی رحمہ اللہ (متوفی ۵۹۳ھ) کا ہے، اس کتاب میں انہوں نے قدوری اور جامع الصغیر امام محمد رحمہ اللہ کے مسائل کو جمع کیا ہے، کتاب کے ابواب کو جامع الصغیر کے طرز پر مرتب کیا، قدوری کے مسائل کو پہلے اور جامع الصغیر کے مسائل کو بعد میں ذکر کیا۔ اس متن کی شرح خود صاحب ہدایہ نے "الهداية شرح بداية المبتدى" کے نام سے کی ہے۔

١٥... الهداية

ہدایہ کو علامہ مرغینانی رحمہ اللہ نے نہایت زہد و تقوی، اخلاص وللّٰہیت کے ساتھ لکھا، یہ کتاب تیرہ (۱۳) سال کے عرصے میں مسلسل روزے کی حالت میں آپ نے لکھی، آپ کی یہ کوشش ہوتی تھی کہ کسی کو اس عمل کی خبر نہ ہو:

في تصنيفه ثلاثة عشرة سنة، وكان صائمًا تلك المدة وكان يجتهد ألا يطلع على صومه أحد. (٥٩)

==========

(٥٦) الفوائد البهية في تراجم الحنفية: ترجمة: حسن بن منصور بن محمود، ص١١١.

(٥٧) الفوائد البهية في تراجم الحنفية: ترجمة: حسن بن منصور بن محمود، ص١١١.

(٥٨) شرح عقود رسم المفتي: ص٤٢.

(٥٩) مفتاح السعادة: الكتب المعتبرة، ٢/ ٢٣٨.

Marfat.com

صاحبِ ہدایہ کا اسلوب، منہج، طرزِ تالیف اور رموز سے واقفیت کے لئے دیکھیں:[٦٠]

علامہ طاش کبری زادہ رحمہ اللہ (متوفی ٩٦٨ھ) نے اس مقام پر یہ بھی لکھا ہے کہ آپ نے "بداية المبتدي" کی مفصل ومدلل نہایت تفصیل کے ساتھ "كفاية المنتهى" کے نام سے اسی (٨٠) جلدوں میں شرح لکھی۔[٦١]

"الهداية" یہ کتاب پہلے مکتبہ خیریہ مصر سے ١٣٢٦ھ میں چھپی۔ پھر یہ شیخ عبدالرحیم بن مصطفیٰ عدوی کی تحقیق اور تعلیق کے ساتھ مصطفیٰ البابی حلبی سے ١٣٥٥ھ میں چھپی۔ پھر ہندوستان میں علامہ عبدالحئ لکھنوی رحمہ اللہ (متوفی ١٣٠٤ھ) کے حواشی وتعلیقات کے ساتھ ١٣٧٥ھ میں نہایت اہتمام کے ساتھ چھپی۔

کئی اکابر اہلِ علم نے ہدایہ کی شروحات وحواشی لکھے۔ان میں چند مشہور مطبوعہ شروحات یہ ہیں:

١... "العناية على الهداية" علامہ اکمل الدین محمد بن محمد بابرتی رحمہ اللہ (متوفی ٧٨٦ھ) یہ شرح دارالفکر سے دس (١٠) جلدوں میں چھپی ہے، سنِ طباعت کا ذکر نہیں ہے۔

٢... "فتح القدير" علامہ کمال الدین محمد بن عبدالواحد المعروف ابن ہمام رحمہ اللہ (متوفی ٨٦١ھ) علامہ ابن ہمام رحمہ اللہ "كتاب الوكالة" میں "والعقد الذي يعقده الوكلاء على ضربين" پر پہنچے تو آگے تکمیل نہ کرسکے آپ کا انتقال ہوگیا، پھر اس شرح کی تکمیل علامہ شمس الدین احمد بن قودر المعروف قاضی زادہ رحمہ اللہ (متوفی ٩٨٨ھ) نے "نتائج الأفكار في كشف الرموز والأسرار" کے نام سے اس کا تکملہ لکھا۔ یہ شرح سب سے پہلے مطبعۃ الامیریۃ بولاق مصر سے ١٣١٥ھ میں چھپی۔ پھر یہ شرح مکتبہ یمنیہ مصر سے ١٣١٩ھ میں چھپی۔ پھر یہ شرح مصطفیٰ البابی حلبی مصر سے ١٣٨٩ھ میں دس (١٠) جلدوں میں متن کے ساتھ چھپی۔

٣... "البناية في شرح الهداية" علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ (متوفی ٨٥٥ھ) یہ شرح سب سے پہلے لکھنو سے ١٢٩٣ھ میں چار جلدوں میں چھپی۔ پھر یہ شرح دارالفکر ١٤٠٠ھ میں بارہ (١٢) جلدوں میں چھپی۔اب یہ شرح دارالکتب العلمیہ بیروت سے ١٤٠٢ھ میں تیرہ (١٣) جلدوں میں چھپی ہے۔

ہدایہ پڑھاتے وقت حلِ کتاب کے لئے "البناية" تفصیلات، دلائل، جزئیات کے لئے "فتح القدير" اور تخریجِ احادیث کے لئے "نصب الراية" کا مطالعہ کریں۔

==========

[٦٠] مفتاح السعادة: الكتب المعتبرة، ٢/ ٢٣٩- ٢٤٠.

[٦١] مفتاح السعادة: الكتب المعتبرة، ٢/ ٢٣٨.

Marfat.com

۴..."نصب الراية فی تخریج أحادیث الهداية" یہ کتاب عظیم نقّاد، معتدل مزاج محدث علامہ جمال الدین زیلعی رحمہ اللہ (متوفی ۷۶۲ھ) کی ہے، اس کتاب کا اختصار حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ (متوفی ۸۵۲ھ) نے "الدراية في تخريج أحاديث الهداية" کے نام سے کیا۔ جو احادیث وآثار علامہ زیلعی رحمہ اللہ کو نہیں ملے اُن کی تخریج علامہ قاسم بن قطلوبغار حمہ اللہ (متوفی ۸۷۹ھ) نے "منية الألمعي فيما فات من تخريج أحاديث الهداية للزيلعي" کے نام سے کی، یہ کتاب محقق العصر علامہ زاہد الکوثری رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۷۱ھ) کی تحقیق وتعلیق کے ساتھ مکتبۃ الخانجی قاہرہ سے ۱۳۶۹ھ میں چھپی ہے۔

شیخ ثناء اللہ زاہدی رحمہ اللہ نے "نصب الراية" میں جن رواۃ کا تذکرہ آیا ہے انہیں حروفِ معجم کی ترتیب پر "تحقيق الغاية بترتيب الرواة المترجم لهم فی نصب الراية" میں ذکر کیا، یہ کتاب دار اہلِ حدیث کویت سے ۱۴۰۸ھ میں چھپی ہے۔

اس طرح شیخ محی الدین ابو محمد عبد القادر بن محمد بن محمد حنفی رحمہ اللہ (متوفی ۷۷۵ھ) نے "تهذيب الأسماء الواقعة فی الهداية والخلاصة" کے نام سے کتاب لکھی، یہ کتاب دار الکتب العلمیہ سے ۱۴۱۹ھ میں چھپی ہے۔

١٦... المحيط البرهاني في الفقه النعماني

یہ علامہ برہان الدین محمود بن احمد بن عبد العزیز بخاری رحمہ اللہ (متوفی ۶۱۶ھ) کی تصنیف ہے۔ علامہ عبد الحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ نے ان کے ترجمے کا آغاز ان القابات کے ساتھ کیا ہے:

كان من كبار الأئمة وأعيان الفقهاء الأمة، إماما ورعا مجتهدا متواضعا عالما كاملا بحرا زاخرا حبرا فاخرا. (٦٢)

مصنف رحمہ اللہ نے اس کتاب میں کن کن کتابوں سے استفادہ کیا، اپنے مراجع ومصادر کا تذکرہ موصوف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

وجمعت مسائل المبسوط والجامعين والسير والزيادات، وألحقت بها مسائل النوادر والفتاوى والواقعات، وضممت إليها من الفوائد التي استفدتها من سيدي ومولاي والدي - تغمده الله بالرحمة - والدقائق التي حفظتها من مشايخ زماني رضوان الله عليهم أجمعين، وفصلت الكتاب تفصيلاً. (٦٣)

میں نے اس میں مبسوط، جامع صغیر، جامع کبیر، سیر صغیر، سیر کبیر اور زیادات کے مسائل جمع کئے ہیں، اور میں نے ان کے

---

(٦٢) الفوائد البهية: ترجمة: برهان الدين محمود بن أحمد، ص٣٣٦.

(٦٣) المحيط البرهاني: مقدمة المؤلف، ١/ ٢٩.

Marfat.com

ساتھ نوادر، فتاوی اور واقعات کو بھی ساتھ ملایا ہے، اور میں نے اس میں اُن فوائد کو بھی ملایا ہے جو میں نے اپنے والد بزرگوار (اللہ تعالی انہیں غریقِ رحمت فرمائے) سے حاصل کئے اور میں نے اپنے زمانے کے مشائخ سے جو دقیق فوائد حاصل کئے وہ بھی اس میں شامل کردیئے، اور میں نے اس کتاب میں مسائل نہایت تفصیل کے ساتھ ذکر کئے ہیں۔

محیط کا معنی ہے احاطہ کرنے والی، چونکہ یہ مسائلِ مذہب کے تینوں طبقات اصول، نوادر، نوازل کا احاطہ کرتی ہے اس لئے مصنف نے اس کا نام "المحیط" رکھا ہے، اس کو "المحیط الکبیر" بھی کہتے ہیں، مصنف نے اپنی کتاب کی خود ایک تلخیص کی ہے جو "الذخیرة البرهانية" سے معروف ہے، اسے "ذخیرة الفتاوی" بھی کہتے ہیں۔ (٦٤)

ابن امیر حاج حلبی رحمہ اللہ "حلية المجلّى شرح منية المصلّي" میں غسل کی بحث میں لکھتے ہیں "أنه لم يقف على المحيط البرهاني" اسی طرح علامہ ابن نجیم رحمہ اللہ نے "البحر الرائق" میں محیط برہانی کے متعلق لکھا "إنه مفقود في ديارنا" پھر اس کتاب کا حکم بیان کیا کہ "لا يجوز الإفتاء منه" استیناد میں علامہ ابن ہمام رحمہ اللہ کا یہ قول نقل کیا:

لا يحل النقل من الكتب الغريبة. (٦٥)

چونکہ یہ کتاب پہلے مطبوعہ نہیں تھی اس لئے مذکورہ بالا حضرات نے اِس کتاب سے فتوی دینے کو ناجائز قرار دیا، لیکن اب یہ کتاب مطبوعہ ہے اس لئے اس سے فتوی دینا درست ہے، علامہ عبدالحئ لکھنوی رحمہ اللہ نے "النافع الكبير" میں اس کتاب کو غیر معتبر کتابوں میں شمار کیا، اور اس کے متعلق لکھا:

لا يجوز الإفتاء منه لكونه مجموعا للرطب واليابس. (٦٦)

لیکن موصوف نے اپنی اس بات سے رجوع ان الفاظ میں کیا ہے:

فوضح لي أن حكمه بعدم جواز الإفتاء منه لي إلا لكونه من الكتب الغريبة المفقودة الغير المتداولة، لا لأمر في نفسه ولا لأمر في مؤلفه وهو أمر يختلف باختلاف الإعصار ويتبدل بتبدل الأقطار، فكم من كتاب يصير مفقودا في إقليم وهو موجود في إقليم آخر، وكم من كتاب يصير نادرة الوجود في عصر كثير الوجود في عصر آخر، فالمحيط البرهاني لما كان مفقودا في بلاده وإعصاره عده من الكتب التي لا يفتى منها لعدم تداولها وغرابتها... فإنه لا شبهة في كونه معتمدا في نفسه قد اعتمد عليه من جاء بعده من أرباب الاعتماد وأفتوا بنقله. (٦٧)

==========

(٦٤) كشف الظنون: المحيط البرهاني، ٢/ ١٦١٩.

(٦٥) الفوائد البهية: ص٣٣٨.

(٦٦) النافع الكبير لمن يطالع جامع الصغير: ص٣٢.

(٦٧) الفوائد البهية: ص٣٣٨

Marfat.com

حنفیہ کے ہاں محیط نام کی ایک اور کتاب بھی ہے، جو علامہ رضی الدین محمد بن محمد سرخسی رحمہ اللہ (متوفی ۵۷۱ھ) کی "المحيط الرضي" اس کو "المحيط السرخسي" بھی کہتے ہیں، لیکن یہ کتاب مطبوعہ نہیں ہے۔

لفظ "محیط" جب مطلق ذکر کیا جائے تو اس سے مراد "المحيط البرهاني" ہوتی ہے:

إذا أطلق لفظ المحيط فالراجح أن المراد به المحيط البرهاني كما ذكره ابن أمير حاج الحلبي رحمه الله. (٦٨)

محقق العصر حضرت مولانا نعیم اشرف نور احمد مد ظلہ نے نہایت تتبع و جستجو کے ساتھ اس کتاب کے نسخوں کو تلاش کرکے بڑی عرق ریزی کے ساتھ اس پر تحقیق و تعلیق اور تخریج کا کام کیا ہے، اس کتاب کے شروع میں ۱۴۱ صفحات پر مشتمل نہایت علمی اور تحقیقی مقدمہ لکھا ہے، اس میں متونِ حنفیہ، کتبِ فقہیہ کا تعارف، معتبر اور غیر کتب کی نشاندہی، مصنف کے احوال اور اس کتاب کا تفصیلی تذکرہ کیا ہے۔ اس کے شروع میں شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مد ظلہ کی تقریظ ہے۔

۱۷... المختار للفتوى

یہ متن علامہ مجد الدین موصلی رحمہ اللہ (متوفی ۶۸۳ھ) کا ہے، مصنف رحمہ اللہ نے پھر خود اس متن کی شرح لکھی، اس کا نام رکھا "الاختيار لتعليل المختار" اس شرح کے مقدمے میں خود مصنف رحمہ اللہ نے تصریح کی کہ اہلِ علم اور طلبہ کی فرمائش پر میں نے اس کتاب کی شرح لکھی، علامہ عبد الحئ لکھنوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۰۴ھ) فرماتے ہیں:

وقد طالعت المختار والاختيار، وهما كتابان معتبران عند الفقهاء. (٦٩)

میں نے مختار اور اختیار کا مطالعہ کیا، یہ دونوں فقہاء کے ہاں معتبر کتابیں ہیں۔

یہ شرح شیخ محمد محی الدین عبد الحمید رحمہ اللہ کی تحقیق کے ساتھ مکتبہ حلبیہ قاہرہ سے ۱۳۷۲ھ میں چھپی ہے، پھر یہ شرح مکتبہ صبیح سے ۱۳۸۰ھ میں پانچ (۵) جلدوں میں چھپی۔

۱۸... مجمع البحرين

یہ علامہ ابن ساعاتی رحمہ اللہ (متوفی ۶۹۴ھ) کا مشہور متن ہے، اس میں آپ نے "قدوری" اور "منظومة الخلافيات" کے مسائل کو جمع کیا ہے، اس لئے نام "مجمع البحرين" رکھا، "منظومة الخلافيات" صاحبِ عقائد نسفیہ علامہ نجم الدین عمر بن محمد

==========

(٦٨) أصول الإفتاء وآدابه: الجامع الكبير، ص١٢٩.

(٦٩) الفوائد البهية: ترجمة: عبد الله بن محمود مجدد الدين الموصلي، ص١٨٠.

Marfat.com

نسفی رحمہ اللہ (متوفی ۵۳۷ھ) کی کتاب ہے، اس منظومہ کی مفصل شرح صاحبِ کنز علامہ نسفی رحمہ اللہ (متوفی ۷۱۰ھ) نے "المستفي" کے نام سے لکھی پھر اس کا اختصار "المصفی" کے نام سے کیا، "مجمع البحرين" میں چونکہ قدوری کے سب مسائل آگئے ہیں اس لئے متاخرین حنفیہ نے متونِ اربعہ (کنز، وقایہ، مختار، مجمع البحرین) میں قدوری کے بجائے مجمع کو شامل کیا ہے۔

مصنف رحمہ اللہ نے قدوری کو بنیاد بنا کر یہ متن لکھا، اس متن سے مصنف ۶۹۰ھ میں فارغ ہوئے، پھر خود اس کی شرح دو جلدوں میں لکھی۔ انہوں نے ایک کتاب اصول فقہ میں لکھی "بديع النظام الجامع بين كتابي البزدوي والإحكام" اس کتاب میں انہوں نے علامہ فخر الاسلام بزدوی رحمہ اللہ (متوفی ۴۸۲ھ) کی "أصول البزدوي" اور علامہ آمدی رحمہ اللہ (متوفی ۶۳۱ھ) کی "الإحكام في أصول الأحكام" کے مباحث کو فصلوں کی ترتیب پر جمع کیا ہے، ان دونوں کتابوں کے متعلق علامہ عبدالحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

قد طالعت البديع والمجمع وهما كتابان فی غاية اللطف واللطافة. (۷۰)

مصنف رحمہ اللہ کی اس شرح کا مخطوطہ دار الکتب العربیہ رقم ۴۸۳ کے تحت محفوظ ہے۔ اب اس مخطوطے کے عبادات کے حصے پر دکتور صالح بن عبداللہ حیدان نے تحقیق و تعلیق کرکے جامع امام محمد بن سعود اسلامیہ سے ۱۴۱۵ھ میں دکتورہ کیا ہے۔ معاملات کے حصے پر شیخ خالد بن عبداللہ نے تحقیق و تعلیق کرکے اسی جامعہ امام محمد بن سعود سے ۱۴۱۷ھ میں دکتورہ کیا ہے۔

علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ (متوفی ۸۵۵ھ) نے بھی اس کتاب کی شرح "المتجمع فی شرح المجمع" کے نام سے لکھی، یہ کتاب پہلے مطبوعہ نہیں تھی، اب اس کتاب کے عبادات کے حصے پر شیخ محمد بن حسین عبیری رحمہ اللہ نے اور معاملات کے حصے پر شیخ محمد بن عبداللہ بن محمد بشر نے تحقیق و تعلیق کرکے جامعہ امام محمد بن سعود اسلامیہ سے ۱۴۱۶ھ میں دکتورہ کی ڈگری حاصل کی ہے۔

۱۹... منية المصلي

یہ علامہ سدید الدین کاشغری رحمہ اللہ (متوفی ۷۰۵ھ) کی تصنیف ہے، حاجی خلیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

وهو كتاب معروف متداول بين الحنفية. (۷۱)

حاجی خلیفہ رحمہ اللہ نے اس کتاب کی متعدد شروحات کا تذکرہ کیا ہے، اس کتاب کی معروف شروحات دو ہیں:

==========

(۷۰) الفوائد البهية: ترجمة: أحمد بن علي بن ثعلب الساعاتي، ص ۵۱.

(۷۱) كشف الظنون: منية المصلي، ۲/ ۱۸۸۶.

Marfat.com

ا... "حلية المجلّي شرح منية المصلّي" علامہ ابن امیر الحاج رحمہ اللہ (متوفی ۸۷۹ھ) کی، یہ وہ ہیں جنہوں نے علامہ ابن ہمام رحمہ اللہ (متوفی ۸۶۱ھ) کی کتاب "التحریر" کی تین جلدوں میں شرح "التقریر والتحبیر" کے نام سے لکھی ہے، "حلیہ" کا معنی زیور، "مجلّی" دوڑ میں آگے رہنے والا گھوڑا، "مصلّی" دوسرے نمبر پر آنے والا گھوڑا۔ موصوف کی تالیفات میں ایک کتاب "ذخیرة القصر في تفسير سورة العصر" بھی ہے۔اس کتاب کی دوسری شرح علامہ ابراہیم بن محمد حلبی رحمہ اللہ (متوفی ۹۵۶ھ) کی کتاب "غنية المستملي شرح منية المصلي" ہے، جو "كبيري" کے نام سے مشہور ہے۔

۲۰... كنز الدقائق

یہ متن علامہ ابوالبرکات عبداللہ بن احمد نسفی رحمہ اللہ (متوفی ۷۱۰ھ) کا ہے، یہ متن مکتبہ مجیدی کانپور سے ۱۳۲۰ھ میں چھپا، پھر یہ متن ہندوستان میں علامہ محمد احسن نانوتوی رحمہ اللہ کے حواشی کے ساتھ ۱۳۲۸ھ میں چھپا، کئی اہلِ علم نے اس کتاب پر حواشی اور شروحات لکھیں، چند شروحات مندرجہ ذیل ہیں:

ا... "تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق" علامہ فخر الدین عثمان بن علی زیلعی رحمہ اللہ (متوفی ۷۴۳ھ) یہ شرح مکتبۃ الکبری امیریہ سے ۱۳۱۳ھ میں چھ جلدوں میں چھپی ہے۔

۲... "الفتح المعين على شرح الكنز لملا مسكين" یہ شرح معین الدین محمد بن عبد اللہ المعروف ملا مسکین رحمہ اللہ (متوفی ۸۱۱ھ) کی ہے، یہ شرح ایچ ایم سعید کراچی سے تین جلدوں میں چھپی ہے۔

۳... "رمز الحقائق فی شرح کنز الدقائق" یہ شرح علامہ بدر الدین عینی رحمہ اللہ (متوفی ۸۵۵ھ) کی ہے، یہ شرح ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی سے چھپی ہے۔

۴... "البحر الرائق شرح كنز الدقائق" یہ علامہ زین الدین بن ابراہیم المعروف ابن نجیم رحمہ اللہ (متوفی ۹۷۰ھ) نے "الإجارة الفاسدة" تک کتاب کی شرح لکھی، پھر اس شرح کا تکملہ علامہ محمد بن حسین بن علی طوری حنفی رحمہ اللہ (متوفی ۱۱۳۸ھ) نے کیا، یہ شرح سب سے پہلے مکتبہ علمیہ سے ۱۳۱۱ھ میں چھپی، متداول نسخہ دار الکتاب الاسلامی کا جو آٹھ جلدوں پر مشتمل ہے، اس شرح پر علامہ ابن عابدین شامی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۵۲ھ) نے حاشیہ لکھا، جو "منحة الخالق على البحر الرائق" کے نام سے مطبوعہ ہے۔

۵... "كشف الحقائق في شرح كنز الدقائق" علامہ عبدالحکیم افغانی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۲۶ھ) یہ مکتبہ موسوعات مصر سے

Marfat.com

۱۳۲۲ھ میں دو(۲) جلدوں میں چھپی۔ کراچی میں ادارۃ القرآن سے تین (۳) جلدوں میں چھپی ہے۔

٦... "متخلص الحقائق فی شرح کنز الدقائق" مولانا ولی محمد قندھاری مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ سے ایک جلد میں چھپی ہے۔

۷... "توفیق الرحمن بشرح کنز دقائق البیان" شیخ مصطفیٰ بن محمد بن یونس طائی یہ شرح مکتبہ ازہریہ مصر سے ۱۳۰۸ھ میں چھپی ہے۔

۲۱... الوقایة

یہ متن علامہ تاج الشریعہ محمود بن صدر الشریعہ احمد بن عبید اللہ رحمہ اللہ کا ہے، یہ متن قدوری اور ہدایہ کو سامنے رکھ کر لکھا گیا ہے، مصنف رحمہ اللہ نے یہ متن اپنے پوتے علامہ صدر الشریعہ اصغر عبید اللہ بن مسعود رحمہ اللہ (متوفی ۷۴۷ھ) کے حفظ کے لئے لکھا، پھر علامہ عبید اللہ بن مسعود جن کے لئے یہ متن لکھا گیا تھا انہوں نے اس متن کی شرح لکھی، جسے "شرح الوقایۃ" کہا جاتا ہے، آپ نے اختصار کرکے ایک متن "النقایۃ" کے نام سے لکھا، اس متن کی شرح ملا علی قاری رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۱۴ھ) نے "فتح باب العنایۃ بشرح النقایۃ" کے نام سے تین جلدوں میں لکھی، یہ شرح شیخ عبد الفتاح ابو غدہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۱۷ھ) کے حواشی وتعلیقات کے ساتھ مطبوعات الاسلامیہ حلب سے چھپی ہے، اس شرح میں احادیث وآثار کا وافر مقدار میں ذخیرہ موجود ہے، یہ ان لوگوں کے لئے دندانِ شکن جواب ہے جو کہتے ہیں احناف کے پاس احادیث وآثار نہیں ہیں۔

"شرح الوقایة" کی سب سے عمدہ، جامع اور مدلل شرح علامہ عبد الحئ لکھنوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۰۴ھ) کی "السعایة في كشف ما في شرح الوقاية" ہے یہ شرح مکتبہ سہیل اکیڈمی لاہور سے چھپی ہے، یہ نو سو (۹۰۰) صفحات پر مشتمل "فصل في القراءة" تک کی شرح ہے، یعنی "كتاب الصلاة" بھی مکمل نہیں ہے۔ اگر یہ شرح مکمل ہو جاتی تو کتبِ فقہ میں یہ سب سے منفرد کتاب ہوتی، اس میں تفسیر، حدیث، اصولِ حدیث، فقہ، اصولِ فقہ، علومِ عربیت کے دریا موجزن نظر آتے ہیں، اللہ تعالی نے آپ کو علم حدیث اور رجالِ حدیث میں خوب دسترس عطا فرمائی تھی، اس کتاب کا انداز امام ابن قدامہ رحمہ اللہ (متوفی ۶۲۰ھ) کی "المغني" اور امام نووی رحمہ اللہ (متوفی ۶۷۶ھ) کی "المجموع شرح المهذب" کا ہے، لیکن یہ لغوی، نحوی، صرفی، تفسیری، حدیثی اور فقہی اور فنی مباحث کی وجہ سے ان پر فائق ہے، اس میں علم حدیث کی محققانہ مباحث پڑھ کر روح میں تازگی آتی ہے، اس میں فقہاء کے مذاہب، دلائل، وجہ ترجیحات، طرزِ استدلال، احادیث کی اسنادی تحقیق، متعارض روایات کے درمیان تطبیق وترجیح اور اصولی مباحث تفصیل کے ساتھ ہیں، کاش کوئی اہلِ علم میں سے اس نہج پر اس کا تکملہ لکھے، جو حصہ مطبوعہ ہے کاش کوئی صاحبِ علم اس کو تخریج وتحقیق کرکے

Marfat.com

عمدہ طباعت کے ساتھ چھاپے تو اہل علم کے لئے ایک مفید کام ثابت ہوگا، علامہ عبد الحیٔ لکھنوئی رحمہ اللہ نے "شرح الوقاية" پر "عمدة الرعاية" کے نام سے ایک مختصر حاشیہ بھی لکھا ہے۔

٢٢... الفتاوى التاتارخانية

یہ علامہ عالم بن علاء انصاری دہلوی رحمہ اللہ (٧٨٦ھ) کا معروف فتاوی ہے، حاجی خلیفہ رحمہ اللہ اس فتاوی کے متعلق فرماتے ہیں:

وهو كتاب عظيم في مجلدات جمع فيه مسائل المحيط البرهاني والذخيرة والخانية والظهيرية، وجعل الميم علامة للمحيط، وذكر اسم الباقي، وقدم بابا في ذكر العلم ثم رتب على أبواب الهداية. (٧٢)

یہ عظیم الشان کتاب کئی جلدوں میں ہے، اس میں "المحيط البرهاني" "الذخيرة" "الخانية (فتاوى قاضيخان)" اور "الظهيرية" کے مسائل کو جمع کیا ہے، محیطِ برہانی سے لئے گئے مسائل کے آگے لفظ "میم" لکھا ہے بطورِ علامت کے، اور بقیہ کتابوں سے لئے گئے مسائل کے آگے اس کتاب کا نام لکھا ہے، اور علم کے باب کو سب سے پہلے ذکر کیا ہے، پھر بقیہ ابواب ہدایہ کی ترتیب پر لکھے ہیں۔

امیر تاتارخان دہلوی نے مصنف کو حکم دیا کہ وہ فقہ حنفی کی ایک جامع کتاب مرتب کریں اور اختلافی مسائل میں تمام اقوالِ مختلفہ نقل کریں اور ساتھ ہی اختلاف کرنے والے علما و فقہا کی تصریح کریں، چنانچہ امیر تاتارخان کے حکم کے بعد آپ نے یہ عظیم الشان کتاب مرتب کی، اس کا نام "زاد المسافر في الفروع" رکھا لیکن چونکہ اس کتاب کی ترتیب و تسوید امیر تاتارخان دہلوی کے حکم سے ہوئی تھی اس لئے اس کی زیادہ شہرت "فتاوی تاتارخانیہ" کے نام سے ہوئی، اس کتاب کا آغاز انہوں نے علم سے متعلق مباحث سے کیا ہے اور اس میں سات (٧) فصلیں ذکر کی ہیں، اس کے بعد "كتاب الطهارة" کے تحت نو (٩) فصلیں قائم کی ہیں، اسی طرح دیگر کتب کے تحت بھی کئی کئی فصلیں قائم کرکے بڑے مربوط انداز میں مسائل کو یکجا کیا ہے، عموماً جس کتاب سے مسئلہ ذکر کرتے ہیں اس کا ذکر مسئلے کے شروع یا آخر میں کردیتے ہیں، یہ فتاوی پانچ جلدوں میں قدیمی کتب خانہ سے چھپے ہیں، لیکن یہ ناقص ہے، ہندوستان کے معروف عالم علامہ شبیر احمد قاسمی کی تحقیق و تعلیق اور تخریج کے ساتھ یہ مکمل نسخہ اب پچیس (٢٥) جلدوں میں چھپ چکا ہے، اس کے شروع میں ایک نہایت علمی مقدمہ ہے، مختلف نسخوں سے موازنہ کرکے نہایت عمدہ اعلام و ترقیم، تعلیق و تخریج اور مآخذ و مراجع کی نشان دہی کے ساتھ ایک علمی کام سرانجام دیا ہے۔

==========

(٧٢) كشف الظنون: باب التاء، التاتارخانية، ١/ ٢٦٨.

Marfat.com

٢٣... الفتاوى البزازية

امام محمد بن محمد بن شہاب المعروف ابن بزار کردری رحمہ اللہ (متوفی ۸۲۷ھ) آپ اصول وفروع اور دیگر علوم دینیہ میں یکتائے روزگار تھے، زیادہ تر علم اپنے والد ماجد سے حاصل کیا، علامہ عبدالحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ ان کا تذکرہ ان الفاظ میں کرتے ہیں:

كان من أفراد الدهر في الفروع والأصول. ان کی مشہور کتابیں دو ہیں:

١... الفتاوى البزازية ٢... مناقب الإمام الأعظم أبي حنيفة

حاجی خلیفہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس میں انہوں نے مختلف کتب سے فتاوی، واقعات اور دلیل کی روشنی میں جو مسائل راجح ہیں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ مفتی ابوالسعود رحمہ اللہ سے کہا گیا کہ آپ فقہ میں اہم اور زیادہ پیش آنے والے مسائل پر مشتمل کتاب کیوں نہیں تالیف فرماتے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ صاحب بزازیہ سے شرم کے باعث، کیونکہ ان کی کتاب کے ہوتے ہوئے میرے لئے مناسب نہیں ہے کہ میں اس فن میں کوئی کتاب تالیف کروں۔ (٧٣)

علامہ عبدالحیٔ لکھنوی رحمہ اللہ اس فتاوی کے متعلق فرماتے ہیں:

طالعت الفتاوى البزازية فوجدته مشتملا على مسائل يحتاج إليها مما يعتمد عليها. (٧٤)

یہ کتاب فتاوی عالمگیری کے حواشی میں چھپی ہوئی ہے۔

٢٤... الفتاوى الحمادية

یہ مفتی رکن الدین ناگوری بن حسام الدین ناگوری کی تصنیف ہے جو علاقہ گجرات (کاٹھیاواڑ) کے ایک مشہور شہر "نہروالہ" میں منصب افتاء پر فائز تھے، یہ کتاب انہوں نے اپنے ہی علاقہ کے قاضی القضاۃ قاضی حماد الدین بن محمد اکرم گجراتی کے حکم پر تالیف فرمائی، اس کی تالیف میں ان کے صاحبزادے مفتی داود بن مفتی رکن الدین ناگوری بھی اپنے والد کے ساتھ شامل رہے۔ "فتاوی حمادیہ" کے مقدمہ میں بیان کیا گیا ہے کہ تفسیر، حدیث، فقہ اور اصول فقہ کی دو سو سولہ (٢١٦) کتابوں سے استفادہ کرکے اس کو مرتب کیا گیا ہے، قاضی حماد الدین صاحب نے یہ بھی ہدایت فرمائی تھی کہ اس کتاب میں صرف وہ مسائل جمع کریں جو جمہور فقہاء کے اجماعی اور مفتی بہ ہوں، چونکہ اس کی تالیف اس ہدایت کے مطابق عمل میں آئی ہے اس لئے یہ کتاب لائق اخذ اور قابل اعتماد بن گئی ہے، یہ کتاب نویں صدی ہجری میں لکھی گئی ہے اس کتاب کے قلمی نسخے متعدد کتب خانوں میں پائے جاتے ہیں۔ "معجم المطبوعات العربية والمعربة" اور بعض دیگر شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ یہ کتاب ہندوستان کے اندر ۱۲۴۱ھ/ ۱۸۲۶ء میں کلکتہ سے طبع ہو چکی ہے۔

==========

(٧٣) كشف الظنون: البزازية في الفتاوى، ١/ ٢٤٢.

(٧٤) الفوائد البهية: ترجمة: محمد بن محمد بن شهاب، ص٣٠٩.

Marfat.com

٢٥... مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر

امام ابراہیم بن محمد حلبی رحمہ اللہ (متوفی ۹۵۶ھ) نے مسائلِ فقہ پر ایک جامع کتاب مرتب کی، جس میں انہوں نے متونِ اربعہ، مختصر القدوری، المختار، کنز الدقائق اور الوقایہ کے مسائل کو جمع کیا، نیز "مجمع البحرین" سے اور "الهداية" سے بھی ضروری مسائل کا اضافہ کیا، اور اقاویلِ مختلفہ میں سے سب سے مقدم اس قول کو ذکر کیا جو زیادہ رائج تھا، اور اس بات کا اہتمام کیا کہ متونِ اربعہ کا کوئی مسئلہ رہ نہ جائے، انہوں نے اس کا نام "ملتقى الأبحر" (دریاؤں کا سنگم) رکھا، اس میں ائمہ ثلاثہ کے اقوال کا تذکرہ ہے لیکن دلائل کا ذکر نہیں ہے، اس کتاب کی جامعیت اور افادیت کے باعث کئی ایک اہلِ علم نے اس کی شرحیں لکھیں، البتہ اس کی معروف و مشہور شرح علامہ عبد الرحمٰن بن شیخ محمد بن سلیمان رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۷۸ھ) نے "مجمع الأنهر" کے نام سے لکھی، یہ شرح دار احیاء التراث العربی سے دو جلدوں میں چھپی ہوئی ہے۔ اس کتاب کی ایک شرح علامہ حصکفی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۸۸ھ) نے "الدر المنتقى" کے نام سے لکھی ہے، اس کا مخطوطہ کتب خانہ دار العلوم دیوبند میں ہے۔

٢٦... تنوير الأبصار

یہ علامہ شمس الدین محمد بن عبد اللہ تمرتاشی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۰۴ھ) کا معروف متن ہے، مصنف نے اس کی شرح "منح الغفار" کے نام سے لکھی تھی جو اب تک مخطوطہ کی صورت میں ہے، علامہ علاء الدین محمد بن علی حصکفی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۸۸ھ) نے اس کی دو شرحیں لکھیں، ایک مبسوط شرح "خزائن الأسرار وبدائع الأفكار" کے نام سے، لیکن یہ شرح مطبوعہ نہیں ہے، دوسری شرح "الدر المختار شرح تنوير الأبصار" کے نام سے لکھی، "الدر المختار" مرکب توصیفی ہے اس کا معنی منتخب موتی، اس پر علامہ شامی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۵۲ھ) نے "رد المحتار" کے نام سے حاشیہ لکھا ہے جو اہل علم کے درمیان مقبول و متداول ہے، اس کو "فتاوی شامی" بھی کہتے ہیں، متن، شرح اور حاشیہ کے ساتھ اس کا مکمل نام یہ ہے "رد المحتار على الدر المختار في تنوير الأبصار" یعنی حیران کو پھیرنا منتخب موتی کی طرف جو آنکھوں کو روشن کرنے والا ہے، یعنی ایک شخص کا قیمتی موتی گم ہو گیا جو نورِ بصر ہے وہ اس کی تلاش میں حیران و پریشان ہے، علامہ شامی رحمہ اللہ نے اس کی راہنمائی کی کہ دیکھو تمہارا مطلوب یہ ہے، پس "ردالمختار" خاء کے ساتھ پڑھنا یا لکھنا غلط ہے، عام طور پر اس میں غلطی کی جاتی ہے۔ (۷۵)

==========

(۷۵) آپ فتوی کیسے دیں: ص ۱۴۲

Marfat.com

علامہ احمد بن محمد بن اسماعیل طحطاوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۳۱) نے "الدر المختار" پر ایک قیمتی حاشیہ لکھا ہے جو "حاشية الطحطاوي على الدر المختار" کے نام سے اہلِ علم کے درمیان معروف و مشہور ہے، یہ حاشیہ چار ضخیم جلدوں میں مطبوعہ ہے۔

۲۷... مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح

علامہ حسن بن عمار بن علی شرنبلالی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۶۹ھ) نے "نور الإيضاح" کے نام سے عام فہم انداز میں مبتدی طلبہ کے لئے صرف مسائل کو یکجا کیا، اس میں فقہا کے مذاہب، تفصیلی مباحث اور دلائل کا تذکرہ نہیں کیا۔ پھر مصنف نے اس کی تفصیلی شرح "امداد الفتّاح شرح نور الإيضاح" کے نام سے لکھی، اس شرح کا تذکرہ حاجی خلیفہ رحمہ اللہ نے کیا ہے، دیکھئے: [۷۶]

پھر اس شرح کا اختصار "مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح" کے نام سے کیا، پھر اس پر مفصل حاشیہ علامہ طحطاوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۳۱ھ) نے "حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح" کے نام سے لکھا، یہ حاشیہ دار الکتب العلمیہ سے محمد عبدالعزیز خالدی کی تحقیق کے ساتھ چھپا ہوا ہے، علامہ طحطاوی رحمہ اللہ علامہ شامی رحمہ اللہ کے استاذ ہیں، آپ نے "الدر المختار" پر بھی حاشیہ لکھا ہے جو "حاشية الطحطاوي على الدر المختار" کے نام سے چار ضخیم جلدوں میں چھپا ہوا ہے۔

۲۸... الفتاوى الخيرية

علامہ خیر الدین بن احمد بن علی ایوبی رملی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۸۱ھ) کا دو جلدوں میں یہ فتاوی مطبوعہ ہے، اس فتوی کی تکمیل علامہ ابراہیم بن سلیمان رحمہ اللہ (۱۱۰۸ھ) نے کی ہے، انہوں نے "البحر الرائق" پر حاشیہ "مظهر الحقائق" کے نام سے لکھا ہے جو ابھی تک مخطوطہ ہے، علامہ شامی رحمہ اللہ "البحر الرائق" کے حاشیے "منحة الخالق" میں اس کے بکثرت حوالے نقل کرتے ہیں۔

۲۹... الفتاوى الهندية

متحدہ ہندوستان میں مشہور مغل فرمان روا اورنگ زیب عالمگیر رحمہ اللہ (متوفی ۱۱۱۸ھ) نے جب باقاعدگی سے شریعت کا نفاذ ہندوستان میں کیا تو انہوں نے محسوس کیا کہ کئی باتیں ایسی ہیں کہ جن میں اصل مسئلہ تک پہنچنے میں دقت ہوتی ہے، کیونکہ ایسی کوئی جامع کتاب موجود نہیں ہے کہ جس میں تمام جزئیات اور نئے پیش آنے والے مسائل کا حل مذکور ہو، تو انہوں نے اس کے لئے ملک کے چیدہ چیدہ منتخب علمائے کرام کا ایک بورڈ قائم کیا، اور اس وقت کے ایک ممتاز عالم شیخ نظام کو اس کا ذمہ دار بنایا، آٹھ سال کے عرصے

---

[۷۶] كشف الظنون: نور الإيضاح، ۲/ ۱۹۸۲.

Marfat.com

میں اس فتاوی کی تدوین کا کام مکمل ہوا، بادشاہ عالمگیر خود بھی اس کی تدوین میں شریک رہے، روزانہ کا مرتب کردہ حصہ علامہ نظام سے پڑھوا کر سنتے تھے اور بوقتِ ضرورت اس پر جرح وقدح بھی کرتے تھے تاکہ مسئلہ میں کوئی ابہام باقی نہ رہے۔ یہ کتاب بادشاہ کی نسبت سے "فتاوی عالمگیری" کے نام سے مشہور ہے چونکہ یہ فتاوی ہندوستان میں ترتیب دیا گیا اس لئے اس کو "الفتاوی الهندية" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ فتاوی ہدایہ کی ترتیب پر ہے، فقہی جزئیات کی کثرت اور احاطہ کے اعتبار سے "المحيط البرهاني" اور "الفتاوى التاتارخانية" کے علاوہ شاید ہی کوئی کتاب اس کے مقابلہ میں رکھی جاسکے، یہ فتاوی جامعیت اور حسنِ ترتیب کے لحاظ سے دیگر فتاوی سے ممتاز ہے، ہر کتاب کے تحت ابواب اور فصول قائم کرکے تمام مسائل کو نہایت حسن اسلوبی کے ساتھ یکجا کیا ہے، مثلاً "كتاب الطهارة" کے تحت سات ابواب ہیں:

۱... "الباب الأول في الوضوء" اس باب کے تحت پانچ فصلیں ہیں: (۱)الفصل الأول في فرائض الوضوء (۲) الفصل الثاني في سنن الوضوء (۳) الفصل الثالث في المستحبات (٤) الفصل الرابع في المكروهات (٥) الفصل الخامس في نواقض الوضوء.

اس طرح "الباب الثاني في الغسل" کے تحت تین فصلیں ہیں: "الباب الثالث في المياه" اس کے تحت دو فصلیں ہیں: "الباب الخامس في المسح على الخفين" اس کے تحت دو فصلیں ہیں، "الباب السادس في الدماء المختصة في النساء" اس کے تحت چار فصلیں ہیں "الباب السابع في النجاسة وأحكامها" اس کے تحت تین فصلیں ہیں۔

اندازہ کیجئے کہ ایک کتاب الطہارۃ میں سات ابواب اور بائیس فصلوں کا تذکرہ کرکے نہایت جامعیت کے ساتھ تمام مسائل مآخذ کے حوالے سے یکجا کردیئے ہیں، اس کتاب نے علما، طلبا کو بہت سی کتابوں سے مستغنی کردیا ہے۔ طویل عرصہ گزرنے کے باوجود کتابت وطباعت کے معیار، مسائل کی ترقیم اور تحقیق وتعلیق کے لحاظ سے اس کتاب کی خاطر خواہ خدمت نہیں ہوسکی ہے۔

۳۰... العقود الدرية في تنقيح الفتاوى الحامدية

یہ علامہ ابن عابدین شامی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۵۲ھ) صاحب "رد المحتار" کی تصنیف ہے، یہ مولانا حامد آفندی مفتی دمشق کے فتاوی کی تنقیح ہے جو انہوں نے منصب افتاء پر فائز رہنے کے زمانہ (۱۱۳۷ھ/ ۱۱۵۵ھ) میں صادر فرمائے تھے، اور "فتاوی حامدیہ" کے نام سے خود مولانا حامد صاحب رحمہ اللہ نے جمع فرمائے تھے۔ علامہ شامی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

اس سے زیادہ نافع اور اس سے زیادہ قابل اعتماد فتاوی کا مجموعہ کوئی نہیں دیکھا، نیز مفتی صاحب کے متاخر زمانے میں ہونے کے باعث اس میں بہت سے جدید پیش آمدہ حوادث وواقعات کا حل بھی مل جاتا ہے لیکن چونکہ اس کی ترتیب کوئی عمدہ نہ تھی کہ جس

Marfat.com

سے مسئلہ آسانی سے معلوم کیا جاسکے، مشہور اور غیر ضروری مسائل بھی اس میں درج تھے اور بعض مسائل مکرر بھی درج ہو گئے تھے، نیز بعض جگہ ایسے بھی ہوا کہ مسئلہ ایک جگہ ذکر کیا گیا اور دلیل کسی دوسری جگہ نقل کر دی گئی ہے اس لئے میں نے اس کو صحیح ترتیب پر مرتب کرنے اور مہذب و منقح کرنے نیز بوقت ضرورت اہم اضافے کرنے کا عزم کر کے کام شروع کر دیا تا آنکہ میں نے اس کو مکمل کر ڈالا۔

علامہ شامی نے "الفتاوی الحامدیة" کی تنقیح اپنی کتاب "رد المحتار" اور "منحة الخالق" کی تکمیل کے بعد فرمائی ہے، ترتیب جدید کے بعد علامہ شامی نے اس کا نام "العقود الدرية في تنقيح الفتاوى الحامدية" رکھا، یہ کتاب مصر سے فتاوی خیریہ کے حاشیہ پر دو جلدوں میں چھپ چکی ہے اور بیروت سے تنہا بھی دو جلدوں میں طبع ہو گئی ہے۔

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ اس پر تبصرہ کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

علامہ ابن عابدین شامی رحمہ اللہ انتہائی وسیع المطالعہ ہونے کے باوجود اس قدر تقوی شعار اور محتاط بزرگ ہیں کہ عام طور سے اپنی ذمہ داری پر کوئی مسئلہ بیان نہیں کرتے بلکہ جہاں تک ممکن ہوتا ہے اپنے سے پہلے کی کتابوں میں سے کسی نہ کسی کے حوالے سے بیان فرماتے ہیں، اگر ان اقوال میں بظاہر تعارض ہو تو اس کو رفع کرنے کے لئے بھی حتی الامکان کسی دوسرے فقیہ کے قول کا سہارا لیتے ہیں اور جب تک بالکل مجبوری نہ ہو جائے خود اپنی رائے ظاہر نہیں فرماتے، اور جہاں ظاہر فرماتے ہیں وہاں بھی بالعموم آخر میں تامل یا تدبر کہہ کر خود بری ہو جاتے ہیں اور ذمہ داری پڑھنے والے پر ڈال دیتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ بسا اوقات الجھے ہوئے مسائل میں ہم جیسے لوگوں کو ان کی کتاب سے مکمل شفاء نہیں ہوتی، لیکن یہ طریقہ "رد المحتار" میں تو رہا ہے مگر چونکہ علامہ شامی نے "البحر الرائق" کا حاشیہ "منحة الخالق" اور "تنقيح الفتاوى الحامدية" بعد میں لکھا ہے اس لئے ان کتابوں میں مسائل زیادہ منقح انداز میں آتے ہیں جنہیں پڑھ کر فیصلہ کن بات معلوم ہو جاتی ہے۔ (۷۷)

۳۱... رد المحتار على الدر المختار

یہ علامہ ابن عابدین شامی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۵۲ھ) کا "الدر المختار" پر حاشیہ ہے، اس کی تکمیل آپ کے صاحبزادے محمد علاء الدین رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۰۶ھ) نے "قرة عيون الأخيار تكملة رد المحتار" کے نام سے لکھی ہے۔ علامہ شامی رحمہ اللہ کی تصنیفات میں "العقود الدرية في تنقيح الفتاوى الحامدية" اور "البحر الرائق" پر حاشیہ "منحة الخالق" اور

(۷۷) البلاغ مفتی اعظم نمبر: ص ۴۲۰، ۴۲۱

Marfat.com

رسائل ابن عابدین" میں مختلف موضوعات پر بتیس (۳۲) رسائل ہیں۔ آپ کی تصنیفات میں زیادہ مقبولیت "رد لحتار" کو ملی۔

۳۱... الفتاوى المهدية في الوقائق المصرية

یہ شیخ محمد عباسی مہدی مصری رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۱۵ھ) کے فتاوی کا مجموعہ ہے، ان کے والد کا انتقال جب ہوا تو ان کی عمر اس وقت بن سال تھی، معاشی حالت ناگفتہ بہ تھی، لیکن بایں ہمہ انہوں نے بڑی محنت سے جامع ازہر میں تعلیم حاصل کی، ۲۱ سال کی نوعمری ں ان کو منصب افتاء کا اعزاز حاصل ہوا، نوعمری کے باعث ان پر بہت سارے لوگوں کو حسد بھی پیدا ہوا، لیکن یہ ان کے حق میں اس ور سے مزید مفید ثابت ہوا کہ وہ اپنے فتاوی انتہائی محنت اور جانفشانی سے لکھتے اور حتی الامکان تحقیق کا حق ادا کرنے کی پوری کوشش رماتے، یہاں تک کہ وہ اپنے دور میں اس منصب کے اہل ترین فرد بن گئے، ۱۲۸۷ھ میں ان کو افتاء کے ساتھ ساتھ شیخ الاسلام ہونے کا رف بھی حاصل ہوا، اس منصب کی ذمہ داریوں سے بھی وہ بڑی حسن وخوبی سے عہدہ برا ہوئے، تقریباً ۵۲ سال تک انہوں نے افتاء کا م کیا ہے اور ۱۸ سال تک شیخ الاسلام کے عہدہ پر فائز رہے ہیں۔

مفتی محمد شفیع صاحب نور اللہ مرقدہ نے اس فتاوی کی ایک خصوصیت کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ حنفیہ کی کتابوں میں سے جس ناب نے وقف کے مسائل کو سب سے زیادہ شرح وبسط اور انضباط کے ساتھ بیان کیا ہے وہ فتاوی مہدویہ ہے۔ (۷۸)

تبِ حنفیہ کی ترتیب پر ایک طائرانہ نظر

فقہ حنفی کی اہم کتابوں پر اگر ایک طائرانہ نظر ڈالی جائے تو وہ اس ترتیب سے لکھی گئیں۔ امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۵۰ھ) سے علم فقہ حاصل کیا امام محمد رحمہ اللہ (متوفی ۱۸۹ھ) نے، آپ نے چھ مشہور کتابیں تصنیف کیں:

۱... المبسوط- ۲... الجامع الصغير- ۳... الجامع الكبير ٤... زيادات- ٥... السير الصغير- ٦... السير الكبير-

ان چھ کتابوں کو سامنے رکھ کر امام حاکم شہید رحمہ اللہ (متوفی ۳۳۴ھ) نے اختصار کے ساتھ ایک مجموعہ تیار کیا، جس کا نام الكافي فی فروع الحنفية" تھا، اس "الكافي" کی شرح علامہ سرخسی رحمہ اللہ (متوفی ۴۸۳ھ) نے "المسوط" کے نام سے مکمل شرح کنویں سے زبانی املا کروائی، یہ شرح اس وقت "دار المعرفة" سے تیس (۳۰) جلدوں میں چھپی ہے۔ امام قدوری رحمہ اللہ (متوفی ۴۲۸ھ) نے امام محمد رحمہ اللہ کی تصانیف کو سامنے رکھ کر ایک مختصر متن "المختصر للقدوری" کے نام سے لکھا۔

==========

(۷۸) البلاغ مفتی اعظم نمبر: ص ۴۰۲

Marfat.com

علامہ برہان الدین مرغینانی رحمہ اللہ (متوفی ۵۹۳ھ) نے "مختصر القدوري" اور "جامع الصغير" امام محمد رحمہ اللہ کو سامنے رکھ کر ایک متن مبتدی طلبہ کے لئے تیار کیا، اس کا نام "بداية المبتدی" رکھا، پھر اس متن کی تفصیلاً شرح لکھی "كفاية المنتهي" کے نام سے اسی جلدوں میں، پھر اس شرح کا اختصار "الهداية" کے نام سے چار جلدوں میں کیا، پھر "الهداية" کو سامنے رکھ کر علامہ تاج الشریعۃ محمود بن صدر الشریعۃ اکبر رحمہ اللہ نے اپنے پوتے علامہ صدر الشریعۃ اصغر عبید اللہ بن مسعود رحمہ اللہ (متوفی ۷۴۷ھ) کے حفظ کرنے کے لئے یہ متن لکھا، پھر اس متن کی شرح علامہ عبید اللہ بن مسعود رحمہ اللہ نے "شرح الوقاية" کے نام سے لکھی، نیز آپ نے "الوقاية" متن کو مختصر کرکے ایک عمدہ انتخاب "النقاية" کے نام سے کیا۔ اس "النقاية" کی شرح ملا علی قاری رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۱۴ھ) نے "فتح باب العناية بشرح كتاب النقاية" کے نام سے تین جلدوں میں لکھی۔ اسی طرح علامہ شمس الدین قہستانی رحمہ اللہ (متوفی ۹۵۳ھ) نے "جامع الرموز" کے نام سے نقایہ کی شرح لکھی۔ "شرح الوقاية" کی شرح علامہ عبد الحئ لکھنوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۰۴ھ) نے "السعاية فی كشف ما فی شرح الوقاية" کے نام سے لکھی۔ نیز "عمدة الرعاية" کے نام سے آپ نے اس کتاب کا حاشیہ لکھا۔ علامہ علاء الدین محمد بن احمد سمرقندی رحمہ اللہ (متوفی ۵۴۰ھ) نے "مختصر القدوری" کو سامنے رکھ کر ترتیب وتہذیب اور اضافات کے ساتھ ایک متن "تحفة الفقهاء" کے نام سے لکھا۔ پھر اس متن کی شرح علامہ ابو بکر کاسانی رحمہ اللہ (متوفی ۵۸۷ھ) نے "بدائع الصنائع فی ترتيب الشرائع" کے نام سے چھ جلدوں میں لکھی۔ جب یہ شرح مکمل ہوئی تو مصنف نے ماتن کی خدمت میں پیش کی، آپ کو یہ شرح بہت پسند آئی، چنانچہ اپنی فقیہ بیٹی فاطمہ کا نکاح آپ سے کردیا، مہر میں بدائع کو مقرر کیا، چنانچہ آپ کے زمانے میں مشہور ہوا: شَرَّحَ تُحْفَتَهُ وَتَزَوَّجَ اِبْنَتَهُ۔

چونکہ اس کتاب میں ایک نیا انداز اور عمدہ ترتیب واسلوب اختیار کی گئی اس لئے اس کا نام "بدائع الصنائع" رکھا۔ علامہ مجد الدین موصلی رحمہ اللہ (متوفی ۶۸۳ھ) نے "المختار للفتوی" کے نام سے ایک مختصر متن لکھا، پھر خود ہی اس کی شرح "الاختيار للتعليل المختار" کے نام سے لکھی، علامہ مظفر الدین احمد بن علی ساعاتی رحمہ اللہ (متوفی ۶۹۴ھ) نے "مختصر القدوری" اور "منظومة الخلافيات" یہ منظومہ صاحبِ عقائد نسفیہ علامہ عمر بن محمد نسفی رحمہ اللہ (متوفی ۵۳۷ھ) کا ہے۔ اس منظومہ کی مفصل شرح علامہ نسفی رحمہ اللہ (متوفی ۷۱۰ھ) نے "المستصفى" کے نام سے لکھی، پھر اس کا اختصار "المصفى" کے نام سے کیا۔ علامہ ساعاتی رحمہ اللہ نے قدوری اور منظومہ کو سامنے رکھ کر ایک متن "مجمع البحرين" کے نام سے لکھا، اس میں قدوری کے سب مسائل

Marfat.com

آگئے ہیں، اس لئے متاخرین نے متونِ اربعہ (کنز، وقایہ، مختار، مجمع) کو ترجیح دی ہے، اس میں قدوری کو شامل نہیں کیا، اس لئے کہ قدوری کے تمام مسائل "مجمع البحرین" میں آگئے۔ علامہ ابراہیم بن محمد بن ابراہیم حلبی رحمہ اللہ (متوفی ۹۵۶ھ) نے "ملتقی الأبحر" کے نام سے ایک متن لکھا، اس میں قدوری، کنز، مختار، وقایہ کے مسائل کو جمع کیا گیا ہے، اور کچھ مسائل کا اضافہ ہدایہ اور مجمع البحرین سے بھی کیا ہے، اس متن کی شرح علامہ عبد الرحمٰن بن محمد بن سلیمان المعروف داماد آفندی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۷۸ھ) نے "مجمع الأنہر شرح ملتقی الأبحر" کے نام سے دو جلدوں میں شرح لکھی۔ علامہ شمس الدین محمد بن عبد اللہ تمرتاشی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۰۴ھ) نے "تنویر الأبصار" کے نام سے ایک متن لکھا، پھر علامہ حصکفی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۸۸ھ) نے "الدر المختار شرح تنویر الأبصار" کے نام سے اس کی شرح لکھی، پھر اس پر علامہ ابن عابدین شامی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۵۲ھ) نے حاشیہ لکھا جو "رد المحتار علی الدر المختار" کے نام سے معروف ہے، اس کو فتاوی شامی اور حاشیہ ابن عابدین بھی کہتے ہیں۔ "الدر المختار" مرکب توصیفی ہے اس کا معنی "منتخب موتی" اور "رد المحتار" یہ مرکب اضافی ہے، محتار اسم مفعول کا صیغہ ہے بمعنی حیران، لہٰذا "رد المحتار" کا معنی ہے "حیران طلبہ کی رہنمائی" مکمل کتاب کا نام یہ ہے "رد المحتار علی الدر المختار فی شرح تنویر الأبصار" یعنی حیران طلبہ کو پھیرنا منتخب موتیوں کی طرف جو آنکھوں کو روشن کرنے والے ہیں۔ علامہ حسن بن عمار شرنبلالی رحمہ اللہ (متوفی ۱۰۶۹ھ) نے "نور الإیضاح" کے نام سے ایک متن لکھا، پھر خود اس متن کی شرح "مراقي الفلاح شرح نور الإیضاح" کے نام سے کی، اس کتاب پر حاشیہ احمد بن محمد بن اسماعیل طحطاوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۳۱ھ) نے لکھا، اس کا نام "حاشیة الطحطاوي علی مراقي الفلاح" ہے۔

اہم اردو فتاوی کا تعارف

۱... فتاوی دار العلوم دیوبند

ہندوستان میں مسلمان حکمرانوں کے دورِ حکومت کے بعد جب انگریزی دورِ حکومت آیا تو مدارس و مراکز اور علماء کو بہت نقصان پہنچایا گیا، اُس دور میں جن علما نے ذاتی طور پر افتاء کے فرائض سرانجام دیئے اُن میں سب سے زیادہ مشہور حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۳۹ھ) کا نام نامی ہے، آپ کے فتاوی کا مجموعہ "فتاوی عزیزیہ" (جو فارسی زبان میں ہے) اسی طرح علامہ عبد الحئ لکھنوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۰۴ھ) کا "مجموع الفتاوی" ان دونوں کا ترجمہ اردو زبان میں ایچ ایم سعید کراچی سے چھپا ہوا ہے۔

Marfat.com

قاسم العلوم والخیرات علامہ قاسم نانوتوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۹۷ھ) نے ۱۵ محرم ۱۲۸۳ھ کو ایک دینی ادارہ کی "مدرسہ اسلامی عربی" کے نام سے داغ بیل ڈالی، یہی ادارہ آگے چل کر دار العلوم دیوبند کے نام سے مشہور و معروف ہوا۔ ابتدا میں چند دن افتاء کی خدمت علامہ محمد یعقوب نانوتوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۰۲ھ) نے کی، پھر یہ ذمہ داری فقیہ النفس علامہ رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۲۳ھ) کے سپرد ہوئی، آپ کے فتاوی کا مجموعہ "فتاوی رشیدیہ" کے نام سے چھپا ہوا ہے۔ آپ کے بعد یہ خدمت حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۴۷ھ) کے سپرد ہوئی، ۱۳۱۰ھ سے رجب ۱۳۴۶ھ تک مسلسل چھتیس (۳۶) سال آپ تنہا اسی عہدہ پر فائز رہے، آپ کے ابتدائی اٹھارہ سال کے فتاوی ۱۳۱۰ھ سے ۱۳۲۸ھ تک بالکل محفوظ نہیں رہ سکے، ابتدا میں نقلِ فتاوی کا کوئی اہتمام نہیں تھا، اس لئے اٹھارہ سال کا یہ قیمتی سرمایہ ضائع ہو گیا، ۱۳۲۹ھ سے ۱۳۴۶ھ تک کے فتاوی چودہ ضخیم رجسٹروں میں محفوظ ہیں، بارہ رجسٹروں کے فتاوی حضرت مولانا مفتی محمد ظفیر الدین مفتاحی رحمہ اللہ نے فقہی ترتیب پر نہایت عمدہ تعلیق و تخریج اور مقدمے کے ساتھ ۱۲ ضخیم جلدوں میں مرتب کئے، ان کی اس طویل محنت سے فتاوی کے استناد و اعتماد پر اور بھی اضافہ ہو گیا، فتوی کے شروع میں حضرت حکیم الاسلام قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ کا پیش لفظ ہے جس میں آپ نے صاحبِ فتاوی حضرت مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی رحمہ اللہ کے حالات اور آپ کے فتاوی کا تذکرہ کیا ہے، دار الاشاعت کراچی سے تخریج جدید کے ساتھ ۱۲ جلدوں میں یہ "فتاوی دار العلوم دیوبند" کے نام سے چھپ گئے ہیں۔

۲... فتاوی رشیدیہ

یہ فقیہ النفس علامہ رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۲۳ھ) کے فتاوی کا مختصر سا مجموعہ ہے۔

حدیث اور فقہ حضرت گنگوہی رحمہ اللہ کے دو خاص موضوع تھے، چنانچہ قیام گنگوہ کے زمانہ میں درس حدیث کے ساتھ فقہ و فتاوی کا سلسلہ بھی جاری تھا اور ہندوستان کے علاوہ بیرون ملک سے بھی کثرت سے استفتاء آپ کی خدمت میں آتے تھے، فقہ و فتاوی میں آپ کے مقام کا یہ حال تھا کہ حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ کے پاس جو استفتاء آتے تھے حضرت نانوتوی عموماً وہ استفتاءات حضرت گنگوہی کے سپرد کر دیتے تھے اور آپ ان کے جوابات لکھتے تھے، اسی طرح حضرت نانوتوی کی وفات کے بعد بھی دار العلوم دیوبند میں آنے والے اہم استفتاء آپ ہی کی خدمت میں بھیجے جاتے تھے، اور آپ ان کے جواب عنایت فرماتے تھے اور کبھی خود دار العلوم تشریف لا کر استفتاء کے جواب تحریر فرمایا کرتے تھے، نیز حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ بھی اپنے قیام تھانہ بھون کے زمانہ میں اہم مسائل میں آپ ہی کی طرف رجوع کرتے تھے، آپ کی فقہی بصیرت کا اعتراف کرتے ہوئے محدث کبیر علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ آپ کو فقیہ النفس کہا کرتے تھے۔

او آپ کو علامہ ابن عابدین شامی رحمہ اللہ پر بھی ترجیح دیا کرتے تھے، علامہ کشمیری رحمہ اللہ یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ اب سے

Marfat.com

ایک صدی پہلے تک اس شان کا فقیہ النفس جماعتِ علماء میں نظر نہیں آتا ہے۔

حضرت گنگوہی رحمہ اللہ چونکہ مولانا احمد رضا خان بریلوی کے ہم عصر تھے، اس لئے آپ کے پاس بدعات وخرافات سے متعلق زیادہ استفتاء آتے تھے، جس کی وجہ سے آپ کے بیشتر فتاوی انہیں موضوعات پر کسی قدر تصلب کے اظہار کے ساتھ ہیں۔

یہ فتاوی آپ نے زندگی کے مختلف اوقات میں اور خصوصاً دار العلوم دیوبند کے سرپرست ہونے کی حیثیت سے آنے والے استفتاء کے جواب میں لکھے ہیں، اس میں وقت کے لحاظ سے بدعات وخرافات اور عقائد سے متعلق بھی بہت سے فتاوی ہیں، ابتداء میں آپ کے فتاوی کے نقول محفوظ رکھنے کا کوئی خاص انتظام نہیں تھا، اس لئے آپ کے بہت سے فتاوی اب تک پردہ خفا میں ہیں۔ حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب مدظلہ لکھتے ہیں کہ مولانا نور الحسن کاندھلوی صاحب نے مولانا گنگوہی کے غیر مطبوعہ فتاوی کی ایک مناسب تعداد حاصل کی ہے، جسے وہ مستقل مجموعے کی شکل میں شائع کرنے والے ہیں، راقم الحروف کو بھی اِسے دیکھنے کا موقع ملا ہے، امید ہے کہ یہ مجموعہ کم وکیف دونوں اعتبار سے پہلے مجموعہ سے بڑھ کر ہوگا۔ (۷۹)

آپ کے سینکڑوں فتاوی "تذکرۃ الرشید" اور "مکاتیبِ رشیدیہ" میں موجود ہیں۔ اللہ تبارک وتعالی جزائے خیر دے حضرت مولانا مفتی محمد طیب یوسف صاحب کو جنہوں نے مختلف کتب سے حضرت کے فتاوی کو تبویب وتخریج کے ساتھ فتاوی رشیدیہ میں جمع کیا۔ مرجوح اور متعارض فتاوی کی نشاندہی کرکے جمہور علمائے احناف اور دیگر اکابر علمائے دیوبند کا مفتی بہ قول ذکر کیا ہے، فتاوی کے شروع میں حضرت گنگوہی کی مختصر سوانح بھی ذکر کی ہے، اب یہ فتاوی تبویب، ترتیبِ جدید اور تخریج وتحقیق کے ساتھ اشاعت اکیڈمی پشاور سے شائع ہوئے ہیں۔

۳... فتاوی مظاہر علوم المعروف بہ فتاوی خلیلیہ

حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۴۶ھ) متعدد علوم وفنون کے متبحر عالم تھے، تاہم حدیث وفقہ سے آپ کو خاص مناسبت تھی، اور یہ مناسبت حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمہ اللہ جیسی فقیہ النفس شخصیت کی سرپرستی اور شفقت وعنایت کی وجہ سے آپ میں پیدا ہوئی تھی۔ آپ کی شانِ تفقہ اور فقہی بصیرت کا سب سے پہلا نمونہ حضرت گنگوہی رحمہ اللہ سے فقہی اعتراضات وجوابات ہیں، جن میں فقہ کی بعض اہم ترین کتابوں خصوصاً ہدایہ کی بعض عبارتوں اور دقائق کو حل کرنے کی درخواست کی گئی تھی، چنانچہ آپ کے خطوط کے جواب میں حضرت گنگوہی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

شبہات ہدایہ آپ نے کیا لکھے، اجتہادیات کی لِم (حقیقت) کا استفسار ہے، یہ وہ مقام ہے کہ بندہ اس مقام پر طلبہ سے بیان کرتا

---

(۷۹) کتاب الفتاوی: ۱/ ۲۳۹، ۲۴۰.

Marfat.com

ہے اور طلبہ آج تک قبول کرتے رہتے ہیں، مگر تم ماشاء اللہ ذکی آدمی ہو، اگر کوئی شبہ، خدشہ کروگے تو پھر شروح کی طرف رجوع کرنا ہوگا۔ (۸۰)

اور حضرت گنگوہی رحمہ اللہ آپ کی باریک بینی اور ہدایہ کی عبارت پر شبہات کی قوت کا اعتراف اس طرح کرتے ہیں:

تم جیسے ذکی کا جواب مجھ جیسے مٹھے (۸۱) سے کیسے ہوگا؟

استفسارات آپ کے سب کے سب قوی ہیں، ہر ایک کا جواب نہیں دے سکتا۔ (۸۲)

ماضی قریب کے مشہور عالم و مفکر حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ آپ کی شانِ تفقہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

ہمارے اس عہد میں جن چیدہ اور برگزیدہ علماء کو اس دولت علم و حکمتِ دین سے بہرہ وافر ملا، جس کو حدیث صحیح میں "مَنْ يُرِدِ اللهُ بِهِ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ" (۸۳) کے عمیق و جامع الفاظ سے ادا کیا گیا ہے، ان میں حضرت مولانا خلیل احمد سہارنپوری رحمہ اللہ خاص مقام رکھتے ہیں۔ اور اس کے حامل و متصف کو فقیہ النفس کے لفظ سے ہماری قدیم کتابوں میں یاد کیا گیا ہے۔ (۸۴)

یہ فتاوی علامہ خلیل احمد سہارنپوری رحمہ اللہ کے ہیں، یہ آپ کے اُن فتاوی کا مجموعہ ہے جو آپ نے مظاہر علوم کے دار الافتاء سے جاری فرمائے تھے، اسی لئے اس کو "فتاوی مظاہر علوم" کہتے ہیں، اور آپ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اس کو "فتاوی خلیلیہ" بھی کہتے ہیں، ان فتاوی کو مولانا سید خالد صاحب نے مرتب کیا ہے، اس فتاوی کے شروع میں حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ کا قیمتی پیش لفظ ہے، مولانا محمد شاہد صاحب سہارنپوری نے "مقدمہ و تعارف" کے عنوان سے ۴۰ صفحات پر حضرت شیخ کی تفصیلی سوانح اور اس فتاوی کا تعارف کیا گیا ہے، مرتب نے فقہی ابواب کی ترتیب پر تعلیق و تخریج کے ساتھ اس کی افادیت میں اضافہ کر دیا ہے، یہ فتاوی ۴۷۰ صفحات میں مکتبۃ الشیخ بہادر آباد سے شائع ہوئے ہیں۔

۴... عزیز الفتاوی

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۹۶ھ) نے حضرت مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۴۷ھ) کے ۱۳۲۹ھ سے ۱۳۳۴ھ تک لکھے گئے فتاوی کو جمع کیا ہے، مفتی صاحب کے فتاوی کے کل چودہ ضخیم رجسٹروں میں

---

(۸۰) تذکرۃ الخلیل: ص ۸۳

(۸۱) کند ذہن

(۸۲) تذکرۃ الرشید: ۱/ ۱۶۲

(۸۳) صحيح البخاري: كتاب العلم، باب من يرد الله به خيرا يفقهه في الدين، ۱/ ۲۵، رقم الحديث: ۷۱

(۸۴) مقدمۃ فتاوی خلیلیہ: ۱/ ۴

Marfat.com

سے مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ نے صرف دو رجسٹروں کے فتاوی کو مرتب فرمایا تھا، بقیہ بارہ رجسٹروں کے فتاوی مفتی محمد ظفیر الدین مفتاحی رحمہ اللہ نے مرتب کیا، حضرت مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ نے دار العلوم دیوبند میں قیام کے دوران اس فتاوی کو مرتب کیا، اور اس کے ساتھ اپنے لکھے ہوئے فتاوی کو بھی "امداد المفتیین" کے نام سے جمع کیا، یہ مجموعہ پہلے ماہنامہ "المفتي" سے شائع ہوتا رہا پھر دیوبند ہی سے آٹھ حصوں میں شائع ہوا، اس فتاوی میں حضرت مفتی عزیز الرحمٰن رحمہ اللہ کے فتاوی "عزیز الفتاوی" اور حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کے فتاوی "امداد المفتیین" کے نام سے جمع ہیں، یہ فتاوی چونکہ قیام دیوبند کے دوران مرتب کئے گئے اس لئے اس کو "فتاوی دار العلوم دیوبند" بھی کہتے ہیں۔ دار الاشاعت کراچی سے ترتیبِ جدید، تعلیق و تخریج اور اضافات کے ساتھ یہ دو جلدوں میں چھپ گئے ہیں۔

۵... امداد الفتاوی

حکیم الامت مجددِ ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۶۲ھ) کی خدمات یوں تو ہمہ جہت ہیں، لیکن آپ کی خدمات کے دو عناوین (فقہ اور تصوف) سب سے زیادہ نمایاں ہیں، چنانچہ آپ نے فقہ میں مہارت کی بناء پر طالب علمی کے زمانہ سے ہی حضرت مولانا یعقوب صاحب نانوتوی رحمہ اللہ کی رہنمائی میں فتاوی نویسی شروع کر دی تھی، پھر جب کانپور تشریف لے گئے تو وہاں بھی نمایاں طور پر آپ نے افتاء کی خدمت انجام دی اور آخر میں جب آپ کا قیام تھانہ بھون میں تھا تو یہاں بھی کثرت سے استفتاءات کے جوابات تحریر فرمایا کرتے تھے۔

فقہ و فتاوی میں آپ کے کام کا جو انداز تھا، ان میں سے چند قابل تقلید خصوصیات کا ذکر یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے:

۱... فقہی مسائل میں نصوص سے اعتناء علمائے دیوبند کی خصوصیت رہی ہے، چنانچہ آپ میں بھی یہ وصف بدرجہ اتم پایا جاتا تھا، یہاں تک کہ آپ نے نص قرآنی سے احکام کے استنباط کے سلسلہ میں باضابطہ "دلائل القرآن على مسائل النعمان" اور نص حدیث سے مسائل کے استنباط کے تعلق سے "إعلاء السنن" لکھنے کا مستقل ارادہ فرمایا تھا، جس کو آپ کے شاگردوں نے مکمل کیا۔

۲... آپ فقہاء کی جزئیات سے عموماً نہیں ہٹتے تھے، اور فقہ و فتاوی میں اجتہادی شان رکھنے کے باوجود اپنی انفرادی رائے اختیار کرنے کو ناپسند کرتے تھے۔

۳... جس مسئلہ میں صریح جزئیہ نہ ملے وہاں اصول و قواعد کی روشنی میں جواب تو لکھ دیتے تھے مگر یہ تنبیہ ضرور کر دیتے تھے کہ یہ جواب اس بنیاد پر ہے کہ صریح جزئیہ نہیں ملا، اس لئے دوسرے علماء سے بھی مراجعت کر لی جائے اور اختلاف ہو تو مطلع کیا جائے۔

۴... آلاتِ جدیدہ اور معاملاتِ جدیدہ میں ابتلائے عام اور یسر و سہولت کے پہلو کو ہمیشہ سامنے رکھتے تھے تاکہ لوگ شریعت سے تنفر ہو کر حرام میں نہ پڑ جائیں۔

Marfat.com

۵... معاملات میں آسانی وسہولت اور ابتلائے عام پر نظر کرتے ہوئے بسااوقات مذہب کی ضعیف روایت کو اصول فقہ کے دائرہ میں رہتے ہوئے اختیار کرلیتے تھے۔

۶... اگر اپنے مذہب میں معاملات میں آسانی وسہولت کی گنجائش نہ ہوتو دوسرے ائمہ متبوعین کے مذاہب سے بھی استفادہ کرتے تھے اور اس کو "عدول عن الدین إلی الدین" قرار دیتے تھے، چنانچہ "الحیلة الناجزة" اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔

۷.. پیچیدہ مسائل میں آپ ہمیشہ اپنے اکابر اور علمائے عصر سے رجوع کرتے تھے، شروع میں حضرت مولانا یعقوب صاحب رحمہ اللہ سے، پھر حضرت گنگوہی رحمہ اللہ سے رجوع کرتے رہے اور حضرت گنگوہی رحمہ اللہ کی وفات کے بعد اپنے شاگردانِ رشید سے بھی مشورہ کرنے میں جھجھک محسوس نہیں کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ علماء کے لئے مشورہ کی پابندی ضروری ہے، ضابطہ کے بڑے نہ رہیں تو چھوٹے ہی سہی۔

۸... حاضرین اور عام علماء کو بھی بار بار تاکید کرتے تھے کہ میرے کسی فتوی اور تحقیق سے کسی کو اختلاف ہو تو اس پر ضرور متنبہ کیا جائے اور متنبہ کئے جانے پر اپنی رائے سے رجوع کرلیتے تو اس کو خانقاہ سے نکلنے والے ماہنامہ "النور" میں شائع بھی کردیتے تھے اور اس کے لئے آپ کے یہاں ایک مستقل عنوان "ترجیح الراجح" کا ہوا کرتا تھا، جس کو بعد میں آپ کے مجموعہ فتاوی میں "تصحیح امداد الفتاوی" اور "اصلاح تسامح" کے عنوان سے شامل کیا گیا تھا، آپ یہ بھی فرماتے تھے کہ بندہ نے آئندہ کے لئے ایک کافی جماعت اہل علم ودیانت کی اس کام کے لئے مخصوص کردی ہے کہ میری تمام تحریرات کو نظر تنقید سے دیکھ لیا جائے، جو ان کی رائے میں قابل اشاعت نہ ہوں ان کو یا حذف کردیں یا نشان بنادیں تاکہ ان کو کوئی شائع نہ کردے۔ (۸۵)

۹... آپ نے نئے مسائل میں امت کی رہنمائی کے لئے باضابطہ "حوادث الفتاوی" کے عنوان سے مسائل لکھے، جو آپ کے مجموعہ فتاوی میں جابجا شامل ہیں۔

۱۰... آپ کی ایک اہم خصوصیت یہ تھی کہ اپنی ذات وعمل سے متعلق کوئی مسئلہ پیش آتا تو احتیاط کی وجہ سے اپنے فتوی پر عمل نہیں کرتے تھے بلکہ اس سلسلہ میں دوسرے اربابِ افتاء سے فتوی لے کر عمل کرتے تھے، اگرچہ وہ دوسرے آپ سے چھوٹے ہی کیوں نہ ہوں۔

"امداد الفتاوی" آپ کے بیش قیمت فتاوی کا مجموعہ ہے، اولاً ۱۳۲۵ھ تک کے فتاوی جمع کئے گئے تھے، جن میں دار العلوم دیوبند، جامع العلوم کانپور اور تھانہ بھون، تینوں زمانوں کے فتاوی کو جمع کیا گیا تھا، ۱۳۲۵ھ کے بعد کے فتاوی "تتمہ امداد الفتاوی" کے نام سے شائع ہوتے رہے، مگر آپ کی وفات کے بعد ۱۳۷۱ھ میں مفتی شفیع صاحب رحمہ اللہ نے مولانا ظہور احمد رحمہ اللہ کے تعاون سے نئی

(۸۵) اشرف المقالات: ص ۳۴۸

Marfat.com

ترتیب وتبویب کے ساتھ اِسے چھ جلدوں میں مرتب کیا، آپ کے فتاوی اپنی گہرائی اور گیرائی کی وجہ سے ہندو پاک اور بنگلہ دیش بلکہ عالم اسلام کے تمام اردو دان علما کے لئے مرجع وماٰخذ کا درجہ رکھتے ہیں۔

حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ نے اس فتاوی کا نام "امداد الفتاوی" اپنے شیخ ومرشد حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمہ اللہ کے نام پر رکھا (امداد الفتاوی: مقدمہ از مصنف ص۶۱) اس فتاوی کے شروع میں حضرت شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ نے بارہ صفحات پر نہایت جامع انداز میں حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کی سوانح لکھی ہے، امداد الفتاوی کی خصوصیات کے لئے دیکھیں: [۸۶]

ترتیب جدید، تبویب، تعلیق وتخریج کے ساتھ یہ فتاوی چھ جلدوں میں مکتبہ دار العلوم کراچی سے شائع ہوا ہے۔

۶... امداد الاحکام

یہ فتاوی محقق العصر علامہ ظفر احمد عثمانی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۹۴ھ) اور حضرت مولانا مفتی عبد الکریم صاحب گمتھلوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۶۸ھ) کے ہیں، یہ دو ہزار ایک سو اکہتر (۲۱۷۱) فتاوی پر مشتمل ہے، جس میں پانچ سو ایک (۵۰۱) فتاوی مولانا مفتی عبد الکریم صاحب کے ہیں اور بقیہ حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی رحمہ اللہ کے تحریر کردہ ہیں، بعض فتاوی حضرت حکیم الامت رحمہ اللہ کے تحریر فرمودہ ہیں۔ علامہ ظفر احمد عثمانی رحمہ اللہ کے فتاوی ۸ محرم ۱۳۴۰ھ سے ۱۲ شوال ۱۳۵۸ھ تک کے ہیں، اور مولانا مفتی عبد الکریم صاحب کے ۱۴ شوال ۱۳۴۳ھ سے ۶ صفر ۱۳۵۵ھ تک کی مدت میں لکھے گئے ہیں، یہ مجموعہ علامہ ظفر احمد عثمانی رحمہ اللہ کی زندگی کی ۱۸ سالہ محنت کا نتیجہ ہے، اللہ تعالی نے موصوف کو علم حدیث اور رجال میں خوب تبحر عطا کیا تھا، اس کی زندہ وجاوید مثال "إعلاء السنن" ہے، اس میں آپ نے فقہ حنفی کے نقلی دلائل یعنی احادیث وآثار کی محدثانہ مباحث کو نہایت تحقیق وتدقیق اور محنتِ شاقہ کے ساتھ بیس سال کے عرصے میں جمع کیا، یہ ایسا علمی کارنامہ انجام دیا ہے کہ اس کی نظیر چودہ سو سال کے عرصے میں نہیں ملتی، آپ کے اس محدثانہ ذوق کی جھلک فتاوی میں بھی نظر آتی ہے، آپ کے قلم سے لکھے ہوئے فتاوی میں احادیث کی مباحث نہایت شرح وبسط کے ساتھ محدثانہ اصول پر لکھی گئی ہیں، بعض فتاوی تو مستقل رسالوں کی صورت اختیار کر گئے ہیں، حضرت حکیم الامت کو آپ کے فتاوی پر مکمل اعتماد تھا، چنانچہ "تمہید امداد الفتاوی" میں آپ لکھتے ہیں:

برخوردار سلمہ (مولانا ظفر احمد صاحب) کے فتاوی پر مجھے تقریباً ایسا ہی اطمینان ہے جیسا کہ خود اپنے لکھے ہوئے فتاوی پر ہے۔ اسی لئے اس کا نام "امداد الاحکام ضمیمہ امداد الفتاوی" تجویز کرتا ہوں، یہ فتاوی "امداد الفتاوی" کا تکملہ ہے۔ یہ فتاوی مفتی اعظم پاکستان مفتی

==========

[۸۶] امداد الفتاوی: مقدمہ، ۱/ ۵۲ تا ۵۷

Marfat.com

رفیع عثمانی صاحب مدظلہ کے ۷۰ صفحات پر مشتمل نہایت علمی و تحقیقی مقدمے کے ساتھ تین جلدوں میں مکتبہ دارالعلوم کراچی سے شائع ہوا ہے۔

۷... کفایت المفتی

حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ دہلوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۷۲ھ) کا سب سے بڑا قلمی سرمایہ آپ کے گہربار قلم سے لکھے گئے آپ کے فتاوی کا مجموعہ ہے، جس کو آپ کے فرزند اکبر مولانا حفیظ الرحمٰن واصف نے مرتب کیا ہے، اس کی کل ۹ جلدیں ہیں لیکن چونکہ ہمیشہ آپ کے فتاوی کی نقل محفوظ نہیں کی جاسکی اس لئے آپ کے تمام فتاوی اس مجموعہ میں نہیں آسکے، یہاں تک کہ اگر یہ کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کہ آپ کی فتاوی نویسی کی پچپن سالہ زندگی میں سے زیادہ سے زیادہ پچیس سال کے فتاوی ہی کو جمع کیا جاسکا ہے، ورنہ ۹ جلدوں کی جگہ ۱۹ جلدیں ہو سکتی تھیں، چنانچہ خود مرتبِ فتاوی لکھتے ہیں:

۱۳۱۶ھ مطابق ۱۸۹۸ء سے فتوی لکھنا شروع کیا اور ۱۳۲۱ھ مطابق ۱۹۰۳ء میں دہلی تشریف لائے، لیکن مدرسہ امینیہ میں نقول فتاوی کا سب سے پہلا رجسٹر ربیع الاول ۱۳۵۲ھ سے شروع ہوتا ہے، یعنی چھتیس (۳۶) برس فتوی لکھنے کے بعد نقلِ فتاوی کا انتظام ہوا مگر یہ انتظام بھی ناکافی و ناقص تھا۔ مدرسہ کے رجسٹر میں آخری فتوی ۱۹۴۴ء کا ہے، اس کے بعد آپ کی وفات تک آٹھ برس کے زمانہ میں صرف پچیس فتوی درج ہوئے۔ اندراج فتاوی کے لئے کوئی مستقل محرر کبھی نہیں رکھا گیا۔

آپ مدرسہ امینیہ کے ساتھ جمعیۃ علمائے ہند کے دارالافتاء کے بھی صدر مفتی تھے اور سہ روزہ "الجمعیۃ" میں "حوادث واحکام" کے عنوان سے آپ کے فتاوی شائع ہوتے تھے، مگر "الجمعیۃ" کا ریکارڈ بھی مفتی اعظم کے تمام فقہی ذخیرہ کا حامل نہیں بن سکا۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ کی سرپرستی میں دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی کے اربابِ افتاء نے بڑی محنت اور قابلیت کے ساتھ اس فتاوی کی نئی تبویب اور تخریج و تعلیق کا کام کیا ہے، اس میں انہوں نے ہر تخریج طلب مسئلے کی تخریج کی ہے، جس میں امہاتِ کتب کی طرف مراجعت کرکے مکمل عبارات نقل کی ہیں، ہر مسئلے کی تخریج میں کم از کم تین حوالے نقل کئے ہیں، ہندوستانی قدیم نسخوں کی طرف مراجعت کرکے عبارات کی تصحیح کی ہے، از سرِ نو تبویب کا اہتمام کیا، اردو کے قلیل الاستعمال الفاظ اور ہندی، فارسی کے الفاظ کی بھی وضاحت کی ہے، اس لئے یہ موجودہ نسخہ چودہ جلدوں پر مشتمل نہایت ہی افادیت کا حامل ہے۔

۸... فتاوی رحیمیہ

یہ حضرت مولانا قاری مفتی سید عبدالرحیم صاحب لاجپوری رحمہ اللہ کے فتاوی ہیں، اس فتاوی کے شروع میں کئی اکابر اہلِ علم کی تقریظات ہیں، یہ فتاوی تحقیق و تدقیق کے اعتبار سے نہایت بلند پایہ ہیں، اِن کا انداز محققانہ ہے، اس میں صرف فقہی کتب کے حوالے نہیں بلکہ احادیث و آثار کا بھی بیش بہا ذخیرہ ہے، مسئلہ تقلید کے متعلق تفصیلی مباحث ذکر کئے ہیں، غیر مقلدین کے اشکالات کے بحوالہ جوابات دیئے ہیں، حیاتِ عیسی علیہ السلام کا تفصیلاً ذکر کیا ہے، بعض مسائل پر اس قدر تحقیق ذکر کی ہے کہ وہ رسالے کی صورت اختیار کر

Marfat.com

گئی ہے، ان کا انداز نہایت عام فہم اور سلیس ہے، اس کے مطالعہ سے ایک لذت وحلاوت اور روحانی کیفیت محسوس ہوتی ہے، جوابات نہایت تشفی بخش ہوتے ہیں، اس فتاوی پر حضرت مولانا مفتی صالح محمد اوکاڑوی صاحب شہید رحمہ اللہ نے نہایت عرق ریزی کے ساتھ ترتیب، تبویب اور تعلیق و تخریج کرکے اس کی افادیت بڑھادی ہے، یہ فتاوی دارالاشاعت کراچی سے پانچ جلدوں میں چھپ گئے ہیں۔

۹... امداد المفتین

مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۹۶ھ) حضرت مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی رحمہ اللہ کے خصوصی شاگرد اور تربیت یافتہ تھے، مفتی صاحب کو آپ پر بڑا فخر اور اعتماد تھا، چنانچہ آپ کی تدریس کے آغاز ہی سے آپ کے استاذ بعض استفتاء آپ کے حوالے کردیتے تھے اور جب ۱۳۴۴ھ میں مفتی عزیز الرحمٰن دارالعلوم سے مستعفی ہوگئے تو چند سال مولانا ریاض الدین وغیرہ مختلف علماء سے افتاء کی خدمت متعلق رہی، پھر ۱۳۴۹ھ میں مفتی شفیع صاحب کو دارالافتاء میں صدر مفتی کے جلیل القدر منصب پر فائز کیا گیا اور ۱۳۶۲ھ تک آپ نے اس عہدہ پر فائز رہ کر تقریباً چالیس ہزار فتاوی تحریر کئے۔

۵ ربیع الاول ۱۳۶۲ھ میں آپ دارالعلوم سے مستعفی ہوگئے لیکن عوام وخواص کے رجوع اور اپنے شیخ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کی ہدایت کی بناپر افتاء کا سلسلہ جاری رکھا، تاہم ۱۳۶۲ھ سے ۱۳۷۱ھ تک نو سالوں میں جو فتاوی آپ کے گہربار قلم سے نکلے انہیں محفوظ نہیں کیا جاسکا، پھر ۱۳۷۱ھ (۱۹۵۲ء) میں آپ نے دارالعلوم کراچی کے شعبہ افتاء سے ۱۹۵۹ء تک جو فتاوی لکھے ان کی نقل محفوظ کی گئی، جن کی تعداد ستر ہزار نو سو بارہ (۷۰۹۱۲) ہیں، ان کے علاوہ مقدمات کے فیصلے اور زبانی فیصلے اور زبانی فتووں کی تعداد بے شمار ہے۔

آپ نے جدید مسائل کو اجتماعی آراء سے حل کرنے کے لئے ایک مجلس بھی "مجلس تحقیق مسائل حاضرہ" کے نام سے قائم کی تھی، جس میں محدث العصر علامہ یوسف بنوری، فقیہ العصر مفتی رشید احمد رحمہما اللہ اور دارالعلوم کراچی اور شہر کے خاص خاص اہل علم شریک ہوتے تھے اور ہر ماہ اس مجلس کے تحت اجلاس منعقد ہوتے تھے اور پیش آمدہ مسائل کی اجتماعی طور پر تحقیق کی جاتی تھی۔

کہا جاسکتا ہے کہ آپ کی زندگی کے مختلف پہلوؤں میں سب سے نمایاں اور سب سے غالب پہلو جس کا تسلسل کبھی ختم نہیں ہوا وہ خدمت افتاء ہی ہے، چنانچہ فراغت کے فوری بعد سے اپنی زندگی کے آخری لمحات تک آپ نے اپنے کو اس کام میں مصروف رکھا، یہاں تک کہ آپ کی زندگی کا سب سے آخری کام بھی فتوی نویسی ہی کا کام تھا، چنانچہ اپنی وفات سے صرف چند گھنٹے قبل بھی آپ نے ایک استفتاء کا جواب لکھوایا تھا۔

آپ کے فقہی مقام کا اندازہ آپ کے فتاوی کو دیکھ کر بخوبی لگایا جاسکتا ہے، نیز عوام وخواص کا آپ کی طرف رجوع اور اکابر علماء کا آپ پر اعتماد بھی فقہ وفتاوی میں آپ کے عالی مقام کا پتہ دیتے ہیں، چنانچہ مفتی اعظم ہند مفتی عزیز الرحمٰن رحمہ اللہ، محدث العصر علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ اور حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ تو آپ پر اعتماد کرتے تھے۔

Marfat.com

فتاوی نویسی میں آپ کا جو منہج اور طریقہ کار تھا اُسے درج ذیل نکات میں بیان کیا جاسکتا ہے:

۱... سب سے پہلے آپ یہ دیکھتے تھے کہ استفتاء جواب دینے کے لائق ہے یا نہیں، کیوں کہ بسا اوقات فتوی حاصل کرنے کا مقصد عمل کرنا یا علم میں اضافہ کرنا نہیں بلکہ مخالف کو زیر کرنا یا فتنہ پیدا کرنا ہوتا ہے، اس لئے آپ ایسے استفتاء کا جواب نہیں لکھتے تھے، بلکہ نصیحت کردیا کرتے تھے، چنانچہ ایک صاحب کا استفتاء آیا کہ فلاں امام صاحب فلاں فلاں آداب کا خیال نہیں رکھتے، کیا انہیں ایسا کرنا چاہئے؟ تو آپ نے جواب لکھا کہ یہ سوال تو خود امام صاحب کے پوچھنے کا ہے، انہیں کہئے کہ وہ تحریر اًیاز بانی معلوم کرلیں۔

۲... نظریاتی (غیر عملی) سوالات کی آپ حوصلہ شکنی کیا کرتے تھے، چنانچہ آپ سے پوچھا گیا "یزید کی مغفرت ہوگی یا نہیں؟" آپ نے جواب دیا "یزید سے پہلے اپنی مغفرت کی فکر کرنی چاہئے"۔

۳... فتاوی لکھتے وقت آپ اس پہلو سے بھی بہت غور کرتے تھے کہ اس جواب کا نتیجہ کیا ہوگا، مثلاً کوئی مباح چیز ہے مگر اس سلسلہ میں کھلی چھوٹ دینے سے معصیت تک پہنچنے کا اندیشہ ہے، ایسے وقت میں فتوی کے بجائے مشورہ لکھا کرتے تھے کہ یہ عمل مناسب نہیں ہے، یا اس سے گریز کرنا چاہئے۔

۴... فتوی کی عبارت میں آپ فقہی اصطلاحات سے بہت گریز کرتے تھے اور ایسا لکھتے تھے کہ فقہ کی شوکت اور فقہی باریکیاں بھی برقرار رہیں اور عام لوگوں کے لئے سمجھنا بھی آسان ہو، مثلاً ترکہ کے مسئلہ میں عموماً جواب اس طرح لکھتے ہیں: مرحوم کا جملہ ترکہ بعد تقدیم حقوق متقدمہ علی الارث حسبِ ذیل طریقہ پر تقسیم ہوگا۔ اب جو شخص حقوق متقدمہ علی الارث سے واقف نہ ہو اور دین سے اس بے اعتنائی کے دور میں انہیں اس کا مطلب بتانے والا بھی کوئی نہ ہو تو وہ ترکہ کس طرح تقسیم کریں گے؟ اس لئے آپ وراثت کے مسئلہ میں جواب اس طرح لکھتے ہیں:

صورت مسئولہ میں مرحوم نے جو کچھ نقدی، زیور، جائیداد، یا چھوٹا بڑا سامان چھوڑا ہو اس میں سے پہلے مرحوم کی تجہیز و تکفین کے متوسط اخراجات نکالے جائیں، پھر اگر مرحوم کے ذمہ قرض ہو تو وہ ادا کیا جائے اور بیوی کا مہر اگر ابھی ادا نہیں ہوا ہو تو وہ بھی دین میں شامل ہے، اس کو ادا کیا جائے، پھر اگر مرحوم نے کوئی جائز وصیت کسی غیر وارث کے حق میں کی ہو تو ۱/۳ کی حد تک اس کے مطابق عمل کیا جائے گا، اس کے بعد جو ترکہ بچے اسے حسبِ ذیل تفصیل کے مطابق تقسیم کیا جائے گا۔

۵... کسی مسئلہ کا جواب مفصل ومدلل لکھنا ہو تو آپ تمہید اور دلائل کے ساتھ فتوی نہیں لکھتے تھے بلکہ اصل مسئلہ کا مختصر اور سادہ حکم لکھتے تھے تاکہ طالب کا مقصد پہلے ہی جملہ سے پورا ہو جائے اور ایسا اختلاط نہ ہو کہ عام آدمی کے لئے مسئلہ سمجھنا مشکل ہو جائے، اس کے بعد دلائل وغیرہ کی تفصیل لکھتے تھے، تاکہ علماء اور دلائل معلوم کرنے والوں کو بصیرت حاصل ہوسکے۔

۶... اگر سوال کرنے والے نے گڈمڈ کرکے مفصل استفتاء لکھا ہو اور اس میں کچھ زائد باتیں بھی آگئی ہوں جن سے حکم پر کوئی اثر نہ پڑتا ہو تو آپ پہلے ان سوالات کا تجزیہ کرکے انہیں نمبر وار لکھتے تھے پھر ان کے جوابات بھی نمبر وار تحریر فرماتے تھے۔

Marfat.com

۷... کسی مسئلہ کی طرف آپ کا میلان ہوتا اور اکابر سے اس سلسلہ میں واضح رائے نہیں ملتی تو آپ "تفرد" اختیار کرنے اور اپنی الگ رائے لکھنے سے بہت گریز کرتے تھے اور اس سے آپ کو سخت نفرت تھی، چنانچہ ایسے سوالات کو مؤخر کر دیتے تھے اور کافی تلاش و جستجو کے بعد جب اکابر کی تائید حاصل ہو جاتی تب آپ اس کا جواب لکھتے تھے تاکہ الگ الگ لوگوں کی آراء کی وجہ سے امت انتشار کا شکار نہ ہو۔

"امداد المفتیین" حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمہ اللہ کے ۱۳۴۹ھ سے ۱۳۶۲ھ تک لکھے گئے فتاوی کا مجموعہ ہے، جو آپ نے دار العلوم دیوبند کے صدر مفتی ہونے کی حیثیت سے لکھے تھے، آپ کے قلم سے جاری فتاوی کی تعداد تقریباً گیارہ ہزار ہے (عزیز الفتاوی: مقدمہ) جن میں سے یہ ایک حصہ "امداد المفتیین" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ حضرت تھانوی کے فتاوی کا نام "امداد الفتاوی" تھا تو آپ نے اس مناسبت سے اس فتاوی کا نام "امداد المفتیین" رکھا، اسے آپ نے خود پہلے آٹھ مختصر جلدوں میں مرتب کیا تھا جو دار الاشاعت دیوبند سے شائع ہوئے تھے، لیکن اس وقت فتاوی میں تبویب و ترتیب نہ تھی، جس کی وجہ سے مسئلہ نکالنا کافی مشکل تھا، پاکستان ہجرت کے بعد حضرت نے "عزیز الفتاوی" اور "امداد المفتیین" دونوں کی علیحدہ علیحدہ تبویب و ترتیب کرا کر بہت سی اصلاحات کے بعد ۱۳۸۳ھ میں کراچی سے یہ عظیم الشان ذخیرہ دو جلدوں میں دار الاشاعت کراچی سے شائع ہوا، پہلی جلد میں "عزیز الفتاوی" اور دوسری جلد میں "امداد المفتیین" ہے، چونکہ یہ دونوں فتاوی دار العلوم دیوبند میں لکھے گئے اس لئے آپ نے اپنی زندگی میں ان دونوں فتاوی کو "فتاوی دار العلوم دیوبند" کے نام سے شائع کیا۔

۱۰... فتاوی محمودیہ

فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۱۷ھ) کے فتاوی کا مجموعہ ہے، ۲۶ جمادی الاولی ۱۳۸۵ھ مطابق ۲۳ ستمبر ۱۹۶۵ء کو آپ نے دار الافتاء دار العلوم دیوبند میں صدر مفتی کی حیثیت سے افتاء کا آغاز کیا، آپ نے تقریباً دس ہزار استفتاء کے جوابات تحریر فرمائے ہیں، اس لئے بجا طور پر دنیا آپ کو "فقیہ الامت" کے لقب سے یاد کرتی ہے، آپ کے ان فتاوی کو مولانا فاروق صاحب نے مرتب کیا ہے، آپ کے اس فتاوی میں نو ہزار آٹھ سو پچاسی (۹۸۸۵) استفتاء اور بارہ ہزار پانچ سو ستتر (۱۲۵۷۷) مسائل ہیں، شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مد ظلہ کی سرپرستی میں دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی کے ارباب افتاء نے نہایت عرق ریزی کے ساتھ اس فتاوی کو نئی تبویب اور تخریج و تعلیق کے ساتھ چھاپا ہے، ہر مسئلے کی تخریج میں کم از کم تین حوالے نقل کئے ہیں، دار الافتاء کی طرف سے اس فتاوی پر کئے گئے کام کی تفصیلات کے لئے "فتاوی محمودیہ پر کام کی نوعیت" (فتاوی محمودیہ: ۱/ ۱۷۱۶۶۶) کا مطالعہ کریں۔

۱۱... احسن الفتاوی

یہ فتاوی فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی رشید احمد صاحب رحمہ اللہ کے ہیں۔

Marfat.com

فتاوی نویسی کا کام آپ نے فراغت کے بعد ۱۳۶۲ھ سے ہی شروع کر دیا تھا، جب آپ مدینۃ العلوم بھینڈو (ضلع حیدر آباد، سندھ) میں مدرس تھے، لیکن یہاں دار الافتاء کی مکمل ذمہ داری آپ پر ۱۳۶۶ھ میں ڈالی گئی اور ۱۳۶۹ھ تک آپ بیک وقت شیخ الحدیث، صدر مدرس اور صدر مفتی رہے، پھر ۱۳۷۰ھ میں جب جامعہ دار العلوم کراچی گئے تو وہاں اگرچہ آپ شیخ الحدیث رہے اور افتاء کی ذمہ داری باضابطہ آپ سے متعلق نہیں کی گئی، لیکن زیادہ اہم اور پیچیدہ مسائل سے متعلق استفتاءات آپ ہی کے سپرد کئے جاتے تھے، نیز ۱۳۸۱ھ میں جب دار العلوم نے تخصص فی الفقہ کا شعبہ شروع کیا تو اس میں مربی کی حیثیت سے آپ ہی کا نام منتخب کیا گیا، پھر آپ نے ۱۳۸۳ھ سے ایک علیحدہ فقہی اور اصلاحی ادارہ "دار الافتاء والارشاد" کی بنیاد ڈالی اور مستقل اس پلیٹ فارم سے آپ نے فقہ و فتاوی کی خدمات انجام دیں۔

مفتی صاحب کے علمی و قلمی سرمایوں میں سب سے اہم سرمایہ آپ کے فتاوی کا مجموعہ "إحسن الفتاوی" ہے، آپ کے فتاوی کی بڑی تعداد محفوظ نہیں کی جا سکی، جیسا کہ آپ کے حالات لکھنے والوں نے لکھا ہے کہ ۱۳۶۲ھ سے ۱۳۷۰ھ تک فتاوی کی نقل رکھنے کا اہتمام نہیں کیا گیا اور ۱۳۷۱ھ سے ۱۳۷۶ھ تک کل دو ہزار پچیس (۲۰۲۵) فتاوی آپ نے تحریر فرمائے، مگر ان میں سے صرف چار سو اکیاون (۴۵۱) فتاوی نقل ہو سکے، آپ کے ابتدائی دور کے فتاوی کا مجموعہ سب سے پہلے ۱۳۷۹ھ میں شائع ہوا تھا، ۱۳۸۳ھ سے جدید سلسلہ کا آغاز ہوا اور اب یہ مجموعہ نو ضخیم جلدوں میں طبع شدہ ہے۔

حضرت مفتی صاحب نئے مسائل پر بڑی گہری نظر رکھتے تھے، اور ٹھوس دلائل کے ساتھ مفصل جواب لکھا کرتے تھے، آپ کے بہت سے فتاوی رسائل کی شکل اختیار کئے ہوئے ہیں، جنہیں اس مجموعہ میں شامل کر لیا گیا ہے، آپ کے رسائل کی فہرست احسن الفتاوی: ۱/ ۱۸، ۱۹، ۵۶۹، پر ہے، اس میں سے اکثر رسائل احسن الفتاوی میں شامل کر دیئے گئے ہیں، فتوی نویسی میں ہر مفتی کا انداز و اسلوب جدا ہوتا ہے، اس لئے بعض مسائل میں اہلِ علم و افتاء کے لئے اختلاف کی گنجائش باقی رہتی ہے، امام مالک رحمہ اللہ کا قول ہے:

كل أحد يؤخذ من قوله ويترك إلا صاحب هذا القبر.

۱۲... فتاوی حقانیہ

یہ جامعہ دار العلوم حقانیہ سے جاری ہونے والے گرانقدر فتاوی پر مشتمل ہے، دار العلوم حقانیہ کی بنیاد ۱۹۴۷ء بمطابق ۱۳۶۶ھ کو رکھی گئی، اس کی ابتداء ایک چھوٹی سی مسجد سے ہوئی مگر اللہ تعالی کو منظور تھا کہ یہ ادارہ علوم و معارف کا گنجینہ بنے، پھر وہ وقت بھی آیا کہ دار العلوم حقانیہ کی تبلیغی، تعلیمی اور دینی خدمات کی وجہ سے دار العلوم دیوبند کے مہتمم حضرت مولانا قاری طیب صاحب رحمہ اللہ نے اِسے "دیوبند ثانی" کا خطاب دیا۔

یہ فتاوی چونکہ شیخ الحدیث حضرت مولانا عبد الحق صاحب رحمہ اللہ کی نگرانی میں لکھے گئے اس لئے ان کو انہی کی طرف منسوب کیا گیا اور اس مجموعے کا نام "فتاوی حقانیہ" رکھا گیا، فتاوی کے استناد کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ دار العلوم حقانیہ جیسے مستند ادارے سے شائع

Marfat.com

ہوئے ہیں، ماہنامہ الحق میں شائع ہونے والے بعض مفید مضامین اور مقالات بھی اس میں شامل کے گئے ہیں، اس کی ابتدا میں فقہی مباحث پر مشتمل ایک نہایت علمی و تحقیقی مقدمہ لکھا گیا ہے، اور اُن تمام مفتیانِ کرام کا تعارف بھی پیش کیا گیا ہے جن کے تحریر کردہ فتاوی اِس مجموعہ میں شامل کئے گئے ہیں، ادارے سے شائع شدہ فتاوی عموماً تفردات اور شذوذ سے خالی ہوتے ہیں بخلاف شخصی فتاوی کے، اس کی جلد اول کا عموماً اور "کتاب العقائد والإیمانیات" کا خصوصاً اربابِ فتاوی اور اہلِ علم کے لئے مطالعہ نہایت مفید ہے۔

۱۳... فتاوی بینات

یہ جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کے ماہنامہ بینات میں چھپنے والے فتاوی اور فقہی مقالات کا وقیع علمی ذخیرہ ہے، اس کے مقدمے میں محدث العصر علامہ یوسف بنوری رحمہ اللہ کے پانچ نہایت اہم اور تحقیقی مقالہ جات شامل ہیں:

۱... عصر حاضر کا اہم تقاضا۔ ۲... جدید فقہی مسائل اور چند رہنما اصول۔ ۳... عصر حاضر کے جدید مسائل کا حل۔
۴... اجتہاد کے اصول و شرائط۔ ۵... اسلامی قوانین میں اجتہاد و عقل کا مقام۔

بعض مسائل اس قدر تحقیق و تدقیق کے ساتھ لکھے گئے ہیں کہ وہ رسالہ کی صورت اختیار کر گئے ہیں۔ اس فتاوی کے علمی استناد کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ ملک کے مشہور و معروف ادارے کے محققین علماء کی علم و تحقیق کا گنجینہ ہے، اس میں کئی فتاوی و مقالات محقق العصر حضرت مولانا یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ کے تحقیقی قلم سے لکھے ہوئے ہیں مثلاً بشریت انبیا علیہم السلام، تنقید اور حق تنقید، رفع الالتباس عن علي والعباس، قادیانی عقائد، نزولِ مسیح کا عقیدہ اسلامی اصولوں کی روشنی میں، کافر، مرتد اور زندیق کے درمیان فرق، ڈارون کا نظریہ ارتقا، ۱۵۰ صفحات پر مشتمل مسئلہ حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مفصل و مدلل وضاحت۔ یہ فتاوی ترتیب و تخریج کے ساتھ چار جلدوں میں مکتبہ بینات جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن سے شائع ہوئے ہیں، جس طرح بینات میں چھپنے والے فتاوی اور مقالات یکجا ہو کر شائع ہو گئے ہیں اسی طرح اگر دار الافتاء سے جاری ہونے والے اگر تمام فتاوی تحقیق و تخریج کے ساتھ فقہی ترتیب پر یکجا ہو جائیں تو یہ اہلِ علم کے لئے ایک قیمتی سوغات ہوگا اور یہ کئی فتاوی سے فی الجملہ مستغنی کر دے گا، تحقیق و تدقیق سے لکھنے والوں کے لئے خصوصاً اور عوام الناس کے لئے مشعلِ راہ ہوگا۔

۱۴... خیر الفتاوی

یہ فتاوی استاذ العلما حضرت مولانا خیر محمد جالندھری رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۹۰ھ) کے قائم کردہ ادارہ "خیر المدارس" کے دار الافتاء سے جاری کئے گئے فتاوی کا مجموعہ ہے، حضرت کی طرف نسبت کی وجہ سے اس مجموعہ کا نام "خیر الفتاوی" رکھا گیا، ملک کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے مدارس میں "جامعہ خیر المدارس" ملتان کو ایک ممتاز حیثیت حاصل ہے، اور اس ادارے کے دار الافتاء سے

Marfat.com

شائع ہونے والے فتاوی میں اہل سنت والجماعت علمائے دیوبند کے مسلک کی افراط و تفریط سے صرف نظر کرتے ہوئے نہایت اعتدال کے ساتھ صحیح ترجمانی کی گئی ہے۔ اس فتاوی کے استناد کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ یہ استاذ العلماء حضرت مولانا خیر محمد جالندھری، حضرت مولانا مفتی محمد عبداللہ صاحب، حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب، حضرت مولانا محمد صدیق صاحب، حضرت مولانا مفتی محمد انور صاحب جیسے نامور مفتیانِ عظام کے فتاوی پر مشتمل ہے، اس کے شروع میں "خیر المدارس کے اربابِ افتاء" کے نام سے اِن مفتیان کرام کی مختصر سوانح درج ہے، اس کے بعد فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب کا نہایت علمی و تحقیقی مقدمہ ہے جو پینتیس (۳۵) صفحات پر مشتمل ہے، راقم کی رائے یہ ہے کہ اس کی پہلی جلد مطالعے کے لئے تخصص فی الفقہ کے طلبہ کے نصاب میں شامل کرنی چاہئے، اس کی پہلی جلد کا خصوصاً اور مکمل فتاوی کا عموماً مطالعہ کرنا اہلِ علم کے لئے نہایت مفید ہے۔

۱۵... فتاوی مفتی محمود

یہ مفکر اسلام حضرت مولانا مفتی محمود رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۰۰ھ) کا مجموعہ ہے۔ حضرت مفتی محمود رحمہ اللہ اپنی اَن گنت خصوصیات وامتیازات کی بناء پر اپنے زمانہ کی ان عبقری شخصیات میں سے ہیں جن کی دینی، مذہبی، ملی، ملکی اور سیاسی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، آپ جہاں میدان سیاست کے شہسوار تھے، وہیں اپنے عہد کے بالغ نظر فقیہ و محدث بھی تھے، آپ نے پوری زندگی فقہ وحدیث کی خدمت میں بسر کی، آپ فقہی جزئیات پر گہری نظر رکھتے تھے، اور اس کے مراجع ومنافع خوب اچھی طرح سمجھتے تھے، آپ کے وسعت مطالعہ کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ شامی جیسی ضخیم ترین کتاب کا بالاستیعاب دو بار مطالعہ کیا ہے، حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کی اس علمی وسعت اور گہرائی کے علمائے عصر بھی معترف تھے، محدث عصر حضرت بنوری رحمہ اللہ، حضرت مفتی صاحب سے فرمایا کرتے تھے: آپ کیوں اپنے آپ کو سیاست کے خاردار میدان میں ضائع کر رہے ہیں؟

حضرت مفتی صاحب ۲۵ سال مسلسل ملک کے معروف دینی ادارے جامعہ قاسم العلوم ملتان کے صدر مفتی کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہیں، اس ۲۵ سالہ دور میں مختلف مسائل سے متعلق کم وبیش ۲۲ ہزار فتاوی جاری فرمائے۔ زیر نظر "فتاوی مفتی محمود" حضرت کے تحریر کردہ فتاوی کا مجموعہ ہے، اس میں بعض فتاوی وہ بھی ہیں جو دیگر مفتیان کرام کے تحریر کردہ ہیں اور ان پر حضرت مفتی صاحب کے تائیدی دستخط ہیں۔ فتاوی کا یہ مجموعہ ۹ جلدوں میں جمعیت پبلیکیشنز لاہور نے شائع کیا ہے۔

اس فتاوی کے شروع میں شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا سرفراز خان صفدر صاحب رحمہ اللہ شیخ المشائخ حضرت مولانا خواجہ خان صاحب رحمہ اللہ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہ کی تقاریظ ہیں، اس کے شروع میں حضرت مولانا مفتی محمد جمیل خان صاحب کا نہایت علمی مقدمہ ہے جو ایک سو پانچ (۱۰۵) صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر اس فتاوی پر "فتاوی محمودیہ" اور "کفایت المفتی" کی طرح تعلیق و تخریج کردی جائے تو اس کی افادیت بڑھ جائے گی۔

Marfat.com

۱۶... آپ کے مسائل اور اُن کا حل

یہ حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ کے فتاوی ہیں، اس کی ابتدا اس طرح ہوئی کہ ۵ مئی ۱۹۷۸ء میں ملک کے معروف اخبار روزنامہ "جنگ" کراچی کے مالکان نے "اقرا" کے نام سے اپنے اخبار میں اسلامی صفحے کا آغاز کیا، اس میں ایک کالم تھا "آپ کے مسائل اور اُن کا حل" اس میں تقریباً بیس سال تک آپ سوالات کے جوابات لکھتے رہے، آپ کے جوابات نہایت عام فہم اور عوامی انداز میں ہیں، چونکہ یہ جوابات اخبار میں چھپتے تھے جس کے قارئین زیادہ تر عوام ہوتے تھے، اس لئے آپ نے اِن کی رعایت رکھتے ہوئے عامیانہ اور سلیس انداز میں جوابات دیئے ہیں، رائج فتوی نویسی کے انداز سے اجتناب کیا ہے۔ فرقِ باطلہ خصوصاً فتنہ قادیانیت کے متعلق آپ کے فتاوی نہایت علمی و تحقیقی ہیں۔ بعض فتاوی نہایت تفصیلی اور مدلل ہیں، الحمد للہ اب یہ بیش بہا خزانہ حضرت مولانا سعید احمد جلالپوری شہید رحمہ اللہ کی زیر سرپرستی تعلیق و تخریج اور اضافات کے ساتھ ۸ ضخیم جلدوں میں مکتبہ لدھیانوی کراچی سے شائع ہو گیا ہے۔

۱۷... جواہر الفتاوی

حضرت مولانا مفتی عبد السلام چاٹگامی صاحب مدظلہ کی شخصیت محتاج تعارف نہیں، آپ ایک طویل عرصہ تک جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی میں بحیثیت رئیس دار الافتاء خدمات انجام دیتے رہے، اور اب اپنے آبائی وطن بنگلہ دیش کے سب سے بڑی دینی ادارے "دار العلوم معین الاسلام، ہاٹھ ہزاری چاٹگام" میں بحیثیت استاذ الحدیث اور رئیس دار الافتاء، دینی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ زیر نظر "جواہر الفتاوی" آپ کے تحریر کردہ فتاوی کا مجموعہ ہے، ان فتاوی کا تعارف کراتے ہوئے سید انور علی (ایڈوکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان) لکھتے ہیں:

جواہر الفتاوی میں مفتی صاحب کے صرف وہ فتاوی شامل ہیں جو انہوں نے پچھلے کئی سالوں میں اہم مواقع اور حالات میں جاری کئے، ان فتووں کی افادیت اور اہمیت اس سبب سے اور بھی زیادہ ہے کہ اس میں ان شبہات اور اعتراضات و مسائل کو بڑی خوبی اور سند کے ساتھ زیر بحث لایا گیا ہے جو مغرب زدہ اسکالرز کی جانب سے موجودہ دور میں اٹھائے گئے ہیں، خاص طور پر انسانی اعضاء کی پیوندکاری، عورت کی شہادت، رجم، ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی شرعی حیثیت، مجلس واحدہ میں تین طلاقیں، رجم کی سزا اور اس کا انکار، زکوۃ کے مسئلے میں بے شمار نئے قسم کے اعتراضات اور ان کے جوابات اور جھینگا کی حلت و حرمت وغیرہ وغیرہ۔

مندرجہ ذیل مسائل میں آپ کے فتاوی نہایت علمی، تحقیقی اور مدلل ہیں:

۱... تملیک زکوۃ۔ ۲... ہمارے جنگی قیدی اور نماز قصر۔ ۳... طویل دن رات والے ممالک میں نمازوں کا حکم۔ ۴... ٹیسٹ ٹیوب بے بی کی شرعی حیثیت۔ ۵... اسلام کے قانونِ شہادت میں خواتین کا مقام۔ ۶... عورت کی سربراہی۔ ۷... شیعہ اثنا عشریہ

Marfat.com

کے عقائد اور اہلِ علم کی آراء۔ ۸... غائبانہ نماز جنازہ۔ ۹... کرنسی نوٹ کی شرعی حیثیت۔ ۱۰... حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ ۱۱... رجم کی شرعی حیثیت اور اس کے منکرین کے نتائج۔ ۱۲... مشاجرات صحابہ۔ ۱۳... جھینگے کی حلت وحرمت۔ ۱۴... بشریت انبیاء۔ ۱۵... سبِّ شیخین، وغیرہ۔ فتاوی کا یہ مجموعہ چار جلدوں میں اسلامی کتب خانہ بنوری ٹاؤن کراچی سے شائع ہوا ہے۔

۱۸... فتاوی قاضی

یہ حضرت مولانا قاضی مجاہد الاسلام القاسمی رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۳۰ھ) کے فتاوی ہیں۔ حضرت مولانا قاضی مجاہد الاسلام قاسمی رحمہ اللہ کی ذات گرامی علمی حلقوں میں کسی تعارف کی محتاج نہیں، جدید فقہی مسائل ومعاملات پر آپ کی گہری نظر تھی، اور ان کے حل کے لئے بیش بہا خدمات انجام دیں۔ آپ نے کم وبیش چالیس سال امارتِ شرعیہ بہار، اڑیسہ اور جھاڑ کنڈ میں قضا کا فریضہ انجام دیا، اس کے علاوہ آپ "اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا" کے بانی اور "آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ" کے صدر بھی تھے۔

حضرت قاضی صاحب نے قضا کے ساتھ ساتھ فتوی نویسی کا مشغلہ بھی اختیار کیا، آپ کے تحریر کردہ فتاوی کی تعداد تو زیادہ ہے، لیکن جو فتاوی محفوظ ومیسر آسکے وہ صرف ۱۲۰ ہیں۔ "فتاوی قاضی" میں قاضی صاحب کے انہی فتاوی کو جمع کیا گیا ہے، ترتیب وحواشی کے فرائض مولانا امتیاز احمد قاسمی صاحب نے نبھائے ہیں، اور "ایفا پبلیکیشنز" نئی دہلی انڈیا نے ۲۴۵ صفحات میں اسے شائع کیا ہے۔

یہاں یہ وضاحت بھی مناسب معلوم ہوتی ہے کہ قاضی صاحب کی نظر وسیع تھی اور وہ زمانہ کے حالات پر گہری نگاہ رکھتے تھے، اس لئے شریعت کے اصول ومقاصد (جو فقہاء نے متعین ومقرر کئے ہیں) کو پیش نظر رکھ کر ایک رائے قائم کرتے تھے جس کی بناء پر بعض مسائل میں ان کا قول اور فتوی جمہور کی رائے کے موافق نہیں، اس لئے بعض مسائل میں اختلاف رائے ممکن ہے، ایسے فتاوی کی تعداد کم ہے۔

۱۹... فتاوی فریدیہ

یہ فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب رحمہ اللہ کے فتاوی ہیں، ۱۳۸۶ھ میں آپ کی آمد جامعہ دار العلوم حقانیہ میں ہوئی، مفتی صاحب دار العلوم حقانیہ کے روح رواں تھے، یہی وجہ تھی آپ بیک وقت دار العلوم حقانیہ کے شیخ الحدیث، صدر المدرسین اور مفتی اعظم کے منصب پر فائز تھے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق آپ کی مکمل زندگی کے فتاوی کی تعداد کم وبیش ایک لاکھ تک ہے، آپ کے اس فتاوی کی حسن ترتیب وتبویب، تعلیق وتخریج حضرت مولانا مفتی محمد وہاب منگلوری صاحب نے نہایت عرق ریزی اور محنت شاقہ کے ساتھ کی ہے، جس سے فتاوی کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے، فتاوی کے شروع میں اصولِ افتاء سے متعلق عربی میں "البشری لأرباب الفتوی" کے نام سے مصنف کا ایک قیمتی رسالہ بھی چھپا ہوا ہے، موصوف کے صاحبزادے نے آپ کی سوانح اور تصنیفات کا بھی تذکرہ کیا ہے، یہ فتاوی ۵ جلدوں میں دار العلوم صدیقیہ صوابی سے شائع ہوئے ہیں۔

Marfat.com

۲۰... فتاوی عثمانی

یہ شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ کے ۴۵ سالہ خود نوشت فتاوی کا مجموعہ ہے، اللہ تعالی نے آپ کو علم وفضل اور تقوی وطہارت کے جس بلند مقام سے نوازا ہے، عصر حاضر میں اس کی مثال ملنا مشکل ہے، جدید وقدیم دونوں علوم میں آپ کو مہارتِ تامہ ہے، دیگر علوم وفنون کی طرح فقہ اور فتوی کے میدان میں بھی آپ کی خدمات نمایاں ہیں، اس سلسلے میں "تکملة فتح الملهم" کی فقہی مباحث "بحوث قضایا فقهية معاصرة" "أصول الإفتاء وآدابه" "فقه البيوع" "أحكام الأوراق النقدية" "فقہی مقالات" "عدالتی فیصلے" "ملکیت زمین کی تحدید" وغیرہ جدید مسائل اور مناشیات میں آپ کا شمار چند گنی چنی شخصیات میں ہوتا ہے۔ آپ کے فتوی لکھنے کا آغاز سولہ سال کی عمر سے ہوا ہے جواب تک بفضل اللہ جاری ہے، آپ کے یہ علمی، تحقیقی اور مدلل فتاوی اب تک پردہ خفا میں تھے، اللہ تعالی جزائے خیر عطا فرمائے حضرت مولانا مفتی محمد زبیر حق نواز صاحب مدظلہ کو جنہوں نے نہایت عرق ریزی اور محنتِ شاقہ کے ساتھ چالیس سال قبل کے بوسیدہ رجسٹروں سے فتاوی کو نہایت احتیاط کے ساتھ جمع کرکے انہیں فقہی ابواب کی ترتیب پر مرتب کیا، پھر تعلیق وتخریج اور حوالہ جات کے ساتھ اس کی افادیت کو چار چاند لگادیئے، یہ فتاوی حضرت شیخ الاسلام صاحب مدظلہ کے پیش لفظ کے ساتھ تین جلدوں میں مکتبہ معارف القرآن سے شائع ہوگئے ہیں۔

۲۱... فتاوی دارالعلوم زکریا

افادات حضرت مولانا مفتی رضاء الحق صاحب مدظلہ، جس وقت دارالعلوم دیوبند قائم کیا گیا کس کے وہم وگمان میں تھا کہ بے سروسامانی کے عالم میں شروع کیا جانے والا یہ ادارہ دنیا کا ایک عظیم الشان علمی ادارہ بنے گا اور اس کی شاخیں دنیا کے چپے چپے میں پھیل جائیں گی، لیکن یہ دارالعلوم دیوبند کے بانیین کے اخلاص کا اثر تھا کہ آج دارالعلوم دیوبند کا فیض ساری دنیا میں پھیلا ہوا ہے۔ دارالعلوم دیوبند کی شاخوں میں سے ایک شاخ جنوبی افریقہ میں قائم "دارالعلوم زکریا" بھی ہے، عوام الناس کی ضرورت کو مد نظر رکھتے ہوئے دارالعلوم زکریا میں دارالافتاء قائم کیا گیا، جہاں سے ہزاروں کی تعداد میں عوام الناس کی راہنمائی کے لئے فتاوی جاری ہوئے۔

"فتاوی دارالعلوم زکریا" اسی ادارے سے جارے ہونے والے فتاوی کا مجموعہ ہے، جو مفتی رضا الحق صاحب مدظلہ کے افادات پر مشتمل ہے، حضرت مفتی صاحب گزشتہ ۲۵ سال سے دارالعلوم زکریا میں فتوی نویسی میں مشغول ہیں، اس سے قبل آپ جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی کے دارالافتاء کے ساتھ وابستہ تھے۔

زیر نظر مجموعہ آپ کے ان فتاوی پر مشتمل ہے جو آپ نے دارالعلوم زکریا میں خود لکھے، نیز وہ فتاوی جو آپ کی نگرانی میں تخصص فی الفقہ والافتاء کے طلبہ نے لکھے، وہ بھی اس مجموعہ میں شامل ہیں، اربابِ فتاوی اور اہلِ علم سے گزارش ہے کہ "كتاب الإيمان

Marfat.com

والعقائد" کے تحت تمام فتاوی کا مطالعہ ایک دفعہ ضرور کریں، تحقیق وتدقیق کے حوالے سے یہ فتاوی لاجواب ہیں۔ فتاوی کے اس مجموعہ کو مفتی عبدالباری اور مولانا محمد الیاس شیخ نے مرتب کیا ہے، اور زمزم پبلشرز کراچی نے ۶ جلدوں میں شائع کیا ہے۔

مطالعہ کے دوران یہ بات ذہن نشین رہے کہ یہ فتاوی افریقہ جیسے ملک میں لکھے گئے ہیں، جہاں دینی اداروں میں ہر مسلک ومذہب کے لوگ تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ہر مسلک ومذہب کے لوگ اپنے مسائل کے حل کے لئے دار الافتاؤں سے رجوع کرتے ہیں، اس وجہ سے اس مجموعہ کے اندر بھی چند فتاوی شامل ہیں جو فقہ شافعی کے مطابق ہیں، لہٰذا دورانِ مطالعہ اس بات کو خصوصاً پیش نظر رکھا جائے۔

۲۲ تحسین الفتاوی

مولانا محمد یعقوب صاحب، شرودی دار العلوم دیوبند کے فاضل اور شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کے تلمیذ ہیں، دار العلوم دیوبند میں دورہ حدیث کے سالانہ امتحان میں ممتاز نمبروں کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی، فراغت کے بعد درس وتدریس، تصنیف وتالیف اور فتوی نویسی کو اپنا مشغلہ بنایا، تفسیر وفقہ میں اللہ تعالی نے آپ کو خاص ذوق عطا فرمایا ہے، جس کا واضح ثبوت آٹھ جلد وا[illegible] آپ کی تفسیر "کشف القرآن" ہے۔

"تحسین الفتاوی" آپ کے تحریر کردہ فتاوی کا مجموعہ ہے، جو آپ نے مختلف مواقع پر تحریر فرمائے، یہ مجموعہ دو جلدوں میں ہے، پہلی جلد "تحسین الفتاوی" کے نام سے موسوم ہے، جس میں تمام فتاوی آپ کے تحریر کردہ ہیں، جب کہ جلد ثانی "حسینۃ الفتاوی" کے نام سے موسوم ہے، جس میں متخصصین فی الفقہ کے تحریر کردہ فتاوی ہیں، جن کی حضرت نے تصدیق وتصویب فرمائی ہے، فتاوی کا یہ مجموعہ مکتبہ حجاز دیوبند سے شائع ہوا ہے۔

۲۳ فتاوی حبیبیہ

مفتی حبیب اللہ صاحب مظاہری، مظاہر العلوم سہارنپور کے فاضل ہیں، فتوی نویسی کی تربیت مفتی اعظم ہند مفتی کفایت اللہ دہلوی رحمہ اللہ کی زیر نگرانی حاصل کی، فراغت کے بعد درس وتدریس اور فتوی نویسی کی راہ اپنائی، فتاوی حبیبیہ آپ کے باقاعدہ فتاوی کا مجموعہ نہیں ہے، بلکہ بعض احباب کی فرمائش پر آپ نے اہم مسائل کو سوال وجواب کی صورت میں مرتب کر دیا۔ یہ فتاوی جامعہ خلیلیہ موسی کالونی کراچی سے شائع ہوا ہے۔

۲۴ رشید الفتاوی

فتاوی کا یہ مجموعہ بنوری ٹاؤن کراچی کے فاضل و متخصص مفتی عبدالماجد خان صاحب کا تحریر کردہ ہے، اس مجموعہ میں فاضل مؤلف نے اپنے زمانہ طالب علمی میں تخصص کے دو سالوں میں جو فتاوی لکھے تھے انہیں جمع کیا ہے، ان تمام فتاوی کی تصدیق وتصویب

Marfat.com

مفتی عبدالسلام چاٹگامی صاحب اور مفتی نظام الدین شامزئی شہید رحمہ اللہ نے فرمائی ہے، ۴۴۶ صفحات پر مشتمل یہ کتاب زمزم پبلشرز کراچی سے شائع ہوئی ہے۔

۲۵... کتاب الفتاوی

حضرت مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب مدظلہ کا شمار دور حاضر کے جامع الاوصاف اور جید علمائے کرام میں ہوتا ہے، اللہ تعالی نے آپ کو نہایت خداداد صلاحیتوں سے نوازا ہے، خصوصاً تحریر تو آپ کا طرہ امتیاز ہے، جس کا منہ بولتا ثبوت آپ کی وہ تصنیفات ہیں جو زیورِ طباعت سے آراستہ ہو کر منظر عام پر آچکی ہیں، تصنیف وتالیف کے علاوہ آپ ہندوستان کے مشہور اخبار "منصف" میں کالم نگاری بھی کرتے ہیں اور اسی اخبار کے جمعہ ایڈیشن "مینارہ نور" میں "آپ کے شرعی مسائل" کے عنوان سے لوگوں کے دینی مسائل کا حل اور جوابات بھی تحریر کرتے ہیں، حضرت مولانا رحمانی صاحب نے مختلف اداروں میں رہ کر فتوی نویسی کی خدمت سرانجام دی، جن میں جامعہ روحانی مونگیر، امارتِ شرعیہ پھلواری پٹنہ، دارالعلوم سبیل السلام جیسے مایہ ناز ادارے شامل ہیں، پیش نظر مجموعہ جو چھ جلدوں پر مشتمل ہے، اس میں پانچ طرح کے فتاوی شامل ہیں:

۱... وہ فتاوی جو امارت ملت اسلامیہ آندھرا پردیش سے دیئے گئے۔

۲... معہد العالی الاسلامی حیدرآباد کے دارالافتاء سے جاری ہونے والے فتاوی۔

۳... وہ استفتاء جو حضرت مولانا کے پاس شخصی طور پر آئے اور انہیں محفوظ کرلیا گیا۔

۴... ماہنامہ "افکار ملی دہلی" میں لکھے جانے والے شرعی مسائل۔

۵... روزنامہ "منصف" حیدرآباد کے جمعہ ایڈیشن "مینارہ نور" میں لکھے گئے شرعی مسائل (جو ۱۹۹۹ء تا ۲۰۰۵ء جاری رہے)

اس مجموعہ میں مؤخرالذکر سلسلے کے فتاوی کی تعداد زیادہ ہے۔

فتاوی کے اس مجموعہ کی ترتیب وتخریج کے فرائض مفتی عبداللہ سلیمان مظاہری نے سرانجام دیئے ہیں اور زمزم پبلشرز اردو بازار کراچی نے اسے شائع کیا ہے۔

۲۶... نجم الفتاوی

جامعہ یاسین القرآن کراچی کا شمار ملک کے ممتاز دینی اداروں میں ہوتا ہے، اس کے مہتمم شیخ الحدیث مفتی نجم الحسن امروہی صاحب ہیں جو ایک ذی استعداد اور جید عالم دین ہیں، آپ جامعہ کے مہتمم ہونے کے ساتھ ساتھ دارالافتاء کے نگران ورئیس بھی ہیں، اس کے شروع میں آپ کا مقدمہ ہے، اس کی پہلی جلد ایمان وعقائد کے مختلف شعبوں سے متعلق تقریباً پانچ سو اہم فتاوی جات پر مشتمل ہے، اس میں موجود فتاوی تحقیق وتدقیق کے اعتبار سے نہایت مفید ہیں، اب تک اس کی تین جلدیں منظر عام پر آچکی ہیں۔

Marfat.com

۲۷... فتاوی ختم نبوت

ختم نبوت مسلمانوں کا اجماعی عقیدہ ہے، جس کا انکار کرکے کوئی شخص مؤمن و مسلمان کہلانے کا حق دار نہیں، ہر دور اور زمانہ میں منکرین ختم نبوت اور نبوت کے داعی پیدا ہوتے رہے ہیں، جن کے سدِ باب کے لئے علماء کی ایک جماعت ہر دور میں مد مقابل رہی ہے اور انہوں نے اس جیسے فتنوں کا قلع قمع کیا ہے۔ ہمارے اس دور میں مرزا قادیانی اور اس کی ہم نوا جماعت نے عقیدہ ختم نبوت کا انکار کیا اور مرزا قادیانی کو اپنا نبی و پیغمبر مانا، جس پر علمائے امت نے اس فتنہ کی سرکوبی کے لئے تن من کی بازی لگادی اور مرزا قادیانی اور اس کے ہم نواؤں کو کافر قرار دے کر ہی دم لیا۔ اس موقع پر علمائے اہل حق نے جس پلیٹ فورم سے صدائے حق بلند کی اسے "عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت" کے نام سے موسوم کیا گیا، اس پلیٹ فورم سے تحریر و تقریر ہر دو ذرائع کو استعمال کرتے ہوئے اس فتنہ کی سرکوبی کی گئی۔ زیر نظر فتاوی بھی اسی تحریک کا حصہ ہے، جس میں عقیدہ ختم نبوت کے منکرین (قادیانیوں) کے متعلق علماء و مفتیان کرام کے فتاوی کو جمع کیا گیا ہے۔

فتاوی کا یہ مجموعہ تین جلدوں پر مشتمل ہے، جلد اول میں تقریباً تیس متداول فتاوی جات سے قادیانیوں سے متعلق ہزاروں فتاوی کو جمع کیا گیا ہے، جلد ثانی اور جلد ثالث میں قادیانیوں کے خلاف لکھے گئے ان تفصیلی فتاوی کو جمع کیا گیا ہے جو مختلف ادوار میں رسائل کی صورت میں شائع ہوئے ہیں، جلد ثانی میں ۱۲ رسائل جبکہ جلد ثالث میں ۱۴ رسائل ہیں۔

ان فتاوی کو حضرت مولانا سعید احمد جلال پوری شہید رحمہ اللہ نے مرتب کیا ہے، جبکہ تحقیق و تخریج کے فرائض علمائے کرام کی ایک جماعت نے سرانجام دیئے ہیں، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان نے اسے شائع کیا ہے۔

جو فتاوی ہمارے ہاں متداول ہیں راقم نے اختصار کے ساتھ اُن کا تعارف ذکر کردیا ہے، چونکہ یہ تحریر "فتاوی انوار العلوم" کے لئے بطورِ مقدمہ کے نہایت عجلت میں لکھی ہے اس لئے کتبِ فقہیہ اور فتاوی کا تفصیلاً تذکرہ نہیں ہو سکا۔

اللہ تبارک و تعالی ہمارے اس ادارے کو دن دُگنی اور رات چُگنی ترقی عطا فرمائے اور اِس کے فیض کو سارے عالم میں پھیلائے۔

محمد نعمان

استاذ جامعہ انوار العلوم مہران ٹاؤن کورنگی کراچی

۲۱ جمادی الاولی ۱۴۳۷ھ / ۲ مارچ ۲۰۱۶ء

Marfat.com

كتاب الإيمان والعقائد

کیا گناہ کبیرہ سے مسلمان دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا گناہ کبیرہ کی وجہ سے مسلمان دائرہ اسلام سے خارج ہو جاتا ہے یا نہیں؟

جواب: اہلسنت والجماعت کے نزدیک گناہ کبیرہ کی وجہ سے مسلمان دائرہ اسلام سے خارج نہیں ہوتا۔

كما في صحيح البخاري:

وَعَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ أَبْيَضُ وَهُوَ نَائِمٌ ثُمَّ أَتَيْتُهُ وَقَدِ اسْتَيْقَظَ فَقَالَ: «مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ ثُمَّ مَاتَ عَلَى ذَلِكَ إِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ قُلْتُ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ قَالَ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ قُلْتُ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ قَالَ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ قُلْتُ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ قَالَ وَإِنْ زَنَى وَإِنْ سَرَقَ عَلَى رَغْمِ أَنْفِ أَبِي ذَرٍّ وَكَانَ أَبُو ذَرٍّ إِذَا حَدَّثَ بِهَذَا قَالَ وَإِنْ رَغِمَ أَنْفُ أَبِي ذَر. (۱)

وكذا في عمدة القاري شرح البخاري:

بَاب المَعَاصِي مِنْ أمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ وَلاَ يُكَفَّرُ صَاحِبُهَا بِارْتِكابِهَا إلاَّ بِالشِّرْكِ لِقَوْلِ النبيّ صلى الله عَلَيْهِ وَسلم: إنَّكَ امْرُؤٌ فِيكَ جاهِلِيَّةٌ وقَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: إنّ الله لاَ يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ. (۲)

كذا في روح المعاني:

وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا...

ظاهر الآية أن الباغي مؤمن لجعل الطائفتين الباغية والمبغي عليها من المؤمنين نعم الباغي على الإمام ولو جائرا فاسق مرتكب لكبيرة. (۳)

وكذا في شرح المقاصد:

صاحب الكبيرة عندنا مؤمن. (٤)

==========

(۱) كتاب اللباس، باب الثيا البيض، ۲/ ۸٦٦- ۸٦٧، ط: قديمي.

(۲) كتاب الإيمان، ۱/ ۳۲۲، ط: رشيدية.

(۳) ۹، ۲٦/ ٤۲۲، ط: دار إحياء التراث العربي.

(٤) ۳/ ٤۳۷، ط: اشاعت اسلام.

Marfat.com

وكذا في شرح العقيدة الطحاوية: (۱)

کیا موت کے بعد ارواح دنیا میں آسکتی ہیں

سوال: کیافرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ موت کے بعد ارواح دنیا میں آسکتی ہیں؟

جواب: اللہ تعالی جس روح کو موت کے بعد دنیا میں آنے کی اجازت دے دیں تو وہ آسکتی ہے، لیکن ہر روح کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا درست نہیں ہے کہ وہ جب چاہے دنیا میں آسکتی ہے۔

كما في القرآن الكريم:

وَاللهُ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. (سورة آل عمران: ٢٩)

وكذا في روح المعاني:

والذي ينبغي أن يعول عليه مع ما ذكر أن الأرواح وإن اختلف مستقرها..... لكن لها جولانا في ملك الله تعالى حيث شاء جل جلاله ولا يكون إلا بعد الأذن وهي متفاوتة في ذلك حسب تفاوتها في القرب..... حتى إن بعض الأرواح الطاهرة لتظهر فيراها من شاء الله تعالى من الأحياء يقظة وأن أرواح الموتى تتلاقى..... وقد تتلاقى أرواح الأموات والأحياء مناما..... لكن لا ينبغي أن يبنى على ذلك حكم شرعي لاحتمال عدم الصحة وإن قامت قرينة عليها. (۲)

وكذا في كتاب الروح:

وَأما قَول من قَالَ إِن أَرْوَاح الْمُؤمنِينَ فِي برزخ من الأَرْض تذْهب حَيْثُ شَاءَت فَهَذَا مروى عَن سلمَان الْفَارِسِي والبرزخ هُوَ الحاجز بَين شَيْئَيْنِ وَكَأن سلمَان أَرَادَ بهَا فِي أَرض بَين الدُّنْيَا وَالْآخِرَة مُرْسلَة هُنَاكَ تذْهب حَيْثُ شَاءَت وَهَذَا قَول قوى. (۳)

وكذا في شرح العقيدة الطحاوية:

وقد اختلف في مستقر الأرواح ما بين الموت إلى قيام الساعة فقيل: أرواح المؤمنين في الجنة وأرواح الكافرين في النار، وقيل: أرواح المؤمنين بفناء الجنة على بابها..... وقيل: على أفنية قبورهم، وقال مالك:

---

(۱) ص٣١٦، ط: قديمي.

(۲) الإسراء: ٨٥، ١٥/ ٢٠٦، دار إحياء التراث العربي.

(۳) المسألة الرابعة عشرة، فصل، ص١٠٨، ط: دار الكتب العلمية.

Marfat.com

بلغني أن أرواح مرسلة تذهب حيث شاءت، وقال كعب: أرواح المؤمنين في عليين، أرواح الكافرين في سجين..... قال ابن حزم وغيره: مستقرها حيث كانت قبل خلق أجسادها، قال أبو عمر بن عبد البر: أرواح الشهداء في الجنة، أرواح عامة المؤمنين على أفنية قبورهم. (١)

وكذا في الفتاوى الحديثية: (٢)

وكذا في فتاوى رحيمية: (٣)

ومثله في إمداد المفتيين: (٤)

شفاعت کے بارے میں مسلمانوں کا عقیدہ

سوال: شفاعت کے متعلق مسلمانوں کو کیا عقیدہ رکھنا چاہئے؟

جواب: شفاعت کے بارے میں ہر مسلمان کو یہ عقیدہ رکھنا چاہئے کہ روز قیامت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے حساب وکتاب کا سلسلہ شروع ہوگا اور اس شفاعت کے علاوہ بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم مختلف شفاعتیں فرمائیں گے جیسے گنہگار مؤمنین کو جہنم سے نکالنے کے لئے وغیرہ، نیز یہ کہ شفاعت اللہ تبارک وتعالی کے مقرب ومعزز بندے بھی کریں گے جیسا کہ احادیث مبارکہ سے ثابت ہے۔

قال الله تبارك وتعالى:

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ. (٥)

وكذا في سنن أبي داود:

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: شَفَاعَتِي لِأَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِي. (٦)

وكذا في شرح العقائد:

والشفاء ثابتة للرسول والأخيار في حق أهل الكبائر بالمستفيض من الأخيار خلافا للمعتزلة... وقوله عليه السلام:

==========

(١) ص ٤٠١، ٤٠٢، قديمي.

(٢) مطلب أرواح الأنبياء في أعلى عليين وأرواح الشهداء... إلخ، ١٤- ١٥، ط: قديمي.

(٣) كتاب الجنائز، باب متفرقات جنائز، ٧/ ١١٧- ١١٨، ط: دار الاشاعت.

(٤) كتاب الإيمان والعقائد، فصل في المتفرقات، ٢/ ١٢٤، ط: دار الإشاعت.

(٥) سورة محمد: ١٩.

(٦) باب في الشفاعة، ٢/ ٣٠٨، ط: رحمانية.

Marfat.com

شَفَاعَتِي لِأَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِي، وهو مشهور بل الأحاديث في باب الشفاعة متواترة المعنى. (١)

وكذا في تعليق الصبيح:

قال القاضي عياض رحمه الله: مذهب أهل السنة جواز الشفاعة عقلا ووجوبها سمعا ''وَلَا يَشْفَعُوْنَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَى'' [الأنبياء، الآية: ٢٨] ''عَسَى أَن يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا'' [الإسراء: ٢٩]. (٢)

وكذا في مرقاة المفاتيح:

فَإِنَّ الْمُرَادَ بِهَذِهِ الشَّفَاعَةُ الْكُبْرَى، وَهِيَ الْمُعَبَّرُ عَنْهَا بِالْمَقَامِ الْمَحْمُودِ وَاللِّوَاءِ الْمَمْدُودِ عَلَى مَا قَالَهُ صَلَّى اللَّهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (آدَمُ وَمَنْ دُونَهُ تَحْتَ لِوَائِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ) ، وَمَحَطُّ هَذِهِ الشَّفَاعَةِ هِيَ الْخَلَاصُ مِنَ الْحَبْسِ وَالْقِيَامِ، وَالْأَمْرُ بِالْمُحَاسَبَةِ لِلْأَنَامِ، وَأَمَّا لَهُ صَلَّى اللَّهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَذَا لِغَيْرِهِ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ وَالْأَوْلِيَاءِ، وَالْعُلَمَاءِ وَالشُّهَدَاءِ، وَالصَّالِحِينَ وَالْفُقَرَاءِ بَعْدَ ذَلِكَ شَفَاعَاتٌ مُتَعَدِّدَةٌ فِي إِدْخَالِ بَعْضِ الْمُؤْمِنِينَ الْجَنَّةَ بِلَا حِسَابٍ، وَإِدْخَالِ بَعْضِهِمُ الْجَنَّةَ وَلَوِ اسْتَحَقُّوا دُخُولَ النَّارِ، وَإِخْرَاجِ بَعْضِهِمْ مِنَ النَّارِ، وَفِي تَخْفِيفِ عَذَابِ بَعْضِهِمْ... إلى آخره. (٣)

وكذا في شرح المقاصد:

يجوز عندنا الشفاعة لأهل الكبائر في حقها. (٤)

وكذا في البزازية: (٥)

کواکب کے ذریعے موسم کا حال بتانا اور مؤکلات سے کام لینا

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام مندرجہ ذیل مسئلے میں کہ بعض لوگ کسی شخص اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد اور اس کے شروع کے حرف سے جو نام باری تعالی نکلتا ہے اس کے اعداد لیتے ہیں، پھر ان ناموں کے مؤکلات کے اعداد نکال کر کل تعداد کو جمع

---

(١) مبحث الشفاعة ثابتة، ٢٨٠، ط: المصباح.

(٢) كتاب الفتن، باب الحوض والشفاعة، ٦/ ٣١٢، ط: رشيدية.

(٣) باب الحوض والشفاعة: ١٠/ ٢٨١، ط: امدادية.

(٤) المقصد السادس: السمعيات، الفصل الثاني في المعاد، المبحث الثالث عشر: القول في الشفاعة لأهل الكبائر، ط: اشاعت اسلام.

(٥) كتاب ألفاظ تكون إسلاما أو كفرا أو خطأ، الفصل الأول فيما يكون إسلاما ولا يكون، نوع فيما يتصل بها مما يجب الكفارة من أهل البدع، ٢/ ٤٤٠، ط: قديمي.

Marfat.com

کرتے ہیں اور ساعت مشتری میں ایک نقش مربع پُر کرتے ہیں، اسی طرح محکمہ موسمیات والے بُرج سیارے اور کواکب کی حرکات سے موسم کا جو حال معلوم کرتے ہیں، نیز وقت کی سعادت اور نحوست کا خیال رکھنا، یہ تمام چیزیں شرعاً جائز ہے یا ناجائز؟ نیز "والملائكة بعد ذلك ظهير" (سورہ تحریم) ترجمہ (اور فرشتہ اس کے پیچھے مددگار ہے) شیخ الہند محمود الحسن رحمہ اللہ۔ نیز فرشتگان بعد ازیں مددگار اند۔ جناب شاہ والی رحمہ اللہ، کیا اس آیت مبارکہ سے مؤکلات سے مدد کی امید ثابت ہو سکتی ہے یا ان فرشتوں کو مؤکل بنایا جاسکتا ہے۔ علماء ہند کے شاندار ماضی جلد ۵ صفحہ ۲۳۰ حضرت انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کا بیان تحریر ہے، آپ سے گزارش ہے کہ اس سلسلے میں رہنمائی فرمائیں۔

جواب: (۱) کواکب، بُرج اور سیاروں وغیرہ سے محکمہ موسمیات والے بارش، آندھی، طوفان یا موسم کے جو حالات بتلاتے ہیں، یہ آثار وعلامات کو دیکھ کر بتلاتے ہیں، یہ کبھی صحیح ہوتا ہے اور کبھی غلط ہوتا ہے جیسا کہ عام مشاہدہ ہے لہٰذا یہ کوئی شرعی دلیل نہیں جس پر عمل کرنا واجب ہو، البتہ محکمہ موسمیات والے کواکب، برج اور سیاروں کو دیکھ کر آلات کے ذریعے سے جو آثار وعلامات بتلاتے ہیں یہ شرعاً جائز ہے، لیکن اگر اس کو یقین کا ایسا درجہ دیں کہ اس کے خلاف کو ناممکن اور محال سمجھا جانے لگے اور اس پر پورا یقین ہو کہ موسمیات والے جو کہتے ہیں ضرور وہی ہوگا ایسا اعتقاد رکھنا غلط اور بے اصل ہے، اس سے اجتناب کرنا لازم ہے۔

اب رہی سعادت وقت اور نحوست وقت کی بات، تو اسلام کی نگاہ میں نہ کوئی مہینہ منحوس ہے، نہ کوئی دن اور نہ کوئی وقت، بلکہ سارے ہی اللہ تعالی کی قدرت کے مظاہر ہیں، کیونکہ ہر چیز میں موثر حقیقی اللہ رب العزت کی قدرت ہے جس میں اس کا کوئی شریک نہیں۔ لہٰذا ان علامات کی بنیاد پر غیب دانی کے دروازے نہیں کھولنے چاہئیں، اور پھر کسی کی کامیابی اور ناکامی اور نفع ونقصان میں بھی کسی مہینے یا وقت کا دخل نہیں۔ اس لئے ذہن میں یہ بٹھانا کہ فلاں وقت میں فلاں کام کریں گے تو ضرور کامیابی ہوگی، یا فلاں دن اور وقت میں یہ کام کریں گے تو ناکامی ہوگی، شرعاً بالکل بے اصل باتیں ہیں، نحوست کا تعلق تو اللہ تعالی کی نافرمانی سے ہے، جب بھی جہاں کہیں اللہ تعالی کی نافرمانی ہوتی ہے اس نافرمانی کا اثر نحوست کہلاتا ہے، نحوست الگ سے کوئی چیز نہیں، حدیث شریف میں آتا ہے کہ زمانہ جاہلیت کے توہمات اور نحوستوں کا ذکر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر نحوست ہوتی تو تین چیزوں میں ضرور ہوتی: گھر، عورت اور سواری، اس سے یہ واضح ہوتا ہے کہ نحوست ہے نہیں لوگوں نے اپنے خیال سے بنالی ہے۔

قال الله تبارك وتعالى:

إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ. (۱)

(۱) لقمان: ٣٤.

Marfat.com

وكذا في تفسير روح المعاني:

عن ابن عمر رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: «مفتاح... الغيب خمس لا يعلمها إلا الله تعالى لا يعلم أحد ما يكون في غد ولا يعلم أحد ما يكون في الأرحام ولا تعلم نفس ماذا تكسب غدا وما تدري نفس بأي أرض تموت وما يدري أحد متى يجيء المطر. (١)

وكذا في سنن أبي داود:

وَعَن سعدِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «لَا هَامَةَ وَلَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ وَإِنْ تَكُنِ الطِّيَرَةُ فِي شَيْءٍ فَفِي الدَّارِ وَالْفرس وَالْمَرْأَة. (٢)

وكذا في الشامية:

قَالَ اللَّهُ تَعَالَى: الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ. [الرحمن: ٥] أَيْ سَيْرُهُمَا بِحِسَابٍ. وَاسْتِدْلَالِيٌّ بِسَيْرِ النُّجُومِ وَحَرَكَةِ الْأَفْلَاكِ عَلَى الْحَوَادِثِ بِقَضَاءِ اللَّهِ تَعَالَى وَقَدْرِهِ، وَهُوَ جَائِزٌ كَاسْتِدْلَالِ الطَّبِيبِ بِالنَّبْضِ مِنْ الصِّحَّةِ وَالْمَرَضِ وَلَوْ لَمْ يَعْتَقِدْ بِقَضَاءِ اللَّهِ تَعَالَى أَوْ ادَّعَى الْغَيْبَ بِنَفْسِهِ يَكْفُرُ. (٣)

وكذا في صحيح البخاري:

عن أبي هريرة رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ وَلَا هَامة وَلَا صفر. (٤)

وكذا في كتاب الفتاوى: (٥)

وكذا في فتاوى محمودية: (٦)

(٢) حقیقتاً نفع وضرر تو اللہ تعالی کے قبضہ وقدرت میں ہے اور اسی سے ہر وقت مدد مانگنی چاہئے اور وہی مدد کرنے والے ہیں اور

---

(١) ٢١/ ١٤٩، لقمان: ٣٤، ط: دار إحياء التراث العربي.

(٢) كتاب الطب، باب في الطيرة والخط، ٢/ ١٩١، رقم الحديث: ٣٩٢٣، ط: رحمانية.

(٣) كتاب الجهاد، باب المرتد، مطلب في دعوى علم الغيب، ٤/ ٢٤٣، ط: سعيد.

(٤) كتاب الطب، باب لا هامة، ٢/ ٨٥٧، ط: قديمي.

(٥) كتاب الإيمان، باب البدعات والرسوم، ١/ ٣٩٢، ط: زمزم پبلشرز.

(٦) كتاب العلم، باب الفلكيات، ٤/ ١٩٣... وأيضا فيه: كتاب الإيمان والعقائد، باب ما يتعلق بعلم الغيب، ١/٤٩٩- ٥٠٠، ط: ادارة الفاروق.

Marfat.com

اللہ کی مرضی کے بغیر جنات تو کیا فرشتے بھی نفع و نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ لہٰذا جنات سے یا فرشتوں سے یہ سمجھ کر مدد مانگنا کہ جب بھی ان سے مدد مانگی جائے تو وہ ہماری مدد کے لئے حاضر ہوتے ہیں، اور ہمیں فائدہ ضرور پہنچاتے ہیں، یہ مشرکانہ اور کفریہ عقیدہ ہے، اس سے ایمان سلامت نہیں رہتا، اس لئے ایسے عقیدے سے بچنا ہر مسلمان پر لازم ہے۔ ہاں البتہ یہ سمجھ کر ان سے مدد حاصل کی جائے کہ اللہ کی مرضی کے مطابق یہ فائدہ و نقصان پہنچاتے ہیں، اللہ کی مشیت کے خلاف یہ کچھ بھی نہیں کر سکتے، نفع و نقصان کا اصل محرک مشیت الٰہی ہے، نہ کہ جنات اور فرشتے۔ تو اس طرح سے شرک کا دروازہ بھی نہیں کھلے گا اور جنات و فرشتوں کی قدرت کا موثر حقیقی نہ ہونا بھی واضح ہوگا، پھر اس میں بھی ضروری ہے کہ کسی طرح عقیدے کی خرابی لازم نہ آئے۔ لہٰذا جہاں بھی عقیدہ خراب ہونے کا شائبہ ہوگا وہاں جنات اور فرشتوں یا کسی اور مخلوق کی مدد حاصل کرنا شرعاً ناجائز ہوگا، کیونکہ ایسی صورت میں لوگ غیر محسوس طریقے سے شرکیہ عقائد میں مبتلا ہو جائیں گے۔ (والعیاذ باللہ تعالی)

باقی جہاں اہل حق علماء کرام سے منسوب عبارتیں ہیں کہ انہوں نے مؤکلات سے مدد حاصل کرنے کو ممکن بتایا ہے تو واضح رہے کہ انہوں نے کبھی بھی موثر حقیقی اور حتمی نفع و نقصان کو مخلوق کی طرف منسوب نہیں کیا ہے، بلکہ مجازاً وسائل کی حد تک جنات اور فرشتوں کو نفع و نقصان میں معاون مانا ہے۔

قال الله تعالى: وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ. (۱)

وكذا في روح المعاني:

أي وما النصر بالملائكة وغيرهم من الأسباب... أو المعنى لا تحسبوا النصر من الملائكة عليهم السلام فإن الناصر هو الله تعالى لكم والملائكة، وعليه فلا دخل الملائكة في النصر أصلا. (۲)

وكذا في جامع الترمذي:

وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كُنْتُ خَلْفَ النبي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ: يَا غُلَامُ... وَإِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللَّهَ وَإِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ إلخ. (۳)

وكذا في شرح الفقه الأكبر بحوالة محمودية:

ولا تجوز الاستعانة بالجن، فقد ذم الله تعالى الكافرين على ذلك فقال الله تعالى: وَأَنَّهُ كَانَ رِجَالٌ مِنَ

==========

(۱) الأنفال: ۱۰.

(۲) ۹/ ۲۳۰، الأنفال: ۱۰، ط: دار إحياء التراث العربي.

(۳) أبواب صفة القيامة، باب: ۵۹، ۱/ ۷۷- ۷۸، ط: سعيد.

Marfat.com

الْإِنْسِ يَعُوذُونَ بِرِجَالٍ مِنَ الْجِنِّ فَزَادُوهُمْ رَهَقًا. (۱)

وكذا في امداد الفتاوى: (۲)

عذاب قبر روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ عذاب قبر صرف روح کو ہوتا ہے یا روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے؟

جواب: اہلسنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ عذاب قبر روح اور جسم دونوں کو ہوتا ہے، واضح رہے کہ قبر سے مراد ہر وہ جگہ ہے جہاں مرنے کے بعد انسان کا جسم یا اس کے اجزاء موجود ہوں خواہ گڑھے میں یا پانی میں یا کسی جانور کے پیٹ وغیرہ میں ہوں۔ اور اللہ تعالی اس پر قادر ہے کہ انسان کی روح کا اس کے جسم کے ساتھ اس طرح کا تعلق قائم کردیں کہ روح کے عذاب کے ساتھ جسم کو بھی وہ تکلیف محسوس ہو اگرچہ دیکھنے والوں کو اس تکلیف کا ادراک نہ ہوتا ہو جیسے کوئی شخص خواب میں کوئی تکلیف محسوس کرے تو پاس بیٹھے ہوئے شخص کو اس سونے والے شخص کی تکلیف کا احساس نہیں ہوتا۔

كما في القرآن الكريم:

النَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ أَدْخِلُوا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذَابِ. (۳)

وفيه أيضا:

مِمَّا خَطِيئَاتِهِمْ أُغْرِقُوا فَأُدْخِلُوا نَارًا فَلَمْ يَجِدُوا لَهُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَنْصَارًا. (٤)

وفيه أيضا:

يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَيُضِلُّ اللَّهُ الظَّالِمِينَ وَيَفْعَلُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ. (٥)

وكذا في سنن أبي داد:

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قال: خرجنا مع رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ... قَالَ: وَيَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهِ...

==========

(۱) فتاوى محمودية: ۱/ ۳۵۷، كتاب الإيمان والعقائد، باب ما يتعلق بالاستمداد بغير الله تعالى، ط: ادارة الفاروق.

(۲) كتاب البدعات، ٥/ ۳٤۸، ط: دار العلوم.

(۳) المؤمن: ٤٦.

(٤) نوح: ۳٥.

(٥) إبراهيم: ۲۷.

Marfat.com

وَإِن الْكَافِر فَذكر مَوته قَالَ وتعاد رُوحُهُ فِي جَسَدِهِ.(١)

وكذا في شرح صحيح مسلم للنووي:

ثم المعذب عند أهل السنة والجماعة الجسد بعينه أو بعضه بعد إعادة الروح إليه أو إلى جزء منه. (٢)

وكذا في فتح الباري:

وَقد أَخذ بن جَرِيرٍ وَجَمَاعَةٌ مِنَ الْكَرَّامِيَّةِ مِنْ هَذِهِ الْقِصَّةِ أَنَّ السُّؤَالَ فِي الْقَبْرِ يَقَعُ عَلَى الْبَدَنِ فَقَطْ وَأَنَّ اللَّهَ يَخْلُقُ فِيهِ إِدْرَاكًا بِحَيْثُ يسمع وَيعلم ويلذ ويألم وَذهب بن حزم وبن هُبَيْرَةَ إِلَى أَنَّ السُّؤَالَ يَقَعُ عَلَى الرُّوحِ فَقَطْ مِنْ غَيْرِ عَوْدٍ إِلَى الْجَسَدِ وَخَالَفَهُمُ الْجُمْهُورُ فَقَالُوا تُعَادُ الرُّوحُ إِلَى الْجَسَدِ أَوْ بَعْضِهِ كَمَا ثَبَتَ فِي الْحَدِيثِ وَلَوْ كَانَ عَلَى الرُّوحِ فَقَطْ لَمْ يَكُنْ لِلْبَدَنِ بِذَلِكَ اخْتِصَاصٌ. (٣)

وكذا في المرقاة:

وَفِيهِ دَلَالَةٌ عَلَى حَيَاةِ الْمَيِّتِ فِي الْقَبْرِ لِأَنَّ الْإِحْسَاسَ بِدُونِ الْحَيَاةِ مُمْتَنِعٌ عَادَةً، وَاخْتَلَفُوا فِي ذَلِكَ فَقَالَ بَعْضُهُمْ: يَكُونُ بِإِعَادَةِ الرُّوحِ، وَتَوَقَّفَ أَبُو حَنِيفَةَ فِي ذَلِكَ اهـ. وَلَعَلَّ تَوَقُّفَ الْإِمَامِ فِي أَنَّ الْإِعَادَةَ تَتَعَلَّقُ بِجُزْءِ الْبَدَنِ أَوْ كُلِّهِ. (٤)

وكذا في تفسير روح المعاني:

والجمهور على عود الروح إلى الجسد أو بعضه وقت السؤال على وجه لا يحس به أهل الدنيا إلا من شاء الله تعالى منهم. (٥)

وكذا في رد المحتار:

بَلَا يَرِدُ تَعْذِيبُ الْمَيِّتِ فِي قَبْرِهِ لِأَنَّهُ تُوضَعُ فِيهِ الْحَيَاةُ عِنْدَ الْعَامَّةِ بِقَدْرِ مَا يُحِسُّ بِالْأَلَمِ وَالْبِنْيَةُ لَيْسَتْ بِشَرْطٍ عِنْدَ أَهْلِ السُّنَّةِ بَلْ تُجْعَلُ الْحَيَاةُ فِي تِلْكَ الْأَجْزَاءِ الْمُتَفَرِّقَةِ الَّتِي لَا يُدْرِكُهَا الْبَصَرُ. (٦)

==========

(١) كتاب الديات، باب المسألة في القر وعذاب القبر، ٢/ ٣٠٦، ط: حقانية.

(٢) كتاب صفة المنافقي وأحكامهم، باب عرض مقعد الميت من الجنة... ٢/ ٣٨٦، ط: قديمي.

(٣) كتاب الجنائز، باب ما جاء في عذاب القبر، ٣/ ٣٠١، ط: قديمي.

(٤) باب إثبات عذاب القبر، الفصل الأول، ١/ ١٩٨، ط: امدادية.

(٥) ٤١/ ٧٨، ط: دار إحياء التراث.

(٦) باب اليمين في الضرب والقتل، مطلب: ترد الحياة إلى الميت إلى آخره، ٣/ ٨٣٥، ط: سعيد.

Marfat.com

كما في شرح العقائد النسفية:

وعذاب القبر للكافرين ولبعض عصاة المؤمنين ثابت بالدلائل السمعية وعلى حاشيته ويكون الروح متصلا بالجسد وكذا إذ صار ترابا يكون روحه بترابه والروح والتراب يتألم. (١)

وأيضا فيه:

والجواب أنه يجوز أن يخلق الله تعالى في جميع الأجزاء أو في بعضها نوعا من الحياة... حتى أن الغريق في الماء والمأكول في بطون الحيوانات والمصلوب في الهواء يعذب وإن لم نطلع عليه. (٢)

وكذا في كتاب الروح:

قَالَ شيخ الْإِسْلَام الْأَحَادِيث الصَّحِيحَة المتواترة تدل على عود الرّوح إِلَى الْبدن وَقت السُّؤَال وسؤال الْبدن بِلَا روح قَول قَالَه طَائِفَة من النَّاس وَأنْكرهُ الْجُمْهُور وقابلهم آخَرُونَ فَقَالُوا السُّؤَال للروح بِلَا بدن وَهَذَا قَالَه ابْن مرّة وَابْن حزم وَكِلَاهُمَا غلط وَالْأَحَادِيث الصَّحِيحَة ترده وَلَو كَانَ ذَلِك على الرّوح فَقَط لم يكن للقبر بِالروحِ اخْتِصَاص. (٣)

وأيضا فيه:

مَذْهَب سلف الْأمة وأئمتها أَن الْمَيِّت إِذا مَاتَ يكون فِي نعيم أَو عَذَاب وَأَن ذَلِك يحصل لروحه وبدنه وَأَن الرّوح تبقى بعد مُفَارقَة الْبدن منعمة أَو معذبة وَأَنَّهَا تتصل بِالْبدنِ أَحْيَانًا وَيحصل لَهُ مَعهَا النَّعيم أَو الْعَذَاب. (٤)

وكذا في الفقه الأكبر:

وإعادة الروح إلى الجسد في قبره حق. (٥)

وكذا في شرح عقيدة الطحاوية:

وَكَذَلِكَ عَذَابُ الْقَبْرِ يَكُونُ لِلنَّفْسِ وَالْبَدَنِ جَمِيعًا بِاتِّفَاقِ أَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَة. (٦)

==========

(١) مبحث عذاب القبر، ص٩٩، ط: المصباح.

(٢) مبحث عذاب القبر، ص١٠١، ط: المصباح.

(٣) ص٤٤، ط: حقانية.

(٤) ص٦٨، ط: حقانية.

(٥) باب عذاب القبر، ١/ ٦٥، ط: الفرقان.

(٦) باب السؤال في القبر للروح والجسد، ١/ ٣٩٥، ط: وزارة الشؤون الإسلامية.

Marfat.com

مردوں کا قدموں کی آہٹ سننا

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ مردوں کے لئے زندوں کے قدموں کی آہٹ سننا کسی حدیث سے ثابت ہے؟

جواب: جی ہاں، مردوں کے لئے زندوں کی قدموں کی آہٹ سننا حدیثِ صحیح سے ثابت ہے۔

كما في صحيح البخاري:

عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " العَبْدُ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ، وَتُوُلِّيَ وَذَهَبَ أَصْحَابُهُ حَتَّى إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ... إلخ. (١)

وكذا في عمدة القاري:

قَوْله: (قرع نعَالهمْ) أَي: نعال النَّاس الَّذين حول قَبره من الَّذين باشروا دَفنه وَغَيرهم، وقرع النِّعَال: صَوتهَا عِنْد الْمَشْي، والقرع فِي الأَصْل الضَّرْب، فَكَأَن أَصْحَاب النِّعَال إِذا ضربوا الأَرْض بهَا خرج مِنْهَا صَوت. (٢)

وكذا في مرقاة المفاتيح:

(لَيَسْمَعُ) : بِفَتْحِ اللَّامِ لِلتَّأْكِيدِ (قَرْعَ نِعَالِهِمْ) : بِكَسْرِ النُّونِ جَمْعُ نَعْلٍ، قِيلَ أَيْ: يَسْمَعُ صَوْتَهَا. (٣)

وكذا في شرح المسلم للإمام النواوي:

وقرع النعال وخفقها هو ضربها الأرض وصوتها فيها. (٤)

وكذا في تكملة فتح الملهم:

ومع هذا فالراجح في هذه المسئلة ما ذهب إليه المتوسطون المحققون من العلماء وهو أن الأصل في الميت عدم السماع، ولكن لا يستحيل أن يسمعهم الله تعالى كلاما في بعض الأحيان على سبيل خرق العادة، وقد ثبت وقوع ذلك في حديث الباب، وفي حديث قتلى بدر، وفي حديث ابن عباس الذي رواه ابن عبد البر، وصححه فينبغي أن نؤمن بالسماع في هذه المواقع ونتوقف في المواقع الأخرى التي لم يرد فيها نص إلخ. (٥)

---

(١) كتاب الجنائز، باب الميت يسمع خفق النعال، ١/ ١٧٨، ط: قديمي.

(٢) كتاب الجنائز، باب الميت يسمع خفق النعال، ٨/ ٢٠٧، ط: رشيدية.

(٣) باب إثبات عذاب القبر، الفصل الأول: الميت يعلم من يكفنه، ١/ ١٩٨، ط: امدادية.

(٤) كتاب صفة المنافقي، باب عرض مقعد الميت من الجنة أو النار، وإثبات عذاب القبر والتعوذ منه، ٢/ ٣٨٦، ط: قديمي.

(٥) باب عرض مقعد الميت من الجنة أو النار... إلخ، مسئلة سماع الموتى، ٦/ ١٢٢، ط: دار القلم.

Marfat.com

آپ کے مسائل اوران کا حل: (۱)

وكذا في فتاوى محمودية: (۲)

امام مہدی کا منکر گمراہ ہے

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی شخص امام مہدی کے آنے کا منکر ہو اور ان کے آنے سے متعلق وارد شدہ احادیث کو من گھڑت کہے تو ازروئے شریعت اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: امام مہدی کا آخری زمانے میں آنا احادیث مشہورہ سے ثابت ہے لہٰذا اس کا منکر اور اس کے بارے میں وارد شدہ احادیث کو من گھڑت کہنے والا گمراہ ہے اور اہل سنت والجماعت سے خارج ہے۔

كما في سنن أبي داود:

وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «الْمَهْدِيُّ مِنْ عِتْرَتِي مِنْ وَلد فَاطِمَة». رَوَاهُ أَبُو دَاوُد. (۳)

وكذا في التعليق الصبيح:

قال السفاريني: قد كثرت الروايات بخروج المهدي حتى بلغت حد التواتر المعنوي وشاع ذلك بين علماء أهل السنة حتى عد من معتقداتهم فالإيمان بخروج المهدي واجب كما هو مقرر عند أهل العلم ومدون في عقائد أهل السنة والجماعة. (٤)

وكذا في تحفة الأحوذي:

قال القاضي الشوكاني في الفتح الرباني الذي أمكن الْوُقُوفُ عَلَيْهِ مِنَ الْأَحَادِيثِ الْوَارِدَةِ فِي الْمَهْدِيِّ نَيِّفٌ وَخَمْسُونَ حَدِيثًا وَثَمَانِيَةٌ وَعِشْرُونَ أَثَرًا ثُمَّ سَرَدَهَا مَعَ الْكَلَامِ عَلَيْهَا ثُمَّ قَالَ وَجَمِيعُ مَا سُقْنَاهُ بَالِغٌ حَدَّ التَّوَاتُرِ كَمَا لَا يَخْفَى عَلَى مَنْ لَهُ فَضْلُ اطِّلَاعٍ. (٥)

---

(۱) كتاب العقائد، ۱/ ٤۱۳، ط: لدهيانوي.

(۲) باب العقائد، ما يتعلق بحياة الأنبياء وسماع الموتى، ۱/ ٥٦٧، ط: ادارة الفاروق.

(۳) كتاب الفتن، باب في ذكر المهدي، ۲/ ۲۳۹، رقم الحديث: ٤۲۸٤، ط: رحمانية.

(٤) كتاب الفتن، باب أشراط الساعة، ٦/ ۱۸٥، ط: قديمي.

(٥) كتاب الفتن، باب المهدي، ٦/ ٤۸٥، ط: قديمي.

Marfat.com

وكذا في فتح الباري:

وَقَالَ أَبُو الْحَسَنِ الْخَسْعِيُّ الْآبِدِيُّ فِي مَنَاقِبِ الشَّافِعِيِّ: تَوَاتَرَتِ الْأَخْبَارُ بِأَنَّ الْمَهْدِيَّ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ وَأَنَّ عِيسَى يُصَلِّي خَلْفَهُ. (١)

وفي الفقه الأكبر:

وأما ظهور المهدي في آخر الزمان وأنه يملأ الأرض قسطا وعدلا كما ملئت ظلما وجورا وأنه من عترته عليه السلام من ولد فاطمة رضي الله عنها فثابت وقد وردت به الأخبار عن سيد الأخيار صلى الله عليه وسلم. (٢)

وكذا في شرح المقاصد:

وقد وردت الأحاديث الصحيحة في ظهور إمام من ولد فاطمة الزهراء رضي الله عنها. (٣)

وكذا في الحاوي للفتاوى:

وَالْأَحَادِيثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي التَّنْصِيصِ عَلَى خُرُوجِ المهدي مِنْ عِتْرَتِهِ مِنْ وَلَدِ فاطمة ثَابِتَةٌ، أَصَحُّ مِنْ هَذَا الْحَدِيثِ، فَالْحُكْمُ بِهَا دُونَهُ. وَقَالَ أبو الحسن محمد بن الحسين بن إبراهيم بن عاصم السحري: قَدْ تَوَاتَرَتِ الْأَخْبَارُ، وَاسْتَفَاضَتْ بِكَثْرَةِ رُوَاتِهَا عَنِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَجِيءِ المهدي، وَأَنَّهُ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي، وَأَنَّهُ سَيَمْلِكُ سَبْعَ سِنِينَ. (٤)

وكذا في الشامية:

وَالْحَقُّ أَنَّ الْمَسَائِلَ الْإِجْمَاعِيَّةَ تَارَةً يَصْحَبُهَا التَّوَاتُرُ عَنْ صَاحِبِ الشَّرْعِ كَوُجُوبِ الْخَمْسِ، وَقَدْ لَا يَصْحَبُهَا فَالْأَوَّلُ يَكْفُرُ جَاحِدُهُ لِمُخَالَفَتِهِ التَّوَاتُرَ لَا لِمُخَالَفَتِهِ الْإِجْمَاعَ. (٥)

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی الوہیت کا عقیدہ رکھنا

سوال: حضرت علی رضی اللہ عنہ کی الوہیت کا عقیدہ رکھنے والے کا کیا حکم ہے؟

جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ الٰہ تھے، کفر ہے، ایسا شخص کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

==========

(١) كتاب أحاديث الأنبياء،باب نزول عيسى بن مريم عليه الصلاة والسلام، ٦/ ٦١١، ط: قديمي.

(٢) باب نصب الإمام، ١/ ١٤٧، ط: قديمي.

(٣) فصل في الإمامة، ٣/ ٥٣٧.

(٤) العرف الوردي في أخبار المهدي: ٢/ ٨٠- ٨١، ط: رشيدية.

(٥) باب المرتد، مطلب في منكر الإجماع، ٤/ ٢٢٣، ط: سعيد.

Marfat.com

كما في الشامية:

لَا شَكَّ فِي تَكْفِيرِ مَنْ قَذَفَ السَّيِّدَةَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا أَوْ أَنْكَرَ صُحْبَةَ الصِّدِّيقِ، أَوْ اعْتَقَدَ الْأُلُوهِيَّةَ فِي عَلِيٍّ أَوْ أَنَّ جِبْرِيلَ غَلِطَ فِي الْوَحْيِ، أَوْ نَحْوُ ذَلِكَ مِنْ الْكُفْرِ الصَّرِيحِ الْمُخَالِفِ لِلْقُرْآنِ. (١)

وكذا في الهندية:

وَيَجِبُ إكْفَارُ الرَّوَافِضِ فِي قَوْلِهِمْ بِرَجْعَةِ الْأَمْوَاتِ إلَى الدُّنْيَا، وَبِتَنَاسُخِ الْأَرْوَاحِ وَبِانْتِقَالِ رُوحِ الْإِلَهِ إلَى الْأَئِمَّةِ... وَهَؤُلَاءِ الْقَوْمُ خَارِجُونَ عَنْ مِلَّةِ الْإِسْلَامِ وَأَحْكَامُهُمْ أَحْكَامُ الْمُرْتَدِّينَ كَذَا فِي الظَّهِيرِيَّةِ. (٢)

وكذا في الخانية:

وَيَجِبُ إكْفَارُ الرَّوَافِضِ فِي قَوْلِهِمْ بِرَجْعَةِ الْأَمْوَاتِ إلَى الدُّنْيَا، وَبِتَنَاسُخِ الْأَرْوَاحِ وَبِانْتِقَالِ رُوحِ الْإِلَهِ إلَى الْأَئِمَّةِ وَأَنَّ الْأَئِمَّةَ إله. (٣)

وكذا في البحر الرائق:

أَمَّا لَوْ كَانَ مُؤَدَّيًا إلَى الْكُفْرِ فَلَا يَجُوزُ أَصْلًا كَالْغُلَاةِ مِنْ الرَّوَافِضِ الَّذِينَ يَدَّعُونَ الْأُلُوهِيَّةَ لِعَلِيٍّ أَوْ أَنَّ النُّبُوَّةَ لَهُ فَغَلَّطَ جِبْرِيلُ وَنَحْوُ ذَلِكَ مِمَّا هُوَ كُفْرٌ. (٤)

وكذا في البزازية:

وَإِكْفَارُ الرَّوَافِضِ فِي قَوْلِهِمْ بِرَجْعَةِ الْأَمْوَاتِ إلَى الدُّنْيَا، وَبِنَسْخِ الْأَرْوَاحِ وَانْتِقَالِ رُوحِ الْإِلَهِ إلَى الْأَئِمَّةِ وَأَنَّ الْأَئِمَّةَ إله وفي قولهم بخروج إمام ناطق بالحق... وإحكام هؤلاء أحكام المرتدين. (٥)

یزید پر لعنت کرنے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے میں کہ آیا یزید پر لعنت کرنا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: کسی بھی مسلمان پر لعنت کرنا جائز نہیں اس لئے یزید پر لعنت کرنا ہر گز درست نہیں اس بارے میں توقف اختیار کرنا چاہئے۔

(١) كتاب الجهاد، باب المرتد، مطلب مهم في حكم سب الشيخين، ٤/ ٢٣٧، ط: سعيد.

(٢) الباب التاسع في أحكام المرتدين، مطلب موجبات الكفر أنواع منها... ٢/ ٢٦٤، ط: رشيدية.

(٣) كتاب أحكام المرتدين، فصل فيمن يجب إكفاره من أهل البدع، ٥/ ٣٦٥، ط: قديمي.

(٤) كتاب السير، باب البغاة، ٥/ ٢٣٤، ط: رشيدية.

(٥) كتاب الألفاظ تكون إسلاما أو كفرا، نوع فيما يتصل بها مما يجب الكفارة من أهل البدع: ٢/ ٤٣٩، ط: قديمي.

Marfat.com

كما في القرآن المجيد:

فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِنْ تَوَلَّيْتُمْ أَنْ تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ. (١)

وكذا في روح المعاني:

وهو مبني على جواز لعن العاصي المعين من جماعة لعنوا بالوصف، وفي ذلك خلاف فالجمهور، على أنه لا يجوز لعن المعين فاسقا كان أو ذميا حيا كان أو ميتا ولم يعلم موته على الكفر لاحتمال أن يختم له أو ختم له بالإسلام بخلاف من علم موته على الكفر كأبي جهل. (٢)

وكذا في مجموع الفتاوى لابن تيمية:

وَقَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ المقدسي لَمَّا سُئِلَ عَنْ يَزِيدَ: فِيمَا بَلَغَنِي لَا يُسَبُّ وَلَا يُحَبُّ. وَبَلَغَنِي أَيْضًا أَنَّ جَدَّنَا أَبَا عَبْدِ اللَّهِ ابْنَ تَيْمِيَّةَ سُئِلَ عَنْ يَزِيدَ. فَقَالَ: لَا تُنْقِصْ وَلَا تَزِدْ. وَهَذَا أَعْدَلُ الْأَقْوَالِ فِيهِ وَفِي أَمْثَالِهِ وَأَحْسَنِهَا. (٣)

وكذا في شرح العقائد:

وإنما اختلفوا في يزيد بن معاوية حتي ذكر في الخلاصة وغيرها أنه لا ينبغي اللعن عليه ولا على الحجاج لأن النبي عليه السلام نهى عن لعن المصلين ومن كان من أهل القبة وما نقل من لعن النبي عليه السلام لبعض من أهل القبة فلما أنه يعلم من أحوال الناس. (٤)

وكذا في فتاوى مفتي محمود: (٥)

وكذا في فتاوى عثماني: (٦)

وكذا في آپ کے مسائل اور ان کا حل: (٧)

وكذا في فتاوى حقانية: (٨)

==========

(١) سورة محمد الآية ٢٢.

(٢) سورة محمد: ٢٢، ٢٥-٢٦/ ٣١٦، ط: دار إحياء التراث العربي.

(٣) فصل في افترق الناس في يزيد بن معاوية...، ٤/ ٤٧٥، ط: دار الوفاء.

(٤) مبحث: يجب الكف عن الطعن في الصحابة، ص١٦٣، ط: المصباح.

(٥) كتاب العقائد: ١/ ٣٢٦، ط: جمعيت پبليكشتر.

(٦) كتاب السير والمناقب، ١/ ٣٠٨، ط: معارف القرآن.

(٧) كتاب السير والمناقب،١/ ٢٣٢، ط: لدهيانوي.

(٨) كتاب العقائد والإيمانيات، ١/ ١٩٥، ط: حقانيه.

Marfat.com

وكذا في خير الفتاوى: (١)

خلافت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے منکر کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص ہے جو کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کاانکار کرتا ہے تواس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت کامنکر صحیح قول کے مطابق کافر ہے۔

كما في الهندية:

من أنكر إمامة أبي بكر رضي الله عنه فهو كافر. (٢)

وكذا في رد المحتار:

وإن أنكر خلافة صديق أو عمر فهو كافر. (٣)

وكذا في البحر الرائق:

وإن أنكر خلافة الصديق فهو كافر. (٤)

وكذا في الفتاوى البزازية على هامش الهندية:

ومن أنكر خلافة أبي بكر رضي الله عنه فهو كافر في الصحيح. (٥)

وكذا في رسائل عابدين:

من أنكر إمامة أبي بكر فهو كافر على قول بعضهم وقال بعضهم: مبتدع وليس بكافر والصحيح أنه كافر. (٦)

كذا في مجموعة الفتاوى مترجم: (٧)

==========

(١) كتاب العقائد، ١/ ١٣٥، ط: امداديه.

(٢) كتاب السير، الباب التاسع في أحكام المرتدين، ٢/٢٦٤، ط: رشيدية.

(٣) كتاب الصلاة، باب الإمامة، مطلب: البدعة خمسة، ١/ ٥٦١، ط: سعيد.

(٤) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ١/ ٦١١، ط: رشيدية.

(٥) كتاب السير، نوع فيما يتصل بها مما يجب إكفاره من أهل البدع، ٦/ ٣١٨، ط: رشيدية.

(٦) تنبيه الولاة والحكام على أحكام شاتم خير الأنام أو أحد أصحابه الكرام: ١/ ٣٥٩، ط: عثمانية.

(٧) كتاب العقائد، ١/ ٩٢، ط: سعيد.

Marfat.com

عقیدہ ظہور مہدی

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام درج ذیل امور کے بارے میں:

نمبر(۱) عقیدہ ظہور مہدی کااعتقاد کیاضروری عقائد میں سے ہے؟اگر کوئی اس عقیدہ کو تسلیم نہ کرے تواس کا کیا حکم ہے؟

نمبر(۲) حضرت مہدی کی شخصیت کاتعارف اورآپ کو مہدی کہنے کی کیاوجہ ہے، کیایہ آپ کااصل نام ہے؟

نمبر(۳) حضرت مہدی کی سیرت وصورت قرآن وسنت کی روشنی میں بیان کریں۔

نمبر(۴) علماء فرماتے ہیں کہ حضرت مہدی قرب قیامت کی نشانیوں میں سے ہیں توحضرت مہدی کے ظہور کی علامات کیاہوں گی؟

نمبر(۵) قرآن شریف اور صحیحین میں حضرت مہدی کاتذکرہ ہے یانہیں؟

جواب: عقائد اسلامیہ میں سے ایک اہم عقیدہ حضرت مہدی کے وجود وظہور کا عقیدہ بھی ہے اس عقیدہ کی وضاحت حافظ عماد الدین ابن کثیر رحمہ اللہ (متوفی ۷۷۴ھ) نے ان الفاظ میں بیان فرمائی ہے:

''المهدي الذي يكون في آخر الزمان، وأحد الخلفاء الراشدين والأئمة المهديين، وليس هو بالمنتظر الذي تزعم الرافضة وترتجي ظهوره من سِرداب سامَراء، فإن ذلك ما لأُ حقيقة له ولا عين ولا أثر، ويزعمون أنه محمد بن الحسن العسكري، وأنه دخل السرداب وعمره خمس سنين، وأما ما سنذكره فقد نطقت به الأحاديث المروية عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأنه يكون في آخر الزمان، وأظن ظهوره يكون قبل نزول عيسى بن مريم، فإن هذا يملأ الأرض عدلا كما ملئت جورا وظلما''. (۱)

آخری زمانہ میں آنے والے حضرت مہدی بھی خلفاء راشدین اور ائمہ مہدیین میں سے ہیں (البتہ اتنی بات ضرور سمجھ لیں کہ) یہ وہ مہدی نہیں ہیں جن کا روافض اپنے خیال وفہم کے مطابق انتظار کررہے ہیں اور سامرا کے غار سے اس کے ظہور وآمد کی امید لگائے ہوئے ہیں، یادرہے کہ ان کے اس نظریہ کی کوئی حقیقت، کوئی نظیر اور کوئی اصل ہی نہیں، روافض کا یہ نظریہ ہے کہ مہدی سے مراد محمد بن حسن عسکری ہیں جو پانچ سال کی عمر سے سامراء نامی ایک غار میں چھپے ہوئے ہیں۔ باقی ہم جس مہدی کاتذکرہ کرنے جارہے ہیں ان کے بارے میں نبی علیہ السلام سے کئی حدیثیں مروی ہیں کہ وہ آخری زمانہ میں تشریف لائیں گے حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام سے پہلے ان کا ظہور ہوگا ان کی صفات میں سے ہے کہ وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھردیں گے جیساکہ اس سے پہلے ظلم وستم سے بھری ہوگی۔

==========

(۱) البداية والنهاية: كتاب الفتن والملاحم، فصل في ذكر المهدي الذي يكون في آخر الزمان، ۱۹/ ۵۵، ط: دار هجر للطباعة والنشر.

Marfat.com

ظہور مہدی کا عقیدہ احادیث صحیحہ مشہورہ سے ثابت ہے اور ۱۴ سو سال سے مسلمانوں میں مسلم و مشہور ہے، اور اہل السنت والجماعت کے ضروری عقائد میں سے ہے، اس کا عقیدہ رکھنا واجب ہے، اس کا منکر اہل سنت والجماعت سے خارج ہوگا، تاہم وہ دائرہ اسلام سے خارج نہیں ہوگا۔

(۱) كما صرح به العلامة ابن القيم رحمه الله (المتوفى ۷۵۱ھ)

والأحاديث على خروج المهدي أصح إسناداً. (۱)

حضرت مہدی کے بارے میں احادیث باعتبار سند کے صحیح ترین ہیں۔

(۲) قد تواترت الأخبار واستفاضت بذكرها، فإنه من أهل البيت، وإنه يملك سبع سنين، وإنه يملأ الأرض عدلاً. (۲)

حضرت مہدی کے بارے میں جو احادیث وارد ہوئی ہیں وہ متواتر اور مشہور ہیں کہ آپ اہل بیت میں سے ہوں گے، سات سال حکومت فرمائیں گے اور زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے۔

(۳) كذا في إتحاف الجماعة: (۳)

وكذا في مناقب الشافعي لأبي الحسن الأبري المتوفى (۳۶۳ھ):

قد تواترت الأخبار واستفاضت (بكثرة رواتها عن المصطفى صلى الله عليه وسلم) في المهدي، وأنه من أهل بيت النبي صلى الله عليه وسلم، وإنه يملك سبع سنين، ويملأ الأرض عدلا وإنه يخرج مع عيسى بن مريم. (۴)

وفي نظم المتناثر للكتاني المتوفى (۱۳۴۵ھ):

والحاصل أن الأحاديث الواردة في المهدي المنتظر متواترة. (۵)

وفيه أيضا:

إن الأحاديث الواردة فيه على اختلاف رواياتها كثيرة تبلغ حد التواتر وهي عند أحمد والترمذي وأبي داود وابن ماجه والحاكم والطبراني وأبي يعلى والبزار وغيره من دواوين الإسلام من السنن والمعاجم

---

(۱) المنار المنيف: فصل ۵۰، ۱/ ۱۴۳، ط: المطبوعات الإسلامية.

(۲) الاحتجاج بالأثر على من أنكر المهدي المنتظر، باب تقريظ الشيخ، ۱/ ۳، ط: الرئاسة العامة.

(۳) فصل تواتر أحاديث المهدي: ۱/ ۲۰۲، ط:

(۴) ص۹۵، ط: الدار الأثرية.

(۵) كتاب أشراط الساعة، ۱/ ۲۲۹، ط: دار الكتب السلفية.

Marfat.com

والمسانيد وأسندوها إلى جماعة من الصحابة فإنكارها مع ذلك لا ينبغي والأحاديث يشد بعضها بعضا ويتقوى أمرها بالشواهد والمتابعات. (۱)

حضرت مہدی کا تعارف

ہر انسان کی ایک ذات اور اس کی کچھ صفات ہوا کرتی ہیں جو اس کی پہچان و معرفت کا ذریعہ بنتی ہیں، حضرت مہدی بھی چونکہ نوع انسانی میں سے ہوں گے لہٰذا ان سے متعلق دو باتوں کو بالترتیب ذکر کیا جاتا ہے۔

ذات گرامی

مستند کتب حدیث کی روایات صحیحہ اور کتب عقائد کی عباراتِ معتمدہ سے یہ بات ثابت شدہ ہے کہ حضرت مہدی بذات خود بھی نام کے اعتبار سے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے ہم نام ہوں گے اور آپ کے والد کا نام بھی حضور علیہ السلام کے والد ماجد کے اسم گرامی کے مشابہ ہوگا، بالفاظ دیگر حضرت مہدی کا نام محمد بن عبداللہ یا احمد بن عبداللہ ہوگا۔

کتبِ حدیث میں حضرت مہدی کے اسم گرامی کا ذکر

سنن أبي داود:

امام ابوداود رحمہ اللہ (متوفی ۲۷۵ھ) نے اپنی کتاب "سنن ابی داود" میں امام مہدی کے حوالے سے باقاعدہ باب قائم فرما کر مختلف احادیث کو ذکر فرمایا ہے جن میں سے دو روایات (باب کی پہلی اور آخری روایت) حضرت مہدی کے نام سے متعلق ہیں:

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا إِلَّا يَوْمٌ قَالَ زَائِدَةُ فِي حَدِيثِهِ: لَطَوَّلَ اللَّهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ حَتَّى يَبْعَثَ فِيهِ رَجُلًا مِنِّي أَوْ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي، وَاسْمُ أَبِيهِ اسْم أَبِي، زَادَ فِي حَدِيثِ فِطْرٍ: يَمْلَأُ الْأَرْضَ قِسْطًا وَعَدْلًا كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَجَوْرًا. (۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر دنیا کا ایک دن بھی باقی رہ جائے (اور حضرت مہدی تشریف نہ لائے ہوں) تو اللہ تعالی اپنی قدرت سے اس دن کو لمبا کر دیں گے یہاں تک کہ مجھ میں سے یعنی میرے اہل بیت میں سے ایک آدمی کو مبعوث کریں گے جس کا نام میرے نام کے مشابہ اور اس کے والد کا نام میرے والد ماجد کے نام کے مشابہ ہوگا جو ظلم و ستم سے بھری ہوئی زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا۔

==========

(۱) كتاب أشراط الساعة، ۱/ ۲۲۷، ط: دار الكتب السلفية.

(۲) سنن أبي داود: كتاب الفتن والملاحم: باب ذكر المهدي، ۲/ ۲۳۸، ۲۳۹، ط: رحمانية.

Marfat.com

جامع الترمذي:

امام ترمذی رحمہ اللہ (متوفی ۲۷۹ھ) نے اپنی کتاب میں "باب ما جاء في المهدي" کے الفاظ کے ساتھ باب قائم کیا ہے، جس میں حضرت مہدی کے اسم گرامی کے بارے میں درج ذیل حدیث بیان فرمائی ہے:

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتَّى يَمْلِكَ العَرَبَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمِي. (۱)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی جب تک کہ میرے گھر والوں میں سے ایک شخص پورے عرب کا مالک نہ ہو جائے، جس کا نام میرے نام کے مشابہ ہوگا۔

نسبت شریفہ

حضرت مہدی محدثین کی تصریح کے مطابق نسلاً حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی صاحبزادی سیدۃ نساءِ اہل الجنتہ حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی اولاد میں سے "حَسَنی" سید ہوں گے۔

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ رضي الله عنها قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمَهْدِيُّ مِنْ عِتْرَتِي، مِنْ وُلْدِ فَاطِمَةَ رضي الله عنها. (۲)

ترجمہ: حضرت مہدی میری قریبی نسل یعنی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد میں سے ہوں گے۔

كذا في سنن ابن ماجه: (۳)

سنن ابی داود میں حضرت مہدی کے حسنی ہونے کی تصریح ان الفاظ کے ساتھ بیان ہوئی ہے:

حدثنا عثمان بن شيبة... حُدِّثْتُ عَنْ هَارُونَ بْنِ الْمُغِيرَةِ... عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَنَظَرَ إِلَى ابْنِهِ الْحَسَنِ، فَقَالَ: «إِنَّ ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ كَمَا سَمَّاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَيَخْرُجُ مِنْ صُلْبِهِ رَجُلٌ يُسَمَّى بِاسْمِ نَبِيِّكُمْ، يُشْبِهُهُ فِي الْخُلُقِ، وَلَا يُشْبِهُهُ فِي الْخَلْقِ. (٤)

ابو اسحاق نقل کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا

==========

(۱) أبواب الفتن، باب ما جاء في المهدي، ۲/ ٤٧، ط: سعيد.

(۲) سنن أبي داود: كتاب الفتن، باب ذكر المهدي، ۲/ ۲۳۸، ط: رحمانية.

(۳) أبواب الفتن: باب خروج المهدي، ص۳۰۰، ط: قديمي.

(٤) كتاب الفتن والملاحم: باب ذكر المهدي، ۲/ ۲٤۰، ط: رحمانية.

Marfat.com

کہ میرا یہ بیٹا سردار ہے جیسا کہ نبی علیہ السلام نے ان کا نام رکھا ہے اور ان کی نسل میں سے ایک شخص آئے گا جس کا نام اور سیرت واخلاق آپ علیہ السلام کے نام وسیرت کے مشابہ ہوگا البتہ شکل وصورت میں آپ علیہ السلام کے مشابہ نہ ہوگا۔

امام شمس الدین ابن قیم جوزی رحمہ اللہ (متوفی ۷۵۱ھ) نے حضرت مہدی کے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہونے کو اپنی کتاب "المنار المنيف في الصحيح والضعيف" میں بھی بیان فرمایا ہے:

أَنَّهُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَلَدِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ يَخْرُجُ فِي آخِرِ الزَّمَانِ وَقَدِ امْتَلأَتِ الأَرْضُ جَوْرًا وَظُلْمًا فَيَمْلأُهَا قَسْطًا وَعَدْلا وَأَكْثَرُ الأَحَادِيثِ عَلَى هَذَا تَدُلُّ. (۱)

حضرت مہدی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کی اولاد میں سے ہوں گے، جو آخری زمانہ میں ظاہر ہوں گے جب کہ زمین ظلم وستم سے بھر چکی ہوگی، وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے۔ اکثر احادیث مبارکہ اسی بات پر دلالت کرتی ہیں۔

حضرت مہدی کا لقب

واضح رہے کہ مہدی آپ کا نام نہیں ہے بلکہ یہ آپ کا لقب ہوگا، مہدی کہنے کی وجہ یہ ہے کہ لفظ "مہدی" یہ ہدایت سے ہے، چونکہ اللہ تعالی ان کو حق بات کہنے کے ساتھ ساتھ نفاذ حق کی توفیق بھی عطا فرمائیں گے اور اس پر مزید یہ کہ حق گوئی اور اس کے عملی نفاذ میں آپ کی رہنمائی بھی فرمائیں گے اس لئے آپ کو "مہدی" کہہ کر پکارا جاتا ہے۔

كما في شرح العقيدة للسفاريني:

ولقبه المهدي؛ لأن الذي هداه الله عز وجل. هذا المهدي يبعث في آخر الزمان إذا مُلئت الأرض ظلماً وجوراً، ونسي فيها الحق، وصار المظلوم لقمة للظالم، وانتشرت الفوضى، فحينئذٍ يبعث الله هذا الرجل إماماً مصلحاً للحق. (۲)

مہدی آپ کا لقب ہے اس وجہ سے کہ اللہ تعالی آپ کی رہنمائی فرمائیں گے اور آخر زمانہ میں اس وقت مبعوث کریں گے جبکہ ظلم وستم سے زمین بھر چکی ہوگی اور حق کو بھلا دیا گیا ہوگا، مظلوم لوگ ظالموں کے زیر دست ہوں گے، لوگ اور قومیں منتشر ہو جائیں گی، پس ایسے وقت اللہ ان کو لوگوں کی اصلاح کے لئے بھیجیں گے۔

==========

(۱) فصل ۵۰، ۱/ ۱۵۱، ط: المطبوعات الإسلامية.

(۲) الباب الرابع في أشراط الساعة، ۱/ ۱۵٤، ٤۵۰، ط: دار الوطن للنشر، رياض.

Marfat.com

کنیت

آپ کی کنیت ابو عبداللہ ذکر کی گئی ہے:

وأما كنيته فأبو عبد الله. (۱)

جائے پیدائش

حضرت مہدی کی جائے ولادت اصح قول کے مطابق مدینہ منورہ ہے:

المهدي مولده بالمدينة. (۲)

یعنی آپ کا مقام ولادت مدینہ منورہ ہے۔

مدتِ خلافت، وِصال وتدفین

ابو داود شریف کی صحیح روایت کے مطابق حضرت مہدی سات سال خلافت فرمائیں گے، حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کا جب نزول ہوگا تو ان کی معیت میں کچھ عرصہ گزارنے کے بعد طبعی موت سے انتقال فرما جائیں گے، مسلمان ان کی نماز جنازہ ادا کرکے تدفین کردیں گے:

عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «يَكُونُ اخْتِلَافٌ عِنْدَ مَوْتِ خَلِيفَةٍ، فَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ هَارِبًا إِلَى مَكَّةَ، فَيَأْتِيهِ نَاسٌ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ فَيُخْرِجُونَهُ وَهُوَ كَارِهٌ، فَيُبَايِعُونَهُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، وَيُبْعَثُ إِلَيْهِ بَعْثٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ، فَيُخْسَفُ بِهِمْ بِالْبَيْدَاءِ بَيْنَ مَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ، فَإِذَا رَأَى النَّاسُ ذَلِكَ أَتَاهُ أَبْدَالُ الشَّامِ، وَعَصَائِبُ أَهْلِ الْعِرَاقِ، فَيُبَايِعُونَهُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، ثُمَّ يَنْشَأُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ أَخْوَالُهُ كَلْبٌ، فَيَبْعَثُ إِلَيْهِمْ بَعْثًا، فَيَظْهَرُونَ عَلَيْهِمْ، وَذَلِكَ بَعْثُ كَلْبٍ، وَالْخَيْبَةُ لِمَنْ لَمْ يَشْهَدْ غَنِيمَةَ كَلْبٍ، فَيَقْسِمُ الْمَالَ، وَيَعْمَلُ فِي النَّاسِ بِسُنَّةِ نَبِيِّهِمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيُلْقِي الْإِسْلَامُ بِجِرَانِهِ فِي الْأَرْضِ، فَيَلْبَثُ سَبْعَ سِنِينَ، ثُمَّ يُتَوَفَّى وَيُصَلِّي عَلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ. (۳)

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک خلیفہ کی موت کے وقت اختلاف ہوگا، ایک شخص مدینہ والوں میں سے اہل مکہ کی طرف بھاگ نکلے گا، لوگ اس شخص کے پاس

---

(۱) لوامع الأنوار البهية: فصل في أشراط الساعة، باب اسم المهدي وأشهر أوصافه، ۲/ ۷۲، ط: مؤسسة الخافقين- دمشق.

(۲) كتاب الفتن لأبي نعيم بن حماد (متوفى ۲۲۸ھ) باب صفة المهدي ونعته، ۱/ ۳٦٦، ط: التوحيد- القاهرة.

(۳) كتاب الفتن، باب ذكر المهدي، ۲/ ۲۳۹، ط: رحمانية.

Marfat.com

آئیں گے اور اس کو امامت کے لئے نکالیں گے حالانکہ وہ اس بات پر راضی نہ ہوگا پھر حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان لوگ اس کے ہاتھ پر بیعت کریں گے، اتنے میں ایک لشکر ملک شام سے اس کی طرف (مقابلہ کے لئے) بھیجا جائے گا تو وہ سب کے سب بیداء نامی جگہ میں جو مکہ اور مدینہ کے درمیان میں ہے، دھنسا دیئے جائیں گے، جب لوگ اس منظر کو دیکھیں گے تو شام کے ابدال اور اہل عراق کی جماعتیں اس کے پاس آکر مقام ابراہیم اور حجر اسود کے درمیان اس سے بیعت کریں گے اس کے بعد قریش میں سے ایک ایسا شخص پیدا ہوگا جس کا ننھیال بنی کلب سے ہوگا یہ شخص ان لوگوں کی طرف ایک لشکر بھیجے گا سو مہدی کے تابعداران پر غالب آجائیں گے، کلب کا یہی لشکر ہے (جو حضرت مہدی کے وقت میں ان کے تابعداروں کے ہاتھوں سے شکست کھائے گا) افسوس ہے اس شخص پر جو کلب کی لڑائی کا مال غنیمت نہ حاصل کرے اس کے بعد حضرت مہدی مال غنیمت تقسیم کریں گے اور لوگوں میں ان کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو جاری فرمائیں گے اور اسلام تمام اطراف زمین میں پھیل جائے گا، سات سال حکومت فرمانے کے بعد آپ کا انتقال ہو جائے گا پھر مسلمان آپ کی نماز جنازہ ادا کریں گے۔

صفاتِ مہدی

حضرت مہدی سیرت واخلاق میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے مشابہ اور مماثل ہوں گے، علم آپ کا خداداد اور سخاوت اس قدر عام ہوگی کہ ہر ایک کو بلاشمار کئے کثیر مال عطا فرمائیں، خلیفۃ اللہ فی الارض ہونے کی حیثیت سے زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے۔

كما في سنن أبي داود:

يشبهه في الخُلُق ولا يشبهه في الخَلْق. (۱)

حضرت مہدی سیرت واخلاق میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ ہوں گے مگر شکل وصورت آپ علیہ السلام کے مشابہ نہ ہوگی۔

وفي صحيح مسلم:

من خلفائكم خليفة يحثو المال حثيا، ولا يعده عدًّا. (۲)

تمہارے خلفاء میں ایک خلیفہ ایسا بھی ہوگا جو مٹھی بھر بھر کر مال عطا کرے گا، مگر مال کی مقدار کو شمار نہ کرے گا۔

حضرت مہدی متوسط قد وقامت کے مالک، گندمی رنگ، کشادہ پیشانی، لمبی باریک ناک والے ہوں گے، آنکھیں بڑی، سیاہ رنگ کی، اگلے دو دانت نہایت ہی سفید، چہرے پر تل کا نشان، ڈاڑھی گھنی جبکہ زبان میں قدرے لکنت ہوگی، ظہور کے وقت آپ کی عمر ۳۰ سے ۴۰ سال کے درمیان ہوگی۔ نعیم بن حماد کی کتاب الفتن میں روایت ہے:

==========

(۱) كتاب الفتن، باب ذكر المهدي، ۲/ ۲٤۰، ط: رحمانية.

(۲) كتاب الفتن وأشراط الساعة: ۲/ ۳۹٥، ط: قديمي.

Marfat.com

كَثُّ اللِّحْيَةِ، أَكْحَلُ الْعَيْنَيْنِ، بَرَّاقُ الثَّنَايَا، فِي وَجْهِهِ خَالٌ، أَقْنَى أَجْلَى، فِي كَتِفِهِ عَلَامَةُ النَّبِيِّ، يَخْرُجُ بِرَايَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مِرْطٍ مُخْمَلَةٍ سَوْدَاءِ مُرَبَّعَةٍ، فِيهَا حَجَرٌ لَمْ يُنْشَرْ مُنْذُ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا تُنْشَرُ حَتَّى يَخْرُجَ الْمَهْدِيُّ، يَمُدُّهُ اللهُ بِثَلَاثَةِ آلَافٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ يَضْرِبُونَ وُجُوهَ مَنْ خَالَفَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ، يُبْعَثُ وَهُوَ مَا بَيْنَ الثَّلَاثِينَ وَالْأَرْبَعِينَ. (۱)

ظہور مہدی کی علامات

احادیث مبارکہ اور کتب عقائد میں حضرت مہدی کے ظہور کی متعدد علامات بیان کی گئی ہیں:

(۱) دریائے فرات سے سونے کا نکلنا:

دریائے فرات کا پانی ختم ہو جائے گا اور اس میں سے سونے کا پہاڑ نکلے گا۔ صحیح بخاری شریف کی روایت ہے:

يوشك الفرات أن يحسر عن كنز من ذهب فمن حضره فلا يأخذ منه شيئا، وفي رواية: عن جبل من ذهب. (۲)

قریب ہے کہ دریائے فرات سونے کا ایک خزانہ باہر نکال کر پھینک دے پس یاد رکھو کہ جو اس موقعہ پر موجود ہو وہ اس میں سے کچھ بھی نہ لے۔

(۲) سیاہ جھنڈے:

حضرت مہدی کے مددگاروں میں وہ لوگ شامل ہیں جو خراسان کی طرف سے سیاہ جھنڈوں کے ساتھ روانہ ہوں گے۔

كما في الفتن لنعيم بن حماد:

عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُ الرَّايَاتِ السُّودَ خَرَجَتْ مِنْ قِبَلِ خُرَاسَانَ فَائْتُوهَا وَلَوْ حَبْوًا عَلَى الثَّلْجِ، فَإِنَّ فِيهَا خَلِيفَةَ اللهِ الْمَهْدِيَّ. (۳)

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: جب تم خراسان کی طرف سے سیاہ جھنڈوں کو آتے ہوئے دیکھو تو ان کی مدد و حمایت کے لئے ضرور آنا اگرچہ تمہیں برف کے بل ہی چل کر آنا پڑے اس لئے اس لشکر میں اللہ کے خلیفہ حضرت مہدی موجود ہوں گے۔

==========

(۱) صفة المهدي ونعته، ۱/ ۳٦٦، رقم الحديث: ۱۰۷۳، ط: التوحيد- القاهرة.

(۲) كتاب الفتن: باب خروج النار، ۲/ ۱۰٥٤، ط: قديمي.

(۳) كتاب الفتن والملاحم: باب حديث أبي عوانة، ٤/ ٥٤٧، رقم الحديث: ۸٥۳۱، دار الكتب العلمية.

Marfat.com

كذا في مسند أحمد: (۱)

وكذا في الفتن لنعيم بن حماد: (۲)

(۳) اعلانیہ کفر کا پھیل جانا

حضرت مہدی کے ظہور سے قبل کھلم کھلا کفر پھیل جائے گا:

عن مطر الوراق، قال: لا يخرج المهدي حتى يكفر بالله جهرةً. (۳)

حضرت مہدی کا ظہور اس وقت تک نہیں ہوگا جب تک علی الاعلان اللہ تعالی کے ساتھ کفر نہ کیا جانے لگے۔

(۴) ایک کان کے پاس لوگوں کا دھنس جانا:

عَنْ أَبِي غَطَفَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُولُ: تَخْرُجُ مَعَادِنُ مُخْتَلِفَةٌ، مَعْدِنٌ فِيهَا قَرِيبٌ مِنَ الْحِجَازِ يُقَالُ لَهُ فِرْعَوْنُ، يَذْهَبُ إِلَيْهِ شِرَارُ النَّاسِ، فَبَيْنَمَا هُمْ يَعْمَلُونَ فِيهِ إِذْ خُسِرَ لَهُمْ عَنِ الذَّهَبِ. (٤)

فرماتے ہیں کہ مختلف قسم کی کانیں ظاہر ہوں گی ان میں سے ایک کان حجاز کے قریبی علاقے میں ظاہر ہوگی جس کو فرعون کے نام سے پکارا جائے گا اس کان کے پاس بدترین لوگ ہی جائیں گے وہ اسی ظاہر ہونے والی کان میں مشغول ہوں گے کہ اس دوران ایک سونے کی کان ظاہر ہوگی۔

كذا في الفتن لنعيم بن حماد: (٥)

(۷) گرہن کا عمل:

حضرت مہدی کے ظہور والے سال سورج گرہن کا عمل بھی ظہور پذیر ہوگا۔

"جامع معمر بن راشد" میں اس بات کو ان الفاظ کے ساتھ بیان فرمایا گیا ہے:

عن علي بن عبد الله بن عباس رضي الله عنه قال: لا يخرج المهدي حتى تطلع مع الشمس آية. (٦)

علی بن عبداللہ بن عباس فرماتے ہیں کہ حضرت مہدی کا ظہور اس وقت تک نہ ہوگا جب تک سورج کے ساتھ کسی نشانی کا طلوع نہ ہو جائے۔

==========

(۱) تتمة مسند الأنصار: باب من حديث ثوبان، ۳۷/ ۷۰، رقم الحديث: ۲۲۳۸۷، ط: مؤسسة الرسالة.

(۲) باب الرايات السود للمهدي... إلخ، ۱/ ۳۱۱، رقم الحديث: ۸۹٦، ط: التوحيد- القاهرة.

(۳) الفتن لنعيم بن حماد: باب آخر من علامات المهدي... إلخ، ۱/ ۳۳۳، رقم الحديث: ۹۵۷، ط: التوحيد- القاهرة.

(٤) المستدرك للحاكم: كتاب الفتن والملاحم: باب حديث عمران بن حصين رضي الله عنهما، ٤/ ٥٠٥، رقم الحديث: ۸٤۱٥، ط: دار الكتب العلمية.

(٥) كتاب الفتن: باب الخسف والزلازل... إلخ، ۲/ ٦۱۱، رقم الحديث: ۱٦۹٤، ط: التوحيد- القاهرة.

(٦) باب المهدي، ۱۱/ ۳۷۳، رقم الحديث: ۲۰۷۷٥، ط: المجلس العلمي باكستان.

Marfat.com

حضرت مہدی کا تذکرہ آیات قرآنیہ کی تفسیر میں

یہ بات اہل علم کے ہاں قطعیت اور یقین کے ساتھ مسلم ہے کہ حضرت مہدی کا تذکرہ صراحتاً قرآن کریم کی کسی آیت میں نہیں، البتہ مفسرین کرام نے چند قرآنی آیات کی تفسیر کے ذیل میں حضرت مہدی کا تذکرہ فرمایا ہے۔

نمبر (۱) تفسیر ابن کثیر:

علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالی (متوفی ۷۷۴ھ) نے "ومن اظلم ممن منع مساجد الله" اس آیت کے ذیل میں لکھا ہے:

وفسر هؤلاء الخزيَ في الدنيا بخروج المهدي عند سدي وعكرمة ووائل بن داود. (۱)

ترجمہ: اس آیت کے اندر "خزی" یعنی ذلت کی تفسیر سدی، عکرمہ اور وائل کے نزدیک یہ ہے کہ جب حضرت مہدی کا خروج ہوگا تو ان (کفار) کو ذلت کا سامنا کرنا پڑے گا۔

اسی طرح علامہ ابن کثیر رحمہ اللہ نے "ولقد اخذ الله ميثاق بني اسرائيل" کے تحت بارہ خلفاء والی روایت کو نقل کیا ہے (جو کہ تفصیل کے ساتھ مسند احمد میں "باب حديث كعب بن مالك الأنصاري" کے تحت مذکور ہے، ۲۵/ ۹۳، رقم الحدیث: ۱۵۷۹۸، ط: مؤسسة الرسالة) اس روایت میں حضرت مہدی کا تذکرہ ان الفاظ کے ساتھ منقول ہے:

وَلَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَكُونَ وِلَايَتُهُمْ لَا مَحَالَةَ، وَالظَّاهِرُ أَنَّ مِنْهُمُ الْمَهْدِيُّ الْمُبَشَّرُ بِهِ فِي الأحاديث الواردة بذكره، فذكر أَنَّهُ يُوَاطِئُ اسْمُهُ اسْمَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ... وليس هذا بالمنتظر الذي تتوهم الرافضة وجوده. (۲)

قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک ان خلفاء کی ولایت قائم نہ ہو جائے، اور ظاہر یہ ہے کہ ان خلفاء میں حضرت مہدی بھی شامل ہیں جن کی احادیث مبارکہ میں بشارت اس طور پر دی گئی ہے کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم نام ہوں گے... البتہ یاد رکھنا کہ اس سے روافض والا مہدی مراد نہیں جس کے وجود کا وہ گمان رکھتے ہیں۔

(۲) تفسیر قرطبی:

علامہ قرطبی رحمہ اللہ (متوفی ۶۷۱ھ) نے "هو الذي ارسل رسوله بالهدى ودين الحق ليظهره على الدين كله" کے ذیل میں اس قول کو نقل کیا ہے۔

---

(۱) تفسير ابن كثير: البقرة: آیت نمبر ۱۱۵ کے تحت، ۱/ ۳۹۰، ط: دار طيبه للنشر.

(۲) تفسير ابن كثير: المائدة: آیت نمبر ۱۲ کے تحت، ۳/ ٦٤، دار طيبة للنشر.

Marfat.com

قَالَ الضَّحَّاكُ: هَذَا عِنْدَ نُزُولِ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ. وَقَالَ السُّدِّيُّ: ذَاكَ عِنْدَ خُرُوجِ الْمَهْدِيِّ، لَا يَبْقَى أَحَدٌ إِلَّا دَخَلَ فِي الْإِسْلَامِ. (۱)

امام ضحاک رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یہ (غلبہ اسلام) نزول عیسی کے وقت ہوگا جبکہ حضرت سدی کی رائے یہ ہے کہ ایسا خروجِ مہدی کے وقت ہوگا، اور اس وقت سب کے سب اسلام میں داخل ہو جائیں گے۔

كذا في اللباب في علوم الكتاب: (۲)

وكذا في تفسير الرازي: (۳)

حضرت مہدی کا تذکرہ صحیحین میں

صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی روایات میں اگرچہ حضرت مہدی کا تذکرہ آپ کے لقب یا آپ کے نام کی تصریح کے ساتھ نہیں آیا، مگر یہ بات مسلم ہے کہ صحیحین میں حضرت مہدی سے متعلق روایات موجود ہیں اور شارحین حدیث نے ان کا مصداق حضرت مہدی کو ہی قرار دیا ہے۔

(۱) صحیح بخاری شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ نَافِعٍ، مَوْلَى أَبِي قَتَادَةَ الأَنْصَارِيِّ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ أَنْتُمْ إِذَا نَزَلَ ابْنُ مَرْيَمَ فِيكُمْ، وَإِمَامُكُمْ مِنْكُمْ. (٤)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا اس وقت کیا حال ہوگا جب تم میں ابن مریم نازل ہوں گے درانحالیکہ تمہارا امام تم ہی میں سے ایک فرد ہوگا۔

علامہ ابن حجر رحمہ اللہ اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

تَوَاتَرَتِ الْأَخْبَارُ بِأَنَّ الْمَهْدِيَّ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ وَأَنَّ عِيسَى يُصَلِّي خَلْفَهُ ذَكَرَ ذَلِكَ رَدًّا لِلْحَدِيثِ الَّذِي أخرجه بن مَاجَهْ عَنْ أَنَسٍ وَفِيهِ وَلَا مَهْدِيَّ إِلَّا عِيسَى. (٥)

==========

(۱) تفسير القرطبي: التوبة: **آیت نمبر ۳۳ کے تحت**، ۸/ ۱۲۱، ط: دار الكتب المصرية- القاهرة.

(۲) التوبة: **آیت نمبر ۳۳ کے تحت**، ۱۰/ ۷۷، ط: دار الكتب العلمية، بيروت.

(۳) التوبة: **آیت نمبر ۳۴ کے تحت**، ۱٦/ ۳۷، ط: علوم اسلاميه.

(٤) كتاب أحاديث الأنبياء، باب نزول عيسى بن مريم، ۱/ ٤۹۰، ط: قديمي.

(٥) فتح الباري: كتاب أحاديث الأنبياء، باب نزول عيسى بن مريم، قوله: (تابعه عقيل والأوزاعي)، ٦/ ٦۱۱، ط: قديمي.

Marfat.com

یہ بات تواتر سے ثابت ہے کہ حضرت مہدی اسی امت میں سے ہوں گے اور حضرت عیسی علیہ السلام آپ کی اقتداء میں نماز پڑھیں گے، اور یہ تمام تفصیل اس حدیث کے رد میں بیان کی گئی ہے جو ابن ماجہ میں اس مفہوم کے ساتھ مروی ہے کہ مہدی سے مراد حضرت عیسی علیہ السلام ہی ہیں۔

(۲) صحیح مسلم میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔

عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِينَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَيَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُ أَمِيرُهُمْ: تَعَالَ صَلِّ لَنَا، فَيَقُولُ: لَا، إِنَّ بَعْضَكُمْ عَلَى بَعْضٍ أُمَرَاءُ تَكْرِمَةَ اللهِ هَذِهِ الْأُمَّةَ. (۱)

حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ میری امت میں سے ایک جماعت تا قیامت مسلسل حق پر قتال کرتی رہے گی اور غالب رہے گی، (اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی فرمایا کہ) حضرت عیسی علیہ السلام نازل ہوں گے تو ان کا امیر کہے گا تشریف لائیے، ہمیں نماز پڑھا دیجئے، اس پر وہ کہیں گے نہیں! (بلکہ آپ ہی پڑھا دیجئے) اس امت کی اللہ کے ہاں عزت کی بناء پر بعض کو بعض پر امارت عطا کی گئی ہے۔

مسلم شریف کی ایک اور حدیث میں آتا ہے:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى تَنْزِلَ الرُّومُ بِالْأَعْمَاقِ أَوْ بِدَابِقٍ، فَيَخْرُجُ إِلَيْهِمْ جَيْشٌ مِنَ الْمَدِينَةِ، مِنْ خِيَارِ أَهْلِ الْأَرْضِ يَوْمَئِذٍ. (۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک اہل روم اعماق یا دابق نامی جگہ پر نہ اتر جائیں، پس ان کی طرف اہل مدینہ میں سے ایک لشکر نکلے گا جو اس وقت روئے زمین کے بہترین لوگوں میں سے ہوگا۔

فائدہ: ملا علی قاری رحمہ اللہ نے "مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح" میں "جیش المدینۃ" کی وضاحت ان الفاظ کے ساتھ بیان فرمائی ہے:

الْمُرَادَ بِالْجَيْشِ الْخَارِجِ إِلَى الرُّومِ جَيْشُ الْمَهْدِيِّ بِدَلِيلِ آخِرِ الْحَدِيثِ. (۳)

روم کی طرف جانے والے لشکر سے حضرت مہدی کا لشکر مراد ہے۔

==========

(۱) كتاب الإيمان، باب نزول عيسى بن مريم حاكما بشريعة ... إلخ، ۱/ ۸۷، ط: قديمي.

(۱) كتاب الفتن وأشراط الساعة، ۲/ ۳۹۱، ط: قديمي.

(۳) كتاب الفتن: باب الملاحم، الفصل الأول، ۱۰/ ۱٤٦، ط: امدادية.

Marfat.com

خلاصہ بحث

حضرت مہدی کا ظہور ان احادیث کثیرہ سے ثابت ہے جو صحیح اور قابل حجت ہیں اور محدثین کی ایک جماعت نے ان احادیث کو نقل بھی کیا ہے، چنانچہ اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ اخیر زمانے میں حضرت مہدی کا ظہور برحق اور صدق ہے اور ان کے ظہور پر اس قدر روایات ہیں کہ جو مجموعی لحاظ سے تواتر معنوی کا فائدہ دیتی ہیں.

عقیدہ ظہور مہدی کا انکار احادیث صحیحہ، آثار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور جمہور علمائے امت کے عقیدہ ومسلک کے خلاف ہونے کی بناء پر غیر مقبول ومردود تصور کیا جائے۔

كما في منهاج السنة النبوية:

إن الأحاديث التي يحتج بها على خروج المهدي أحاديث صحيحة. (۱)

وفي العقيدة السفارينية:

وقد كثرت بخروجه الروايات حتى بلغت حد التواتر المعنوي، وشاع ذلك بين علماء أهل السنة والجماعة حتى عدّ من معتقداتهم... فالإيمان بخروج المهدي واجب كما هو مقرر عند أهل العلم ومدون في عقائد أهل السنة والجماعة. (۲)

تاہم ظہور مہدی کے منکر کو کافر کہنا جائز نہیں ہے، اس لئے کہ عقیدہ ظہور مہدی ضروریات اہلسنت والجماعت میں سے تو ہے مگر ضروریات دین میں سے نہیں کہ جس کے انکار کرنے والے پر کفر کا حکم لگایا جائے۔

کیا کفار بھی آپ علیہ السلام کے امتی ہیں

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ کیا کفار بھی آپ علیہ السلام کے امتی ہیں یا نہیں؟

جواب: کفار بھی مسلمانوں کی طرح آپ علیہ السلام کے امتی ہیں لیکن فرق یہ ہے کہ کفار امتِ دعوت ہیں اور مسلمان امتِ اجابت (اُس دعوت کو قبول کرنے والے) ہیں۔

وفي القرآن الكريم:

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا. (الأعراف: ۱۵۹)

==========

(۱) ٤/ ١١.

(۲) ٢/ ٨٤.

Marfat.com

قال الله تعالى:

وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِلنَّاسِ بَشِيرًا وَنَذِيرًا. (سبا: ٢٨)

وكذا في روح المعاني:

وَما كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّى نَبْعَثَ رَسُولًا

روي عن أبي حنيفة رضي الله تعالى عنه أنه قال: لو لم يبعث الله تعالى رسولا لوجب على الخلق معرفته، وقد صرح غير واحد من علمائهم بأن العقل حجة من حجج الله تعالى ويجب الاستدلال به قبل ورود الشرع. (١)

وكذا في التفسير الكبير:

فِي الْآيَةِ قَوْلَانِ: الْأَوَّلُ: أَنْ نُجْرِيَ الْآيَةَ عَلَى ظَاهِرِهَا وَنَقُولُ: الْعَقْلُ هُوَ رَسُولُ اللَّهِ إِلَى الْخَلْقِ، بَلْ هُوَ الرَّسُولُ الَّذِي لَوْلَاهُ لَمَا تَقَرَّرَتْ رِسَالَةُ أَحَدٍ مِنَ الْأَنْبِيَاءِ، فَالْعَقْلُ هُوَ الرَّسُولُ الْأَصْلِيُّ، فَكَانَ مَعْنَى الْآيَةِ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ حَتَّى نَبْعَثَ رَسُولَ الْعَقْلِ. وَالثَّانِي: أَنْ نُخَصِّصَ عُمُومَ الْآيَةِ فَنَقُولُ: الْمُرَادُ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِينَ فِي الْأَعْمَالِ الَّتِي لَا سَبِيلَ إِلَى مَعْرِفَةِ وُجُوبِهَا إِلَّا بِالشَّرْعِ إِلَّا بَعْدَ مَجِيءِ الشَّرْعِ. (٢)

وكذا في مرقاة المفاتيح:

الْمُرَادُ إِمَّا أُمَّةُ الدَّعْوَةِ فَالْآبِي هُوَ الْكَافِرُ، أَوْ أُمَّةُ الْإِجَابَةِ فَالْآبِي هُوَ الْعَاصِي. (٣)

وكذا في فتح الباري:

فَإِنَّ أُمَّتَهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ثَلَاثَةِ أَقْسَامٍ: أَحَدُهَا: أَخَصُّ مِنَ الْآخَرِ أُمَّةُ الِاتِّبَاعِ، ثُمَّ أُمَّةُ الْإِجَابَةِ، ثُمَّ أُمَّةُ الدَّعْوَةِ، فَالْأُولَى أَهْلُ الْعَمَلِ الصَّالِحِ، وَالثَّانِيَةُ: مُطْلَقُ الْمُسْلِمِينَ، وَالثَّالِثَةُ: مَنْ عَدَاهُمْ مِمَّنْ بُعِثَ إِلَيْهِمْ. (٤)

وكذا في شرح الطيبي:

آمن به أو لم يؤمن، ويسمون أمة الدعوة وتطلق أخرى ويراد بهم المؤمنون به المذعنون له وهم أمة الإجابة. (٥)

---

(١) الإسراء:١٥، ١٥/ ٥٢، ط: دار إحياء التراث العربي.

(٢) الإسراء: ٥، ٧/ ٣١٣، ط: علوم اسلاميه.

(٣) كتاب الإيمان، باب الاعتصام بالكتاب والسنة، الفصل الأول،١/ ٢١٧، ط: امدادية.

(٤) كتاب الرقاق، باب يدخل الجنة سبعون ألفا بغير حساب، ١١/ ٥٠١، ط: قديمي.

(٥) كتاب الإيمان، الفصل الأول، ١/ ١٢٣، ط: علمية.

Marfat.com

وفي شرح العقيدة الطحاوية:

وأنزل عليه الكتاب والحكمة، وجعل دعوته عامة لجميع الثقلين الجن والإنس باقية إلى يوم القيامة. (١)

وهكذا في فتاوى محمودية: (٢)

زمانہ فترت کے لوگوں کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام کہ زمانہ فترت میں جو لوگ گذرے ہیں ان کے بارے میں کیا عقیدہ رکھنا چاہئے کیا وہ جنتی ہوں گے یا جہنمی؟

جواب: وہ لوگ جو زمانہ فترت میں گذرے ہیں ان پر پہلے پیغمبر کی شریعت کی پیروی کرنا ضروری تھا اس لئے جنہوں نے پیروی کی وہ جنتی ہیں، البتہ وہ لوگ جن کے پاس کسی بھی طرح شریعت کے احکام نہ پہنچے ہوں اور ایسے لوگ شرک سے پاک رہے ہوں تو پھر ان کی نجات کی امید کی جاسکتی ہے۔

كذا في رد المحتار:

وَأَمَّا الِاسْتِدْلَال عَلَى نَجَاتِهِمَا بِأَنَّهُمَا مَاتَا فِي زَمَنِ الْفَتْرَةِ، مَبْنِيٌّ عَلَى أُصُولِ الْأَشَاعِرَةِ أَنَّ مَنْ مَاتَ وَلَمْ تَبْلُغْهُ الدَّعْوَى، يَمُوتُ نَاجِيًا، أَمَّا الْمَاتُرِيدِيَّةُ، فَإِنْ مَاتَ قَبْلَ مُضِيِّ مُدَّةٍ، يُمْكِنُهُ فِيهَا التَّأَمُّلُ وَلَمْ يَعْتَقِدْ إِيمَانًا وَلَا كُفْرًا فَلَا عِقَابَ عَلَيْهِ... فَقَدْ صَرَّحَ النَّوَوِيُّ وَالْفَخْرُ الرَّازِيّ بِأَنَّ مَنْ مَاتَ قَبْلَ الْبِعْثَةِ مُشْرِكًا، فَهُوَ فِي النَّارِ. (٣)

معارف القرآن میں مولانا ادریس کاندھلوی صاحب نے لکھا ہے جو لوگ زمانہ فترت میں مر گئے ہیں اور ان کو رسول کی دعوت نہیں پہنچی ان کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے، بعض کہتے ہیں جنت میں جائیں گے، بعض کہتے ہیں جہنم میں اور بعض علماء نے توقف کیا ہے۔۔۔ قول فیصل ان کے بارے میں یہ ہے کہ قیامت کے دن ان لوگوں کا امتحان ہوگا۔۔۔ اور اندرون طبیعت جو اطاعت اور معصیت، فرمانبرداری اور نافرمانی کا مادہ پوشیدہ ہے وہ ظاہر ہو جائے گا اور اسی کے مطابق ان کی جزا وسزا ہوگی۔ (٤)

نبی یا ولی کے توسل سے دعا مانگنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ کسی نبی یا ولی کے توسل سے دعا مانگنا کیسا ہے؟

==========

(١) مقدمة الشارح، باب نبينا محمد صلى الله عليه وسلم خاتم الأنبياء، ١/ ١٤، ط: مؤسسة الرسالة.

(٢) كتاب الإيمان والعقائد، ١/ ١٩٤، ط: ادارة الفاروق.

(٣) كتاب النكاح، باب نكاح الكافر، ٣/ ١٨٥، ط: سعيد.

(٤) الإسراء:١٥، ٤/ ٤٦٥، ط: المعارف.

Marfat.com

جواب: کسی نبی یاولی کے توسل سے دعاما نگنا جائز ہے۔ (اس مسئلہ کی تفصیل کے لئے دیکھئے "مجموعہ رسائل توسّل")

كما في القرآن المجيد:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَابْتَغُوا إِلَيْهِ الْوَسِيلَةَ. (المائدة: ٣٥)

كذا في صحيح البخاري:

أَنَّ عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، كَانَ إِذَا قَحَطُوا اسْتَسْقَى بِالعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ المُطَّلِبِ، فَقَالَ: «اللَّهُمَّ إِنَّا كُنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّنَا فَتَسْقِينَا، وَإِنَّا نَتَوَسَّلُ إِلَيْكَ بِعَمِّ نَبِيِّنَا فَاسْقِنَا» ، قَالَ: فَيُسْقَوْنَ. (١)

وكذا في الترمذي:

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ، أَنَّ رَجُلًا ضَرِيرَ البَصَرِ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ادْعُ اللَّهَ أَنْ يُعَافِيَنِي قَالَ: «إِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ، وَإِنْ شِئْتَ صَبَرْتَ فَهُوَ خَيْرٌ لَكَ». قَالَ: فَادْعُهْ، قَالَ: فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَوَضَّأَ فَيُحْسِنَ وُضُوءَهُ وَيَدْعُوَ بِهَذَا الدُّعَاءِ: «اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ، إِنِّي تَوَجَّهْتُ بِكَ إِلَى رَبِّي فِي حَاجَتِي هَذِهِ لِتُقْضَى لِيَ، اللَّهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِيَّ. (٢)

وكذا في سنن ابن ماجة: (٣)

وكذا في مرقاة المفاتيح: (٤)

وكذا في روح المعاني: (٥)

وكذا في مقالات الكوثري: (٦)

وكذا في فتاوى دار العلوم ديوبند: (٧)

وكذا في أحسن الفتاوى: (٨)

==========

(١) أبواب الاستسقاء، باب سؤال الناس الإمام الاستسقاء إذا قُحطوا، ١/ ١٣٧، ط: قديمي.

(٢) أبواب الدعوات، باب في دعاء النبي صلى الله عليه وسلم وتعوذه في دبر كل صلاة، ٢/ ١٩٨، ط: سعيد.

(٣) أبواب إقامة الصلاة، باب ما جاء في صلوة الحاجة، ٩٩، ط: قديمي.

(٤) باب الاستسقاء، الفصل الثالث، ٣/ ٣٣٩، ط: امدادية.

(٥) المائدة: ٣٥، ٦/ ٤٠٧، ط: دار إحياء التراث العربي.

(٦) محق التقول في مسألة التوسل، ص٢٨٦- ٣٠٠، ط: وحيدي.

(٧) كتاب الذكر والدعاء، ١/ ١٧١، ط: دار الإشاعت.

(٨) نيل الفضيلة بسؤال الوسيلة، ١/ ٣٣٢، ٣٣٣، ط: سعيد.

Marfat.com

"يا شيخ جيلاني شيئا لله" کا وظیفہ پڑھنے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں مفتیان حضرات اس مسئلہ کے بارے میں کہ "يا شيخ عبد القادر جيلاني شيئا لله" کا وظیفہ اگر اس عقیدہ کے ساتھ کوئی پڑھتا ہو کہ آپ حاضر وناظر ہیں تو یہ وظیفہ پڑھنا از روئے شریعت جائز ہے یا نہیں؟

جواب: "يا شيخ عبد القادر جيلاني شيئا لله" کا وظیفہ اس عقیدہ کے ساتھ پڑھنا کہ آپ حاضر وناظر ہیں اور ہماری اس نداء اور وظیفے کو سنتے ہیں، یہ صریح شرک ہے اور گمراہ کن فعل ہے، اس سے بچنا ضروری ہے، ورنہ ایمان کے چلے جانے کا قوی اندیشہ ہے، اللہ سب مسلمانوں کو محفوظ رکھے۔

لما في القرآن الكريم:

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ فَإِنْ فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذًا مِنَ الظَّالِمِينَ. (١)

وكذا في سنن الترمذي:

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللَّهَ وَإِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ. (٢)

وكذا في قاضيخان على هامش الهندية:

رجل تزوج امرأة بغير شهود فقال الرجل والمرأة: '' *خدائرا و پیغامبر را گواه کردیم* ''قالوا يكون كفرا لأنه اعتقد أن رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلم الغيب وهو ما كان يعلم الغيب حين كان في الأحياء فكيف بعد الموت. (٣)

وكذا في الهندية:

رَجُلٌ تَزَوَّجَ امْرَأَةً، وَلَمْ يَحْضُرْ الشُّهُودُ قَالَ ''*خدائے راورسول را گواه کردم*'' أَوْ قَالَ: ''*خدائی را وفرشتگان را گواه کردم*'' كَفَرَ. (٤)

وكذا في البزاية على هامش الهندية:

تَزَوَّجَ بِلَا شُهُودٍ وَقَالَ: ''*خدائے را وفرشتگان را گواه کردم*'' يكفر لأنه اعتقد أن الرسول والملك يعلمان الغيب. (٥)

==========

(١) يونس: ١٠٦.

(٢) أبواب الزهد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، باب ما جاء في صفة أواني الحوض، ٢/ ٧٨.

(٣) كتاب السير، باب ما يكون كفرا من المسلم وما لا يكون، ٣/ ٥٧٦، ط: رشيدية.

(٤) الباب التاسع في أحكام المرتدين، ٢/ ٢٦٦، ط: رشيدية.

(٥) كتاب ألفاظ تكون إسلاماً أو كفرا أو خطأ، الثاني فيما يكون كفرا من المسلم وما لا يكون، الثاني فيما يتعلق بالله، ٦/ ٣٢٥، ط: رشيدية.

Marfat.com

باب فيما يتعلق بالأنبياء عليهم السلام

کیا شبِ معراج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالی کی زیارت ہوئی

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ معراج کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ رب العزت کا دیدار ہوا ہے یا نہیں؟ مکمل تفصیل کے ساتھ وضاحت کریں۔

جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شب معراج میں اللہ رب العزت کا دیدار ہوا ہے یا نہیں اس مسئلہ میں سلف کے درمیان اختلاف رہا ہے۔ حضرت عائشہ، ابن مسعود اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم عدم رؤیت کے قائل ہیں، یہ حضرات فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے جو رؤیت ثابت ہے وہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کو دیکھنا ہے اللہ تعالی کو دیکھنا نہیں ہے۔

كذا في تفسير القرطبي:

إلى ما ذهبت إليه عائشة رضي الله عنها من عدم الرؤية وأنه إنما رأى جبرئيل. (۱)

جبکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی آنکھوں سے اللہ تعالی کا دیدار کیا ہے اور یہی مشہور ہے اس کی دلیل اللہ تعالی کا یہ قول ہے.

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَآى. (النجم: ۱۱)

شیخ ابوالحسن اشعری رحمہ اللہ اور ان کی جماعت نے فرمایا ہے:

أن محمدا صلى الله عليه وسلم رأى الله عز وجل ببصره وعيني رأسه. (۲)

وكذا في شرح العقائد النسفية:

ورؤية الله تعالى بالبصر جائزة في العقل... أن موسى عليه السلام قد سأل الرؤية بقوله: رب أرني أنظر إليك فلو لم تكن ممكنة لكان طلبها جهلا. (۳)

وكذا في تفسير الخازن:

روى عن عكرمة عن ابن عباس رضي الله عنهما قال: إن الله عز وجل اصطفى إبراهيم بالخلة. واصطفى موسى بالكلام أو اصطفى محمدا صلى الله عليه وسلم بالرؤية. (٤)

==========

(۱) سورة النجم: ۱۱، ٤/ ٥، ط: دار إحياء التراث العربي.

(۲) تفسير القرطبي: سورة الأنعام: ۱۰۳، ٧/٥٦، ط: دار عالم الكتب.

(۳) مبحث: رؤية الله تعالى والدليل عليها، ص٧١- ٧٣، ط: المصباح.

(٤) ٤/ ٢٠٥، سورة النجم: ۱۱، ط: دار الكتب العلمية.

Marfat.com

عیسی علیہ السلام کے نزول کے منکر کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس بارے میں کہ جو شخص حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کے نزول کا منکر ہو وہ کافر ہے یا نہیں؟

جواب: دلائل قطعیہ سے یہ بات ثابت ہے کہ حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام قرب قیامت میں آسمان سے نزول فرمائیں گے، صلیب کو توڑیں گے، خنزیر کو قتل کریں گے، جزیہ کو ساقط کریں گے اور دجال کو قتل کریں گے، لہذا اُن کے نزولؑ کا انکار کرنا قطعی دلیل کا انکار کرنا ہے جو کفر اور الحاد ہے کیونکہ خبر متواتر کا منکر کافر ہے۔

كما في القرآن:

وَإِنْ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ. (النساء: ١٥٩)

وكذا في صحيح البخاري:

أن سعيد بن مسيب سمع أبا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَيُوشِكَنَّ أَنْ يَنْزِلَ فِيكُمْ ابْنُ مَرْيَمَ حَكَمًا عَدْلًا، فَيَكْسِرَ الصَّلِيبَ، وَيَقْتُلَ الخِنْزِيرَ، وَيَضَعَ الجِزْيَةَ، وَيَفِيضَ المَالُ حَتَّى لاَ يَقْبَلَهُ أَحَدٌ، حَتَّى تَكُونَ السَّجْدَةُ الوَاحِدَةُ خَيْرًا مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا» ، ثُمَّ يَقُولُ أَبُو هُرَيْرَةَ: " وَاقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ: {وَإِنْ مِنْ أَهْلِ الكِتَابِ إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ، وَيَوْمَ القِيَامَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا. (١)

وكذا في التعليق الصبيح:

اعلم أن نزول عيسى عليه الصلاة والسلام في آخر الزمان من السماء إلى الأرض حق ثابت بالكتاب والسنة وإجماع الأمة من أنكره فقد كفر ومرق من الدين مروق السهم من الرمية. (٢)

وكذا في التصريح بما تواتر في نزول المسيح:

من أنكر نزول عيسى ابن مريم عليه السلام فقد كفر. (٣)

وكذا في فتاوى محمودية:

عقیدہ نزول عیسی علیہ الصلاۃ والسلام پر ایمان لانا فرض ہے، اس کا انکار کفر ہے، اور اس میں تاویل کرنا زیغ وضلال اور کفر والحاد ہے۔

==========

(١) كتاب الأنبياء، باب نزول عيسى عليه الصلاة والسلام، ١/ ٤٩٠، ط: قديمي.

(٢) كتاب الفتن، باب نزول عيسى عليه الصلاة والسلام، ٦/ ٢٤٢، ط: رشيدية.

(٣) أحاديث نزول عيسى عليه السلام، ١/ ٢٤٢، ط: المطبوعات الإسلامية.

Marfat.com

فالإيمان بها واجب والإنكار عنها كفر والتأويل منها زيغ وضلال وإلحاد، نزل أهل الإسلام في حياة عيسى عليه الصلاة والسلام مقدمة عقيدة الإسلام صـ٣١. (١)

وكذا في معارف القرآن للشفيع العثماني رحمه الله:

آخر زمانہ میں حضرت عیسی علیہ الصلاۃ والسلام کے نزول کا عقیدہ قطعی اور اجماعی ہے جس کا منکر کافر ہے۔ (٢)

حضرت خضر علیہ السلام نبی تھے یا ولی

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ حضرت خضر علیہ السلام کے بارے میں نبی ہونے کا عقیدہ رکھنا چاہئے یا ولی ہونے کا؟

جواب: جمہور علماء امت کے نزدیک حضرت خضر علیہ السلام اللہ تعالی کے نبی ہیں۔

كذا في روح المعاني:

قال الله تعالى: ''ءاتيناه رحمة من عندنا'' والجمهور على أنها الوحي والنبوة وقد أطلقت على ذلك في مواضع من القرآن..... فالجمهور على أنه عليه السلام نبي وليس برسول. (٣)

وفي تفسير الكبير للفخر الرازي:

قَوْلُهُ: ''فَوَجَدا عَبْداً مِنْ عِبادِنا'' قَالَ الْأَكْثَرُونَ إِنَّ ذَلِكَ الْعَبْدَ كَانَ نَبِيًّا وَاحْتَجُّوا عَلَيْهِ بِوُجُوهٍ. الْأَوَّلُ: أَنَّهُ تَعَالَى قَالَ: آتَيْناهُ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِنا'' وَالرَّحْمَةُ هِيَ النُّبُوَّةُ بِدَلِيلِ قَوْلِهِ تَعَالَى: أَهُمْ يَقْسِمُونَ رَحْمَتَ رَبِّكَ'' [الزخرف: ٣٢] وقوله: وَما كُنْتَ تَرْجُوا أَنْ يُلْقى إِلَيْكَ الْكِتابُ إِلَّا رَحْمَةً مِنْ رَبِّكَ'' [الْقَصَصِ: ٨٦] وَالْمُرَادُ مِنْ هَذِهِ الرَّحْمَةِ النُّبُوَّةُ. (٤)

وفي حاشية جلالين:

قوله نبوة: في قول قال ابن عطية والبغوي: الأكثر أنه نبي وكذا قاله القرطبي وولاية في أخر وعليه أكثر العلماء ومنهم القشيري. (٥)

==========

(١) باب العقائد، ما يتعلق بالأنبياء وأتباعهم: ١/ ٤٣٤، ط: ادارة الفاروق.

(٢) معارف القرآن: آل عمران، ٢/ ٦٠٥، ط: معارف القرآن.

(٣) الكهف:٦٥، ١٥/ ٤٠٢، ط: دار إحياء التراث العربي.

(٤) الكهف:٥٦، ٧/ ٤٨١، ط: علوم اسلامية.

(٥) ٢٤٩، ط: قديمي.

Marfat.com

وفي تفسير المدارك:

آتَيْناهُ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِنا'' هي الوحي والنبوة. (١)

وكذا في عمدة القاري:

هَل كَانَ وليا أَو نَبيا..... وَالصَّحِيح أَنه نَبِي، وَجزم بِهِ جمَاعَة. وَقَالَ الثَّعْلَبِيّ: هُوَ نَبِي على جَمِيع الْأَقْوَال معمر مَحْجُوب عَن الْأَبْصَار، وَصَححهُ ابْن الْجَوْزِيّ أَيْضا فِي كِتَابه، لقَوْله تَعَالَى حِكَايَة عَنهُ: {وَمَا فعلته عَن امري} (الْكَهْف: ٨٢) فَدلَّ على أَنه نَبِي أُوحِي إِلَيْهِ. (٢)

وكذا في تفسير المظهري: (٣)

وكذا في البداية والنهاية: (٤)

وكذا في معارف القرآن (مفتی محمد شفیع صاحب): (٥)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سائے کی تحقیق

سوال: کیافرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کیاآنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کاسایہ تھا؟اورآپ کے سائے کا ثبوت کن احادیث سے ہے؟حکیم ترمذیؒ کی کتاب ''نوادر الاصول'' میں جوروایت سائے کی نفی میں ہے اس کاجواب بھی مرحمت فرمائیں۔

جواب: احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کاسایہ تھا۔

(۱) امام حاکم رحمہ اللہ سند کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کرتے ہیں:

بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي ذَاتَ لَيْلَةٍ صَلَاةً إِذْ مَدَّ يَدَهُ، ثُمَّ أَخَّرَهَا، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ رَأَيْنَاكَ صُنَعْتَ فِي هَذِهِ الصَّلَاةِ شَيْئًا لَمْ تَكُنْ تَصْنَعُهُ فِيمَا قَبْلَهُ، قَالَ:أَجَلْ إِنَّهُ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْجَنَّةُ فَرَأَيْتُ فِيهَا دَالِيَةً قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ فَأَرَدْتُ أَنْ أَتَنَاوَلَ مِنْهَا شَيْئًا، فَأُوحِيَ إِلَيَّ أَنِ اسْتَأْخِرْ فَاسْتَأْخَرْتُ، وَعُرِضَتْ عَلَيَّ النَّارُ فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ حَتَّى رَأَيْتُ ظِلِّي وَظِلَّكُمْ فِيهَا فَأَوْمَأْتُ إِلَيْكُمْ أَنِ اسْتَأْخِرُوا، فَأُوحِيَ إِلَيَّ أَنْ أَقِرَّهُمْ فَإِنَّكَ أَسْلَمْتَ وَأَسْلَمُوا،

==========

(١) الكهف:٦٥، ٢/٢٢، ط: قديمي.

(٢) كتاب العلم، باب ما ذكر في ذهاب موسى عليه الصلاة والسلام في البحر إلى الخضر، ٢/ ٩١، ط: رشيدية.

(٣) الكهف:٦٥، ٧- ٨/ ١٤٩- ١٥٠، ط: دار الإشاعت.

(٤) قصص الأنبياء: ١/٣٣٠، ط: فريديه.

(٥) ٥/ ٦١١- ٦١٢، ط: ادارة المعارف.

Marfat.com

وَهَاجَرْتَ وَهَاجَرُوا، وَجَاهَدْتَ وَجَاهَدُوا، فَلَمْ أَرَ لَكَ فَضْلًا عَلَيْهِمْ إِلَّا بِالنُّبُوَّةِ، فَأَوَّلْتُ ذَلِكَ مَا يَلْقَى أُمَّتِي بَعْدِي مِنَ الْفِتَنِ. (۱)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات نماز پڑھ رہے تھے کہ اچانک آپ نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا پھر پیچھے ہٹایا، پس ہم نے کہا یارسول اللہ! ہم نے آپ کو اس نماز میں ایسا کام کرتے دیکھا ہے جو آپ نے اس سے قبل کبھی نہیں کیا، فرمایا: ہاں بلاشبہ مجھ پر جنت پیش کی گئی تو میں نے اس میں اونچے درخت دیکھے، جن کے گچھے نیچے کو جھکے ہوئے تھے، تو میں نے ارادہ کیا کہ ان سے کچھ لے لوں پس میری طرف وحی آئی کہ پیچھے ہٹ جایئے، سو میں پیچھے ہٹ گیا اور مجھ پر دوزخ پیش کی گئی جو میرے اور تمہارے درمیان تھی، یہاں تک کہ اس کی آگ کی روشنی میں، میں نے اپنا اور تمہارا سایہ دیکھا، پس میں نے تمہیں اشارہ کیا کہ پیچھے ہٹ جاؤ، سو میری طرف وحی آئی کہ ان کو اِن کی جگہ پر رہنے دو، کیونکہ آپ نے اسلام قبول کیا اور انہوں نے بھی، آپ نے ہجرت کی اور انہوں نے بھی، آپ نے جہاد کیا اور انہوں نے بھی، پس میں آپ کی ان پر بجز نبوت کے اور کوئی فضیلت نہیں دیکھتا، میں نے اس سے یہ نتیجہ نکالا کہ میری امت میرے بعد فتنوں میں مبتلا ہوگی۔

اس صحیح حدیث میں یہ الفاظ "حتی رأیت ظلي وظلکم" کہ میں نے اپنا اور تمہارا سایہ دیکھا، اس سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ تھا۔

(۲) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں:

أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ لَهُ، فَاعْتَلَّ بَعِيرٌ لِصَفِيَّةَ، وَفِي إِبِلِ زَيْنَبَ فَضْلٌ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَعِيرًا لِصَفِيَّةَ اعْتَلَّ، فَلَوْ أَعْطَيْتِهَا بَعِيرًا مِنْ إِبِلِكِ، فَقَالَتْ: أَنَا أُعْطِي تِلْكَ الْيَهُودِيَّةَ، قَالَ: فَتَرَكَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَا الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمَ شَهْرَيْنِ، أَوْ ثَلَاثَةً، لَا يَأْتِيهَا، قَالَتْ: حَتَّى يَئِسْتُ مِنْهُ، وَحَوَّلْتُ سَرِيرِي، قَالَتْ: فَبَيْنَمَا أَنَا يَوْمًا بِنِصْفِ النَّهَارِ، إِذَا أَنَا بِظِلِّ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلٌ. (۲)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر میں تھے، حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا اونٹ بیمار ہوگیا، حضرت زینب کے پاس اپنی ضرورت سے زائد ایک اونٹ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صفیہ کا اونٹ بیمار ہے، اے زینب اگر تم اُسے اپنا زائد اونٹ دیدو تو بہتر ہوگا

---

(۱) المستدرك على الصحيحين: كتاب الفتن والملاحم، ٤/ ٥٠٣، رقم الحديث: ٨٤٠٨، قال الحاكم والذهبي: صحيح، ط: دار الكتب العلمية.

(۲) مسند أحمد: مسند النساء، مسند عائشة بنت الصديق، ٤١/ ٤٦٣، رقم الحديث: ٢٥٠٠٢، ط: مؤسسة الرسالة.

Marfat.com

انہوں نے کہا کیا میں اس یہودیہ کو اونٹ دے دوں؟ان کے اس جواب سے آپ ناراض ہو گئے،اور آپ نے ذوالحجہ اور محرم دو یا تین ماہ تک حضرت زینب کے پاس جانا ترک کر دیا، حضرت زینب فرماتی ہیں کہ میں ناامید ہو گئی تھی،اور میں نے اپنی چارپائی وہاں سے ہٹادی، فرماتی ہیں میں اس حالت میں تھی کہ اچانک ایک دن دوپہر کے وقت میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ دیکھا جو میری طرف آرہا تھا۔

اس حدیث میں یہ الفاظ "إِذَا أَنَا بِظِلِّ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ" میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ دیکھا بالکل صریح ہیں، معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ تھا۔

ان صحیح احادیث سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ تھا، نصوصِ قطعیہ سے آپ کی بشریت ثابت ہے تو بشریت کے لوازمات بھی آپ کے لئے ثابت ہیں۔جن روایات میں آپ کے سایہ ہونے کی نفی ہے وہ روایات صحیح نہیں ہیں۔

اخرج الْحَكِيم التِّرْمِذِيّ عَن ذكْوَان ان رَسُول الله صلى الله عَلَيْهِ وَسلم لم يكن يرى لَهُ ظلّ فِي شمس وَلَا قمر. (۱)

حکیم ترمذی نے ذکوان سے "نوادر الاصول" میں نقل کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا نہ آفتاب کی روشنی میں اور نہ چاند کی روشنی میں۔

اس روایت کی سند ملا علی قاری رحمہ اللہ نے یہ نقل کی ہے:

ذكره الحكيم الترمذي في نوادر الأصول عن عبد الرحمن بن قيس وهو مطعون عن عبد الملك بن عبد الله بن الوليد وهو مجهول عن ذكوان. (۲)

حکیم ترمذی نے اس روایت کو اپنی کتاب "نوادر الاصول" میں عبد الرحمٰن بن قیس کے طریق سے ذکر کیا ہے،اور کہا عبد الرحمٰن مطعون ہے،اور اس نے عبد الملک بن عبد اللہ بن ولید سے روایت کی ہے جو کہ مجہول ہے،اور اس نے ذکوان سے روایت کی ہے۔

اس روایت کو نقل کرنے والے حکیم ترمذی ہیں جن کے متعلق ابو عبد الرحمٰن سلمی کہتے ہیں:

أَخرَجُوا الحَكِيْم مِنْ تِرْمِذ، وَشَهِدُوا عَلَيْهِ بِالكُفْر، وَذَلِكَ بِسبب تَصنيفه كِتَاب (ختم الولَايَة)، وَكِتَاب (علل الشَّرِيْعَة) وَقَالُوا: إِنَّهُ يَقُوْلُ: إِنَّ للأَوْلِيَاء خَاتماً كَالأَنْبِيَاءِ لهم خَاتم.وَإِنَّهُ يُفَضِّل الْوِلَايَة عَلَى النُّبُوَّة. (۳)

==========

(۱) الخصائص الكبرى: ذكر المعجزات والخصائص في خلقه الشريف، باب المعجزة في بوله وغائطه، ۱/ ۱۲۲، ط: دار الكتب العلمية.

(۲) شرح الشفاء: الباب الرابع، فصل: ومن ذلك ما ظهر من الآيات عند مولده عليه الصلاة والسلام، ۱/ ۷۵٤-۷۵۵، ط: دار الكتب العلمية.

(۳) سير أعلام النبلاء: ترجمة: أبو عبد الله محمد بن علي الترمذي، ۱۳/ ٤٤۱، ط: مؤسسة الرسالة.

Marfat.com

حکیم ترمذی کولوگوں نے اپنے علاقے ترمذ سے نکال دیا تھا، اور لوگوں نے اس کے متعلق کفر کی گواہی دی ہے اس وجہ سے کہ اس نے "ختم الولایة" اور "علل الشریعة" نامی کتابیں لکھیں، اور یہ کہتا تھا کہ اولیاء میں بھی اس طرح خاتم ہوتا ہے جس طرح انبیاء میں خاتم ہوتا ہے، اور یہ ولایت کو نبوت پر فضیلت دیتا تھا۔

حکیم ترمذی اہل روایت اور اہل حدیث اور فن حدیث والوں میں سے نہیں ہیں، اس پر ائمہ فقہاء اور صوفیاء نے طعن کیا ہے، اور اس وجہ سے اس کو قابل اقتداء لوگوں میں نہیں سمجھا، اور انہوں نے کہا ہے کہ اس شخص نے علم شریعت میں ایسی باتیں داخل کی ہیں جن کے ذریعے اہل اسلام میں تفریق ڈال دی، اور اس نے اپنی کتابوں کو موضوع روایات سے بھر دیا ہے، جو نہ اس سے پہلے کبھی روایت کی گئی ہیں اور نہ سنی گئی ہیں:

وهذا الحكيم الترمذي لم يكن من أهل الحديث ولا رواية له ولا أعلم له تطرقة وصناعة..... وطعن عليه أئمة الفقهاء والصوفية وأخرجوه بذلك عن السيرة المرضية وقالوا إنه ادخل في علم الشريعة ما فارق به الجماعة وملأ كتبه الفظيعة بالأحاديث الموضوعة وحشاها بالأخبار التي ليست بمروية ولا مسموعة. (۱)

حکیم ترمذی کی کتاب "نوادر الاصول" میں اکثر روایات غیر معتبر ہیں، حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

نوادر الاصول اکثر احادیث غیر معتبر وارد. (۲)

اس روایت کی سند میں "عبدالرحمٰن بن قیس زعفرانی" راوی ہے، اس کے متعلق ائمہ محدثین کے اقوال درج ذیل ہیں:

كذبه ابن مهدي وأبو زرعة. وقال البخاري: ذهب حديثه. وقال أحمد: لم يكن بشئ. (۳)

كان ابن مهدي يكذبه وقال أحمد حديثه ضعيف ولم يكن بشيء متروك الحديث وقال النسائي متروك الحديث وقال زكريا الساجي ضعيف وقال صالح بن محمد كان يضع الحديث وقال ابن عدي عامة ما يرويه لا يتابعه عليه الثقات. (٤)

اس روایت کی سند میں دوسرا راوی "عبدالملک بن عبداللہ بن الولید" ہے، تلاشِ بسیار کے باوجود اس راوی کے حالات مجھے کہیں بھی نہیں ملے، کتبِ رجال میں اس راوی کا کہیں تذکرہ ہی نہیں ہے، محدثین کے ہاں ایسا راوی مجہول کہلاتا ہے، اس کی روایت قابلِ قبول

---

(۱) لسان الميزان: ترجمة: محمد بن علي بن الحسن بن بشير، ٥/ ٣٠٨- ٣٠٩، ط: مؤسسة الأعلمي بيروت.

(۲) بستان المحدثين: ص٦٨.

(۳) ميزان الاعتدال: ترجمة: عبد الرحمن بن قيس الضبي الزعفراني، ٢/ ٥٨٣، ط: دار المعرفة.

(٤) تهذيب التهذيب: ترجمة: عبد الرحمن بن قيس الضبي الزعفراني، ٦/ ٢٥٨، ط: دائرة المعارف النظامية.

Marfat.com

نہیں ہوتی، ملا علی قاری رحمہ اللہ بھی فرماتے ہیں کہ یہ راوی مجہول ہے:

ذكره الحكيم الترمذي في نوادر الأصول عن عبد الرحمن بن قيس وهو مطعون عن عبد الملك بن عبد الله بن الوليد وهو مجهول عن ذكوان. (۱)

ملا علی قاری رحمہ اللہ کی اس عبارت سے معلوم ہوا کہ پہلا راوی مجروح ہے اور دوسرا راوی مجہول ہے، تیسرا راوی "ذکوان" ہے، جو صحابی نہیں ہے بلکہ تابعی ہے لہٰذا یہ روایت مرسل ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ صحیح احادیث سے ثابت ہے، جب کہ سایہ نہ ہونے کے متعلق جو روایت ہے اس کی سند میں کذاب اور مجہول راوی ہے نیز یہ روایت بھی مرسل ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ تھا یا نہیں؟

سوال: کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ مبارک تھا یا نہیں؟

جواب: صحیح روایات اور احادیث سے یہی ثابت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ مبارک تھا۔

كما في مسند الإمام أحمد بن حنبل:

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ لَهُ، فَاعْتَلَّ بَعِيرٌ لِصَفِيَّةَ، وَفِي إِبِلِ زَيْنَبَ فَضْلٌ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بَعِيرًا لِصَفِيَّةَ اعْتَلَّ، فَلَوْ أَعْطَيْتِهَا بَعِيرًا مِنْ إِبِلِكِ، فَقَالَتْ: أَنَا أُعْطِي تِلْكَ الْيَهُودِيَّةَ، قَالَ: فَتَرَكَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَا الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمَ شَهْرَيْنِ، أَوْ ثَلَاثَةً، لَا يَأْتِيهَا، قَالَتْ: حَتَّى يَئِسْتُ مِنْهُ، وَحَوَّلْتُ سَرِيرِي، قَالَتْ: فَبَيْنَمَا أَنَا يَوْمًا بِنِصْفِ النَّهَارِ، إِذَا أَنَا بِظِلِّ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلٌ. (۲)

وكذا في مستدرك الحاكم:

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي ذَاتَ لَيْلَةٍ صَلَاةً إِذْ مَدَّ يَدَهُ، ثُمَّ أَخَّرَهَا، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ رَأَيْنَاكَ صَنَعْتَ فِي هَذِهِ الصَّلَاةِ شَيْئًا لَمْ تَكُنْ تَصْنَعُهُ فِيمَا قَبْلَهُ، قَالَ: «أَجَلْ إِنَّهُ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْجَنَّةَ فَرَأَيْتُ فِيهَا دَالِيَةً قُطُوفُهَا دَانِيَةٌ فَأَرَدْتُ أَنْ أَتَنَاوَلَ مِنْهَا شَيْئًا، فَأُوحِيَ إِلَيَّ أَنِ اسْتَأْخِرْ فَاسْتَأْخَرْتُ، وَعُرِضَتْ عَلَيَّ النَّارُ فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ حَتَّى رَأَيْتُ ظِلِّي وَظِلَّكُمْ فِيهَا فَأَوْمَأْتُ إِلَيْكُمْ أَنِ اسْتَأْخِرُوا. (۳)

==========

(۱) شرح الشفاء: الباب الرابع، فصل، ۱/ ۷۵٤- ۷۵۵، ط: دار الكتب العلمية.

(۲) مسند عائشة، ۱۱/ ۲۷۳، ط: رحمانية.

(۳) كتاب الفتن والملاحم، ٤/ ۵۰۳، رقم الحديث: ۸٤۰۸، ط: دار الكتب العلمية.

Marfat.com

وكذا في مسند البزاز:

عن أبي هريرة رضي الله تعالى عنه أنه ذكر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم حدثهم أن جبريل عليه السلام جاءه فصلى به الصلوة وقتين وقتين إلا المغرب جاءني صلى بي الظهر حين كان فيسيء مثل شراك نعلي ثم جاء فصلى بي العصر حين كان فيئي مثلي. (١)

وكذا في جواهر الفقه (جديد ايڈيشن) (٢)

وكذا في فتاوى حقانية: (٣)

عرش افضل ہے یا روضہ اطہر کی مٹی

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ روضہ اطہر کی مٹی افضل ہے یا عرش کی؟

جواب: اہل سنت والجماعت کے نزدیک روضہ اطہر کے اس حصے کی مٹی جس سے جسد اطہر ملا ہوا ہے عرش اور کرسی سے افضل ہے۔

كما في مرقاة المفاتيح:

(وَاللَّهِ إِنَّكِ لَخَيْرُ أَرْضِ اللَّهِ إِلَى اللَّهِ، وَأَحَبُّ أَرْضِ اللَّهِ إِلَى اللَّهِ) فِيهِ تَصْرِيحٌ بِأَنَّ مَكَّةَ أَفْضَلُ مِنَ الْمَدِينَةِ كَمَا عَلَيْهِ الْجُمْهُورُ إِلَّا الْبُقْعَةَ الَّتِي ضَمَّتْ أَعْضَاءَهُ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ فَإِنَّهَا أَفْضَلُ مِنْ مَكَّةَ، بَلْ مِنَ الكعبة، بَلْ مِنَ الْعَرْشِ إِجْمَاعًا. (٤)

وكذا في معارف السنن:

وقال مالك بن أنس: إن البقعة التي فيها جسد النبي صلى الله عليه وسلم أفضل من كل شيء حتى الكرسي والعرش ثم الكعبة ثم المسجد النبوي ثم المسجد الحرام ثم المدينة ثم مكة. (٥)

كما في الدر المختار:

وَمَكَّةُ أَفْضَلُ مِنْهَا عَلَى الرَّاجِحِ إِلَّا مَا ضَمَّ أَعْضَاءَهُ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ فَإِنَّهُ أَفْضَلُ مُطْلَقًا حَتَّى مِنْ

==========

(١) ١٥/ ٢٨٢، رقم الحديث: ٨٧٧٧، ط: مكتبة العلوم والحكم.

(٢) ٢/ ١٤٧تا١٥١، ط: دار العلوم كراچی.

(٣) كتاب العقائد والإيمانيات، ١/ ١٩٩ تا ٢٠٢، ط: حقانية.

(٤) باب حرم مكة، الفصل الثاني، الدليل على أن مكة أفضل من المدينة، ٦/ ١٠، ط: إمدادية.

(٥) باب ما جاء في أي المسجد أفضل، بيان فضل المسجد الحرام والمسجد النبوي، ٣/٣٢٣، ط: سعيد.

Marfat.com

الْكَعْبَةِ وَالْعَرْشِ وَالْكُرْسِيِّ. (١)

وكذا في حاشية الترمذي للمحدث أحمد علي السهارنفوري:

وقال مالك بن أنس رضي الله عنه أن الأرض الملاصق لجسد النبي صلى الله عليه وسلم المبارك أعلى وأفضل من كل شيء حتى العرش والكرسي أيضا ثم بعده بيت الله ثم بعده المسجد النبوي إلخ. (٢)

وكذا في نجم الفتاوى: (٣)

معجزہ اور کرامت کی تعریف و ثبوت اور دونوں میں فرق

سوال: کیافرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں:

معجزے کی تعریف کیا ہے؟ معجزے کا ثبوت قرآن مجید اور حدیث مبارکہ سے تحریر کیجئے، نیز کرامت کی تعریف کیا ہے؟ کرامت کا ثبوت قرآن مجید سے تحریر کیجئے، معجزے اور کرامت میں فرق بھی تحریر کیجئے، نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کی کچھ کرامات بھی تحریر کیجئے۔

جواب: معجزے کی تعریف:

وہ امر جو عادت کے برخلاف نبی سے صادر ہو جائے تو اس کو معجزہ کہتے ہیں، یہ معجزات نبی کی نبوت ورسالت پر دلیل ہوتے ہیں تاکہ لوگ ان معجزات کو دیکھ کر نبی کی نبوت کا یقین کرلیں اور لوگ یہ سمجھیں کہ یہ شخص اللہ کی طرف سے مامور ہے کیونکہ ان کے ساتھ غیبی تائید ہے۔

كذا في رد المحتار:

فَالْحَاصِلُ أَنَّ الْأَمْرَ الْخَارِقَ لِلْعَادَةِ بِالنِّسْبَةِ إِلَى النَّبِيِّ مُعْجِزَةٌ، سَوَاءٌ ظَهَرَ مِنْ قِبَلِهِ، أَوْ مِنْ قِبَلِ آحَادِ أُمَّتِهِ. (٤)

كذا في شرح العقائد النسفية:

والمعجزة أمر خارق للعادة قصد به إظهار صدق من ادعى أنه رسول الله تعالى. (٥)

==========

(١) ٢باب الهدي، مطلب في تفضيل مكة على المدينة، ٦٢٦/٢، ط: سعيد.

(٢) باب ما جاء في فضل بيان المسجد، ١/ ٨٢، ط: سعيد.

(٣) فصل في المتفرقات، ١/ ٤٤٥، ط: ياسين القرآن.

(٤) كتاب الطلاق، باب العدة، فصل في ثبوت النسب، مطلب في ثبوت كرامات الأولياء والاستخدامات، ٣/ ٥٥١، ط: سعيد.

(٥) ص١٧، النوع الثاني خبر الرسول المؤيد بالمعجزة، ط: المصباح.

Marfat.com

معجزات کا ثبوت قرآن کریم سے

(۱) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے آگ کا ٹھنڈا ہو جانا باوجودیکہ آگ کی تاثیر میں گرمائش اور جلانا ہے:

قُلْنَا يٰنَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلٰى إِبْرَاهِيمَ. (۱)

(۲) حضرت موسی علیہ السلام کا معجزہ عصا اور ید بیضاء:

وَأَنْ أَلْقِ عَصَاكَ فَلَمَّا رَآهَا تَهْتَزُّ كَأَنَّهَا جَآنٌّ وَلّٰى مُدْبِرًا وَلَمْ يُعَقِّبْ. (۲)

وَاضْمُمْ يَدَكَ إِلَى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ آيَةً أُخْرَى. (۳)

(۳) حضرت داود علیہ السلام کا معجزہ کہ پہاڑوں اور اڑتے جانوروں کا آپ کے ساتھ تسبیح پڑھنے پر مسخر ہونا اور لوہے کا آپ کے واسطے نرم ہونا:

يٰجِبَالُ أَوِّبِي مَعَهٗ وَالطَّيْرَ وَأَلَنَّا لَهُ الْحَدِيدَ. (٤)

وَيُكْرَهُ اتِّخَاذُ الضِّيَافَةِ مِنْ الطَّعَامِ مِنْ أَهْلِ الْمَيِّتِ لِأَنَّهُ شُرِعَ فِي السُّرُورِ لَا فِي الشُّرُورِ، وَهِيَ بِدْعَةٌ مُسْتَقْبَحَةٌ: وَرَوَى الْإِمَامُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَهْ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا نَعُدُّ الِاجْتِمَاعَ إلَى أَهْلِ الْمَيِّتِ وَصُنْعَهُمْ الطَّعَامَ مِنْ النِّيَاحَةِ. اهـ. وَفِي الْبَزَّازِيَّةِ: وَيُكْرَهُ اتِّخَاذُ الطَّعَامِ فِي الْيَوْمِ الْأَوَّلِ وَالثَّالِثِ وَبَعْدَ الْأُسْبُوعِ وَنَقْلُ الطَّعَامِ إلَى الْقَبْرِ فِي الْمَوَاسِمِ، وَاتِّخَاذُ الدَّعْوَةِ لِقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَجَمْعُ الصُّلَحَاءِ وَالْقُرَّاءِ لِلْخَتْمِ أَوْ لِقِرَاءَةِ سُورَةِ الْأَنْعَامِ أَوْ الْإِخْلَاصِ..... وَالْحَاصِلُ أَنَّ اتِّخَاذَ الطَّعَامِ عِنْدَ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ لِأَجْلِ الْأَكْلِ يُكْرَهُ..... وَهَذِهِ الْأَفْعَالُ كُلُّهَا لِلسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ فَيُحْتَرَزُ عَنْهَا لِأَنَّهُمْ لَا يُرِيدُونَ بِهَا وَجْهَ اللَّهِ تَعَالَى اهـ. (٣)

ایصال ثواب کے لئے دن کی تخصیص

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ہمارے علاقے میں جب کوئی شخص مر جاتا ہے تو اس کے ورثاء ایصال ثواب کے لئے ہر جمعرات کو خیرات کرتے ہیں، اسی طرح جب چالیس دن پورے ہو جاتے ہیں تو اس پر پھر خیرات کرتے ہیں جس میں پورے علاقے کے لوگوں کو دعوت دیتے ہیں، کیا اس طرح ہر جمعرات کو اور چالیس دن پورے ہونے پر جو کھانا کھلایا جاتا ہے اس کا شرعاً کوئی ثبوت ہے؟

جواب: ایصال ثواب کا مذکورہ طریقہ شرعاً ثابت نہیں، میت کے لئے ایصال ثواب کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ دنوں کی تعیین کئے بغیر کوئی کار خیر کرکے اللہ تعالی سے دعا کی جائے اور اس عمل کا ثواب میت کی روح کو پہنچایا جائے، اپنی طرف سے ہر جمعرات کو اور چالیسویں دن کو متعین کرکے ایصال ثواب کرنا اور خیرات کو لازم سمجھنا یہ تمام باتیں درست نہیں یہ بدعت ہیں، ان سے اجتناب کرنا ضروری ہے، ایصال ثواب کے لئے وہ طریقہ اپنانا چاہئے جو شریعت سے ثابت ہو۔

==========

(١) أبواب ما جاء في الجنائز، باب ما جاء في النهي عن الاجتماع إلى أهل الميت، ١/١١٦، ط: قديمي.

(٢) كتاب الجنائز، باب ما قالوا في الأطعام عليه والنياحة، ٧/ ٢٤٠- ٢٤١، ط: إدارة القرآن.

(٣) باب صلاة الجنازة، مطلب في كراهة الضيافة من أهل الميت، ٢/ ٢٤٠، ٢٤١، ط: سعيد.

Marfat.com

كما في القرآن المجيد:

وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا. (١)

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيرًا. (٢)

وكذا في صحيح البخاري:

حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسٍ... قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: إِنَّ أَحْسَنَ الحَدِيثِ كِتَابُ اللَّهِ، وَأَحْسَنَ الهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَشَرَّ الأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَإِنَّ مَا تُوعَدُونَ لَآتٍ، وَمَا أَنْتُمْ بِمُعْجِزِينَ. (٣)

وكذا في المصنف لابن أبي شيبة:

حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ، عَنْ طَلْحَةَ قَالَ: قَدِمَ جَرِيرٌ عَلَى عُمَرَ فَقَالَ: هَلْ يُنَاحُ قِبَلَكُمْ عَلَى الْمَيِّتِ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: فَهَلْ تَجْتَمِعُ النِّسَاءُ عِنْدَكُمْ عَلَى الْمَيِّتِ وَيُطْعَمُ الطَّعَامُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: تِلْكَ النِّيَاحَةُ. (٤)

وكذا في سنن ابن ماجه:

عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: كُنَّا نَرَى الِاجْتِمَاعَ إِلَى أَهْلِ الْمَيِّتِ وَصَنْعَةَ الطَّعَامِ مِنَ النِّيَاحَةِ. (٥)

وكذا في الشامية:

وَيُكْرَهُ اتِّخَاذُ الضِّيَافَةِ مِنْ الطَّعَامِ مِنْ أَهْلِ الْمَيِّتِ لِأَنَّهُ شُرِعَ فِي السُّرُورِ لَا فِي الشُّرُورِ، وَهِيَ بِدْعَةٌ مُسْتَقْبَحَةٌ: وَرَوَى الْإِمَامُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَهْ بِإِسْنَادٍ صَحِيحٍ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا نَعُدُّ الِاجْتِمَاعَ إِلَى أَهْلِ الْمَيِّتِ وَصُنْعَهُمْ الطَّعَامَ مِنْ النِّيَاحَةِ. اهـ. وَفِي الْبَزَّازِيَّةِ: وَيُكْرَهُ اتِّخَاذُ الطَّعَامِ فِي الْيَوْمِ الْأَوَّلِ وَالثَّالِثِ وَبَعْدَ الْأُسْبُوعِ وَنَقْلُ الطَّعَامِ إلَى الْقَبْرِ فِي الْمَوَاسِمِ، وَاتِّخَاذُ الدَّعْوَةِ لِقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَجَمْعُ الصُّلَحَاءِ وَالْقُرَّاءِ لِلْخَتْمِ أَوْ لِقِرَاءَةِ سُورَةِ الْأَنْعَامِ أَوْ الْإِخْلَاصِ... وَالْحَاصِلُ أَنَّ اتِّخَاذَ الطَّعَامِ عِنْدَ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ لِأَجْلِ الْأَكْلِ يُكْرَهُ... وَهَذِهِ الْأَفْعَالُ كُلُّهَا لِلسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ فَيُحْتَرَزُ عَنْهَا لِأَنَّهُمْ لَا يُرِيدُونَ بِهَا وَجْهَ اللَّهِ تَعَالَى اهـ. (٦)

---

(١) الحشر: ٧.

(٢) الأحزاب: ٣١.

(٣) كتاب الاعتصام، باب الاقتداء بسنن رسول الله، ٢/ ١٠٨٠، ط: قديمي.

(٤) أبواب الجنائز، باب ما قالوا في الأطعام عليه بالنياحة، ٧/ ٢٤٠- ٢٤١، ط: إدارة القرآن.

(٥) أبواب ما جاء في الجنائز، باب ما جاء في النهي عن الاجتماع وغيره، ١/ ١١٦، ط: قديمي.

(٦) باب صلاة الجنازة، مطلب في كراهة الضيافة من أهل الميت، ٢/ ٢٤٠، ٢٤١، ط: سعيد.

Marfat.com

عید میلاد النبی اور مروجہ خرافات

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ سالانہ جب بھی بارہ ربیع الاول آتا ہے ہمارے محلے کے اکثر لوگ بڑے آب وتاب کے ساتھ عید جیسی تیاریاں کرتے ہیں، چھوٹی بڑی عمارتوں خصوصا مسجدوں میں چراغاں کرتے ہیں، رنگ برنگے [illegible] بلاتے ہیں اور اس کو کار خیر سمجھ کر جلوس بھی نکالتے ہیں حتی کہ اس جلوس کی وجہ سے ٹریفک بھی جام ہو جاتی ہے، اگر یہ ثواب [illegible] کرنا چاہتے ہیں اور اگر یہ ثواب نہیں تو یہ لوگ قرآن وحدیث سے بہت سے دلائل بھی دکھاتے ہیں اور سناتے ہیں ہمیں [illegible] فرمائیں تاکہ ہم بھی بارہ ربیع الاول میں چراغاں کرنے والوں اور اہتمام کرنے والوں کو صحیح طرح سمجھا سکیں

[illegible] میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے خوشی منانا اور مجالس کا انعقاد کرنا نہ صرف درست بلکہ مستحسن ہے بشرطیکہ [illegible] کے دائرہ میں رہ کر ہو کیونکہ ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبادت ہے، لیکن آج کل جس انداز سے یہ خوشی منائی جارہی ہے [illegible] پر مشتمل ہونے کی وجہ سے واجب الترک ہے۔

[illegible] بات سمجھ لی جائے کہ بارہ ربیع الاول کو ولادت باسعادت کا دن ہونے میں اختلاف ہے جبکہ بارہ ربیع الاول کو وفات پر [illegible] بارہ ربیع الاول کو خوشی منانا ایک طرح ولادت پر نہیں بلکہ وفات پر جشن ہوگا۔

[illegible] ہے کہ ولادت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر مروجہ طریقے سے خوشی کا اظہار کرنا زمانہ رسالت، زمانہ صحابہ [illegible] تابعین میں سے کسی بھی کسی سے ثابت نہیں اگر یہ عشق اور محبت کی دلیل ہوتی تو وہ حضرات اس معاملہ میں کبھی پیچھے نہ [illegible] عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر سب کچھ قربان کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار رہتے تھے۔ نیز آج کل اس میں درج ذیل [illegible] ارتکاب کیا جاتا ہے جیسے:

[illegible] کی چوری

[illegible] میں مرد وزن کا اختلاط

[illegible] فضول خرچی

[illegible] کے نام پر شرکیہ وکفریہ کلمات کا سننا اور پڑھنا

[illegible] نعتیہ کلام کو میوزک کے ساتھ پیش کرنا

[illegible] روضہ اور بیت اللہ شریف کی شبیہ بنا کر طواف کرنا

[illegible] تعزیے نکالنا

Marfat.com

۸..... راتوں کو لاؤڈ اسپیکر کی آواز کو بلاضرورت بڑھا کر آرام کرنے والوں کے آرام کو خراب کرنا

۹..... اوران تمام من گھڑت فرسودہ اختراعی خرافات کی دین کی طرف نسبت کرنے کی جسارت کرنا اور آئے دن نئی نئی خرابیاں

وبدعات کا اضافہ کرنا جیسے کیک کاٹنا عید کی نماز پڑھنا، عیدی ملنا، بچوں کو عیدی دینا وغیرہ۔

یہ وہ تمام خرابیاں ہیں جو آج کل اس دن کو منانے میں اور منانے والوں میں پائی جاتی ہیں، جس کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شریعت میں قطعاً اجازت نہیں ہے۔

باقی رہی بات بدعتیوں کے دلائل کی تو ان کی تحقیق اس سے بڑھ کر کچھ بھی نہیں کہ سطحی اور عوامی ذہن کے مطابق آیات اور احادیث مبارکہ سناتے ہیں جن کا اس مروجہ میلاد سے دور دور کا بھی تعلق نہیں ہوتا کیونکہ وہ آیات اور احادیث جس مقصد اور شخص کے لئے وارد ہوئی ہیں اس مقصد سے ہٹا کر اس میلاد میں پیش کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہیں۔

یہ بات واضح رہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عقیدت مندی کا معیار آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کلی اتباع ہے، نہ کہ میلاد کرنا، کیونکہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم منانے کی چیز نہیں بلکہ اپنانے کی چیز ہے، لہٰذا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پاک کے مطابق پوری زندگی گزارنا ہی دین اسلام کا حاصل ہے اور اسی میں کامیابی ہے۔

قال الله تبارك وتعالى:

الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا. (۱)

وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (۲)

وكذا في صحيح البخاري:

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هَذَا مَا لَيْسَ فِيهِ، فَهُوَ رَدٌّ. (۳)

وكذا في المشكاة:

عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «أَكْرِمُوا أَصْحَابِي فَإِنَّهُمْ خِيَارُكُمْ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ. (٤)

---

(۱) المائدة:۳.

(۲) الحشر:۷.

(۳) كتاب الصلح، باب إذا اصطلحوا على صلح جور فالصلح مردود، ۱/ ۳۷۱، ط: قديمي.

(٤) باب مناقب الصحابة، الفصل الثاني، ۲/ ٥٥٤، ط: قديمي.

Marfat.com

وكذا في سنن ابن ماجه:

وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدِثَاتِ الْأُمُورِ، فَإِنَّ شَرَّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ، وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ. (١)

وكذا في تنقيح الحامدية:

مِنْ الْبِدَعِ الْمُنْكَرَةِ مَا يُفْعَلُ فِي كَثِيرٍ مِنْ الْبُلْدَانِ مِنْ إيقَادِ الْقَنَادِيلِ الْكَثِيرَةِ الْعَظِيمَةِ السَّرَفِ فِي لَيَالٍ مَعْرُوفَةٍ مِنْ السَّنَةِ كَلَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ شَعْبَانَ فَيَحْصُلُ بِذَلِكَ مَفَاسِدُ كَثِيرَةٌ مِنْهَا مُضَاهَاةُ الْمَجُوسِ فِي الِاعْتِنَاءِ بِالنَّارِ فِي الْإِكْثَارِ مِنْهَا وَمِنْهَا إضَاعَةُ الْمَالِ فِي غَيْرِ وَجْهِهِ وَمِنْهَا مَا يَتَرَتَّبُ عَلَى ذَلِكَ مِنْ الْمَفَاسِدِ مِنْ اجْتِمَاعِ الصِّبْيَانِ وَأَهْلِ الْبَطَالَةِ وَلَعِبِهِمْ وَرَفْعِ أَصْوَاتِهِمْ وَامْتِهَانِهِمْ الْمَسَاجِدَ وَانْتِهَاكِ حُرْمَتِهَا وَحُصُولِ أَوْسَاخٍ فِيهَا وَغَيْرِ ذَلِكَ مِنْ الْمَفَاسِدِ الَّتِي يَجِبُ صِيَانَةُ الْمَسْجِدِ عَنْهَا شَرْحُ الْمُهَذَّبِ لِلْإِمَامِ النَّوَوِيِّ رَحِمَهُ اللَّهُ تَعَالَى وَصَرَّحَ أَئِمَّتُنَا الْأَعْلَامُ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُمْ بِأَنَّهُ لَا يَجُوزُ أَنْ يُزَادَ عَلَى سِرَاجِ الْمَسْجِدِ سَوَاءٌ كَانَ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ أَوْ غَيْرِهِ لِأَنَّ فِيهِ إسْرَافًا كَمَا فِي الذَّخِيرَةِ وَغَيْرِهَا. (٢)

وكذا في المدخل لابن الحاج:

وَمِنْ جُمْلَةِ مَا أَحْدَثُوهُ مِنَ الْبِدَعِ مَعَ اعْتِقَادِهِمْ أَنَّ ذَلِكَ مِنْ أَكْبَرِ الْعِبَادَاتِ وَإِظْهَارِ الشَّعَائِرِ مَا يَفْعَلُونَهُ فِي شَهْرِ رَبِيعٍ الْأَوَّلِ مِنَ الْمَوْلِدِ، وَقَدِ احْتَوَى ذَلِكَ عَلَى بِدَعٍ وَمُحَرَّمَاتٍ جَمَّةٍ؛ فَمِنْ ذَلِكَ: اسْتِعْمَالُهُمُ الْمَغَانِيَ وَمَعَهُمْ آلَاتُ الطَّرَبِ مِنَ الطَّارِ الْمُصَرْصِرِ وَالشَّبَّابَةِ... وَمَضَوْا فِي ذَلِكَ عَلَى الْعَوَائِدِ الذَّمِيمَةِ فِي كَوْنِهِمْ يَشْتَغِلُونَ أَكْثَرَ الْأَزْمِنَةِ... بِبِدَعٍ وَمُحَرَّمَاتٍ...وقد نقل ابن الصلاح أَنَّ الْإِجْمَاعَ مُنْعَقِدٌ عَلَى أَنَّ آلَاتِ الطَّرَبِ اجتمعت فَهِيَ مُحَرَّمَةٌ... فمن كان باكيا فليبك على نفسه... وَيَا لَيْتَهُمْ عَمِلُوا الْمَغَانِيَ لَيْسَ إِلَّا، بَلْ يَزْعُمُ بَعْضُهُمْ أَنَّهُ يَتَأَدَّبُ، فَيَبْدَأُ الْمَوْلِدَ بِقِرَاءَةِ الْكِتَابِ الْعَزِيزِ، وَيَنْظُرُونَ إِلَى مَنْ هُوَ أَكْثَرُ مَعْرِفَةً بِالهنوك... فهَذَا فِيهِ مِنَ الْمَفَاسِدِ وُجُوهٌ:

منها: ما يفعله القاري في قراءته على تلك الهيأة المذمومة شرعا.

والثاني: أن فيه قلة أدب وقلة احترام لكتاب الله.

الثالث: أنهم يقطعون قراءة كتاب الله تعالى ويقبلون على شهوات أنفسهم من سماع اللهو بضرب الطار والشبابة والغناء والتكسير الذي يفعله المغني.

الرابع: أنهم يظهرون غير ما في بواطنهم، وذلك بعينه صفة النفاق.

==========

(١) باب اجتناب البدع والجدل، ١/ ٦، ط: قديمي.

(٢) فوائد ومسائل شتى من الحظر والإباحة، من البدع المنكرة إيقاد القناد... إلخ، ٢/ ٣٥٩، ط: حقانية.

Marfat.com

الخامس: أن بعضهم قلل من القراءة لقوة الباعث على لهوه بما بعدها.

السادس: أن بعض السامعين إذا طوّل القاري القراءة يتقلقلون منه لكونه طوّل عليهم، ولم يسكت حتي يشتغلوا بما يحبون من اللهو... فانظر رحمنا الله وإياك إلى هذا المغني إذا غنى تجد من له الهيبة والوقار وحسن الهيئة والسمت... فإذا دب معه الطرب قليلا حرّك رأسه... ثم إذا تمكن الطرب منه ذهب حياؤه ووقاره... فيقوم ويرقص ويعيط وينادي ويبكي ويتباكى ويتخشع ويدخل ويخرج ويبسط يديه ويرفع رأسه نحو السماء... ويخرج الرغوة، أي الزبد من فيه وربما مزق بعض ثيابه... وهذا منكر بيّن لأن النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن إضاعة المال... هذا وجه.

والثاني: أنه في الظاهر خرج عن حد العقلاء إذ أنه صدر منه ما يصدر من المجانين في غالب أحوالهم.

الثالث: أنه ألحق نفسه بالبهائم، إذ التكليف إنما خوطب به العقلاء وهذا يزعم أنه سلب عقله... ثم انظر... إلى مخالفة السنة ما أشنعها ألا ترى أنهم لما ابتدعوا فعل المولد على ما تقدم تشوقت نفوس النساء لفعل ذلك وقد تقدم ما في مولد الرجال من البدع والمخالفة للسلف الماضيين رضي الله عنهم أجمعين... فكيف إذا فعله النساء، لا جرم أنهن لما فعلنه ظهرت فيه عورات جمّة ومفاسد عديدة، فمنها ما تقدم في مولد الرجال من أنه يكون بعض النساء ينظر إلى الرجال، فيقع ما يقع من التشويش بين الرجال وأهله بسبب ذلك.[1]

وكذا في الشامي:

أَمَّا لَوْ نَذَرَ زَيْتًا لِإِيقَادِ قِنْدِيلٍ فَوْقَ ضَرِيحِ الشَّيْخِ أَوْ فِي الْمَنَارَةِ كَمَا يَفْعَلُ النِّسَاءُ مِنْ نَذْرِ الزَّيْتِ لِسَيِّدِي عَبْدِ الْقَادِرِ وَيُوقَدُ فِي الْمَنَارَةِ جِهَةَ الْمَشْرِقِ فَهُوَ بَاطِلٌ، وَأَقْبَحُ مِنْهُ النَّذْرُ بِقِرَاءَةِ الْمَوْلِدِ فِي الْمَنَابِرِ وَمَعَ اشْتِمَالِهِ عَلَى الْغِنَاءِ وَاللَّعِبِ وَإِيهَابِ ثَوَابِ ذَلِكَ إِلَى حَضْرَةِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.[2]

مروّجہ قرآن خوانی کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ قرآن خوانی ایصال ثواب کے لئے جائز ہے یا نہیں؟ قرآن خوانی

---

[1] فصل في كيفية محاولة الأعمال... إلخ، ٢/ ٣-٦، ط: دار التراث/ وكذا في مقالات الكوثري: المولد الشريف النبوي، ص٣٠٥، ط: وحيدي.

[2] كتاب الصوم، مطلب: في النذر الذي يقع للأموات من أكثر العوام من شمع أو زيت أو نحوه، ٢/ ٤٣٩، ٤٤٠، ط: سعيد.

Marfat.com

کرانے والے طلبہ کو بلاتے ہیں کہ آجاؤایک قرآن مجید ختم کرتے ہیں،طالب علم صرف کھانا کھانے کی نیت سے جاتے ہیں،اور وہاں ایک دو پارے پڑھ کران کو کہتے ہیں کہ ہم نے قرآن ختم کرلیا، کیااس طرح کرنا جائز ہے یانہیں ؟اس طرح کرنے سے طالب علم گناہ گار ہوں گے یانہیں ؟تفصیل سے جواب عنایت فرمائیں۔

جواب: بغیر اجرت ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی جائز ہے،البتہ ایصال ثواب کے لئے اجرت دے کر پڑھوانااور اجرت لے کر پڑھنا جائز نہیں،اور دو تین پارے پڑھ کر یہ کہنا کہ پورا قرآن ختم کرلیادرست نہیں بلکہ یہ جھوٹ ہےاور جھوٹ بولنا حرام اور ناجائز ہے۔

قال الله تعالى:

ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ. (١)

وكذا في صحيح البخاري:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عن النبي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال: آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ وَإِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ وَإِذَا اؤتمن خَان. (٢)

وفي رد المحتار:

وَيُمْنَعُ الْقَارِئُ لِلدُّنْيَا، وَالْآخِذُ وَالْمُعْطِي آثِمَانِ. فَالْحَاصِلُ أَنَّ مَا شَاعَ فِي زَمَانِنَا مِنْ قِرَاءَةِ الْأَجْزَاءِ بِالْأُجْرَةِ لَا يَجُوزُ؛ لِأَنَّ فِيهِ الْأَمْرَ بِالْقِرَاءَةِ وَإِعْطَاءَ الثَّوَابِ لِلْآمِرِ وَالْقِرَاءَةَ لِأَجْلِ الْمَالِ؛ فَإِذَا لَمْ يَكُنْ لِلْقَارِئِ ثَوَابٌ لِعَدَمِ النِّيَّةِ الصَّحِيحَةِ فَأَيْنَ يَصِلُ الثَّوَابُ إِلَى الْمُسْتَأْجِرِ وَلَوْلَا الْأُجْرَةُ مَا قَرَأَ أَحَدٌ لِأَحَدٍ فِي هَذَا الزَّمَانِ بَلْ جَعَلُوا الْقُرْآنَ الْعَظِيمَ مَكْسَبًا وَوَسِيلَةً إِلَى جَمْعِ الدُّنْيَا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ. وَقَدْ قَالَ الْعُلَمَاءُ: إِنَّ الْقَارِئَ إِذَا قَرَأَ لِأَجْلِ الْمَالِ فَلَا ثَوَابَ لَهُ فَأَيُّ شَيْءٍ يُهْدِيهِ إِلَى الْمَيِّتِ، وَإِنَّمَا يَصِلُ إِلَى الْمَيِّتِ الْعَمَلُ الصَّالِحُ، وَالِاسْتِئْجَارُ عَلَى مُجَرَّدِ التِّلَاوَةِ لَمْ يَقُلْ بِهِ أَحَدٌ مِنَ الْأَئِمَّةِ. (٣)

وكذا في فتاوى دار العلوم ديوبند: (٤)

وكذا في قاموس الفقه: (٥)

==========

(١) آل عمران: ٦١.

(٢) كتاب الإيمان، باب علامة المنافق، ١/ ١٠، ط: قديمي.

(٣) كتاب الإجارة، باب الإجارة الفاسدة، ٦/ ٥٦- ٥٧، ط: سعيد.

(٤) كتاب الجنائز، ٥/ ٢٩٤، ط: دار الاشاعت.

(٥) ایصال ثواب، ٢/ ٢٦٧، ط: زمزم.

Marfat.com

جنازے کے ساتھ بلند آواز سے کلمہ شہادت پڑھنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ جنازے کے ساتھ بلند آواز سے کلمہ شہادت پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: جنازے کے ساتھ چلتے ہوئے زور زور سے کلمہ شہادت پڑھنے کی کوئی اصل اور حقیقت نہیں ہے اس لئے اس سے اجتناب کیا جائے۔

كما في البحر الرائق:

وَيَنْبَغِي لِمَنْ تَبِعَ جِنَازَةً أَنْ يُطِيلَ الصَّمْتَ وَيُكْرَهُ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ وَقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَغَيْرِهِمَا فِي الْجِنَازَةِ وَالْكَرَاهَةُ فِيهَا كَرَاهَةُ تَحْرِيمٍ فِي فَتَاوَى الْعَصْرِ وَعِنْدَ مَجْدِ الْأَئِمَّةِ التُّرْكُمَانِيِّ وَقَالَ عَلَاءُ الدِّينِ النَّاصِرِيُّ تَرْكُ الْأَوْلَى. (۱)

وكذا في بدائع الصنائع:

وَيُكْرَهُ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ لِمَا رُوِيَ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادَةَ أَنَّهُ قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُونَ رَفْعَ الصَّوْتِ عِنْدَ ثَلَاثَةٍ: عِنْدَ الْقِتَالِ، وَعِنْدَ الْجِنَازَةِ، وَالذِّكْرِ؛ وَلِأَنَّهُ تَشَبُّهٌ بِأَهْلِ الْكِتَابِ فَكَانَ مَكْرُوهًا. (۲)

وكذا في الهندية:

وَعَلَى مُتَّبِعِي الْجِنَازَةِ الصَّمْتُ وَيُكْرَهُ لَهُمْ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ وَقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ، كَذَا فِي شَرْحِ الطَّحَاوِيِّ. (۳)

وكذا في الدر مع الرد:

(كُرِهَ) كَمَا كُرِهَ فِيهَا رَفْعُ صَوْتٍ بِذِكْرٍ أَوْ قِرَاءَةٍ فَتْحٌ..... وَفِيهِ عَنْ الظَّهِيرِيَّةِ: فَإِنْ أَرَادَ أَنْ يَذْكُرَ اللَّهَ تَعَالَى يَذْكُرُهُ فِي نَفْسِهِ: إِنَّهُ لا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ. أَيْ الْجَاهِرِينَ بِالدُّعَاءِ. (٤)

آیات قرآنیہ اور کلمہ طیبہ وغیرہ سے مزین چادر میت پر ڈالنا

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ وہ چادر جس پر کلمات اور آیات قرآنیہ لکھی ہوئی ہوں اس کو میت پر ڈالنا کیسا ہے؟

==========

(۱) كتاب الجنائز، فصل السلطان أحق بصلاته، ۲/ ۳۳٦، ط: رشيديه.

(۲) كتاب الصلاة، باب كيفية التشبيع، ۲/ ٤٦، ط: رشيدية.

(۳) الباب الحادي والعشرون في الجنائز، ۱/ ۱٦۲، ط: رشيدية.

(٤) كتاب الصلاة، باب الجنائز، ۲/ ۲۳۳، ط: سعيد.

Marfat.com

جواب: کلمہ اور آیات قرآنی لکھی ہوئی چادر میت کی چارپائی پر ڈالنے میں آیات قرآنی وغیرہ کی بے حرمتی ہے اس لئے اس سے اجتناب ضروری ہے۔

كما في الدر المختار:

بِسَاطٌ أَوْ غَيْرُهُ كُتِبَ عَلَيْهِ الْمُلْكُ لِلَّهِ يُكْرَهُ بَسْطُهُ وَاسْتِعْمَالُهُ لَا تَعْلِيقُهُ لِلزِّينَةِ. (۱)

وكذا في رد المحتار:

وَقَدَّمْنَا قُبَيْلَ بَابِ الْمِيَاهِ عَنْ الْفَتْحِ أَنَّهُ تُكْرَهُ كِتَابَةُ الْقُرْآنِ وَأَسْمَاءِ اللَّهِ - تَعَالَى - عَلَى الدَّرَاهِمِ وَالْمَحَارِيبِ وَالْجُدْرَانِ وَمَا يُفْرَشُ، وَمَا ذَاكَ إلَّا لِاحْتِرَامِهِ، وَخَشْيَةِ وَطْئِهِ وَنَحْوِهِ مِمَّا فِيهِ إهَانَةٌ فَالْمَنْعُ هُنَا بِالْأَوْلَى مَا لَمْ يَثْبُتْ عَنْ الْمُجْتَهِدِ أَوْ يُنْقَلْ فِيهِ حَدِيثٌ ثَابِتٌ فَتَأَمَّلْ. (۲)

وكذا في فتاوى اللكنوي:

الاستفسار: قد تعارف في بلادنا أنهم يلقون على قبر الصلحاء ثوبا مكتوبا فيه سورة الإخلاص هل فيه بأس؟ الاستبشار: هو استهانة بالقرآن، لأن هذا الثوب إنما يلقى تعظيما للميت، ويصير هذا الثوب مستعملا مبتذلا، وابتذال كتاب الله من أسباب عذاب الله، كذا في نصاب الاحتساب (في باب الاحتساب على من يحضر للتعزية في الأيام المعهودة في المقابر) قلت واشنع من هذا ما يفعله أهل الدكن من إلقاء الثياب التي كتب فيها اسم الله تعالى أو سورة القرآن على جميع القبور، وإن لم يكن المقبور من أهل الزهد والورع. (۳)

وكذا في الهندية:

وَلَوْ كُتِبَ الْقُرْآنُ عَلَى الْحِيطَانِ وَالْجُدْرَانِ بَعْضُهُمْ قَالُوا: يُرْجَى أَنْ يَجُوزَ، وَبَعْضُهُمْ كَرِهُوا ذَلِكَ مَخَافَةَ السُّقُوطِ تَحْتَ أَقْدَامِ النَّاسِ... كِتَابَةُ الْقُرْآنِ عَلَى مَا يُفْتَرَشُ وَيُبْسَطُ مَكْرُوهَةٌ، كَذَا فِي الْغَرَائِبِ. بِسَاطٌ أَوْ مُصَلًّى كُتِبَ عَلَيْهِ الْمُلْكُ لِلَّهِ يُكْرَهُ بَسْطُهُ وَالْقُعُودُ عَلَيْهِ وَاسْتِعْمَالُهُ. (٤)

قبروں پر چادر چڑھانے کا حکم

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام و مشائخ عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ قبروں پر چادریں چڑھانا کیسا ہے؟

---

(۱) كتاب الطهارة، قبيل باب المياه، ۱/ ۱۷۸، ط: سعيد.

(۲) باب صلاة الجنازة، مطلب فيما يكفن على كفن الميت، ۲/۲٤٦- ۲٤۷، ط: سعيد.

(۳) كتاب الصلاة، باب ما يتعلق بتعظيم اسم الله إلخ، ٤۰۳، ط: رشيدية.

(٤) كتاب الكراهية، الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة والمصحف، ٥/ ۳۲۳، ط: رشيدية.

Marfat.com

جواب: قبریں خواہ بزرگوں کی ہوں یا عام لوگوں کی ان پر چادریں چڑھانا جائز نہیں۔

كذا في الشامي:

في الأحكام عن الحجة تكره الستور على القبور. (۱)

وكذا في الفقه الواضح:

وفي كلام ابن عمر رضي الله عنهما ما يشعر بأنه لا تأثير لما يوضع على القبر بل التأثير للعمل الصالح. (۲)

هكذا في احسن الفتاوى: (۳)

سنتوں کے بعد اجتماعی دعاء مانگنے کا حکم

سوال: جناب مفتیان کرام آیا نماز کے بعد یعنی سنت وغیرہ کے بعد اجتماعا دعا مانگنا درست ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو دلائل کے ساتھ قرآن وسنت کی روشنی میں مسئلہ پر روشنی ڈالیں۔ نیز اولی وغیر اولی (مستحب اور غیر مستحب) کو بھی بیان کریں۔

جواب: سنت وغیرہ کے بعد اجتماعی دعا مانگنا نہ تو حدیث سے ثابت ہے اور نہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عمل سے اور نہ ائمہ کے عمل سے، بلکہ صحابہ کا عمل تو یہ تھا کہ وہ فرض نماز پڑھ کر سنتیں اپنے اپنے گھروں میں جا کر ادا کیا کرتے تھے اور درست طریقہ بھی یہی ہے کہ جس طرح سنتیں الگ الگ پڑھتے ہیں اسی طرح دعا بھی اپنی الگ الگ مانگی جائے، اجتماعی طور پر دعا مانگنا جیسا کہ بعض جگہوں پر اسے لازم سمجھا جاتا ہے یہ بدعت ہے جس کا ترک کرنا لازم ہے۔

كما في صحيح البخاري:

عن عائشة رضي الله عنها قالت: قال النبي صلى الله عليه وسلم: من أحدث في أمرنا هذا ما ليس منه فهو رد. (٤)

وفي إعلاء السنن:

ورحم الله طائفة من المبتدعة في بعض الأقطار الهند حيث واظبوا على أن الإمام ومن معه يقومون بعد المكتوبة بعد قراءتهم: اللّٰهم أنت السلام ومنك السلام إلخ، ثم إذا فروغا من فعل السنن والنوافل يدعو الإمام عقب الفاتحة جهرا بدعاء مرة ثانية، والمقتدون يؤمنون على ذلك، وقد جرى العمل منهم بذلك على سبيل الالتزام والدوام حتى أن بعض العوام اعتقدوا أن الدعاء بعد السنن والنوافل باجتماع الإمام تأخيرا

==========

(۱) باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت، ۲/ ۲۳۸، ط: سعيد.

(۲) كتاب الجنائز، وضح الجريدة ونحوها على القبر، ۱/ ٤٣٣، المكتبة التجارية.

(۳) باب رد البدعات، ۱/ ۳۷٦، ط: سعيد.

(٤) كتاب الصلح، باب إذا اصطلحوا على صلح جور فهو مردود، ۱/ ۳۷۱، ط: قديمي.

Marfat.com

لأجل اشتغاله بطويل السنن والنوافل اعترضوا عليه قائلين: إنا منتظرون للدعاء ثانيا وهو يطيل صلاته وحتى أن متولي المساجد يجبرون الإمام المؤظف على ترويج هذا الدعاء المذكور بعد السنن والنوافل على سبيل الالتزام، ومن لم يرض بذلك يعتزلونه عن الإمامة ويطعنونه ولا يصلون خلف من لا يصنع بمثل صنيعهم. وأيم الله! إن هذا أمر محدث في الدين. (١)

فرض نماز کے بعد اجتماعی دعا کا حکم

سوال: مسئلہ دریافت یہ ہے کہ آیا فرض نماز کے بعد اجتماعاً دعا مانگنا امام صاحب کے ساتھ کیسا ہے، آیا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو جواز کی دلیل قرآن وحدیث کی روشنی میں واضح کریں۔

جواب: فرض نماز کے بعد مستقل طور پر اس طرح اجتماعی دعا مانگنا کہ امام بلند آواز سے دعا کرے اور مقتدی آمین آمین کہیں درست نہیں، اگر اس کو لازم سمجھا جائے تو بدعت ہے، البتہ اگر امام اور مقتدی سب اپنے طور پر دعا مانگیں اور اجتماعی صورت بن جائے تو درست ہے۔

كما في جامع الترمذي:

عن أبي أمامة رضي الله عنه قال: قيل يا رسول الله أي الدعاء أسمع؟ قال: جوف الليل الآخر ودبر الصلوات المكتوبات، هذا حديث حسن. (٢)

وفي رد المحتار مع الدر المختار:

هل يكره رفع الصوت بالذكر والدعاء؟ قيل: نعم... (قيل: نعم) يشعر بضعفه مع أنه مشى عليه في المحتار والملتقى، فقال: وعن النبي صلى الله عليه وسلم أنه كره رفع الصوت عند قراءة القرآن والجنازة والزحف والذكر. (٣)

فرض نماز کے بعد ہمیشہ جہرا دعا مانگنا

سوال: کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلے کے بارے میں کہ فرض نمازوں کے بعد دعا بالجہر کی شرعا کیا حیثیت ہے؟

جواب: فرض نماز کے بعد ہمیشہ جہرا دعا مانگنے کی عادت بنانا مکروہ ہے، البتہ کبھی کبھار ذرا بلند آواز سے دعا کرلی جائے تو جائز ہے لیکن قرآن وسنت سے ثابت ہوتا ہے کہ سرا دعا مانگنا جہرا مانگنے سے افضل ہے، اس لئے سرا دعا مانگنی چاہئے۔

(١) كتاب الصلاة، باب الانحراف بعد السلام، ٣/ ٢٠٥، ط: إدارة القرآن.

(٢) أبواب الدعوات، ٢/ ١٨٧، ط: سعيد.

(٣) كتاب الحظر والإباحة، فصل في البيع، ٦/ ٣٩٨، ط: سعيد.

Marfat.com

كما قال الله تعالى: ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ. (١)

وكذا في تفسير روح المعاني:

وفصل آخرون فقالوا: الإخفاء أفضل عند خوف الرياء والإظهار أفضل عند عدم خوفه، وأولى منه القول بتقديم الإخفاء على الجهر فيما إذا خيف الرياء أو كان في الجهر تشويش على نحو مصل أو نائم أو قارئ أو مشتغل بعلم شرعي. (٢)

وكذا في أحكام القرآن:

قَالَ أَبُو بَكْرٍ فِي هَذِهِ الْآيَةِ وَمَا ذَكَرْنَا مِنْ الْآثَارِ دَلِيلٌ عَلَى أَنَّ إخْفَاءَ الدُّعَاءِ أَفْضَلُ من إظهاره لأن الخفية هي السر. (٣)

وكذا في الشامية:

وَقَالَ وَأَمَّا الْأَدْعِيَةُ وَالْأَذْكَارُ فَبِالْخُفْيَةِ أَوْلَى. قُلْت: وَيُؤَيِّدُهُ قَوْلُهُ فِي السِّرَاجِ وَيَجْتَهِدُ فِي الدُّعَاءِ. وَالسُّنَّةُ أَنْ يُخْفِيَ صَوْتَهُ لِقَوْلِهِ تَعَالَى: ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَخُفْيَةً. (٤)

وكذا في الهندية:

إذَا دَعَا بِالدُّعَاءِ الْمَأْثُورِ جَهْرًا وَمَعَهُ الْقَوْمُ أَيْضًا لِيَتَعَلَّمُوا الدُّعَاءَ لَا بَأْسَ بِهِ. (٥)

وكذا في فتاوى رحيمية: (٦)

وكذا في فتاوى محمودية: (٧)

والدین کی قبر کو بوسہ دینے کا حکم

سوال: کیافرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے کے بارے میں کہ ہمارے گاؤں کے لوگ عید کے دن صبح نماز پڑھنے کے بعد قبرستان

==========

(١) الأعراف:٥٥.

(٢) الأعراف:٥٥، ٨/ ٥٢٧، ط: دار إحياء التراث العربي.

(٣) ٣/ ٥٣، الأعراف:٥٥، ط: قديمي.

(٤) كتاب الحج، مطلب في شروط الجمع بين الصلاتين بعرفة بين الصلاتين، ٢/ ٥٠٧، ط: سعيد.

(٥) كتاب الكراهية، الباب الرابع في صلاة التسبيح وقراءة القرآن، ٥/ ٣١٨، ط: رشيدية.

(٦) كتاب الصلاة، باب الأذكار المتواترة بعد الصلوة، ٦/ ٥٥، ط: دار الاشاعت.

(٧) كتاب الصلاة، باب الذكر والدعاء بعد الصلاة، ٥/ ٦٩١- ٦٩٣، ط: فاروقية.

Marfat.com

جاتے ہیں وہاں بعض لوگ اپنے والدین کی قبروں کو بوسہ دیتے ہیں اور اگر ان سے پوچھا جائے کہ آپ حضرات یہ کیوں کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ ہم ان کی قبروں کو تعظیم کی وجہ سے بوسہ دیتے ہیں، تو کیا والدین کی قبر کو بوسہ دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب: واضح رہے کہ قبروں کو بوسہ دینا ہر گز جائز نہیں، حرام ہے، چاہے اولیاء اللہ کی قبر ہو یا والدین کی، اس لئے کہ یہ غیر مسلموں کا طریقہ ہے اور نیز اس میں تشبہ بالسجود اور غیر اللہ کی ناجائز تعظیم ہے، لہٰذا اس سے اجتناب لازم ہے۔

كذا في البناية:

قال الفقهاء الخراسانيون: لا يمسح القبر، ولا يقبله، ولا يمسه، فإن ذلك من عادة النصارى، قال: وما ذكروه صحيح. وقال الزعفراني: لا يستلم القبر بيده ولا يقبله، قال: وعلى هذا مضت السنة، وما يفعله العوام الآن من البدع المنكرة شرعا.[1]

وكذا في الدر المختار:

(وَكَذَا) مَا يَفْعَلُونَهُ مِنْ (تَقْبِيلِ الْأَرْضِ بَيْنَ يَدَيْ الْعُلَمَاءِ) وَالْعُظَمَاءِ حَرَامٌ وَالْفَاعِلُ وَالرَّاضِي بِهِ آثِمَانِ لِأَنَّهُ يُشْبِهُ عِبَادَةَ الْوَثَنِ وَهَلْ يَكْفُرَانِ: عَلَى وَجْهِ الْعِبَادَةِ وَالتَّعْظِيمِ كُفْرٌ وَإِنْ عَلَى وَجْهِ التَّحِيَّةِ لَا وَصَارَ آثِمًا مُرْتَكِبًا لِلْكَبِيرَةِ وَفِي الْمُلْتَقَطِ التَّوَاضُعُ لِغَيْرِ اللَّهِ حَرَامٌ.[2]

كذا في فتاوى حقانية:[3]

كذا في فتاوى دار العلوم ديوبند:[4]

ظہر، مغرب اور عشاء کے فرضوں کے بعد اجتماعی دعا کرنا

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ امام کے لئے نماز ظہر، مغرب اور عشاء کے فرضوں کے بعد دعا کرنی چاہئے یا نہیں؟

جواب: ظہر، مغرب اور عشاء کے فرضوں کے بعد امام کو مختصر دعا کرنی چاہئے۔

كذا في الفتاوى الشامية:

(قَوْلُهُ إلَّا بِقَدْرِ اللَّهُمَّ إلَخْ) لِمَا رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَالتِّرْمِذِيُّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

==========

[1] كتاب الصلوة، في آخر باب الجنائز، ٣/ ٥٤١، ط: حقانية.

[2] كتاب الحظر والإباحة، باب الاستبراء وغيره، ٦/ ٣٨٣،ط: سعيد.

[3] كتاب العقائد والإيمانيات، ١/ ١٨٦، ط: دار العلوم حقانية.

[4] كتاب السنة والبدعة، ١/ ١١٣، ط: دار الاشاعت.

Marfat.com

لَا يَقْعُدُ إِلَّا بِمِقْدَارِ مَا يَقُولُ: اللَّهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ. (١)

وكذا في الفتاوى الهندية:

وَفِي الْحُجَّةِ الْإِمَامُ إِذَا فَرَغَ مِنْ الظُّهْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ يَشْرَعُ فِي السُّنَّةِ وَلَا يَشْتَغِلُ بِأَدْعِيَةٍ طَوِيلَةٍ. (٢)

وكذا في التاتارخانية:

الإمام إذا فرغ من الظهر والمغرب والعشاء يشرع في السنة ولا يشتغل بأدعية طويلة. (٣)

ایصالِ ثواب کا ثبوت قرآن وسنت سے

سوال: کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارہ میں کہ اگر کوئی شخص مُردے کو ایصال ثواب کرے، تو کیا یہ ایصال ثواب مردے تک پہنچتا ہے یا نہیں؟ نیز ایصال ثواب کا مُردے تک پہنچنا قرآن وحدیث کی کِن نصوص سے ثابت ہے؟

جواب: ہر وہ نیک کام جو انسان اپنے لئے کرتا ہے، جیسے نفل نماز، نفل روزہ، نفل حج، نفل صدقات اور تلاوت وتسبیحات وغیرہ، اگر اس میں مُردوں کو ثواب پہنچانے کی نیت کرے تو اس کا ثواب مُردوں کو پہنچے گا۔

مرحومین کو ثواب کا پہنچنا اہل سنت والجماعت کے متفقہ عقائد میں سے ہے، جو قرآن کریم کی بے شمار آیات اور صحیح احادیث نبویہ سے ثابت ہے، آیات قرآنی اور احادیث نبویہ ذیل میں درج کی جاتی ہیں:

كما في القرآن الكريم:

وَالْمَلَائِكَةُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِمَنْ فِي الْأَرْضِ. (٤)

وفيه أيضا:

وَقُلْ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا. (٥)

وفيه أيضا:

الَّذِينَ يَحْمِلُونَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهُ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُونَ بِهِ وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا. (٦)

وكذا في صحيح البخاري:

عن ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا: أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ تُوُفِّيَتْ أُمُّهُ وَهُوَ غَائِبٌ عَنْهَا، فَقَالَ:

==========

(١) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب هل يفارقه الملكان، ١/ ٥٣٠، ط: سعيد.

(٢) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، الفصل الثالث في سنن الصلاة وآدابها وكيفيتها، ١/ ٨٥، ط: قديمي.

(٣) كتاب الصلاة، الفصل الثالث في بيان ما يفعله المصلي في صلاته بعد الافتتاح، ١/ ٤٠٦، ط: قديمي.

(٤) الشورى: ٥.

(٥) الإسراء: ٢٤.

(٦) المؤمن: ٧.

Marfat.com

يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أُمِّي تُوُفِّيَتْ وَأَنَا غَائِبٌ عَنْهَا، أَيَنْفَعُهَا شَيْءٌ إِنْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَإِنِّي أُشْهِدُكَ أَنَّ حَائِطِيَ المِخْرَافَ صَدَقَةٌ عَلَيْهَا. (١)

وكذا في سنن أبي داود:

عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ حَنَشٍ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيًّا يُضَحِّي بِكَبْشَيْنِ فَقُلْتُ: مَا هَذَا؟ فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْصَانِي أَنْ أُضَحِّيَ عَنْهُ فَأَنَا أُضَحِّي عَنْهُ. (٢)

وكذا في المصنف لابن أبي شيبة:

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ أُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا، وَإِنَّهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ، فَهَلْ لَهَا مِنْ أَجْرٍ، إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا؟ قَالَ: نَعَمْ. (٣)

وأيضا فيه:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَرْقَى الدَّرَجَةَ، فَيَقُولُ: مَا هَذَا؟ فَيُقَالُ: بِاسْتِغْفَارِ وَلَدِكَ مِنْ بَعْدِكَ لَكَ. (٤)

وأيضا فيه:

عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنَ الْبِرِّ بَعْدَ الْبِرِّ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِمَا مَعَ صَلَاتِكَ، وَأَنْ تَصُومَ عَنْهُمَا مَعَ صِيَامِكَ، وَأَنْ تَصَدَّقَ عَنْهُمَا مَعَ صَدَقَتِكَ. (٥)

كما في الفتاوى الهندية:

الْأَصْلُ فِي هَذَا الْبَابِ أَنَّ الْإِنْسَانَ لَهُ أَنْ يَجْعَلَ ثَوَابَ عَمَلِهِ لِغَيْرِهِ صَلَاةً كَانَ أَوْ صَوْمًا أَوْ صَدَقَةً أَوْ غَيْرَهَا كَالْحَجِّ وَقِرَاءَةِ الْقُرْآنِ وَالْأَذْكَارِ وَزِيَارَةِ قُبُورِ الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ وَالشُّهَدَاءِ وَالْأَوْلِيَاءِ وَالصَّالِحِينَ وَتَكْفِينِ الْمَوْتَى وَجَمِيعِ أَنْوَاعِ الْبِرِّ، كَذَا فِي غَايَةِ السُّرُوجِيِّ شَرْحِ الْهِدَايَةِ. (٦)

==========

(١) كتاب الوصايا، باب إذا قال أرضي أو بستاني صدقة لله عن أمي، ١/ ٣٨٦، ط: قديمي.

(٢) كتاب الضحايا، باب الأضحية عن الميت، ٢/ ٣٧، ط: رحمانية.

(٣) كتاب الجنائز، باب يتبع الميت بعد موته، ٧/ ٤٨٠، ط: إدارة القرآن.

(٤) كتاب الجنائز، باب يتبع الميت بعد موته، ٧/ ٤٨٢، ط: إدارة القرآن.

(٥) كتاب الجنائز، باب يتبع الميت بعد موته، ٧/ ٤٨٤، ط: إدارة القرآن.

(٦) كتاب المناسك، باب الحج عن الغير، ١/ ٢٨٣، ط: قديمي.

Marfat.com

انگوٹھے چومنے سے متعلق تفصیلی جواب

سوال: کیافرماتے ہیں علماء کرام درج ذیل امور کے بارے میں:

(۱) اذان میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کااسم مبارک سن کرانگوٹھے چومناشرعاکیساہے؟قرآن وحدیث یاصحابہ کرام کے عمل سے ثابت ہے یانہیں؟

(۲) جوحضرات انگوٹھے چومنے پر مصر ہیں وہ کون سی روایات کاسہارالیتے ہیں؟

(۳) آیاوہ روایات صحیح ہیں یانہیں؟اوران کے بارے میں اہل علم اور محدثین کی آراء کیاہیں؟

(۴) سناہے کہ ان روایات کے بارے میں محدثین نے "لا یصح" کالفظ نقل کیاہے،اب وضاحت طلب امر یہ ہے کہ لفظ "لا یصح" اگر کسی حدیث کے بارے میں آجائے تواس سے محدثین کیامراد لیتے ہیں؟

(۵) انگوٹھے چومنے پر جو فقہی عبارات پیش کی جاتی ہیں ان کی وضاحت فرمائیں۔

(۶) کتب فقہ کی عبارات کے بارے میں اہل علم اور فقہاء کرام کی آراء کیاہیں،اوراس کے بارے میں کیاجوابات دیتے ہیں؟

جواب (۱): اذان میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک کوسن کرانگوٹھے چومناقرآن کریم،احادیث صحیحہ یاصحابہ کرام کے عمل سے ثابت نہیں،اس لئے یہ بدعت اوردین میں زیادتی ہے،اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدعت کی سخت الفاظ میں مذمت بیان کی ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایاکہ جس نے دین کے معاملہ میں کسی نئی بات کااضافہ کیاتووہ مردود ہے۔

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هَذَا مَا لَيْسَ فِيهِ، فَهُوَ رَدٌّ. (۱)

دوسری روایت میں ہے کہ وہ تمام کام برے ہیں جو(دین میں نئے گھڑے جائیں) اورہر نئی بات بدعت ہے،اورہر بدعت گمراہی اورضلالت ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:... فَإِنَّ شَرَّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ، وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ. (۲)

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایاکہ تمہارے اوپر لازم ہے کہ تم میری سنت اورہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی سنت کو معمول بناؤاوراسے مضبوطی سے تھام لو،اور تم نئی باتوں سے پرہیز کرو کیونکہ ہر نئی بات بدعت ہے۔

==========

(۱) صحيح البخاري: كتاب الصلح، باب إذا اصطلحوا على جور، ۱/ ۳۷۱، ط: قديمي.

(۲) سنن ابن ماجه: المقدمة، باب اجتناب البدع والجدل، ۱/ ٦، ط: قديمي.

Marfat.com

عَنْ العِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ، قَالَ: وَعَظَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا بَعْدَ صَلَاةِ الغَدَاةِ... وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الأُمُورِ فَإِنَّهَا ضَلَالَةٌ فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَعَلَيْهِ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ المَهْدِيِّينَ، عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ، هَذَا حَدِيثٌ حَسَنٌ صَحِيحٌ. (۱)

ایک دفعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ وہ تمام کام برے ہیں جو دین میں نئے گھڑے جائیں اور ہر نئی چیز بدعت ہے، اور بدعت گمراہی ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَطَبَ احْمَرَّتْ عَيْنَاهُ... وَشَرُّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ. (۲)

جواب (۲): جو حضرات انگوٹھے چومنے کا قول اختیار کرتے ہیں ان کا استدلال مندرجہ ذیل روایات اور فقہی اقوال ہیں:

پہلی دلیل:

علامہ دیلمی رحمہ اللہ نے کتاب الفردوس میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مرفوع حدیث نقل کی ہے کہ جو شخص مؤذن کی شہادت "اشہدان محمدا رسول اللہ" سنے اور اپنے انگوٹھے کو چوم کر اپنی آنکھوں پر پھیرے اور یہ کہے کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کے بندے اور اس کے رسول ہیں، اور میں اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر راضی ہوں تو اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگی۔

وذكر الديلمي في الفردوس من حديث أبي بكر الصديق رضي الله عنه مرفوعا: من مسح العين بباطن أنملة السبابتين بعد تقبيلها عند قول المؤذن: أشهد أن محمدا رسول الله، فقال: أشهد أن محمدا عبده ورسوله، رضيت بالله ربا وبالإسلام دينا وبمحمد صلى الله عليه وسلم نبيًّا، حلت له شفاعتي. (۳)

دوسری دلیل:

علامہ سخاوی رحمہ اللہ (متوفی ۹۰۲ھ) نے نقل کیا ہے کہ حضرت خضر علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص مؤذن کی اس شہادت "اشہدان محمدا رسول اللہ" سننے پر اپنے انگوٹھوں کو چومے اور اپنی آنکھوں پر پھیرے تو وہ کبھی آنکھوں کی بیماری میں مبتلا نہیں ہوگا۔

كما في المقاصد الحسنة:

عن الخضر عليه السلام أنه: من قال حين يسمع المؤذن يقول أشهد أن محمد رسول الله: مرحبا بحبيبي

---

(۱) جامع الترمذي: أبواب العلم، باب الأخذ بالسنة واجتناب البدعة، ۲/ ۹٦، ط: سعيد.

(۲) صحيح مسلم: كتاب الجمعة، باب في خطبة الجمعة، ۱/ ۲۸۵، ط: قديمي.

(۳) كتاب الصلاة، باب الأذان، ۱/ ۲۰۵- ۲۰٦، ط: دار الكتب العلمية.

Marfat.com

وقرة عيني محمد بن عبد الله صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثم يقبل إبهاميه ويجعلهما على عينيه لم يرمد أبدا. (۱)

ج(۳) مذکورہ روایات کی تحقیق:

یادرہے کہ جہاں تک ان روایات کا تعلق ہے تو اس سے نہ ہی سنت کا قول ثابت ہوتا ہے اور نہ ہی استحباب کا قول بلکہ یہ روایات ہی موضوع اور من گھڑت ہیں۔

روایات کے موضوع ہونے پر اہل علم کی آراء اور اقوال:

(۱) علامہ شمس الدین سخاوی رحمہ اللہ (متوفی ۹۰۲ھ) نے پہلی روایت کو نقل کرکے اس پر کلام کیا ہے اور پوری حدیث نقل کرکے آخر میں فرمایا "لا یصح" کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے اور آگے فرمایا "لا يصح في المرفوع من كل هذا الشيء" کہ اس بارے میں کوئی مرفوع روایت صحیح نہیں ہے۔

مَسْحُ الْعَيْنَيْنِ بِبَاطِنِ أُنْمُلَتَيِ السَّبَّابَتَيْنِ... مَنْ فَعَلَ مِثْلَ مَا فَعَلَ خَلِيلِي فَقَدْ حَلَّتْ عَلَيْهِ شَفَاعَتِي... ولا يصح في المرفوع من كل هذا شيء. (۲)

(۲) علامہ اسماعیل بن محمد العجلونی (متوفی ۱۱۶۲ھ) نے اس روایت کو نقل کرکے آخر میں اپنا فیصلہ ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے "لم يصح في المرفوع من كل هذا شيء" کہ اس بارے میں کوئی مرفوع روایت صحیح نہیں ہے۔

قال... ولم يصح في المرفوع من كل هذا شيء. (۳)

(۳) سلطان المحدثین ملا علی قاری (متوفی ۱۰۱۴ھ) نے پہلے اس روایت کو نقل کیا پھر آگے فرمایا کہ اس کی سند میں سارے راوی مجہول ہیں اور سند میں انقطاع ہے اور اس بارے میں کوئی بھی صحیح مرفوع روایت نہیں ہے۔

مسح العينين... ذكره الديلمي في الفردوس من حديث أبي بكر الصديق... قال السخاوي: لا يصح وأورده الشيخ أحمد الرداد في كتابه موجبات الرحمة بسند فيه مجاهيل مع انقطاعه عن الخضر عليه السلام وكل ما يروى في هذا فلا يصح دفعة [illegible]

(۴) ملا علی قاری رحمہ اللہ نے اس روایت کو نقل کرکے آگے فرمایا کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے، اور اس روایت کے تحت شیخ عبد الفتاح ابوغدہ رحمہ اللہ حاشیہ میں فرماتے ہیں کہ علامہ سخاوی نے پورے یقین کے ساتھ کہا ہے کہ یہ روایت موضوع اور من گھڑت ہے اور

---

(۱) المقاصد الحسنة في بيان كثير من الأحاديث المشتهرة على الألسنة: ۱/ ۶۰۵، رقم الحديث: ۱۰۲۱، ط: دار الكتاب العربي.

(۲) المقاصد الحسنة في بيان كثير من الأحاديث المشتهرة على الألسنة، ۱/ ۶۰۵- ۶۰۶، رقم الحديث: ۱۰۲۱، ط: دار الكتاب العربي.

(۳) كشف الخفاء ومزيل الإلباس عما اشتهر من الأحاديث على ألسنة الناس، ۲/ ۲۰۶، رقم الحديث: ۲۲۹۶، ط: دار الكتب العلمية.

(۴) الموضوعات الكبرى مع حاشيته: فصل، ۱/ ۳۱۵، رقم الحديث: ۴۳۵، ط: مؤسسة الرسالة.

Marfat.com

اس کے بعد جتنے بھی حفاظ آئے ہیں انہوں نے بھی یہی فرمایا ہے کہ یہ روایت موضوع ہے۔

قال: لا يصح دفعه على ما قال السخاوي... فقد جزم السخاوي بوضع الحديث فقال: لا يصح وأقره على ذلك من جاء بعده من الحفاظ. (۱)

(۵) علامہ ابوالمحاسن محمد بن خلیل (متوفی ۱۳۰۵ھ) فرماتے ہیں کہ علامہ سخاوی نے حدیث مذکورہ کا انکار کیا ہے اور فرمایا کہ اس طرح کی روایات صحیح نہیں ہیں:

حديث مسح العينين بباطن أنملتي السبابتين بعد تقبيلهما عند قول المؤذن ''أشهد أن محمدا رسول الله'' أنكره السخاوي وقال: كل ما يروى في هذا فلا يصح دفعه البتة. (۲)

(۶) علامہ عبدالرحمٰن بن علی بن محمد الربیع (متوفی ۹۴۴ھ) نے اس کو مکمل نقل کرکے آخر میں فرمایا ہے کہ علامہ احمد الرداد نے اپنی کتاب موجبات میں اس روایت کو ایسی سند کے ساتھ ذکر کیا ہے کہ اس میں سب راوی مجہول ہیں اور سند بھی منقطع ہے، نیز اس بارے میں کوئی بھی روایت صحیح نہیں ہے۔

مسح العينين بباطن أنملتي السبابتين... فقد حلت له شفاعتي قال شيخنا: ولا يصح وأورده الشيخ الرداد في كتابه موجبات الرحمة بسند فيه مجاهيل... فلا يصح. (۳)

(۷) علامہ محمد بن علی الشوکانی (متوفی ۱۲۵۰) نے علامہ ابن طاہر کا قول نقل کرکے فرمایا کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے۔

حديث مسح العينين... رواه الديلمي في مسند الفردوس عن أبي بكر الصديق رضي الله عنه مرفوعا قال ابن طاهر في التذكرة: لا يصح. (۴)

(۸) علامہ ناصر الدین البانی (متوفی ۱۴۲۰ھ) نے اس حدیث کو نقل کرکے فرمایا کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے۔

مسح العينين بباطن أنملتي السبابتين... لا يصح، رواه الديلمي في مسند الفردوس عن أبي بكر الصديق رضي الله عنه. (۵)

دوسری روایت کے متعلق اہل علم کی آراء اور اقوال:

(۱) علامہ محمد طاہر پٹنی رحمہ اللہ (متوفی ۹۸۶ھ) نے اس روایت کو نقل کرکے آخر میں فرمایا کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے، اور آگے

---

(۱) المصنوع في معرفة الحديث الموضوع: ص۱۶۹، رقم الحديث: ۳۰۳، ط: سعيد.

(۲) اللؤلؤ المرصوع لا أصل له، ص۱۶۸، رقم: ۵۰۵، ط: دار البشائر الإسلامية.

(۳) تميز الطيب من الخبيث فيما يدور على ألسنة الناس من الحديث، ص۱۷۱، رقم: ۱۲۷، ط: دار الكتب العلمية.

(۴) الفوائد المجموعة في الأحاديث الموضوعة، كتاب الصلاة، ۱/ ۱۹- ۲۰، رقم الحديث: ۱۸، ط: المكتب الإسلامي.

(۵) سلسلة الأحاديث الضعيفة والموضوعة وأثرها السيّئ في الأمة، ۱/ ۱۷۳، رقم الحديث: ۷۳، ط: المعارف للنشر والتوزيع الرياض.

Marfat.com

فرمایا کہ علامہ ابوالعباس نے حضرت خضر علیہ السلام کی منقطع روایت کو ایسی سند کے ساتھ نقل کیا ہے کہ جس میں بہت سارے راوی مجہول ہیں۔

قال... لا يصح، وكذا ما أورده أبو العباس الرداد المنصف بسند مجاهيل مع انقطاعه عن الخضر عليه السلام. (۱)

(۲) علامہ محمد دوریش الحوت (متوفی ۱۲۷۶ھ) نے روایت کو نقل کرکے آخر میں فرمایا کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے، اور اس طرح کی تمام روایات صحیح نہیں ہیں۔

مسح العينين بالسبابتين... ولم يصح، وبعضهم رواه عن الخضر عليه السلام قال في الأصل عن شيخه كل ذلك لم يصح. (۲)

(۳) علامہ محمد امیر المالکی (متوفی ۱۲۲۸ھ) نے اس روایت کو نقل کرکے اپنا فیصلہ ذکر کیا اور فرمایا کہ حضرت خضر علیہ السلام کے طریق سے یہ روایت صحیح نہیں ہے۔

مسح العينين... لا يصح ولا عن الخضر عليه السلام. (۳)

ج(۴) لفظ "لا يصح" پر اہل علم کی ایک تحقیق:

اگر لفظ "لا يصح" احکامات کی کتابوں میں آجائے تو مراد یہ ہوتا ہے کہ یہ روایت صحیح نہیں بلکہ حسن درجہ کی ہے لیکن اگر یہ لفظ موضوعات پر لکھی ہوئی کتابوں میں آجائے تو مراد یہ ہوتا ہے کہ یہ حدیث موضوع اور من گھڑت ہے۔

(۱) علامہ زاہد الکوثری (متوفی ۱۳۷۱ھ) فرماتے ہیں کہ لفظ "لا يصح" ضعیف راویوں کے بارے میں لکھی ہوئی کتابوں میں باطل کے معنی میں ہے نہ کہ حسن کے معنی میں، اگرچہ وہ صحیح نہ ہو جیسا کہ اہل علماء نے اس کی وضاحت فرمائی ہے، لیکن احکام کی کتابوں میں اس سے مراد حسن ہوتا ہے:

ثم أن قول النقاد في الحديث إنه لا يصح بمعنى أنه باطل في كتب الضعفاء والمتروكين لا بمعنى أنه حسن وإن لم يكن صحيحا كما نص على ذلك أهل الشأن بخلاف كتب الأحكام كما أوضحت ذلك في مقدمة انتقاد المفتي. (٤)

==========

(۱) تذكرة الموضوعات: باب الأذان ومسح العينين فيه ونحوه، ۱/ ۳٤، ط: مجيدية.

(۲) اسنى المطالب في أحاديث مختلف المراتب، ۱/ ۲۵۵، رقم: ۱۳۰۵، ط: دار الكتب العلمية.

(۳) النخبة البهيّة في الأحاديث المكذوبة على خير البرية، ۱/ ۱۷، رقم الحديث: ۳۱٦۰، ط: المكتب الإسلامي.

(٤) مقالات الكوثري: ص٤٤، ط: سعيد.

Marfat.com

(۲) شیخ عبدالفتاح ابوغدہ رحمہ اللہ (متوفی ۱۴۱۷ھ) فرماتے ہیں کہ "لا يصح، لا يثبت، لم يصح... إلخ" اس طرح کے الفاظ اگر ضعیف راویوں پر لکھی گئی کتابوں میں آجائیں تو مراد یہ ہوتا ہے کہ یہ روایت موضوع ہے جس میں صحت کا کوئی امکان نہیں، اور اگر یہ الفاظ احکامات کی کتابوں میں آجائیں تو اس سے اصطلاحی صحت کی نفی مراد ہوتی ہے:

قولهم في الحديث: ''لا يصح'' أو ''لا يثبت'' أو ''لم يصح'' أو ''لم يثبت'' أو ''ليس بصحيح'' أو ''ليس بثابت'' ... إلخ، ونحو هذه التفاسير إذا قالوه في كتب الضعفاء موضوع لا يتصف بشيء من الصحة، وإذا قالوه في كتب أحاديث الأحكام فالمراد به نفي الصحة الاصطلاحية. (۱)

فائدہ (۱): مذکورہ بالا دونوں روایات کو محدثین نے موضوعات کی کتابوں میں نقل کیا ہے اور اس کے بعد "لا یصح" کہا ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ یہ روایات موضوع اور من گھڑت ہیں۔

فائدہ (۲): انگوٹھے چومنے کے متعلق جو روایات نقل کی جاتی ہیں وہ مسند الفردوس الدیلمی کی ہیں، اور ان میں سے اکثر روایات موضوع ہیں جس کے متعلق شیخ الاسلام علامہ ابن تیمیہ (متوفی ۷۲۸ھ) فرماتے ہیں کہ اس کتاب میں موضوع اور من گھڑت روایات ہیں... الاماشاء اللہ۔

والجواب: أن كتاب الفردوس فيه من الأحاديث الموضوعات... إلا ما شاء الله. (۲)

ج(۵) انگوٹھے چومنے کے ثبوت پر کتب فقہ سے استدلال کا ذکر:

علامہ ابن عابدین شامی رحمہ اللہ (متوفی ۱۲۵۲ھ) فرماتے ہیں کہ اذان میں لفظ شہادت کے سننے کے وقت "صلى الله عليك يارسول الله" اور دوسری شہادت کے سننے کے وقت "قرت عيني بك يا رسول الله" کہنا مستحب ہے پھر اس کے بعد دونوں انگوٹھوں کے ناخن آنکھوں پر رکھ کر یہ دعا کرے "اللّٰهم متعني بالسمع والبصر" اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کرنے والے کو جنت کی طرف لے جائیں گے، اسی طرح کنز العباد، قہستانی اور فتاوی صوفیہ میں ہے:

يُسْتَحَبُّ أَنْ يُقَالَ عِنْدَ سَمَاعِ الْأُولَى مِنْ الشَّهَادَةِ: صَلَّى اللَّهُ عَلَيْك يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَعِنْدَ الثَّانِيَةِ مِنْهَا: قَرَّتْ عَيْنِي بِك يَا رَسُولَ اللَّهِ، ثُمَّ يَقُولُ: اللَّهُمَّ مَتِّعْنِي بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ بَعْدَ وَضْعِ ظُفُرَيْ الْإِبْهَامَيْنِ عَلَى الْعَيْنَيْنِ فَإِنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَكُونُ قَائِدًا لَهُ إلَى الْجَنَّةِ، كَذَا فِي كَنْزِ الْعِبَادِ. اهـ. قُهُسْتَانِيٌّ، وَنَحْوُهُ فِي الْفَتَاوَى الصُّوفِيَّةِ. (۳)

==========

(۱) تعليق المصنوع في معرفة أحاديث الموضوع، ص۲۷، ط: سعيد.

(۲) منهاج السنة النبوية: فصل، ۵/ ۳۹، ط: مؤسسة قرطبة.

(۳) رد المحتار: كتاب الصلاة، باب الأذان، مطلب في كراهة تكرار الجماعة، ۱/ ۳۹۸، ط: سعيد.

Marfat.com

علامہ طحطاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ علامہ قہستانی نے کنز العباد سے نقل کیا ہے کہ پہلی شہادت کے سننے کے وقت اپنے دونوں انگوٹھوں کو آنکھوں پر رکھ کر "صلى الله عليك يا رسول الله" اور دوسری شہادت کے وقت "قرت عيني بك يا رسول الله" کہنا مستحب ہے اس لئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کرنے والوں کو جنت میں لے جائیں گے۔

ذكر القهستاني عن كنز العباد أنه يستحب أن يقول عند سماع الأولى من الشهادتين للنبي صلى الله عليه وسلم صلى الله عليك يا رسول الله وعند سماع الثانية قرت عيني بك يا رسول الله اللّٰهم متعني بالسمع والبصر بعد وضع إبهاميه على عينيه فإنه صلى الله عليه وسلم يكون قائدا له في الجنة. (۱)

یاد رہے کہ علامہ شامی نے مذکورہ مسئلہ کے بارے میں اپنی ذکر کردہ عبارت میں کنز العباد قہستانی اور فتاوی صوفیہ کا حوالہ ذکر کیا ہے اور علامہ طحطاوی نے کنز العباد اور کتاب الفردوس کا حوالہ نقل کیا ہے۔

ج: (۶) مذکورہ ذکر کردہ کتب فقہ کے بارے میں اہل علم کی آراء اور اقوال:

کنز العباد کے بارے میں علامہ لکھنوی رحمہ اللہ (متوفی ۱۳۰۴ھ) فرماتے ہیں کہ کنز العباد مسائل واہیہ اور احادیث موضوعہ سے بھری ہوئی ہے جن کا محدثین اور فقہاء کرام کے ہاں کوئی اعتبار نہیں، اور ملا علی قاری (متوفی ۱۰۱۴ھ) طبقات حنفیہ میں فرماتے ہیں کہ علی بن احمد الغوری کی ایک کتاب کنز العباد فی شرح الأوراد ہے کہ جس کے بارے میں علامہ جمال الدین المرشدی فرماتے ہیں کہ یہ کتاب ایسی موضوع احادیث سے بھری ہوئی ہیں جن کا سننا صحیح نہیں ہے۔

وكذا كنز العباد فإنه مملوء من المسائل الواهية والأحاديث الموضوعة لا عبرة له، لا عند الفقهاء ولا عند المحدثين، قال علي القاري في طبقات الحنفية على بن أحمد الغوري... وله في كنز العباد في شرح الأوراد قال العلامة جمال الدين المرشدي: فيه أحاديث سمجة موضوعة لا يحل سماعها انتهى. (۲)

فتاوی صوفیہ کے بارے میں علامہ لکھنوی، علامہ حاجی خلیفہ اور علامہ زرکلی رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ "الفتاوي الصوفية في طريق البهائية الخ" کہ فتاوی صوفیہ معتبر کتب میں سے نہیں ہے، اور اس میں موجود کسی مسئلہ پر عمل کرنا اس وقت تک جائز نہیں ہے کہ جب تک اس مسئلہ کی موافقت اصول کے مطابق نہ ہو جائے۔

الفتاوى الصوفية لفضل الله محمد بن أيوب المنتسب إلى: ماجو (المتوفى: ٦٦٦)، قال المولى بركلي: ليست من الكتب المعتبرة، فلا يجوز العمل بما فيها، إلا إذا علم موافقتها للأصول. (۳)

==========

(۱) حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: كتاب الصلاة، باب الأذان، ۱/ ۱۳۷- ۱۳۸، ط: المطبعة الكبرى الأميرية.

(۲) النافع الكبير على الجامع الصغير: مقدمة الجامع الصغير، الفصل الأول في طبقات الفقهاء والكتب، ۱/ ۲۸، ط: إدارة القرآن.

(۳) كشف الظنون من أسامي الكتب والفنون: حرف الفاء، ۲/ ۱۲۲۵، ط: دار إحياء التراث/ الإعلام للزركلي الماجوري: ٦/٤٧، ط: دار العلم/ النافع الكبير على الجامع الصغير، مقدمة الجامع الصغير، الفصل الأول في طبقات الفقهاء، ص۲۷، ط: إدارة القرآن.

Marfat.com

علامہ قہستانی کی ذکر کردہ عبارت ہی کے بارے میں علامہ عصام الدین فرماتے ہیں کہ وہ اپنے ہم عصر علماء کے درمیان علم فقہ سے واقف نہ تھے اور نہ ہی فقہ کے علاوہ کسی اور علم کے ماہر تھے اور اس کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ انہوں نے اپنی اس کتاب میں ہر رطب و یابس بات اور صحیح اور ضعیف بات بغیر تصحیح اور تدقیق کے جمع کر دی ہیں۔

وقال المولى عصام الدين في حق القهستاني: إنه... لا يعرف الفقه ولا غيره بين أقرانه، ويؤيده أنه يجمع في شرحه هذا بين الوقت والسمين، والصحيح والضعيف من غير تصحيح ولا تدقيق فهو كحاطب الليل جامع بين الرطب واليابس في النيل وهو العوارض في ذم الروافض... إلخ. (۱)

علامہ ابن عابدین اور علامہ طحطاوی رحمہما اللہ ان دونوں حضرات کی ذکر کردہ عبارت کو اگر گہرائی اور نظر عمق سے دیکھا جائے تو واضح طور پر یہی نظر آئے گا کہ اس میں ان حضرات کا اپنا کوئی بھی کلام نہیں جس سے لازم آئے کہ یہ دونوں حضرات بنفسہ خود مذکورہ مسئلہ کے استحباب کے قائل ہیں، کیونکہ علامہ ابن عابدین نے اس مسئلہ پر اپنی کوئی رائے صراحتاً ذکر نہیں کی بلکہ علامہ قہستانی کا قولِ استحباب نقل کیا ہے اس کے بعد علامہ سخاوی رحمہ اللہ کا قول "ولم يصح في المرفوع من كل هذا شيء" نقل کیا تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس باب میں صحیح مرفوع حدیث منقول نہیں کیونکہ ان کا استحباب والے قول کے بعد اس قول "ولم يصح في المرفوع من كل هذا شيء" کو ذکر کرنا اسی طرف اشارہ کر رہا ہے کہ وہ اس روایت کی صحت کے قائل نہیں ہیں۔ اور جہاں تک علامہ طحطاوی کی ذکر کردہ عبارت کا تعلق ہے تو اس کی بھی یہی صورت حال ہے کہ انہوں نے بھی کنز العباد اور کتاب الفردوس سے قول نقل کیا ہے اور ماقبل میں یہ بات بیان کی جا چکی ہے کہ کنز العباد اور مسند الفردوس غیر مستند کتابیں ہیں، لہٰذا ان کتابوں کی بنیاد پر موضوع روایات کا سہارا لے کر مسئلہ کو ثابت کرنا درست نہیں ہے۔

آخر میں خلاصہ کلام کے طور پر چند ضروری امور ذکر کئے جاتے ہیں۔

(۱) قرآن کریم، احادیث صحیحہ، اجماع امت، ائمہ اربعہ میں سے کسی امام سے اس فعل کا ثبوت نہیں، اور لوگ اس کو ضروری اور عملاً واجب سمجھتے ہیں اور اس کے تارک پر نکیر کی جاتی ہے، لہٰذا موجودہ زمانہ میں اس کو جائز قرار دینا قواعد شرعیہ کے خلاف ہے، اور کسی امرِ مستحب کو بھی درجہ واجب میں پہنچا دیا جائے تو اس کا ترک ضروری ہو جاتا ہے تاکہ عوام الناس کا اعتقاد محفوظ رہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایت "لا يجعل أحدكم نصيبا للشيطان من صلاته... إلخ" کے تحت علماء نے لکھا ہے کہ اس حدیث میں دلیل ہے اس بات پر کہ جو شخص کسی کام کے بارے میں واجب کا اعتقاد رکھے لیکن وہ شرعاً واجب نہ ہو یا

(۱) النافع الكبير على الجامع الصغير: الفصل الأول في طبقات الفقهاء، ص ۲۷

Marfat.com

اس کام کے ساتھ وجوب والا معاملہ کرے تو یہ شیطان کی طرف سے ایک دھوکہ اور بدعت مذمومہ ہے۔

''لا يجعل أحدكم نصيبا للشيطان من صلاته أن لا ينصرف إلا عن يمينه''.

وفي حاشيته: وفي هذا الحديث دليل على من اعتقد الوجوب في أمر ليس بواجب شرعا أو عمل معاملة الواجب معه يكون هذا من الشيطان وبدعة مذمومة. (۱)

(۲) صحاح ستہ کی کسی حدیث اور ان کے علاوہ بھی کسی صحیح مرفوع حدیث میں اس کا ثبوت نہیں ہے۔

(۳) ثبوت استحباب کے لئے کسی دلیل شرعی کا ہونا ضروری ہے کیونکہ یہ بھی ایک حکم شرعی ہے بغیر دلیل شرعی کے ثابت نہیں ہوگا جیسا کہ علامہ شامی فرماتے ہیں:

والمستحب وهو ما ورد به دليل ندب يخصه كما في التحرير. (۲)

(۴) علامہ شامی نے جس جگہ مسئلہ مذکورہ کو نقل کیا ہے اس مقام پر یہ بھی نقل کیا ہے "ولم يصح في المرفوع من كل هذا شيء" کہ اس بارے میں کوئی مرفوع روایت صحیح نہیں ہے...

''ولم يصح في المرفوع من كل هذا شيء''. (۳)

یاد رہے کہ کہ اگر کوئی یہ کہے کہ اگرچہ مسئلہ مذکورہ میں کوئی صحیح حدیث نہیں ہے لیکن استدلال کے لئے تو حسن حدیث بھی کافی ہوا کرتی ہے...؟؟ تو لا محالہ یہی کیا جائے گا کہ کوئی حسن درجے کی حدیث موجود بھی تو ہو، اور مسئلہ مذکورہ میں کوئی حسن بلکہ ضعیف قابل عمل حدیث بھی موجود نہیں ہے۔

واضح رہے کہ حدیثِ ضعیف پر عمل کرنا بھی اس وقت جائز ہوتا ہے جب اس کے اندر تین شرائط موجود ہوں: (۱) ضعف شدید نہ ہو۔ (۲) یہ عمل کسی اصل عام کے تحت داخل ہو۔ (۳) اس عمل کے سنت ہونے کا اعتقاد نہ کیا جائے، اور مسئلہ مذکورہ میں تینوں شرطیں مفقود ہیں تو یقیناً روایات بھی موضوع ہیں۔

شَرْطُ الْعَمَلِ بِالْحَدِيثِ الضَّعِيفِ عَدَمُ شِدَّةِ ضَعْفِهِ، وَأَنْ يَدْخُلَ تَحْتَ أَصْلٍ عَامٍّ، وَأَنْ لَا يُعْتَقَدَ سُنِّيَّةُ ذَلِكَ الْحَدِيثِ. وَأَمَّا الْمَوْضُوعُ فَلَا يَجُوزُ الْعَمَلُ بِهِ بِحَالٍ. (۴)

اس کے باوجود معاشرے کے اندر عوام الناس اسے سنت بلکہ اس سے بھی بڑھ کر سمجھتے ہیں اور اس پر عمل کرتے ہوئے اسے کارِ

(۱) بذل المجهود: كتاب الصّلاة، باب كيف الانصراف من الصلاة، ۲/ ۱۵۶، ط: معهد الخليل.

(۲) رد المحتار: كتاب الطهارة، مطلب: في السنة وتعريفها، ۱/۱۰۳، ط: سعيد.

(۳) رد المحتار: كتاب الصلاة، باب الأذان، مطلب في كراهة تكرار الجماعة، ۱/ ۳۹۸، ط: سعيد.

(۴) الدر المختار مع الشامي: كتاب الطهارة، أركان الوضوء، ۱/ ۱۲۸، ط: سعيد.

Marfat.com

ثواب اور خیر وبرکت تصور کرتے ہیں۔ اگران طریقوں میں خیر وبرکت ہوتی تو حضرات خلفاء اربعہ عشرہ مبشرہ، اصحاب بدر، اصحاب بیعتِ رضوان اور پوری جماعت صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اس فعل پر عمل پیرا ہونے والے نہ ہوتے اس کو بجالانے والے نہ ہوتے؟؟ لیکن افسوس صد افسوس! کہ آج مروجہ بدعات کو علی الاعلان کیا جاتا ہے اور اسلام کے نام پر ہی ان کا پرچار کیا جاتا ہے حالانکہ اس جماعت قدسیہ میں اس کا نام ونشان تک نہیں ملتا باوجود کمالِ عشق ومحبت کے حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے ان کاموں کو نہ کیا اور نہ ہی ان کے بعد حضرات تابعین اور نہ ہی تبع تابعین نے۔

اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ بعد کی ایجاد ہے اور دین میں اضافہ ہے، اللہ رب العزت ہمیں ان تمام خرافات اور بدعات کی ظلمت سے دور رکھے اور سنتوں کو اجاگر کرنے کی توفیق عطا فرمائے، اور اہل بدعت کو ہدایت نصیب فرمائے، اور ان کو صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

میت کے دفن کرنے کے بعد چند قدم پیچھے ہٹ کر دعا مانگنا

